Presented by: Rana Jabir Abbas

شیرِ خدا کے معجزات

پروفیسر ایس عابد

مصطفیٰ پبلی کیشنز
عقب حبیب بینک
اسٹیشن روڈ حیدرآباد

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

جملہ حقوق ہر زبان میں ہر لحاظ سے محفوظ ہیں

ازل سے ہے جاری ولایت علی کی ۔ ابد تک قائم ہے حکومت علی کی
جہاں تک ہے ختم الرسل کی رسالتؐ ۔ وہاں تک ہے قائم امامت علی کی

نام کتاب ــــــــ شیر خدا کے معجزات
مؤلف ــــــــ پروفیسر شوکت علی عابد
نظر ثانی ــــــــ ڈاکٹر سید حیدر مہدی
کتابت ــــــــ عبدالحفیظ خان
سال طباعت ــــــــ اگست ۱۹۸۴ء
بار سوئم ــــــــ ۱۰۰۰ ــــــــ جون ۱۹۹۴ء
قیمت ــــــــ =/۴۵ روپے

ــــــــ ملنے کا پتہ ــــــــ

افتخار بکڈپو اسلام پور، لاہور ★ ہاشمی بکڈپو چوک مشن روڈ کوئٹہ
رحمت اللہ بک ایجنسی کھارادر کراچی ★ محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی
احمد بک ڈپو رضویہ سوسائٹی کراچی ★ محمد حسین اینڈ سنز جھنگ
ہاشمی بک ڈپو مظفر آباد آزاد کشمیر ★ پیر ناصر اینڈ سنز گلگت
سید بک اسٹال پشاور ★ درانی بک اسٹال بنک روڈ راولپنڈی
ممتاز بکڈپو بنک روڈ راولپنڈی ★ جیران بک ڈپو تلک چاڑی حیدرآباد
ادبیات تلک چاڑی حیدرآباد ★ اسد بک اسٹال قدمگاہ مولا علی حیدرآباد

پاکستان بھر میں دستیاب
اہم ڈپو سے بک اسٹال سے طلب کیجئے

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	عرض مؤلف	۹	۱۸	جنگ نہروان کیلئے پیشگوئی	۴۶
			۱۹	امیر معاویہ اور موت	۴۷
	پیش لفظ	۱۶	۲۰	رشید ہجری کی شہادت	۴۹
اوّل	مشکل کشا		۲۱	گائے اور آدمی	۵۰
	ولادت سے شہادت تک		۲۲	ایک اشارے میں	۵۲
اول	شکم مادر میں	۳۰	۲۳	حکم علی اور درخت	۵۳
۲	خانہ کعبہ میں	۳۰	۲۴	خشک انار کا درخت	۵۳
۳	جھولے میں سانپ	۳۱	۲۵	کوفہ سے مدینہ	۵۴
۴	پانی کی تلاش	۳۱	۲۶	پتھروں کا موتی بن جانا	۵۵
۵	درخیبر	۳۳	۲۷	یہودیوں کا مسخراپن	۵۵
۶	یونانی حکیم	۳۳	۲۸	قاتل کون ہے	۵۶
۷	ایک پرندے کی اطاعت	۳۴	۲۹	یہودی کا مال	۵۸
۸	ہاتھیوں کی اطاعت	۳۵	۳۰	گستاخی کا انجام	۵۹
۹	سورج سے کلام	۳۶	۳۱	مدینہ میں زلزلہ	۶۰
۱۰	سزا کے بعد	۳۷	۳۲	منافقوں کی سازش	۶۱
۱۱	علی کا حکم	۳۸	۳۳	لشکر کی شکایت	۶۳
۱۲	آل نوح کا سوال	۳۹	۳۴	کتے کی صورت	۶۴
۱۳	نماز عصر اور سورج	۴۱	۳۵	مشرک کا انکار	۶۴
۱۴	آزمائش	۴۲	۳۶	پانچ سو درہم	۶۷
۱۵	اژدہا سے کلام	۴۳	۳۷	حدیث سے انکار	۶۸
۱۶	علی سے بغض	۴۴	۳۸	دو بچیوں کا کلام	۶۹
۱۷	ایک اہم انکشاف	۴۴	۳۹	معراج سے انکار	۷۰

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۴۰	پانی کا ایک پیالہ	۷۲	۶۲	حضرت جبرئیل کا فخر	۹۸
۴۱	ابلیس اور دیو	۷۳	۶۳	ایک سوداگر کی امانت	۹۹
۴۲	زمین سے کلام	۷۴	۶۴	حضرت اویس قرنی	۱۰۰
۴۳	اونٹ سے فیصلہ	۷۵	۶۵	ایک کافر کی مشکل	۱۰۰
۴۴	نوشیرواں کا بوسیدہ سر	۷۶	۶۶	مسجد کا بار بار گر جانا	۱۰۲
۴۵	علی سے بغض	۷۷	۶۷	زنانہ لباس پہننے والا زانی	۱۰۲
۴۶	دو مچھلیاں	۷۸	۶۸	کھجور کا درخت	۱۱۰
۴۷	پتھر پر انبیاء کے نام	۷۹	۶۹	بچھوے کی صورت	۱۱۱
۴۸	سبز درخت سے آگ	۸۰	۷۰	عطرفہ جن کی شکل	۱۱۲
۴۹	ہر ایک کو تین دینار	۸۱	۷۱	شہد کی مکھی	۱۱۳
۵۰	قاتل کی خبر	۸۲	۷۲	بد دعا کا اثر	۱۱۴
۵۱	شہروں کی بربادی	۸۳	۷۳	حدیث چھاپنے کا انجام	۱۱۵
۵۲	لوہے کا موم بن جانا	۸۳	۷۴	دیوار کا گرنا	۱۱۵
۵۳	کربلا کی زمین	۸۴	۷۵	مست اونٹ کا واقعہ	۱۱۶
۵۴	اونٹ سے کلام	۸۵	۷۶	پتھر کا سونا	۱۱۷
۵۵	حضرت میثم تمار کی شہادت	۸۵	۷۷	ایک ہاشمی سلطنت	۱۱۸
			۷۸	بصرے کا غرق ہونا	۱۱۸
۵۶	زنا کی تہمت	۸۶	۷۹	مرغابیوں کی اطاعت	۱۱۹
۵۷	خولہ کا بیان	۸۹	۸۰	آدھا منہ کالا	۱۱۹
۵۸	ایک یتیم پر ظلم	۹۱	۸۱	مچھلیوں کی اطاعت	۱۲۰
۵۹	ایک لڑکی کی فریاد	۹۳	۸۲	علی کا امتحان	۱۲۰
۶۰	بعض منافقین نے	۹۷	۸۳	جن کا خوف	۱۲۱
۶۱	حضرت جبریل کا سوال	۹۷	۸۴	خدا کی عنایت	۱۲۲

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۸۵	مردے کو زندہ کرنا	۱۲۳	۱۰۷	جنگ جمل میں	۱۳۷
۸۶	علی کی دعا اور ضرب	۱۲۳	۱۰۸	جنگ خیبر میں	۱۳۸
۸۷	بادل کا ٹکڑا	۱۲۴	۱۰۹	یہ علی کا کام ہے	۱۳۹
۸۸	درخت کی گویائی	۱۲۵	۱۱۰	حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ	۱۳۹
۸۹	خدا کا تحفہ	۱۲۵	۱۱۱	حضرت اسماؑ سے روایت	۱۴۰
۹۰	شکم مادر میں گفتگو	۱۲۶	۱۱۲	رسول اور علی کا چہرہ	۱۴۲
۹۱	ایک سفید پرندہ	۱۲۶	۱۱۳	حضرت داؤدؑ اور نام علی	۱۴۳
۹۲	ابوجہل کی گردن	۱۲۷	۱۱۴	تخلیق آدم سے قبل	۱۴۴
۹۳	آنحضرتؐ کو دیکھا	۱۲۸	۱۱۵	نعرہ حیدری کی قوت	۱۴۴
۹۴	اصحاب کہف کا بیان	۱۲۸	۱۱۶	شب معراج علی کی آواز	۱۴۵
۹۵	درخت کی نماز	۱۳۰	۱۱۷	بنصرت علی سے	۱۴۶
۹۶	اژدہا بن گیا	۱۳۰	۱۱۸	آسمانوں پر نکاح	۱۴۷
۹۷	پتھر پر نشان	۱۳۱	۱۱۹	مشکل کشا کا دعویٰ	۱۴۸
۹۸	یہودی نے آزمایا	۱۳۱	۱۲۰	علی قرآن ناطق ہیں	۱۴۹
۹۹	فرشتوں کی تعداد	۱۳۲	۱۲۱	جب علی سوار ہوئے	۱۵۰
۱۰۰	قرآن کی تلاوت	۱۳۲	۱۲۲	میدان جنگ میں	۱۵۰
۱۰۱	بغض کا انجام	۱۳۲	۱۲۳	مشکل کشائی خدا کی	۱۵۱
۱۰۲	نہر کا پانی	۱۳۴	۱۲۴	ہلاک ہو گیا	۱۵۲
۱۰۳	کھوپڑی سے کلام	۱۳۴	۱۲۵	ابر کی اطاعت	۱۵۳
۱۰۴	ام فروہ کو زندہ کرنا	۱۳۵			
۱۰۵	او کتے جا دور ہو	۱۳۶			
۱۰۶	باپ کی بد دعا	۱۳۶			

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	باب دوئم	
دوئم	مشکل وقت اور مشکل کشا	۱۵۵
۱۲۶	اعلان نبوت کے وقت	۱۵۸
۱۲۷	مکہ کے لڑکے	۱۶۲
۱۲۸	ہجرت کی رات	۱۶۳
۱۲۹	امانت کی تقسیم	۱۶۷
۱۳۰	مشکل وقت میں	۱۶۸
۱۳۱	نماز جنازہ	۱۷۰
۱۳۲	قتل کا ارادہ	۱۷۱
۱۳۳	پُرخطر کنواں	۱۷۲
۱۳۴	جنگ بدر کی رات	۱۷۵
۱۳۵	یہودی کے سات سوال	[illegible]
۱۳۶	حضرت ابوبکرؓ کے دور میں	۱۷۸
۱۳۷	ایک اور مشکل	[illegible]
۱۳۸	حضرت عمرؓ کے دور میں	[illegible]
۱۳۹	ایک سے زیادہ شوہر	۱۸۱
۱۴۰	حضرت عثمانؓ کے دور میں	۱۸۲
۱۴۱	آنکھ کا قصاص	۱۸۳
۱۴۲	علیؑ کے دور میں	۱۸۴
۱۴۳	امیر معاویہ کی مشکل	۱۸۵

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۴۵	کاش علی ہوتے	۱۸۶
۱۴۶	جنگ صفین میں	۱۸۶
۱۴۷	قاتل کو شربت	۱۸۷
	باب سوئم	
سوئم	حاجت مند اور مشکل کشا	۱۸۹
۱۴۸	ایک اعرابی کے تین سوال	۱۹۲
۱۴۹	حالت رکوع میں	۱۹۳
۱۵۰	کافر کا سوال	۱۹۴
۱۵۱	جنازے کی نماز	۱۹۵
۱۵۲	سر کا طلب کرنا	۱۹۵
۱۵۳	ایک روٹی کا طلب کرنا	۱۹۷
۱۵۴	حضرت ابوہریرہؓ کی مشکل	۱۹۸
۱۵۵	افطار کے وقت	۱۹۸
۱۵۶	ایک بڑھیا کی صدا	۲۰۰
۱۵۷	بھوک کی شکایت	۲۰۱
۱۵۸	ایک بیوہ کی مشکل	۲۰۲
۱۵۹	انار کا بدلہ	۲۰۳
	باب چہارم	
چہارم	میدان جنگ اور مشکل کشا	۲۰۵
۱۶۰	بدر	۲۰۹
۱۶۱	احد	۲۱۱
۱۶۲	خندق	۲۱۵
۱۶۳	خیبر	۲۲۰

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۶۴	حنین	۲۲۵
۱۶۵	جمل	[illegible]
۶۶۶	صفین اور نہروان	[illegible]
	باب پنجم	
پنجم	مشکل کشائی دور قدیم سے دور حاضر تک	
۱۶۷	قبر مبارک سے	۲۳۱
۱۶۸	خلفاء بنی عباس	۲۳۲
۱۶۹	شہر اجمیر میں	۲۳۵
۱۷۰	بے حرمتی کا انجام	۲۳۶
۱۷۱	ہارون رشید	۲۳۷
۱۷۲	خواب میں دیکھا	۲۳۸
۱۷۳	ابن ملجم عذاب میں	۲۳۹
۱۷۴	تازہ خون نظر آیا	۲۴۰
۱۷۵	نجف پر حملہ	۲۴۱
۱۷۶	ہارون رشید کا خواب	۲۴۲
۱۷۷	امیر داؤد کا خواب	۲۴۳
۱۷۸	شیر کا زخمی ہاتھ	[illegible]
۱۷۹	علوی کا قرض	۲۴۴
۱۸۰	امیر رشید کا خواب	۲۴۶
۱۸۱	حضرت غوث الاعظمؒ	۲۴۶

نمبر شمار	عنوانات	نمبر شمار
۱۸۲	سنہ ۱۹۶۵ء کی جنگ	۲۴۸
۱۸۳	علی علی کی صدا	۲۵۱
۱۸۴	کلکتہ کی خبر	۲۵۲
۱۸۵	ڈاکو سے نجات	۲۵۳
۱۸۶	بھارتی اداکارہ ہیلن	۲۵۵
۱۸۷	یا علی کے نعرے	۲۵۶
۱۸۸	امام ابوحنیفہ امام شافعی	۲۵۷
۱۸۹	مولانا اشرف علی تھانوی	۲۵۷
۱۹۰	کوئٹہ کی اہم خبر	۲۵۹
۱۹۱	چین کا ایک درخت	۲۵۹
۱۹۲	بیمار شفایاب ہوئے	۲۶۰
۱۹۳	ایک بیمار لڑکی	۲۶۲
۱۹۴	چور کی جھوٹی قسم	۲۶۲
۱۹۵	ہر لاش پر	۲۶۳
۱۹۶	میت کا چہرہ [illegible]	۲۶۴
۱۹۷	۱۹۴۷ کی ایک صبح	۲۶۷
۱۹۸	مسٹر ڈی الف کراکا	۲۶۸
۱۹۹	سردار سندر سنگھ ۲۸ سنہ ء	۲۷۸
۲۰۰	ابن بطوطہ کے سفرنامہ سے	۲۸۰
۲۰۱	کھیل کا میدان	۲۸۱
۲۰۲	یہ ضرب حیدری	۲۸۲
۲۰۳	بھولو پہلوان نے	۲۸۳
۲۰۴	بھارتی ٹیم کی عقیدت	۲۸۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوانات	نمبر شمار
۲۰۵	دو ٹبرے عرس	۲۸۴	۲۱۳	۳۰ مئی سنہ ۱۹۶۹ء	۲۹۷
۲۰۶	ایک ہندو خاتون	۲۸۵	۲۱۴	کوکب دری کے مؤلف	۲۹۷
۲۰۷	مشکل حل فرمائیں	۲۸۶	۲۱۵	ہند کی ریاست	۲۹۸
۲۰۸	ایک افسر کا خواب	۲۸۸	۲۱۶	روضہ علی پر	۳۰۰
۲۰۹	ایک گونگا لڑکا۔	۲۹۱	۲۱۷	دیر سے یاد کیا	۳۰۰
۲۱۰	(وزیر آباد پنجاب ۱۹۸۲ء کی خبر)		۲۱۸	ضلع دادو سندھ میں (سنہ ۱۹۵۸ء)	۳۰۲
۲۱۰	سنہ ۱۹۳۶ء نجف میں	۲۹۲	۲۱۹	پہلی جنگ عظیم سنہ ۱۹۱۴ء	۳۰۵
۲۱۱	ڈوبتا ہوا جہاز	۲۹۳		روسی ماہرین کی رپورٹ	
۲۱۲	۱۱ مئی سنہ ۱۹۶۱ء	۲۹۴	۲۲۱	(جولائی سنہ ۱۹۵۱ء)	۳۰۹
			۲۲۱	نعرہ حیدری کی گونج	۳۱۱

عرضِ مؤلف

مسلم اوّل شہ مرداں علی
عشق را سرمایہ ایمان علی — اقبال

خدائے بزرگ و برتر کا حمد سرا ہوں۔ آقائے دو جہاں۔ فخرِ انبیاءؐ۔ رحمت اللعالمین تاجدارِ انسانیت۔ نائب خدا۔ ختمی مرتبت، پیغمبر اعظمؐ، رسول خدا، وصی رسول، فخر امامت، سردار الاولیاء، علوم انبیاء کے وارث، شہر کے علم کے در حیدر کرار۔ صاحب ذوالفقار، حجت خدا، مشکل کشا، شیر خدا، علی ابن ابی طالب کے طفیل میری فکر و سوچ کا محور بدلا، مجھ ناتواں کو توانا کیا، لاغر و کمزور کو اتنی ہمت و طاقت عطا فرمائی۔ مجھ طفلِ مکتب کے ذہن کو جولانی و قلم کو روانی عطا فرمائی کہ میں اس قابل ہوا کہ اس بحرِ ناپید کے خزانے سے۔ فضائل کے ٹھاٹھیں مارتے ہوتے سمندر سے اپنے خشک قلم کو تر کیا اور اس قلم نے اپنی تحریروں کا عنوان شانِ علی، شیرِ خدا کے فیصلے، شیرِ خدا نے فرمایا اور فیصلے۔ بنا کر سعادت و عین عبادت حاصل کی۔

ذکرِ علی عبادت ہے یہ اس ہستی کا اس ذات گرامی کا ذکر ہے جو نور سے خلق ہوا، جو اللہ کا پیارا ہے۔ نبیؐ کا سہارا ہے۔ جس کے ذریعہ خدائے اسلام کو نصرت اور نبیؐ کی مدد فرمائی۔ جو زمین پر خدا کی حجت ہے۔ جو پیرانِ پیر ہے۔ پیروں کا دستگیر ہے۔ ہر پیر اس در کا فقیر ہے۔ یہ در ولایت کا سرچشمہ ہے۔ ہر سلسلہ اس در سے وابستہ ہے۔ یہ در حاجت کا وسیلہ ہے۔ خدا کی رسائی کا ذریعہ ہے اور یہی وہ در ہے جو مشکل کشائی کا حیلہ ہے۔ جس کے نام سے مصائب کے بادل چھٹ جاتے ہیں۔ ناکامیوں کے طوق کٹ جاتے ہیں۔ مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔ ناتواں توانا ہوتے ہیں۔ بیمار شفایاب ہوتے ہیں۔ اندھے، لنگڑے، لولے صحت یاب ہوتے ہیں۔ بے عقل عقل پاتے ہیں۔ بے علم عالم بن جاتے ہیں۔ کم ہمت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمت پاتے ہیں۔ بھٹکے ہوئے راہ پاتے ہیں۔ گمراہ منزل کا نشان پاتے ہیں۔ اس در کی خاک کو ماتھے پر سجانے والے قطب کہلائے۔ ابدال کہلاتے۔ درویش کہلاتے۔ قلندر کہلائے۔ ولی کہلاتے۔ غوث کہلائے اور مجھ جیسے گناہ گار ذکرِ علی سے نجات پاتے ہیں۔

اس سے بڑھ کر نافہمی اور ناسمجھی کیا ہو سکتی ہے کہ ذکرِ علی کرنے والوں کو ایک مخصوص فرقہ سے منسوب کر دیا جاتا ہے جو سراسر ہر مسلمان کے ساتھ زیادتی ہے۔ مشکل کشا تو کسی فرد کے کسی جماعت کے کسی فرقہ کے کسی قوم کے لئے مخصوص نہیں۔ آپ تو تمام مسلمانوں کے امام عادل ہیں ذکرِ علی تو ہر مسلمان کا ایمان ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ علی کی محبت کے بغیر کوئی فردِ مسلمان کہلا سکے۔ جس دل میں علی کی محبت نہیں۔ علی سے عقیدت نہیں وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ ذکرِ علی مسلمانوں کا سرمایہ حیات ہے۔ مسلمان جانتے ہیں کہ مشکل کے وقت مشکل کشا ہی کام آئیں گے۔ مسلمان جانتے ہیں کہ دشمن سے مقابلہ ہو تو نعرہ حیدری سے قوت و نصرت عطا ہوتی ہے مسلمان جانتے ہیں کہ علی کی جائے ولادت خانہ خدا ہے۔ مسلمان جانتے ہیں علی نے دیکھا تو رسالت مآبؐ کو علی نے پیا تو لعاب رسالتؐ علی نے کھایا تو لعاب رسالتؐ۔ سایہ کی طرح ساتھ رہے۔ تو علی دشمنوں کے نرغے میں پھنسے تو بچا لیا علی نے مسلمان جانتے ہیں کہ اُحد۔ بدر، خندق۔ خیبر۔ حنین علی کے بغیر فتح نہ ہوئے۔ مسلمان جانتے ہیں کہ شہرِ علم کے در علی ہیں مسلمان جانتے ہیں کہ علی قرآن ناطق ہیں۔ مسلمان جانتے ہیں اپنا بھائی بنایا تو علی کو مسلمان جانتے ہیں کہ سیدہؑ کے سر تاج علی ہوئے۔ مسلمان جانتے ہیں کہ کربلا میں اسلام کو بچانے کا وقت آیا تو علی کے فرزند کام آئے۔ ہر وقت ہر لحہ علی ہیں۔ جدھر رسولؐ ادھر علی ہیں۔ تاریخ گواہ ہے پیغمبر اعظمؐ کی حیات طیبہ کا کوئی گوشہ کوئی وقت کوئی لمحہ ایسا نظر نہیں آتا جہاں علی نہ ہوں۔ جدھر آپؐ ہیں وہاں، علی ہیں۔

بڑا افسوس ہے اس غلط فہمی پر جس کا شکار بعض اوقات ہوشمند مسلمان بھی ہو جاتے ہیں کہ جب فضائل علی بیان کئے جاتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کی جا رہی ہے میرے مسلمان بھائیو یہ تمام تر گمراہ کن پروپیگنڈہ ہے جو کہ ایک بہت بڑی سازش کے تحت کیا جا رہا ہے تاکہ مسلمانوں کی دو عظیم قومیں سنی شیعہ جو کے عام زندگی میں بھائی بھائی اور ایکدوسرے کے معاون و مددگار ہیں انھیں آپس میں سینہ سپر کر کے وہ اپنے ناپاک عزائم مسلمانوں کو پارہ پارہ کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔ مسلمان ان مٹھی بھر شر پسندوں سے ہوشیار رہیں۔ فضائل علی بیان کرنا کسی کے خلاف کوئی گستاخی نہیں۔ کسی پر کوئی طنز نہیں بلکہ فضائل علی سنکر تو ہر مسلمان کا دل منور ہوتا ہے۔ اس کی ایمانی قوت میں اضافہ ہوتا ہے اس کا دل و دماغ تروتازہ ہو جاتا اور سنی شیعہ دونوں بھائی مل کر نعرہ حیدری یا علی یا علی لگا کر اپنی مسرت کا اظہار کرتے ہیں اور جب یہی منافق سنی شیعہ بھائیوں کی زبان سے علی علی کی صدا سنتے ہیں تو وہ نعرہ حیدری سے خوفزدہ ہو کر گھبرا کر علی کی ہستی کو ایک مسئلہ بنا کر سنی شیعہ دونوں کو لڑانے کی کوشش کرتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ جس طرح ان کے آقا فضائل علی کو مٹانے کی کوشش میں خود ذلیل خوار ہوتے اس طرح یہ بھی ذلیل ہوتے ہیں گے۔ بڑا ہی دکھ ہوتا ہے کہ آخر انھیں فضائل علی سن کر پریشانی کیوں ہوتی ہے۔ بتاؤ علی کے فضائل نا بیان کئے جائیں تو کیا نمرود، شداد، فرعون ابوجہل۔ یزید پلید کے لئے لکھا جائے ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ فضائل علی تو ایمان ہے پیغمبر اعظمؐ کا فرمان ہے جس کا ہر مسلمان تابعدار ہے۔ اگر دنیا بھر کے درختوں کے قلم اور سمندر کے پانی کی سیاہی بنا دی جائے اور جن و بشر گننے والے ہوں جب بھی یہ سب حضرت علی کی فضیلتوں کو پوری طرح جمع نہ کر سکیں گے (بحوالہ ینابیع المودۃ و دیگر کتب)

حضرت علیؑ کی اطاعت و ذکر نہ صرف عبادت ہے بلکہ نجات کا ذریعہ ہے موجودہ دور کے مشہور و معروف جید عالم تاریخ داں جناب محمد عبدالسلام قادری سنی عقیدہ حب دار اہلبیت اپنی مشہور کتاب شہادت نواسہ سید الابرار کے صفحہ ۲۳۲۔۲۳۳ پر مستند

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حوالوں کے ساتھ پیغمبر اعظمؐ کی حدیثِ مبارک درج فرمائی۔

حضرت بی بی عائشہؓ اور حضرت عبداللہؓ روایت کرتے ہیں "علی کا چہرہ دیکھنا اور علی کا ذکر کرنا عبادت ہے۔ حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں" علی کی محبت گناہ کو اس طرح کھا جاتی ہے جس طرح آگ کو لکڑی۔
حضرت عمرؓ فرماتے ہیں" علی ہر مومن کے مولا ہیں جس کے یہ مولا نہیں وہ مومن نہیں

صفحہ ۳۲۸

موجودہ دور کے مشہور و معروف عالم، تاریخ داں جناب الحاج صالح کشفی السنی الحنفی اپنی کتاب مشکل کشا جلد اول میں جس قدر فضائل مشکل کشا کے بیان کئے ہیں وہ علی سے بغض رکھنے والوں کے لئے تازیانہ اور حُب داروں کے لئے مسرت اور ایمان کی قوت کی علامت ہے۔

بابا فرید الدین گنج شکر راحت القلوب میں فرماتے ہیں جو مرید ایک لفظ اپنے پیر کا فرمایا ہوا لکھے اس کا ثواب ایک ہزار سال کی عبادت اور طاعت سے زیادہ ہے۔ پس یہاں سے قیاس کر لینا چاہیئے کہ جو شخص کائنات کے پیر پیراں کے مناقب گرامی لکھنے کی توفیق پائے اس کا درجہ آخرت میں کیا ہوگا۔ چنانچہ خطیب خطباء خوارزم نے کتاب مناقب میں امیر المومنین سے روایت کی ہے۔

پیغمبر اعظمؐ نے فرمایا در خدائے عزوجل نے میرے بھائی علی کے لئے وہ فضائل قرار دیتے ہیں جو کثرت کی وجہ سے شمار نہیں کئے جا سکتے۔ پس جب کوئی اس کی کسی ایک فضیلت کو صدق دل سے ذکر کرے۔ اللہ اس کے گزشتہ اور آئندہ گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور جو کوئی اس کی ایک فضیلت کو صدق دل سے ذکر کرے اللہ اس کے گذشتہ اور آئندہ گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور جو کوئی اس کی ایک فضیلت کو لکھے فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے رہتے ہیں جب تک اس کی تحریر کا ایک لفظ باقی رہے اور

جو کوئی اس کی ایک فضیلت کو سنے اللہ اس کے تمام گناہوں کو بخش دیتا ہے اور جو کوئی اس کے فضائل کو کتاب میں نظر کرے خدا اس کے تمام گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔ (بحوالہ صفحہ ۱۱۲، ۱۱۳، کوکب دری مولف محمد صالح کشفی الحنفی السنی)

پیغمبر اعظمؐ کے فرمان کے مطابق فضائل علی اور ذکر علی ہی روز محشر نجات کا ذریعہ ہے تو اس سے بڑھ کر مسلمانوں کے لئے اور کیا سعادت و عبادت ہو سکتی ہے کہ وہ ذکر علی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اب تو کوئی نا فہم ناسمجھ منکر نبوت، منکر امامت، منکر مشکل کشا اگر یہ کہے کہ فضائل علی بیان کرنا رفض ہے تو میں اس رفض کو عبادت سمجھ کر زندگی کے آخری سانس تک یہ رفض کرتا رہوں گا۔ اور اس رفض کو سعادت ابدی دولت سرمدی اور روز آخرت اپنی نجات کا پروانہ سمجھتے ہوئے سینے سے لگائے رکھوں گا۔ بقول حضرت امام شافعیؒ مناقب مرتضوی بیان کرنا اگر رفض ہے تو انسان اور جن دونوں گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں۔

میری کتاب کا موضوع مشکل کشا ہے۔ کتاب میں علی مرتضیٰؑ کے معجزات اور مشکل کشائی کے ۲۵۰ سے زائد واقعات قلمبند کئے ہیں اپنی طرف سے پوری کوشش کی ہے کہ دور جدید کے جس قدر بھی مشکل کشائی کے واقعات مجھے مل سکیں وہ میں نے درج کئے۔ تمام پڑھنے والوں سے التماس کروں گا آپ کے پاس بھی اگر مشکل کشائی کے ایسے واقعات ہوں یا پیش آتے ہوں وہ آپ مکمل حوالے کے ساتھ روانہ فرمائیں تاکہ کتاب کے دوسرے ایڈیشن میں درج کئے جائیں۔

کتاب مکمل کر چکا ہوں۔ مکمل کرنے کے بعد ایسا محسوس کرتا ہوں کہ جیسے ایک بحر تلاطم میں سے ایک قطرے کو اپنی کتاب میں پیش کیا ہے۔ کسی کا کوئی کمال نہیں یہ تو صرف علی کا جمال ہے کہ قدم قدم پر لمحہ لمحہ اس قدر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

معجزات و مشکل کشائی کے واقعات ملتے ہیں کہ ان کو یکجا کرنا ناممکن ہے۔ بہر حال میں نے اپنی قوت اپنی صلاحیت اپنی فکر اپنی سوچ اپنے علم۔ اپنے مطالعے اپنی معلومات کی روشنی میں جو کچھ مجھ سے ہو سکا میں نے پیش کیا۔

علی مرتضیٰؑ کے فضائل کے سلسلے کی پانچویں کتاب پائے تکمیل کو پہنچی اور اس کتاب کی تکمیل کے در نجف پر ایک حاجت لیکر حاضر ہوا ہوں۔ مشکل کشا تیرے دربار سے کبھی کوئی سوالی مایوس نہیں ہوا۔ آج میری بھی اک لاج رکھ لے۔ میں عاصی ہوں۔ گناہگار ہوں۔ اسیر دنیا ہوں۔ جو کچھ ہوں تو بہتر جانتا ہے مگر تیرا حب دار ہوں۔ مولا تو بے نیاز ہے۔ تیری شان نرالی ہے۔ تو حجت خدا ہے۔ تو ہی میرا وسیلہ ہے۔ تیرے ذریعہ سے ہی حاجت پوری ہوگی۔ اب تو ہی بتا تیرے حب دار جائیں تو جائیں کہاں۔ حاجت میری پوری کر دے۔ تجھ سے ہی مولا جہاں میں مشکل کشائی ہے تیرا کام ہے کہ مشکل وقت میں مشکل حل کرنا۔ گرتے کو تھام لینا۔ تیرا ہی کام ہے۔ میری عرض سن۔ میری حاجت سن۔ میرا سوال سن۔ میری مشکل سن۔ مولا سن۔ مشکل کشا سن۔ حیدر کرار سن۔ سیدہ کے سرتاج سن۔ حسنینؑ کے دلدار سن۔ امامت کے سرتاج سن۔ اولیاء کے سردار سن۔ حضرت نوحؑ نے تیرے نام کی برکت سے حفاظت پائی۔ حضرت داؤدؑ حضرت سلیمانؑ کی دعاؤں کا وسیلہ بننے والے۔ مشکل کے وقت مہاتما بدھ اور کرشن جی مہاراج کی زبان پر آنے والے علی۔ گوتم بدھ کو راستہ دکھلانے والے علی سن۔ میری بھی سن۔ سندھ تیرے حب داروں سے مالا مال ہے تو کتنا بے نیاز ہے۔ ایک چھوٹے سے قصبے میں۔ سادات کے گھرانے میں ایک سیدزادی بیمار ہے۔ زندگی بیزار ہے۔ چلنے پھرنے سے محتاج۔ بستر مرض پر لیٹی تیرے نام کو پکارتی ہے اب بھی مشکل کشا مشکل کشائی نہ کی تو کب کرے گا۔ تیرے در پر سوالی ہوں میں نے تو کچھ نہیں مانگا۔ ایک ادنیٰ سے عنایت کا طلب گار ہوں۔ ایک بیمار کی شفایابی چاہتا ہوں۔ تیرے

در پر سوالی ہوں میں نے تو کچھ نہیں مانگا ایک ادنیٰ سے عنایت کا طلب گار ہوں۔ ایک بیمار کی شفایابی چاہتا ہوں۔ تیرے در پر پہلا سوال لیکر آیا ہوں۔ حاجت اپنی لیکر جاؤں گا۔ یا علی مشکل کشا حجت خدا تیرا وسیلہ ہے اور ہمارے پاس کچھ نہیں دامن بھر دے حاجت پوری کر دے اگر نہیں تو پھر اس زبان کو ہمیشہ کے لئے داغدار کر دے تاکہ یہ زبان پھر کبھی کوئی حاجت لیکر نہ آئے۔

میں اپنے بزرگوں کا بے حد ممنون و شکر گذار ہوں جن کی دعائیں میرے لئے خیر و برکت کا باعث بنیں۔ اپنے شفیق والد اور والدہ مہربان نانا حضور۔ پھوپھی جان۔ چچا حضور کا تہہ دل سے احسان مند ہوں جن کی دعائیں لمحہ لمحہ میرے ساتھ رہیں۔ ناانصافی ہوگی اگر میں اپنی اہلیہ نجمہ عابد کے اخلاقی تعاون خدمت، اطاعت کا شکریہ ادا نہ کروں جس کی پرخلوص رفاقت قدم قدم میری ہمت افزائی کرتی رہی۔ اس سلسلہ میں جناب پروفیسر منور الدین مخدوم صاحب جناب ڈاکٹر حیدر مہدی اور انتہائی قابل احترام ہستی سید علی بخش شاہ صاحب پرنسپل گورنمنٹ مہران کالج مورو کا شکریہ ادا نہ کروں جنھوں نے اس کتاب کی تکمیل کے دوران نہ صرف اپنے ذاتی کتب خانوں سے مجھے چند انمول قیمتی کتب فراہم کیں بلکہ ساتھ ساتھ اپنے نادر و قیمتی مشوروں سے نوازا۔ بارگاہ الہیٰ میں دعا گو ہوں خدا مجھے اپنے فضل و کرم سے جود و سخا کے طفیل ان شفیق بزرگوں کے سایہ شفقت میں رکھے اور مجھے اس کار خیر میں حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔

احقر

پروفیسر شوکت علی عابد

عقب حبیب بنک اسٹیشن روڈ

حیدر آباد پاکستان۔

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیش لفظ

تلاشِ حق میں نہ در در کی ٹھوکریں کھاؤ
ہماری مانو تو سوئے نجف چلے آؤ

کسی معاملے میں حد سے تجاوز کرنا مناسب نہیں۔ کسی شے کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جائے تو وہ مبالغہ بن جاتا ہے۔ اگر کوئی علی کو خدا کا درجہ دے تو وہ دین اسلام سے خارج ہوا۔ اگر کوئی علی اور مشکل کشا کی مشکل کشائی سے انکار کرے تو وہ دین اسلام سے دور ہو گیا۔ اس لئے ہر مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ علی کو اس مقام پہ رکھے جس مقام پہ خالق نے علی کو فائز کیا۔ جو مرتبہ پیغمبرِ اعظمؐ نے علی کو عطا کیا دین اسلام کسی مسلمان کو یہ گستاخانہ جرأت کرنے کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ خالق کائنات، ختمی مرتبت پیغمبر اعظمؐ کے کسی فیصلے کسی حکم سے انحراف کرے یا اس میں کسی قسم کا کوئی شک کرے۔ اگر کوئی مسلمان ذرا برابر بھی خدا اور اس کے رسول کے حکم پہ شک کرتا ہے تو وہ فردِ دین اسلام سے خارج ہے کہنا صرف اتنا چاہتا ہوں کہ خدائے بزرگ و برتر کی علی مرتضیٰ پہ خاص عنایت ہے آپ کو مشکل کشا بنایا خدا نے روزِ اوّل سے لیکر روزِ قیامت تک اپنی رسائی کے لئے علی کو وسیلہ بنایا۔ حاجت طلب کرنے کا ایک ذریعہ بنا دیا کہ جب مشکلات کے بھنور میں گھر جاؤ۔ جب مصائب کی زنجیریں طوق بن جائیں۔ جب پریشانیوں میں جکڑے جاؤ تو ادھر اُدھر بھٹکنے کے بجائے مشکل کشا کو پکارو۔ عقیدت سے درِ نجف پر جھک جاؤ۔ یہ وہ در ہے جہاں سے مایوسی نہ ہوگی۔ نامراد آؤ گے بامراد جاؤ گے۔ یہ وہ در ہے جہاں سے روحانیت کی شعاعیں پھوٹتی ہیں یہ وہ در ہے جس کی خاک نے کسی کو قطب کسی کو قلندر، کسی کو ولی۔ کسی کو ابدال۔ کسی کو درویش، کسی کو صوفی، کسی کو غوث بنا دیا۔ اس در سے کسی نے فکر پایا۔ کسی نے حکمت و علم حاصل کی۔ جس نے جو کچھ مانگا اسے وہ سب کچھ مل گیا۔ روحانیت کی معراج حاصل کرنے کے لئے، روحانیت

کی منزل کو عبور کرنے کے لئے لازمی ہے کہ وہ درِ نجف کی خاک کو خاکِ شفا سمجھے اس خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنالے۔ اس خاک کو اپنی پیشانی کا تاج بنالے کیونکہ یہ کسی فرد کا فیصلہ نہیں ہے یہ حکم ہے خالق کائنات کا، حکم ہے پیغمبر اعظمؐ کا میرے بعد تمام ہدایت پانے والے علی مرتضیٰ سے ہدایت پائیں گے۔ ولایت کے تمام سلسلے مشکل کشا سے جاری ہوں گے۔ چونکہ نبوت ختم ہو چکی ہے مگر ولایت کا سلسلہ تاقیامت جاری رہے گا اور یہ تمام سلسلے صرف اور صرف مشکل کشا کے در سے فیض یاب ہوں گے ہر سلسلہ کے سرتاج علی بن ابی طالب ہیں خدا نے یوم الحساب تک کے لئے علی کو مشکل کشا بنا دیا۔

مستند کتاب جوامع الکلم ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز صفحہ ۱۸۶ و ۱۸۷۔ ناشر نفیس اکیڈمی کراچی، و دیگر کتب میں مشائخ کے خرقہ کی ابتدا کے عنوان سے یہ روایت درج ہے، سلوک کی کتابوں میں لکھا ہے کہ شب معراج میں رسول اللہؐ نے بہشت میں ایک حجرہ دیکھا جس کا دروازہ اور تالا سب سونے کا تھا۔ رسولؐ خدا نے اندر جانا چاہا۔ حکم باری ہوا کہ اے جبرئیلؑ میرے محبوب کے لئے دروازہ کھول دیا جائے۔ دروازہ کھل گیا۔ اندر گئے تو ایک بہت بڑا صندوق سونے کا دیکھا اس پر بھی تالا سونے کا لگا ہوا تھا۔ جبرئیلؑ نے حکم خدا سے یہ دروازہ کھول اس میں بھی ایک صندوق تھا اس طرح مختلف صندوق حکم خدا سے کھولتے گئے آخری صندوق میں خرقہ مشائخ رکھا ہوا تھا۔ رسول اللہؐ کی خواہش اسے لینے کی ہوئی۔ آپؐ نے اللہ سے درخواست کی جواب ملا اے میرے محبوب ہزاروں پیغمبر آج تک ہوئے میں نے کسی کو نہ دیا چونکہ میں نے یہ تمہارے لئے رکھا تھا لو آج میں تمہیں عطا کرتا ہوں۔ پہنو۔ رسولؐ خدا نے پھر سوال کیا۔ کیا یہ میرے لئے مخصوص ہے یا میں کسی کو دے سکتا ہوں۔ جواب ملا ایک سوال ہے اس کا جواب میں تمہیں بتا دیتا ہوں جو بھی صحیح جواب دے اُسے دے دینا۔ حضورؐ جب واپس دنیا میں آئے تو ایک روز آپ نے اصحاب کو جمع کیا۔ اور فرمایا کہ شبِ معراج میں یہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خرقہ مجھ کو عطا ہوا ہے تم میں سے جو بھی میری بات کا صحیح جواب دے گا میرے بعد خرقہ اُسی کا ہوگا۔ آپؐ نے سوال کیا حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا کہ اگر مجھے یہ خرقہ ملے گا تو میں صدق دل سے سچائی اختیار کروں گا۔ رسولؐ خدا نے فرمایا اپنی جگہ بیٹھ جاؤ پھر حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ اگر مجھے یہ خرقہ ملے تو میں عدل وانصاف اختیار کروں گا۔ آپ نے فرمایا۔ اپنی جگہ بیٹھ جاؤ پھر حضرت عثمانؓ سے دریافت کیا حضرت عثمانؓ نے جواب دیا۔ عبادت۔ حیا شرم اختیار کروں گا۔ رسولؐ خدا نے فرمایا اپنی جگہ بیٹھ جاؤ پھر حضرت علی سے سوال کیا تو حضرت علی نے جواب دیا کہ میں بندگانِ خدا کی عیوب کی پردہ پوشی کروں گا رسولؐ خدا نے فرمایا یہ تمہارے لئے ہے اور تم اس کے لئے ہو تم اس کو پہنو یہی خرقہ مشائخ پیغمبر صلعم سے علی مرتضیٰ کو اور ان سے ان کے سلسلے کے مشائخ کو پہنچا اس لئے اولیاء کے سردار علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔

درِ نجف سے جب یہ قطب، قلندر، درویش، غوث، اولیاء اپنے ماتھے پر درِ نجف کی خاک سجا کر۔ مشکل کشا سے فیضیاب ہوتے تو انہوں نے اپنی روحانی قوت سے اس خطہ ارض کو اسلام کی روشنی سے منور کر دیا اور اپنی روحانی قوت کے ذریعہ سے تمام مسلمانوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہر مسلمان کسی نہ کسی ولی کا یا غوث کا یا قطب کا یا درویش کا یا صوفی کا یا قلندر کا پیروکار نظر آتا ہے اور وہ اپنے پیر کی قبر مبارک پر عقیدت سے سر خم کرتے ہوئے اپنے لئے سعادت تصور کرتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ ان لوگوں پر جو اولیاء کرام کی روشن کرامات پر یقین نہیں رکھتے۔ حالانکہ اولیاء کرام کی کرامات اس قدر عیاں ہیں کہ ذرا بھر بھی شک کی گنجائش نہیں۔ میں اپنے نفس مضمون کی مناسبت سے یہاں پر چند معروف بزرگوں کی کرامات تحریر کر رہا ہوں تاکہ میں اپنے مقصد اور اپنے سلسلہ تحریر کو مزید واضح کر سکوں۔

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ

آپ کے عقیدت مند لاکھوں کی تعداد میں دنیا بھر میں موجود ہیں خصوصی طور پر پاک و ہند میں آپ کے عقیدت مندوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ آپ کی بے شمار کرامات میں سے ایک کرامت یہ بھی ہے کہ ایک شخص جو کہ اندھا تھا آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے اپنا دست مبارک اس کی آنکھوں پر لگایا تو فوراً اس شخص کی آنکھیں ٹھیک ہو گئیں۔

آپ کی ایک اور مشہور کرامت ہے اجمیر کے راناساگر تالاب کے قریب ایک عورت کی گائے گر کر مر گئی۔ اسی گائے پر اس عورت کی گذر بسر تھی۔ یہ عورت بڑی پریشان ہوئی۔ اتفاقاً خواجہ غریب نواز کا گذر ہوا۔ عورت نے التجا کی۔ آپ نے دعا فرمائی اور گائے فوراً زندہ ہو گئی۔

(بحوالہ اولیائے کرام و دیگر تذکرے)

خواجہ نظام الدین اولیاء

آپ کے آستانہ مبارک پر لنگر کا اہتمام تھا۔ صرف ۸۰ اسی آدمی کے لئے کھانا تیار کیا گیا تھا مگر جب کھانے کا وقت آیا تو اس وقت ہزاروں کی تعداد میں آدمی جمع ہو گئے۔ لنگر جاری ہوا۔ یہی کھانا ہزاروں آدمیوں نے کھایا پھر بھی کھانا اسی قدر بچ گیا جس قدر تیار کیا گیا تھا۔ (اولیائے کرام)

ابراہیم بن ادھمؒ

ایک شخص نے آپ سے دریافت کیا کہ تمہیں اپنی سلطنت چھوڑ دینے سے کیا فائدہ ہوا۔ آپ نے فرمایا مجھے کم سے کم جو فائدہ ہے وہ یہ ہے کہ میں اگر پہاڑ کو چلنے کو کہوں گا تو پہاڑ چلنے لگ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جائے گا آپ کی زبان سے یہ الفاظ جاری تھے کہ پہاڑ نے اپنی جگہ سے سرکنا شروع کر دیا۔ حضرت نے پہاڑ پر ہاتھ مار کر کہا کہ میں نے تجھے چلنے کے لئے نہیں کہا تھا میں نے تو مثال کے طور پر یہ بات کہی تھی۔ رک جا۔ وہ پہاڑ پھر سے اپنی جگہ پر تھم گیا۔

لعل شہباز قلندرؒ

ایک مرتبہ آپ نے زمین کے ایک ٹکڑے کو آباد کرنے کی غرض سے احاطہ کھنچوا لئے کے لئے مزدور سے کام کرانا شروع کیا اور خود ایک ڈنڈا لیکر زمین پر بیٹھ گئے تھے اتنے میں زمین کا مالک آیا اور کہا کہ اس زمین پر کسی قسم کا کوئی کام نہ کیا جائے آپ نے اس شخص کو ڈنڈے سے اس قدر مارا کہ وہ وہیں مر گیا آپ نے وہیں اسے گاڑھ دیا جب اس شخص کے ورثاء آئے تو آپ سے دریافت کیا آپ نے فرمایا میں نے تو ایک کتے کو مارا ہے اور یہاں دفن ہے وہ جگہ کھودی گئی یہ دیکھ کر سب حیران رہ گئے کہ وہاں ایک مرا ہوا کتا تھا۔ یہ دیکھ کر سب لوگ آپ کے پیروکار ہو گئے۔

(بحوالہ تذکرہ صوفیائے سندھ ڈاکٹر حمید مہدی)

حضرت بہاؤالدین ذکریاؒ

ایک مرتبہ بابا فرید گنج شکر۔ اثنائے سیاحت میں حضرت ذکریاؒ سے ملاقات ہوئی آپ نے حضرت بہاؤالدین ذکریاؒ سے نہایت محبت اور اخلاص کی رو سے دریافت کیا اے بھائی تمہاری حالت کہاں تک پہنچ گئی ہے اس وقت حضرت ذکریاؒ ایک سنگین کرسی پر بیٹھے تھے آپ نے فرمایا جس کرسی پر بیٹھا ہوں اگر میں کہوں تو یہ کرسی ہوا میں اڑنے لگے آپ نے اتنا کیا تو وہ کرسی ہوا میں اڑنے لگی آپ نے پھر کرسی پر ہاتھ مارا وہ کرسی پھر ساکن ہو گئی۔

شیخ ابوالحسن غزنویؒ

نے فرمایا اولیاء اللہ جہاں کے مالک ہیں آسمان سے بارش اور رحمت ان کے قدموں کی برکت سے نازل ہوتی ہے ان ہی کے صفائی قلب اور اخلاص عمل کی بدولت زمین سے نباتات اگتی ہیں۔

(بحوالہ سفینۃ الاولیا)

ان کرامات کے حوالے سے مجھے صرف اتنا کہنا ہے کہ یہ قطب۔ یہ ولی۔ یہ غوث۔ یہ درویش۔ یہ قلندر یہ ابدال یہ صوفی ایک اشارے میں گاتے کو زندہ کر سکتے ہیں۔ اپنی دعا سے بارش برسا سکتے ہیں ایک اندھے کو آنکھیں دے سکتے ہیں بیمار کو شفا دے سکتے۔ ایک اشارے سے پہاڑ کو ہلا سکتے ہیں۔ فضا میں چکر لگا سکتے ہیں اک پل میں کہاں سے کہاں جا سکتے ہیں۔ آدمی کو مار سکتے ہیں۔ دریا میں جہاز ڈوبنے سے بچا سکتے ہیں۔ بغیر کھائے پیئے زندہ رہ سکتے ہیں۔ مردے کو زندہ کر سکتے ہیں۔ تو پھر یا تو ان اولیاء اکرام کی روشن کرامات کو رد کر دیں۔ اگر ان کی روحانی قوت و اختیارات پر ایمان و یقین رکھتے ہو تو پھر اس ہستی کی قوت و اختیار بلندی و بزرگی۔ شرف و توقیر۔ مرتبہ و عظمت اور روحانیت کی منزل کا کیا عالم ہو گا جو سردار الاولیاء ہیں۔ جس کے در کی خاک کو یہ اولیا اپنے سر کا تاج سمجھتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں۔ اسی در کی خاک کو اپنے لئے خاک شفا سمجھتے ہیں۔ اس در کی خاک کو اپنے لئے نجات کا پروانہ سمجھتے ہیں اس در سے فیض حاصل کئے بغیر کوئی ولی کوئی ولی قطب کوئی درویش کوئی قلندر کوئی صوفی کوئی غوث روحانیت کی منزل پر فائز نہیں ہو سکتا جب تک اس در پر اپنی پیشانی کو نہ جھکائے

اگر کوئی نافہم ناسمجھ ان اولیاء کرام کی روشن کرامات سے انکار کرتا ہے تو ان کے لئے میں یہ دلیل پیش کروں گا کہ روزمرہ کی زندگی میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخبارات ۔ رسائل ۔ ڈائجسٹ و دیگر کتب میں متعدد ایسے واقعات شائع ہوتے رہتے ہیں کہ فلاں شخص نے فلاں ناممکن کام کر دکھایا ۔ فلاں بچہ دو سال کی عمر میں مختلف زبانوں پر عبور حاصل کر گیا ۔ فلاں شخص نے فلاں ایسا کام دکھایا کہ عقل انسانی حیران ہے ۔ اس طرح ٹیلی ویژن پر متعدد پروگرام ایسے دکھائے جا چکے ہیں دکھائے جا رہے ہیں کہ ایک عام آدمی ایسی قوت کا مظاہرہ کر کے دکھاتا ہے جس سے آدمی کی عقل حیران ہو جاتی ہے ۔ کبھی کسی شیر کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے کبھی سانپوں کے ساتھ کبھی آگ سے گذرتے ہوئے دکھایا جاتا ہے ۔ آدمی اپنے عقل و فہم کے مطابق یہی سوچتا ہے کہ یہ سب کچھ ناممکن اور من گھڑت ہے کیونکہ ایسا ہونا ہی ناممکن امر ہے لیکن وہ ان تمام چیزوں کا مشاہدہ ۔ ٹی ۔ وی کی اسکرین پر اپنی آنکھوں سے کرتا ہے اس لئے ان کو رد کرنے کی مجال نہیں ہوتی ۔ یہاں مجھے یہ کہنا ہے کہ ایک عام آدمی اس قدر قوت کا مالک ہو سکتا ہے اس قدر انہونی واقعات کو پیش کر سکتا ہے تو بتاؤ کیا وہ ہستی جس کی تربیت سبب کائنات خلق کی آغوش میں ہوئی جسے خدا نے پیغمبر اعظمؐ کی مدد اور دین اسلام کی نصرت کے لئے اس ارض پر بھیجا ہو اس کی قوت اس کے اختیارات کس قدر ہوں گے کیا یہ تمہاری ناقص عقل اس ذات گرامی کی روحانی قوت کا اندازہ کر سکتی ہے اس مقام پر یہ تسلیم کرنا ہوگا علی ابن ابی طالب کے معجزات پر یقین نہ کرنا ایمان میں خلل کی نشانی ہے اور علی مرتضیٰ سے ہی مشکل کشائی ہر دور میں تا ابد جاری و ساری رہے گی ۔

ولی ہو یا کوئی اور ہو خواہ کتنا ہی کیوں نہ بڑا ہو اس کی ہر کرامت صرف اس کے دور تک محدود ہے مگر مولا علی مشکل کشا کی مشکل کشائی آپ کی ولادت سے قبل بھی جاری رہی اس دور میں بھی جاری ہے روز قیامت تک جاری رہے گی محقق لاثانی حکیم سید محمود گیلانی (سابق اہلحدیث متعدد اخبارات رسائل کے ایڈیٹر ۔ بے شمار کتب کے مصنف مولف جو ۲۳ سال تک اہل حدیث مسلک پر گامزن رہے ۔ ایلیا ، نامی مختصر کتابچہ میں انتہائی تحقیق کے بعد رقمطراز ہیں

حضرت نوحؑ نے اپنی مشہور عالم کشتی کو طوفان و مصیبت سے نجات کے لئے اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ کی تختی لگائی جو اب تک موجود ہے ۔ حضرت داؤدؑ حضرت سلیمانؑ اپنی دعاؤں کے لئے حضرت علی مشکل کشا کو وسیلہ بناتے ، اور تو اور گوتم بدھ جو کہ اپنے وقت میں ایشیا کے نجات دہندہ تصور کئے جاتے ہیں انہوں نے بھی اپنی مشکلات کے لئے امیر المومنین کو مدد کے لئے پکارا ۔ پانڈوں اور کوروں کی مشہور جنگ میں سری کرشن جی مہاراج نے مصیبت و مشکل اور دشمن کے ٹڈی دل لشکر کو دیکھتے ہوئے مشکل کشا علی مرتضیٰ کو مدد کے لئے پکارا ۔ (بحوالہ رسالہ کرشن بینتی مولفہ پنڈت رام دھن صفحہ ۲۷ ۔ شائع کردہ ساگر می تپ کالیہ دہلی سنہ ۱۹۳۱ء

سنہ ۱۹۱۲ء کی پہلی جنگ عظیم کے دوران دو عیسائی فوجی افسروں کو جو تختی ملی ان میں جو نام ۸ سال کی تحقیق کے بعد ملے وہ پنجتن پاک تھے جس سے دو عیسائی فوجی انسٹر ٹامس اور ولیم مسلمان ہوتے محب دار اہلبیت ہوئے ۔

سنہ ۱۹۵۱ء جولائی میں روسی ماہرین کو جو لکڑی کے چند ٹکڑے ملے سال بھر کی تحقیق کے بعد یہ معلوم ہوا یہ لکڑی کے ٹکڑے یہ حضرت نوحؑ کے کشتی کے ٹکڑے ہیں روسی ماہرین نے تحقیق کرنے کے بعد جو رپورٹ پیش کی اس کے مطابق عبرانی زبان میں ۔ اس پر پنجتن پاک یا رسولؐ ۔ مولا علیؑ ۔ یا فاطمہؑ ۔ یا حسنؑ ۔ یا حسینؑ کے نام درج تھے ۔ ان کی تمام تفصیلات مشکل کشائی کے واقعات میں مع حوالے کے ساتھ درج کی جا رہی ہیں ۔

معروف جید عالم ۔ تاریخ داں ۔ جناب محمد عبد السلام قادری الحنفی السنی محب دار اہلبیت اپنی مشہور کتاب شہادت نواسہ سید الابرار صفحہ ۲۶۶ پر آیت ہاد ترجمہ (بے شک اے محبوب آپ ڈر سنانے والے اور ہر قوم کے لئے ہادی ہیں)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں آنحضرتؐ نے اپنے سینے پر دست مبارک رکھا اور فرمایا میں منذر ہوں اور پھر حضرت علی کے کندھے مبارک پر ہاتھ رکھ کر فرمایا اے علی تو ہادی ہے اور میرے بعد راہ پانے والے تجھ سے راہ پائیں گے۔

ولایت کے سلسلے تجھ سے جاری ہوں گے اُمت کے اولیا۔ غوث و اقطاب تجھ سے فیض حاصل کریں گے۔ (صفحہ ۱۶۶)

حضرت گیسو دراز فرماتے ہیں اگر میں جناب علی مرتضیٰ کے مناقب کا ایک کرشمہ ظاہر کردوں تو آفتاب کا سب جمال محو ہو جائے اور جو کچھ میں نے آنجناب سے مشاہدہ کیا ہے اگر اس کو بیان کروں تو آدمؑ سے لے کر عیسیٰؑ تک تمام انبیاء کی نبوت کا خاندان اس جناب سے خیال کرے۔

(بحوالہ کوکب دری)

جناب صائم چشتی الحنفی السنی اپنی معرکتہ الآرا تصنیف مشکل کشا صفحہ ۲۱۱ پر درج کرتے ہیں "چہار ترکی کلاہ جو رسول اکرمؐ نے ودیعت مآب امیر المومنین علی کے سر اقدس پر رکھی وہ صوفی سادات اور مشائخ پہنتے ہیں اس سے مراد دولت و سعادت ہے اور جو کچھ اٹھارہ ہزار عالم میں ہے اس میں رکھا گیا ہے۔

صائم چشتی لکھتے ہیں حضرت علی ہی مملکت طریقت کے تاجدار اور سلطنت روحانیہ کے شہریار قرار پائے ہیں۔ آپ روحانی طور پر رسول اللہؐ کے خلیفہ برحق بلا فصل اور جانشین اول ہیں۔ آگے چل کر لکھتے ہیں حضرت علی کا فیضان ولایت کے حصول کے لئے رسول اللہ سے بغیر کسی دوسرے واسطہ و وسیلہ کے براہ راست تعلق ہے آپ کی روحانی خلافت کا سلسلہ محض تیس سال کی قلیل ترین مدت تک جاری نہیں بلکہ تاقیامت جاری و ساری رہے گا۔

(بحوالہ مشکل کشا صفحہ ۲۶۶)

شاہ عبدالعزیزؒ لکھتے ہیں "یہی وجہ تھی کہ رسولؐ خدا نے اُمت کو گناہوں سے نجات دلانے کے طریقے حضرت علی کو القا فرمائے اور پھر ان کو امام بنایا اور اپنے کمال عملی کی صورت حیدر کرار میں متصور کرنا ضروری ہو گیا اس طرح ولایت کا یہ مقدس سلسلہ حضرت علی کے وسیلے اور توسط سے قیامت تک کے لئے جاری و ساری ہو گیا۔

محدث شاہ عبدالحق حیدر کرار کی امامت کبریٰ کے لئے فرماتے ہیں "نہ صرف یہ کہ آپ کی امامت اور خلافت روحانیہ کا اثبات ہوتا ہے بلکہ آپ کا آئمہ طاہرین کا باپ اور اللہ کی تلوار ہونا بھی واضح ہو جاتا ہے۔

(مشکل کشا صفحہ ۲۹۶)

مجدد الف ثانی قدس سرہ شیخ احمد سرہندی مکتوبات شریف جلد اول میں لکھتے ہیں "ہم نے کشف باطنی کے ذریعہ اُمت محمدیہ میں علوم و اسرار باطنیہ و روحانیت پر فائز لوگوں کا مشاہدہ کیا تو تمام امت مرحومہ میں جناب علی مرتضیٰ کو سب لوگوں سے بلند پایا۔

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم بزرگ ولی اللہ حضرت جناب خواجہ محمد زاہد پارسا بخاریؒ جو شیخ المشائخ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندی بخاری کے جانشین اول ہیں وہ اپنی تالیف فضل الخطاب میں لکھتے ہیں "حضرت علی تمام عارفوں کے سرتاج ہیں اس پر تمام امت محمد کا اتفاق ہے جو کلام آپ نے فرمایا وہ نہ تو آپ سے پہلے کسی نے کہا اور نہ ہی کسی بعد نے کہا اور یہ کہ آپ نے بر سر منبر کھڑے ہو کر اعلانیہ فرمایا جو چاہو مجھ سے پوچھ لو۔

حضرت مخدوم فرماتے ہیں جس قدر فضائل اور کرامات حضرت علی سے منسوب ہیں اتنے دوسرے صحابہ سے نہیں آگے چل کر لکھتے ہیں کہ فردوسی طوسی نے ایک شعر میں دعویٰ کیا ہے کہ تمام انبیاء جو معجزہ رکھتے تھے

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی کرامات کی شکل میں ان کو رکھتے تھے (ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز صفحہ ۳۰۰، ۳۸۰ - ۲۷۹)

جنید بغدادی کہتے ہیں شریعت - طریقت اور معرفت میں اولیاء کے امام اور پیشوا مرتضیٰ علی ہیں (بحوالہ کوکب دری صفحہ ۱۰۴) ام ••

خواجہ معین الحق والدین قدس سرہ گنج الاسرار میں طالبان حق کی تلقین اور ارشاد کے طریق پر فرماتے ہیں کہ قرب الہٰی کا طالب جب خفیتہً یا جہراً ذکر خدا شروع کرے دس پر لازم ہے کہ دس مرتبہ کلمہ تشہد اور دس مرتبہ درود محمدؐ اور دس مرتبہ سردار اصفیا علی مرتضیٰ کا نام نامی لے کر ذکر مطلوب کی طرف متوجہ ہو کیونکہ خاتم الانبیاء کے بعد سر حلقہ اولیاء وہی بزرگ وار ہیں اور اگر اس طریقت سے مرتضیٰ علی کی متابعت اور پیروی میں دل و جان سے رابطہ حقیقی اور واقعی تعلق نہ رکھتا ہو خواہ وہ ہزار سال ریاضت اور پیروی میں صرف کردے مگر وہ شواہد غیبی کے مشاہدے سے محروم رہے گا - (بحوالہ کوکب دری)

حضرت شمس العارفین حضرت شمس الدین سیالوی کی ملفوظات جو کہ اسلامک بک فاؤنڈیشن (لاہور) نے مرآت العاشقین مترجم صاحبزادہ غلام نظام الدین نے - صفحہ ۳۲ پر درج کرتے ہیں -

دو آنحضرت نے خرقہ خلافت حضرت علی کو عطا کیا اور ساتھ ہی وہ پوشیدہ اسرار جو صاحب خرقہ کو بتانے کے لئے آپ مامور من اللہ تھے، حضرت علی کو بتا کر تلقین کی مستحق کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو نہ بتانا - حضرت علی اور ان کے فقر کے سلسلے ابھی تک جاری ہیں -

محمد صالح کشفی الحنفی السنی اپنی کتاب کوکب دری صفحہ ۳۸ پر حضور پاک کی حدیث درج کرتے ہیں کہ پیغمبر اعظمؐ کا فرمان ہے "علم تمام اہل زمین و اہل آسمان کی حفاظت و حراست پر موکل بنایا گیا ہے ہر شے اس ولی اللہ کے زیر حمایت ہے -

تاجدار ہند شہزادہ دارا شکوہ قادری - سفینتہ الاولیاء ناشر نفیس اکیڈمی کراچی صفحہ ۶۳ پر درج کرتے ہیں "حضرت علی بارہ اماموں کے امام ہیں تمام اولیاء کا سلسلہ آپ پر منتہی ہوتا ہے -

تمام مکتبہ فکر کے بزرگ متفق ہیں کہ ہدایت و ولایت کا سرچشمہ علی بن ابی طالب ہیں اس در سے وابستہ ہوئے بغیر کوئی بزرگ کوئی بلندی کوئی شرف کوئی مرتبہ حاصل نہیں کر سکتا اور جس نے اس در کی غلامی حاصل کر لی وہ بزرگی کے اعلیٰ مرتبہ پر فائز ہو گیا اور یہ وہ در ہے جہاں سے ہر دور میں فیض جاری و ساری رہے گا صحابہ اکرام - بزرگوں - مورخین - محققین کا متفقہ فیصلہ ہے کہ آنحضرتؐ کے بعد سب سے زیادہ معجزات علی مرتضیٰ سے وابستہ ہیں - خداوند کریم نے ہر دور کے لئے علی مرتضیٰ کو مشکل کشا فرمایا - رسول خداؐ نے علی مرتضیٰ کی مدح میں غیب سے ناد علی کی بشارت پائی جو صدیوں سے اہل اسلام کی زبان پر ہر دور میں مصیبت و پریشانی و مشکل حالت میں بے ساختہ جاری ہو جاتی ہے -

آپ کے معجزات و مشکل کشائی کے واقعات کا احاطہ کرنا بشری قوت سے بالاتر ہے اس بحر ناپیدا کنار کے خزانے سے چند انمول موتی پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں اور اسے عبادت سمجھتے ہوئے اپنی نجات کا وسیلہ سمجھتا رہا ہوں بقول حضرت امام شافعیؒ اگر مرتضیٰ اپنا مرتبہ ظاہر فرماتے تو تمام مخلوق ان کو سجدہ کرنے لگتی -

ازل سے ہے ولایت علی کی
ابد تک ہے قائم حکومت علی کی
جہاں تک ہے ختم الرسل کی رسالت
وہاں تک ہے صائم امامت! علی کی

صائم چشتی -

احقر - پروفیسر شوکت علی عابد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

مشکل کشا

بیٹھا ہے مشکلات کے رستے میں ہار کے
اور بدنصیب! دیکھ علی کو پکار کے

علی مرتضیٰ مشکل کشا کے معجزات و مشکل کشائی کے واقعات پر مشتمل غالباً اردو زبان کی یہ پہلی کتاب ہوگی جس میں ۲۵۰ سے زائد معجزات اور مشکل کشائی کے واقعات کو مستند ترین حوالوں کے ساتھ قلمبند کیا ہے ساتھ ساتھ یہ بات بھی طے کردی تھی کہ تمام تر روحانی قوت کا سرچشمہ ذات علی ہیں دنیا بھر کے ولی اللہ، قطب، غوث، قلندر، ابدال، صوفی، درویش، پیر، فقیر اس وقت تک روحانی درجہ پر فائز نہیں ہوسکتے۔ جب تک عقیدت سے در نجف کی خاک کو اپنے پیشانی کا تاج بنالیں۔ تمام سلسلوں کے امام اول علی مرتضیٰ ہیں۔ جب بھی کوئی مشکلات کے بھنور میں پھنسا بے اختیار علی مرتضیٰ کو پکارا۔ جب ہم تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ مولا علی کی مشکل کشائی کسی محدود دور کے لئے نہیں۔ بلکہ آپ ہر دور میں پکارنے والوں کی مدد فرماتے رہے ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت ابھی عمل میں بھی نہ آئی تھی اس وقت بھی جب بھی کوئی مشکلات کے بھنور میں گھرا اس وقت آپ ہی کے نام کے واسطے سے مشکلات سے نجات ملی۔ تاریخ گواہ ہے حضرت داؤد اور حضرت سلیمانؑ نے آپ ہی کا واسطہ دیکر خدا سے مدد طلب فرمائی پانڈوؤں اور کوروں کی مشہور جنگ میں سری کرشن جی مہاراج نے میدان جنگ میں آپ ہی کا واسطہ دیکر خدا سے مدد چاہی۔
مہاتما بدھ جی نے پریشانی و مصائب اور مشکلات کے وقت آپ ہی کا نام کو یاد کیا اور فریاد کی یا علی میری دستگیری فرمائیے۔ غرض کے زمانہ ماضی

ہو یا حال، یا مستقبل ہر لمحہ آپ ہی کو یاد کیا جاتا رہا۔

جس نے بھی دل سے پکارا علی مرتضیٰ نے اس کی حاجت روائی فرمائی اِدھر اُدھر بھٹکنے کے بجائے اب بھی اگر ہم در نجف کو اپنی مشکلات کا حل بنائیں تو ہم مصائب و پریشانیوں سے نجات حاصل کرسکتے ہیں کیونکہ یہ وہ در ہے جہاں پر جھکنے والا کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ اس کتاب میں مولا علیؑ مشکل کشا شیر خدا کے معجزات و مشکل کشائی کی ایک ادنیٰ سی جھلک پیش کی ہے جو منکروں کے لئے تازیانہ اور عقیدت مندوں کے لئے ایمانی قوت کا باعث ہوگی۔ پہلے باب میں مولا علی کی ولادت سے شہادت تک دور میں ہونے والے بے شمار معجزات و مشکل کشائی کے واقعات میں سے چند واقعات پیش کر رہا ہوں۔ اور ہر واقعہ کو مستند ترین روایت کے ساتھ درج کیا ہے۔

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مشکل کشا

(ولادت سے شہادت تک)

(۱) شکمِ مادر میں

حضرت علیؑ شیرِ خدا کی ولادت باسعادت عمل میں آئی بھی نہ تھی کہ آپ کی کرامات و معجزات کا سلسلہ ایسا جاری ہوا جو آپ کی شہادت اور بعد از شہادت سے لے کر اب تک اور رہتی دنیا تک آپ کے نام کے طفیل ایسے معجزات ظہور میں آتے رہیں گے جو آپ کی شان و عظمت کا نشان ہیں۔ آپ ابھی اپنی مادر حضرت فاطمہؑ بنت اسد کے شکم میں تھے علیؑ اپنی ماں سے گفتگو فرماتے یہ گفتگو خانہ کعبہ میں ہوئی جب آپ کی مادر خانہ کعبہ میں داخل ہوتیں تو تمام بت منہ کے بل گر پڑتے اس وقت آپ کی مادر فرمائیں ابھی تو تم اپنی ماں کے شکم میں ہو اور ابھی سے بت تمہیں سجدہ کرتے ہیں جب تم شکم مادر سے دنیا میں تشریف لاؤ گے اُس وقت تمہاری کیا شان ہو گی۔

(۲) خانہ کعبہ میں

مشہور و معروف حقیقت جس کے سامنے ہر ایک نے سر خم کیا ہے یہ سعادت سوائے علیؑ کے کسی اور کے حصّہ میں نہیں آئی اور یہ بھی ایک بہت بڑا معجزہ ہے کہ خانہ کعبہ علیؑ کی ولادت گاہ بنے۔ جس کی تفصیلات یہ ہیں کہ جب حضرت علیؑ کی ولادت کا وقت قریب آیا آپ کی والدہ حضرت فاطمہ بنت اسد خانہ کعبہ کے پاس تشریف لائیں بارگاہ الٰہی میں دعا فرمائی دعا ہونے والے فرزند کے طفیل منظور ہوئی دیوار کعبہ شق ہوئی۔ فاطمہ بنت اسد خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئیں کیا دیکھتی ہیں کہ ہونے والے فرزند کے لئے جناب مریمؑ جناب آسیہؑ حضرت موسٰیؑ کی والدہ موجود ہیں ان سب نے زچگی کے فرائض انجام دیے

تین دن تک آپ وہاں۔ رہیں لاکھ چاہا کہ درِ کعبہ کھولیں مگر باہر والا کوئی نہ کھول سکا۔

(۳) جھولے میں سانپ

ہر عام و خاص کتب میں کثرت سے روایت ملتی ہیں کہ آپ ابھی کمسن ہی تھے کہ مگر آپ کی طاقت اُس عمر کے لحاظ سے ایک بہت بڑا معجزہ ہے یہ حالی منزلت ہے کہ آپ کی مادر گرامی آپ کو جھولے میں لٹا کر اپنے کام میں مشغول ہو گئیں۔ آپ نے اپنی طرف ایک بہت بڑے سانپ کو بڑھتے ہوئے دیکھا۔ سانپ جھولے کے قریب پہنچا ہی تھا کہ آپ نے اپنا ایک ہاتھ باہر نکال کر اس سانپ کی گردن پکڑ لی ایک سخت جھٹکے کے ساتھ اپنی انگلیاں سانپ کے منہ میں داخل کر دیں اور اس وقت تک اس سانپ کو پکڑے رکھا جب تک وہ سانپ مر نہ گیا۔ اتنے میں آپ کی والدہ ماجدہ تشریف لے آئیں آپ نے علیؑ کے ہاتھوں میں مرے ہوئے سانپ کو دیکھا تو لوگوں کو پکارا۔ آواز سن کر لوگ جمع ہو گئے۔ آپ فرمانے لگیں میرا بیٹا تو حیدر ہے جس نے سانپ کو دو ٹکڑے کر دیا۔ خیبر کے مقام پر جب نامی گرامی پہلوان آپ کے مقابلے پر آیا تو آپ نے اپنا تعارف حیدر کے نام سے کرایا تھا۔

پانی کی تلاش

حضرت علیؑ نے صفین کی جنگ کے موقعہ پر ایک ایسی بستی میں قیام فرمایا جہاں دور دور تک پانی کا نام و نشان نہ تھا۔ مالک اشتر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے عرض کی یاامیر المومنین آپ نے ایسی جگہ قیام فرمایا ہے جہاں دور دور تک پانی کا نام و نشان نہیں آپ نے اس کے جواب میں فرمایا اے مالک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم عنقریب اس جگہ سے پانی سے سیراب ہوں گے۔ آپ نے زمین کے ایک ٹکڑے کی طرف اشارہ فرمایا اور کہا تم اور تمہارے ۔ اٹھی اس مقام پر ایک گڑھا کھودیں۔ سب نے مل کر ایک گڑھا کھودا۔ وہاں سے ایک بہت بڑا سیاہ رنگ کا پتھر نمودار ہوا۔ سو آدمیوں نے مل کر اس پتھر کو ہٹانا چاہا مگر پتھر ذرا بھی اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ آخر جناب امیر نے اپنے ایک ہاتھ سے پتھر کو چالیس ہاتھ دور پھینک دیا جہاں سے شفاف۔ صاف میٹھا۔ ٹھنڈا پانی ظاہر ہوگیا۔ سب نے خوب سیر ہوکر پانی پیا۔ آپ نے اس پتھر کو اسی مقام پر رکھدیا۔ آپ کے اصحاب نے اس پر مٹی ڈال کر اس جگہ کو چھپادیا

لشکر اسلامی اس مقام سے روانہ ہوا ابھی کچھ ہی فاصلے پر پہنچے تھے آپ نے فرمایا تم میں سے کون ہے جو اس مقام کو دوبارہ تلاش کرے گا۔ سب نے یک زبان ہوکر عرض کی کہ ہم سب پہچان لیں گے سب واپس چلے گئے مگر وہاں کوئی بھی اس مقام کو نہ پہچان سکا۔ اس اثنا میں قریبی گرجے سے ایک راہب آتے دکھائی دیا آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا تمہارا نام شمعون ہے عرض کی ہاں میرا یہی نام ہے۔ مگر یہ نام میں یا میری صرف جانتی ہیں پھر آپ نے فرمایا اے شمعون تم کیا چاہتے ہو۔ عرض کی اس چشمے کے لئے معلومات چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا اس چشمہ کا نام راجوہ ہے یہ جنت کا چشمہ ہے جس سے تین سو نبیوں اور تیرہ اوصیا نے پانی پیا ہے۔ میں آخری وصی ہوں جو اس چشمہ سے پانی پی رہا ہوں۔ راہب نے عرض کی میں نے کتاب انجیل میں اس طرح پایا ہے یہ راہب مسلمان ہوگیا اور آپ کے ساتھ جنگ صفین میں حصہ لیا ہے ایک روایت ہے کہ آپ کی طرف سے پہلا شہید تھا۔ جب یہ درجہ شہادت پر فیضیاب ہوا تو آپ اپنی سواری سے نیچے اترے۔ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور فرمایا یہ شخص قیامت کے روز ہمارا ساتھی ہوگا۔

درِ خیبر[5]

ہر خاص و عام کتب میں کثرت کے ساتھ در خیبر کا واقعہ درج ہے جو آپ کی روحانی قوت کا آئینہ دار ہے رسولؐ خدا نے حضرت علیؑ کو بروز خیبر علم عطا فرمایا اور آپ کے حق میں دعا فرمائی آپ یہودیوں کے مضبوط ترین قلعہ کی طرف روانہ ہوئے اور نامی گرامی پہلوان کو شکست دی۔ یہودیوں نے جب دیکھا کہ اب ان کی خیر نہیں تو وہ قلعہ کے اندر داخل ہو گئے اور دروازے کو اندر سے مضبوطی سے بند کر دیا۔ یہ لوگ اندر سے تیروں سے حملہ آور ہوئے حضرت علیؑ قلعہ نے مضبوط ترین دروازے ایک جھٹکے سے ساتھ اس طرح اکھاڑا جیسے تیز ہوا روئی کو اڑا کر ادھر ادھر لے جاتی ہے۔ آپ نے اس دروازے کو چالیس ہاتھ دور پھینک دیا۔ صفیہ کا بیان ہے کہ میں ایک طاق میں بیٹھی تھی کہ اچانک دروازے اکھڑنے کی وجہ سے منہ کے بل گر پڑی کہ شاید زلزلہ آگیا ہے۔ کسی نے مجھے بتایا کہ حضرت علیؑ نے قلعہ کو جھٹکا دیا ہے۔ آپ کا ارادہ صرف اتنا تھا کہ در کو اکھاڑ دیں۔ بعض روایت میں ہے کہ آپ نے اس در کو ڈھال کے طور پر استعمال کیا۔ جابرؓ سے روایت ہے کہ جب علیؑ نے اس در کو اٹھا کر پھینک دیا تو تجربہ کے طور پر پہلے چالیس پھر ستر پھر ستر آدمیوں نے مل کر اس در کو اٹھانا چاہا مگر در اس قدر وزنی تھا کہ اس کو ہلا تک نہ سکے۔ اس در کے لئے مشہور ہے کہ چالیس نامور پہلوان اس کو کھولا اور بند کیا کرتے تھے۔ آپ سے جب کسی نے اس کے لئے دریافت کیا تو حضرت علیؑ نے فرمایا یہ غذائی یا جسمانی قوت کا نتیجہ نہیں یہ سب روحانی قوت اور آغوش رسالتؐ کی وجہ سے ہے۔

یونانی حکیم

حضرت علیؑ کی خدمت میں ایک یونانی حکیم حاضر ہوا۔ آپ کے چہرے اور پنڈلیوں کو دیکھنے کے بعد کہنے لگا آپ کے چہرے کی زردی کا علاج تو میں کر سکتا ہوں مگر آپکی پنڈلیوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے تپلے پن کا علاج میرے پاس نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا۔ میرے چہرے کی زردی کتنی مقدار میں چلی جائے گی۔ حکیم نے عرض کی اگر آپ اس دوا میں سے دو بالوں کے سروں کے برابر تناول فرمالیں تو آپ ٹھیک ہو جائیں گے اور اگر ایک دانے کے برابر آدمی کھالے تو آدمی کو مار دیتی ہے۔ آپ نے فرمایا تمہارے پاس اس وقت یہ دوائی کتنی مقدار میں موجود ہے حکیم نے عرض کی دو مثقال۔ آپ نے اس کے ہاتھ سے تمام دوائی لے کر اور کھالی یونانی حکیم یہ دیکھ کر کانپنے لگا کہ یہ فوری مر جائیں گے اور میں کسی بڑی مصیبت میں پھنس جاؤں گا۔ یونانی حکیم کی یہ حالت دیکھ کر آپ مسکرائے اور فرمانے لگے اے حکیم اس زہر کا مجھ پر کوئی اثر نہ ہوگا آپ نے فرمایا اپنی آنکھیں بند کرو اس نے بند کرلیں پھر فرمایا اب آنکھیں کھولدو۔ حکیم نے جب آپ کے چہرے پر نظر ڈالی تو حیران ہو گیا کہ آپ کا چہرہ سرخ اور سفید ہو چکا تھا۔ آپ نے فرمایا کیا یہ تیرے زہر کی وجہ سے ہوا ہے آپ نے پھر ایک چبوترے پر جس پر یہ یونانی حکیم بیٹھا ہوا تھا اس کے اوپر دو کمرے تھے آپ نے اپنے ہاتھ سے اسے دیوار دل سمیت اٹھالیا۔ یہ دیکھ کر یونانی حکیم غش کھا کر گر پڑا۔ پھر آپ نے مکان کو اسی حالت میں رکھدیا۔ حکیم ہوش میں آیا تو آپ نے اس سے فرمایا دیکھا دو تپلی کمزور پنڈلیوں کی قوت کا نتیجہ۔

ایک پرندے کی اطاعت

عمار ابن یاسرؓ اور جابر انصاریؓ سے روایت ہے کہ ہم حضرت علیؑ امیر المومنین کے ساتھ ایک صحرا سے گذر کر رہے تھے، ہم ابھی پہنچے ہی تھے کہ حضرت علیؑ آسمان کی طرف دیکھ کر مسکرائے پھر اتنا مسکرائے کہ ہنس پڑے اور آسمان کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا اے پرندے تجھے کیا کہنا ہے ہم دونوں نے عرض کی یا امیر المومنین پرندہ کہاں ہے دور دور تک آسمان پر پتہ نہیں ہے۔ کوئی شے نہیں آپ نے

نے فرمایا تمہیں نظر نہیں آتا۔ آپ نے ہم دونوں سے فرمایا کیا تم اس پرندے کو بولتا ہوا دیکھنا چاہتے ہو۔ ہم نے عرض کی ہاں آپ نے آسمان کی طرف کوئی دعا مانگی جو آہستہ آہستہ تھی۔ پرندہ فوراً زمین پر آگیا اور آپ کے ہاتھ پر گرا۔ اور آہستہ آہستہ اپنی پشت سے آپ کے ہاتھ کو مس کرنے لگا۔ آپ نے پرندہ سے فرمایا اللہ کے حکم سے بولو پرندہ صاف عربی زبان میں گویا ہمکلام ہوا۔ اور عرض کی السلام علیکم یا امیر المومنین۔ آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا۔ پھر حضرت علیؑ نے پرندہ سے دریافت کیا کہ اس صحرا میں جہاں نہ پانی نہ پودے کچھ ہے تم اپنی خوراک کہاں سے حاصل کرتے ہو۔ عرض کی اے آقا جب بھوکا ہوتا ہوں آپ حضرات کی ولایت کا ذکر کرتا ہوں اور سیر ہو جاتا ہوں پھر کھانے کی تمنا نہیں رہتی اور جب پیاسا ہوتا ہوں آپ حضرات کے دشمنوں سے بیزاری کرتا ہوں تو پیاس بجھا لیتا ہوں یہ کلام سن کر آپ نے پرندے سے فرمایا اللہ تجھے برکت دے اللہ تجھے برکت دے۔

(۸) ہاتھیوں کی اطاعت

جناب عمارؓ سے روایت ہے کہ رسولؐ خدا نے حضرت علیؑ کو عمان کے شہر میں جلندی بن کرکرہ سے لڑنے کے لئے روانہ کیا۔ آپ وہاں پہنچے اور سخت جنگ کا آغاز ہوا۔ جلندی نے اپنے غلام کندی کو طلب کیا اور کہا کہ تمام سیاہ عمامے والے شخص کے پاس جاؤ اور اسے گرفتار کر کے ذلت کے ساتھ زمین پر گرا دو تو میں انعام میں اپنی چہیتی بیٹی کی شادی تمہارے ساتھ کر دوں گا جس کی شادی بادشاہ ملک کے لڑکے کے ساتھ نہیں کی۔ کندی ایک سفید ہاتھی پر سوار ہوا اپنے ساتھ ۲۹ ہاتھیوں کو لیا اور حضرت امیر المومنین کے لشکر پر حملہ آور ہوا۔ امیر المومنین نے جلندی کو دیکھا آپ خچر سے اتر پڑے۔ سر اقدس سے کپڑا ہٹایا۔ تمام جنگل چمک اٹھا پھر دوبارہ آپ خچر پر سوار ہو گئے۔ ہاتھیوں کے قریب آئے اور ایسا کلام فرمایا جس کو انسان نہ سمجھ سکے۔ اچانک ان تیس ہاتھیوں سے ۲۹ ہاتھیوں نے سر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہلایا اور پلٹ کر مشرکین پر حملہ کر دیا۔ دائیں بائیں جانب پلٹتے رہے لشکر کو عمان کے دروازے تک پہنچا دیا۔ تمام ہاتھی واپس حاضر ہوئے اور ایسی گفتگو کی کہ تمام نے سنی اور ان ہاتھیوں نے عرض کی ہم سب حضرت محمدؐ کو جانتے ہیں وہ اللہ کے نائب ہیں مگر یہ سفید ہاتھی محمدؐ و آل محمدؐ کی معرفت نہیں رکھتا۔ حضرت سخت کڑکے جیسا کہ جنگوں میں مخالفین کے خلاف کڑکا کرتے تھے۔ سفید ہاتھی کانپنے لگا آپ نے ایک ضرب لگا کر اس ہاتھی کا سر جدا کر دیا۔ اس پر سوار کندی غلام کو سر سے پکڑ لیا۔ جبرئیلؑ نے نبیؐ کو آگاہ فرمایا کہ آپ فصیل پر تشریف لے جائیں اور علیؑ سے بلند آواز میں فرمائیں کہ اسے بخش دیجئے۔ یہ آپ کے قیدی ہیں۔ علیؑ نے کندی کو چھوڑ دیا۔ کندی نے آپ سے عرض کی مجھے کیوں چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا ذرا نظر اٹھا کر دیکھو سامنے کون ہے کندی نے دیکھا کہ رسولؐ خدا اور آپ کے اصحاب مدینہ کی دیوار پر کھڑے ہیں آپ نے کندی سے فرمایا کون ہے کندی نے عرض کی رسولؐ اللہ ہیں آپ نے فرمایا کتنے فاصلے پر ہیں کندی نے عرض کی چالیس دن چلنے کی راہ پر ہیں۔ یہ معجزہ دیکھنے کے بعد کندی نے عرض کی ابوالحسنؑ۔ آپ کا رب، رب عظیم ہے۔ آپ کا نبیؐ نبی کریم ہے آپ اپنا دست مبارک آگے بڑھائیے میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی چیز عبادت کے لائق نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ آپ نے جلندی کو قتل کیا بے شمار مخلوق سمندر میں ڈوب کر مر گئی بے شمار قتل ہوئے۔ باقی مسلمان ہو گئے حضرت نے قلعہ کندی کے سپرد کیا اور جلندی کی بیٹی کی شادی کندی سے کی اور کچھ مسلمانوں کو وہاں چھوڑ دیا تاکہ انہیں تعلیم دیں۔

سورج سے کلام

(۹) محمدؐ بن مسلم اور جابر سے روایت ہے کہ سورج نے حضرت علیؑ سے سات مرتبہ کلام کیا۔ پہلی مرتبہ سورج نے حضرت علیؑ سے اس طرح کلام کیا مسلمانوں کے امام اللہ کے ہاں میری سفارش فرمائیے کہ وہ عذاب نہ دے۔ دوسری مرتبہ کہا کہ آپ مجھے حکم دیں کہ میں آپ کے دشمن کو جلا دوں میں ان کو

ان کی پیشانیوں سے جانتا ہوں تیسری مرتبہ بابل میں آپ سے اس وقت گفتگو کی۔ جب آپ سے نماز عصر فوت ہو گئی تھی۔ امیرالمومنین نے سورج سے مخاطب ہو کر فرمایا اپنی جگہ سے پلٹ کر آجا۔ سورج نے لبیک کہا اور پلٹ کر آگیا۔ چوتھی مرتبہ حضرت علی امیرالمومنین نے فرمایا۔ اے سورج تو نے میرا کوئی گناہ دیکھا ہے۔ خدا کے حکم سے سورج گویا ہوا۔ اور عرض کی۔ میرے رب کی عزت کی قسم اگر خدا آپ کی مانند تمام مخلوق کو پیدا کرتا تو دوزخ کو پیدا نہ کرتا۔ پانچویں مرتبہ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد جب نماز کے بارے میں اختلاف ہو گیا تو لوگوں نے حضرت علیؑ کی مخالفت کی اس وقت سورج نے ملعم کھلا کلام کیا۔ اور سورج نے کہا تھا۔ حق علیؑ کے لئے ہے۔ حق علیؑ کے ہاتھ میں ہے اور حق آپ کے ساتھ ہے قریش و دیگر افراد نے ان باتوں کو سنا۔ چھٹی مرتبہ۔ حضرت علیؑ نے سورج کو طلب کیا تھا اور وہ آپ کے لئے آب حیات کا پانی لے کر ایک برتن میں حاضر ہوا تھا اور آپ نے اس سے وضو کیا تھا۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ تم کون ہو۔ سورج نے عرض کی۔ میں روشن سورج ہوں۔ ساتویں مرتبہ حضرت علیؑ کی شہادت کے وقت سورج حاضر ہوا آپ نے سورج سے کلام کیا۔

سزا کے بعد

(۱۰) ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ امیرالمومنین کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں نے چوری کی ہے جس کی سزا دے کر مجھے آپ پاک کر دیں۔ اس شخص نے حضرت امیرالمومنین کے سامنے اپنی چوری کا تین مرتبہ اقرار کیا۔ اس کے بعد آپ نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا۔ ہاتھ کٹنے کے بعد وہ شخص اپنا کٹا ہوا ہاتھ لیکر مجلس سے باہر آیا۔ راستے میں ابن عباسؓ سے ملاقات ہوئی آپ نے اس شخص سے پوچھا تیرا ہاتھ کس نے کاٹا ہے۔ جواب میں اس شخص نے کہا میرا ہاتھ امیرالمومنین وصی سید المرسلین۔ مولائے جملہ انس و جان غالب کل غالب جو اس مخلوق میں آنحضرتؐ کو سب سے پیارے تھے علی ابن ابی طالب نے۔ ابن عباسؓ نے کہا جس نے تیرا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاتھ کاٹا ہے تو اسی کی اس قدر تعریف کرتا ہے۔ عرض کی وہ ذات میری تعریف سے بہت بلند ہے ان کی محبت میرے نس نس میں بسی ہوئی ہے۔ ابن عباسؓ اس شخص کو لیکر حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو کچھ اس شخص سے سنا تھا وہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا بعض دوست ہمارے ایسے ہیں کہ اگر ہماری محبت میں ان کے ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دئے جائیں۔ تب بھی ان کے دل میں ہماری محبت کے سوا نے کچھ خیال نہ گذرے گا اور بعض دشمن ایسے ہیں۔ اگر ہم ان کو گھی اور شہد کیوں نہ چٹائیں مگر ان کا بغض ہمارے لئے اور زیادہ ہوگا۔ آپ نے اس شخص کا کٹا ہوا ہاتھ اٹھاکر کٹی ہوئی جگہ پر نصب کر دیا۔ اپنی چادر سے ڈھانپ کر چند پوشیدہ کلمات پڑھے چادر اٹھائی تو اس شخص کا ہاتھ اپنی حالت میں ٹھیک ہوگیا۔ یہ شخص ہمیشہ آپ کی خدمت میں حاضر رہا اور جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا رہا آخر یہ جنگ نہروان میں جہاد کرتا ہوا شہید ہوا۔ اس شخص کا نام افلح تھا۔

علیؑ کا حکم (۱۱)

سہیل بن خنیف بیان کرتے ہیں کہ ایک جنگ کے موقعہ پر امیر معاویہ نے دریا کے گھاٹ پر قبضہ جمالیا اور اپنے لشکر کو سختی سے حکم دیا کہ پانی کا ایک قطرہ بھی فوج علیؑ حاصل نہ کر سکے۔ حضرت علیؑ امیر المومنین نے اپنے مایۂ ناز سپہ سالار مالک اشترؒ کو حکم دیا کہ جو لوگ دریا کے گھاٹ پر قبضہ جمائے بیٹھے ہیں انھیں کہو کہ علیؑ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ پانی گھاٹ سے علیحدہ ہو جاؤ۔ مالک اشتر اپنے چند ساتھیوں کے ہمراہ گئے اور وہاں پہنچ کر علیؑ کا حکم سنایا چنانچہ وہ ہٹ گئے امیر المومنین کے آدمی گھاٹ کے اندر گئے اور پانی لیکر اپنے مورچوں پر پہنچ گئے۔ اس بات کا علم امیر معاویہ کو ہوا۔ اس نے گھاٹ کے نگرانوں کو طلب کیا اور ان سے گھاٹ چھوڑنے کی وجہ دریافت کی۔ انھوں نے جواب دیا کہ ہمارے پاس عمرو بن عاص (جو کہ امیر معاویہ کے خاص آدمی تھے) آئے تھے انہوں نے کہا کہ تمہیں امیر معاویہ حکم دیتے ہیں کہ گھاٹ چھوڑ دو اس بات پر امیر معاویہ عمرو بن عاص سے ناراض ہوئے کہ کام

تم خود کرتے ہو اور نام میرا لیتے ہو۔ دوسرے دن امیر معاویہ نے جمل ابن عتاب کی نگرانی میں پانچ ہزار سپاہی دیکر گھاٹ کا نگران مقرر کیا۔ حضرت علیؑ امیر المومنین نے مالک اشتر سے فرمایا جمل سے کہو حضرت علیؑ تمہیں حکم دیتے ہیں گھاٹ چھوڑ دو مالک اشتر نے ایسا ہی کیا۔ جمل نے گھاٹ چھوڑ دیا امیر المومنین کے سپاہ اپنی ضرورت کے مطابق پانی لیکر واپس پہنچے۔ امیر معاویہ کو اس کی اطلاع ملی تو جمل کو طلب کیا کہ تم نے گھاٹ کیوں چھوڑا جمل نے جواب دیا آپ کے فرزند یزید آئے تھے اور مجھے آپ کا نام لیکر کہا کہ آپ کی طرف سے حکم ہے کہ گھاٹ چھوڑ دیا جائے۔ امیر معاویہ نے یزید کو طلب کیا دریافت کرنے پر پتہ چلا کہ یزید تو وہاں گیا ہی نہیں۔ امیر معاویہ سخت پریشان ہوئے آخر انہوں نے حکم دیا کہ کل کوئی شخص بھی آئے کسی طرح بھی اس کی بات نہ ماننا. اگرچہ میں خود بھی کیوں نہ آجاؤں جب تک اس سے میری انگوٹھی نہ لے لو۔ جمل امیر معاویہ کی طرف سے سخت حکم سننے کے بعد پہلے سے بھی زیادہ سواروں کو ساتھ لیکر گھاٹ کی نگرانی کرنے لگا اور دل میں سوچ لیا کہ جب تک امیر معاویہ کی انگوٹھی نہ لے لوں گا اس وقت تک گھاٹ نہیں چھوڑوں گا۔ حضرت علی امیر المومنین نے مالک اشتر کو طلب فرمایا اور حکم دیا کہ جمل سے جاکر کہو کہ علیؑ حکم دیتے ہیں کہ گھاٹ سے علیحدہ ہو جاؤ مالک اشتر نے جمل کو حکم دیا وہ گھاٹ سے علیحدہ ہوگیا مالک اشتر کے ساتھیوں نے پانی بھرا اور سب واپس پلٹے امیر معاویہ کو اس کی اطلاع ملی۔ امیر معاویہ نے جمل کو طلب کیا۔ جواب طلبی پر جمل نے امیر معاویہ کی انگوٹھی معاویہ کو دکھائی تو اس نے انگوٹھی والے ہاتھ مارا اور کہا یہ میری ہی انگوٹھی ہے اور کہا کہ یہ علیؑ کی عجیب میں سے ایک عجیب ہے۔

آل نوحؑ کا ایک سوال (۱۲)

کتاب علوی بصری میں ہے کہ یمن کی ایک جماعت آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپؐ کی خدمت میں عرض کی ہم گذشتہ امتوں کے بقایا لوگ ہیں جو آل نوحؑ سے تعلق رکھتے تھے۔ ہمارے نبیؑ کا ایک وصی تھا جس کا نام شامؑ تھا اس نے اپنی کتاب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں آگاہ کیا ہے کہ ہر نبی کا ایک معجزہ ہوتا ہے اور اس کا ایک وصی بھی ہوتا ہے جو اس کا قائم مقام ہوتا ہے آپ کے وصی کون ہیں۔ آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھ سے حضرت علی کی طرف اشارہ کیا اس جماعت نے عرض کی یا محمدؐ اگر ہم علیؑ سے اس بات کا سوال کریں کہ ہمیں سامؑ بن نوحؑ دکھلا دیں تو کیا آپ ایسا کر سکتے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا ہاں اللہ کے حکم سے ایسا ہو سکتا ہے۔ آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا اے علیؑ ان کے ساتھ مسجد میں چلے جاؤ۔ محراب کے پاس زمین پر پاؤں مارو۔ حضرت علیؑ ان لوگوں کے ساتھ مسجد میں گئے۔ محراب رسول اللہ کے اندر تشریف لے گئے جو مسجد کے اندر تھا۔ دو رکعت نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد زمین پر پاؤں مارا۔ زمین پھٹی۔ زمین کے اندر سے قبر اور تابوت ظاہر ہوا۔ تابوت کے اندر سے ایک بزرگ کھڑا ہوا۔ جس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا تھا۔ جو سر اور داڑھی سے یکر مٹی جھاڑ رہا تھا۔ یہ بزرگ خدا کے حکم سے گویا ہوا حضرت علی کو سلام کیا اور کہا اشھد ان لا الہ الا اللہ و ان محمداً رسول اللہ میں سام بن نوح گواہی دیتا ہوں خدا کے سوائے کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ محمدؐ اللہ کے رسول اور رسولوں کے سردار ہیں۔ آپ علی ہیں محمدؐ کے وصی ہیں۔ جو اوصیا کے سردار ہیں۔ میں نوحؑ کا فرزند سام ہوں۔ اس جماعت نے اپنے صحائف کھولے۔ اس بزرگ کو ویسا پایا جیسے ان کے صحائف میں اس کے اوصاف بیان کئے تھے۔ اس جماعت کے لوگوں نے حضرت علی کی خدمت میں عرض کی اب ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ (سامؑ) اپنے صحائف میں سے کوئی سورۃ تلاوت کرے۔ حضرت سامؑ نے پڑھنا شروع کیا حتیٰ کہ ایک سورۃ ختم ہو گیا۔ پھر سامؑ نے علیؑ پر سلام کیا اور حضرت سام پہلے کی طرح سو گئے دیکھتے ہی دیکھتے زمین آپس میں مل گئی۔ تمام حقیقت کو جماعت کے تمام افراد نے جب اپنی آنکھوں سے سب کچھ دیکھ لیا تو ان سب نے بیک وقت کہا۔ اللہ کا دین اسلام ہے یہ تمام لوگ مسلمان ہو گئے۔

(بحوالہ عمدۃ المطالب جلد اوّل)

۱۳۔ نماز عصر اور سورج

اصول کافی نے بیان کیا ہے جس کی روایت حضرت حسینؑ بن علیؑ تک دیتے ہوئے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت علی امیرالمومنین نہروان کی جنگ سے واپس ہوئے اس وقت بغداد شہر کی بنیاد نہیں پڑی تھی وہاں آپ نے ایک مقام پر نماز ادا فرمائی۔ نماز کے بعد آپ اس مقام سے روانہ ہوئے۔ بابل کی سرزمین میں داخل ہوتے اس وقت نماز عصر کا وقت ہو چکا تھا لشکر کے بعض افراد نے کہا کہ نماز کا وقت ہو چکا ہے یہاں نماز ادا کرنا مناسب ہے۔ جس کے جواب میں آپ نے فرمایا یہ زمین تین مرتبہ پہلے بھی تباہ ہو چکی ہے چوتھی مرتبہ پھر تباہ ہو گی میرے لئے جائز نہیں کہ میں اس سرزمین پر نماز ادا کروں۔ تم میں سے جو شخص نماز پڑھنا چاہے وہ پڑھ لے۔ لشکر میں سے چند منافقین نے کہنا شروع کر دیا کہ علیؑ خود نماز تو پڑھتے نہیں ہیں آپ خاموشی سے سنتے رہے۔

جویریہ بن مسہر عبدی کا بیان ہے کہ میں حضرت علی امیرالمومنین کے ساتھ رہا اور میں نے قسم اٹھا رکھی تھی کہ جب تک امیرالمومنین نماز نہیں پڑھیں گے اس وقت تک میں بھی نماز نہیں پڑھوں گا۔ آپ نے بابل کی سرزمین کو عبور کیا اس وقت سورج غروب ہو چکا تھا۔ افق پر سرخی ظاہر ہو چکی تھی اس وقت حضرت علیؑ نے مجھ سے فرمایا اے جویریہ پانی لاؤ۔ میں نے پانی کا برتن آپ کی خدمت میں پیش کیا آپ نے وضو فرمایا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا اذان کہو۔ میں نے عرض کی اب تو عشا کی نماز کا وقت ہو چکا ہے آپ نے فرمایا نہیں عصر کی اذان کہو۔ پھر فرمایا اقامت کہو میں ابھی اقامت کہہ ہی رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ آپ کے دونوں لب متحرک ہوئے آپ کی زبان مبارک سے ایسا کلام جاری ہوا جس کو میں قطعی طور پر نہ سمجھ سکا۔ اسی اثنا میں سورج پورے کا پورا دوبارہ لوٹ آیا۔ ایسا معلوم ہوا کہ عصر کا وقت آ گیا ہے۔ حضرت نماز کے لئے کھڑے ہوئے تکبیر کہی اور نماز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پڑھی میں اور میرے دوسرے ساتھیوں نے بھی حضرت علیؑ کی اقتداء میں نماز ادا کی جب حضرت نماز سے فارغ ہوئے تو سورج غائب ہو گیا۔ رات کا سماں چاروں طرف پھیل گیا آسمان پر ستارے نکل آئے اس وقت حضرت علی نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا اب تم عشاء کی اذان کہو۔

آزمائش (۱۴)

روایت ہے جس مسند رسولؐ اللہ تک بیان کی گئی ہے ایک دن رسولؐ خدا اپنے اصحاب کے پاس تشریف فرما تھے صحابہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ۔ خدا نے ابراہیمؑ کو خلیلؑ بنایا اور موسیٰؑ سے باتیں کیں۔ عیسیٰ بن مریم کو معجزہ عطا کیا کہ وہ مُردوں کو زندہ کرتے تھے۔ خداوند کریم نے آپؐ کو کیا چیز عطا کی ہے آپ ان صحابہ کو دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا اگر خدا نے حضرت موسیٰؑ کے ساتھ پردہ میں رہ کر بات کی ہے تو میرے ساتھ بالمشافہ گفتگو فرمائی اور میں واحد ہوں جس نے اپنے رب کے جلال کو دیکھا اور اگر حضرت عیسیٰ کو یہ معجزہ عطا کیا کہ وہ مُردوں کو زندہ کر سکتے ہیں تو میں بھی تمہارے مُردوں کو زندہ کر سکتا ہوں جب تم چاہو اور جس مردے کو چاہو میں زندہ کر سکتا ہوں ان صحابہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے مردے زندہ کر دئے جائیں۔ آپ نے حضرت علیؑ سے فرمایا اٹھو علیؑ آج تم میری جگہ ان کے مردوں کو زندہ کرو آپ نے اپنے ہاتھوں سے اپنی چادر آپ کے کندھوں پر ڈالی اور فرمایا ان کے ساتھ قبرستان چلے جاؤ اور صحابہ کو حکم دیا کہ تم سب علیؑ کی اطاعت کرتے رہنا تمام صحابہ حضرت علیؑ کے پیچھے پیچھے قبرستان کی طرف چل دیئے مقام خاص پر پہنچے آپ نے اہل قبور کو سلام کیا اور ان کے حق میں دعا فرمائی۔ آپ کی زبان مبارک سے ایسا کلام جاری ہوا کہ تمام صحابہ سمجھنے سے قاصر رہے۔ زمین میں اضطراب پیدا ہوا زمین نے پھیلنا اور ابھرنا شروع کیا۔ تمام صحابہ دیکھ کر اس قدر گھبرا گئے کہ ان سب نے حضرت علی سے التجا کی رک جایئے۔ ہمیں معاف فرمائیں۔ آپؑ دعا

مکمل ہونے سے پہلے ہی رک گئے۔ یہ صحابہ رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ہمیں بخش دیجئے۔ اللہ کے رسولؐ نے فرمایا تم نے اللہ پر جرأت کی ہے خدا تمہیں قیامت کے دن نہیں بخشے گا۔

اژدہا سے کلام (۱۵)

حضرت امام جعفر صادق اپنے آبائے طاہرین سے روایت کرتے ہیں کہ حسب معمول حضرت علی امیرالمومنین مسجد کوفہ میں وعظ فرما رہے تھے اچانک امیرالمومنین نے شور و غل کی آواز سنی۔ لوگ افراتفری کے عالم میں ایک دوسرے پر گر رہے تھے۔ یہ حالت دیکھ کر امیرالمومنین نے فرمایا۔ اے لوگو تمہیں کیا ہو رہا ہے۔ حاضرین نے عرض یا امیرالمومنین ایک بہت بڑا اژدہا اس طرف آ رہا ہے جس کی وجہ سے ہم ڈر رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں اسے ختم کر ڈالیں آپ نے فرمایا اس کے قریب مت جاؤ یہ اپنی ضرورت لیکر میرے پاس بطور ایلچی آ رہا ہے۔ لوگوں نے اژدہا کو آنے کی جگہ دی اژدہا صفوں کو چیرتا ہوا سیدھا منبر کے قریب آیا اور آتے ہی اپنا منہ امیرالمومنین کے کان میں ڈال دیا اژدہے نے اپنی زبان میں کچھ کہنا شروع کیا اور کافی دیر تک کہتا رہا آپ سر ہلاتے رہے پھر آپ نے اس کے جواب میں اسی کی زبان میں گفتگو فرمائی۔ جو ہم میں سے کوئی نہ سمجھ سکا۔ یہ اژدہا گفتگو سننے کے بعد منبر سے اتر کر صفوں کو چیرتا ہوا درمیان سے ایسا غائب ہوا کہ لوگوں نے دیکھنے اور تلاش کرنے کی کوشش کی مگر کوئی بھی اسے نہ پا سکا۔ اژدہے کے چلے جانے کے بعد لوگوں نے امیرالمومنین سے دریافت کیا آپ نے اس کے جواب میں فرمایا یہ درجان بن مالک میرا ماتحت ہے جس کو ہم نے مسلمان جنوں پر مقرر کیا ہے۔ ان جنات کو بعض مسائل میں اختلاف ہو گیا۔ اختلاف بہت زیادہ شدت پکڑ چکا تھا اس لئے انھوں نے بطور سفیر میرے پاس مسائل کے حل کے لئے اس کو میرے پاس بھیجا میں نے ان کے مسائل کا حل بتا دیا ہے اب وہ واپس چلا گیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ سے بغض (۱۶)

اعمش بیان کرتے ہیں میں مسجد میں بیٹھا تھا ایک شخص کو دیکھا جس نے نماز ادا کی بعد میں خدا کے حضور میں دعا کرنے لگا اے میرے رب میرا گناہ بہت بڑا ہے تو اس سے بڑا ہے ۔ اے بڑے ۔ میرا بڑا گناہ تو ہی بخش سکتا ہے ۔ وہ شخص زمین پر گر کر رو رہا تھا میں نے سوچا کہ یہ سجدے سے اٹھے تو اس سے پوچھوں جب وہ سجدے سے اٹھا تو میں نے دیکھا کہ اس کا چہرہ کتے کے چہرے کی طرح ہے اس کے بال کتے کے بالوں کی طرح ہیں باقی بدن عام انسانوں کی طرح ہے میں نے پوچھا اے اللہ کے بندے وہ کونسا گناہ ہے جو تم نے کیا ہے جس کی وجہ سے تمہاری صورت مسخ ہو گئی ہے ۔ اس نے جواب دیا کہ میرا گناہ بہت بڑا ہے نہیں چاہتا کہ لوگ میرا گناہ سنیں میں نے اصرار کیا تو اس شخص نے بتایا کہ میں ناصبی تھا ۔ میں حضرت علیؑ بن ابی طالب سے بغض رکھتا تھا اس بغض کا برملا اظہار کرتا تھا ۔ ایک دن بازار میں میں حضرت امیرالمومنین کی شان میں گستاخی کر رہا تھا ۔ اتنے میں ایک شخص میرے پاس سے گذرا اس نے کہا کہ اے شخص تمہیں کیا ہو گیا ہے ۔ اگر تم جھوٹے ہو تو خدا تمہیں آخرت سے پہلے اسی دنیا میں مسخ کر دے گا ۔ تاکہ تمہاری دنیا میں خوب شہرت ہو اور اپنے انجام کو آخرت سے پہلے دنیا میں بھی دیکھ لو میں نے اس شخص کی کوئی پرواہ نہ کی اپنے گھر روانہ ہو گیا ۔ رات آئی سو گیا ۔ صبح اٹھا تو میری شکل اور بال کتے میں تبدیل ہو چکے تھے ۔ اب مجھے اپنے کئے کا احساس ہوا ہے اب میں پچھتا رہا ہوں اب خدا کے حضور میں معافی اور بخشش کا طلب گار ہوں ۔ اعمش کا بیان ہے جب میں نے یہ واقعہ لوگوں سے بیان کیا تو اس کے ماننے والے کم اور جھٹلانے والے زیادہ ہیں ۔

ایک اہم انکشاف (۱۷)

حضرت علیؑ امیرالمومنین کوفہ میں اپنے دور خلافت

میں ایک صبح نماز سے فارغ ہوئے تو ایک شخص سے فرمایا فلاں مقام پر ایک مسجد ہے ۔ اس کے قریب ایک گھر ہے جس میں ایک مرد اور عورت آپس میں جھگڑ رہے ہیں ان دونوں کو بلا کر لے آؤ وہ شخص اس گھر پر پہنچا آپ کے ارشاد کے مطابق مرد عورت کو لڑتا پایا انھیں حکم دیا کہ آپ دونوں کو امیرالمومنینؑ نے طلب کیا ہے دونوں امیرالمومنین کی خدمت میں حاضر ہوتے ۔ اس جوان سے مخاطب ہو کر فرمایا آج رات تم دونوں میں بہت زیادہ جھگڑا ہوا ہے ۔ اس جوان نے عرض کیا یا امیرالمومنین اس عورت کو نکاح کر کے لایا ہوں اس سے جب قرابت کا خیال کیا تو مجھے اس سے سخت نفرت پیدا ہوئی میرا بس چلتا تو اسے اسی وقت میں گھر سے نکال دیتا ۔ یہ عورت اس وقت سے مسلسل مجھ سے جھگڑ رہی ہے اتنے میں آپ کا حکم آ پہنچا ہم دونوں حاضر ہیں ۔ آپ نے مسجد میں دیگر حاضرین سے فرمایا کچھ باتیں ایسی ہیں جو ان دونوں کے علاوہ پردہ میں رہنی چاہئے اس لئے تم سب رخصت ہو جاؤ حاضرین کے چلے جانے کے بعد فرمایا ۔ اے عورت تو اس جوان کو جانتی ہے عرض کی نہیں ۔ فرمایا میں تمہیں بتاؤں مگر تو حقیقت اور راستی سے گریز نہیں کرے گی عورت نے عرض کیا میں سچ کا راستہ اختیار کروں گی ۔ امیرالمومنین نے فرمایا تو فلاں بنت فلاں ہے ۔ تو فلاں عورت کی بیٹی ہے تیرا ایک چچیرا بھائی تھا تم دونوں میں آپس میں بڑی محبت تھی ۔ ایک رات تو قضا حاجت کے لئے باہر گئی وہاں تجھے یہ ملا ۔ اس نے تیری رضا کے ساتھ تجھ سے مجامعت کی ۔ اس رات تو اس سے حاملہ ہوئی یہ راز تو نے سب سے پوشیدہ رکھا آخر اپنی ماں کو تو نے سب کچھ بتا دیا ۔ جب وضع حمل کا وقت آیا تو رات تھی تیری ماں تجھے باہر لے گئی ۔ تجھے بچہ پیدا ہوا تیری ماں نے اس بچہ کو لپیٹ کر ایک دیوار کے قریب جو قضا حاجت کی جگہ تھی وہاں رکھ دیا ۔ اتنے میں ایک کتا آیا کتے نے بچہ کو سونگھا تو نے ایک پتھر مارا جو کتے کے بجائے اس بچہ کے سر پر لگا جس سے اس کا ماتھا شکستہ ہو گیا تیری ماں نے اس بچہ کا سر باندھا اور پھر تم دونوں اس کو چھوڑ کر چلی گئیں ۔ اس کے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد کا حال مجھے اس بچہ کے لئے کچھ معلوم نہیں۔ عورت نے ان تمام باتوں کا اعتراف کیا اور عرض کی یا امیر المومنین ان تمام باتوں کا علم مجھے اور میری ماں کے سوا کسی کو نہیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا آگے مجھ سے سن فلاں قبیلہ کا قافلہ اس مقام سے گذرا۔ انہوں نے اس بچہ کو اٹھایا اور اپنے ساتھ لے گئے یہ بچہ جوان ہو گیا اور کوفہ میں آ کر اس جوان کا نکاح تیرے ساتھ کر دیا۔ جوان سے آپ نے فرمایا اے نوجوان اپنا سر ننگا کر اس نوجوان نے جب اپنا سر ننگا کیا تو اس کے سر پر شکستگی کا نشان صاف ظاہر تھا۔ امیر المومنین نے فرمایا اے عورت یہ وہی تیرا بیٹا ہے اٹھ اور اپنے بیٹے کو اپنے ساتھ لے جا خدا نے تجھے حرام کام سے محفوظ رکھا۔

جنگ نہروان کے لئے پیش گوئی (۱۸)

ہر خاص و عام کتب میں موجود ہے حضرت علیؑ امیر المومنین کی پیش گوئی کافی شہرت پا چکی ہے جس کی روایت جندب بن عبداللہ کرتے ہیں کہ میں جنگ جمل اور صفین میں حضرت علی امیر المومنین کے ساتھ حاضر تھا۔ مجھے کبھی بھی اس باب میں شک نہ گذرا کہ حق ہمارے ساتھ ہے لیکن میں آپ کے ساتھ جنگ نہروان میں شامل ہوا تو دل میں خیال آیا کہ مخالفین سب ہمارے اقربا اور نیک اشخاص ہیں ان کو قتل کرنا سخت مشکل اور دشوار ہو گا۔ صبح کے وقت لوٹا لے لشکر گاہ سے باہر نکلا زمین پر نیزہ گاڑ کر ڈھال اس پر رکھی اس کے سایہ میں بیٹھا سوچ رہا تھا اتنے میں حضرت امیر المومنین تشریف لائے۔ اس وقت آپ کا چہرہ آفتاب تاباں کی طرح چمک رہا تھا۔ مجھ سے پوچھا تیرے پاس پانی ہے میں نے لوٹا آگے بڑھا دیا آپ ایک سمت کی طرف روانہ ہوئے اتنی دور گئے کہ نظروں سے اوجھل ہو گئے۔ کچھ دیر بعد واپس آئے وضو کیا اور اس ڈھال کے سایہ میں بیٹھ گئے اتنے میں ایک سوار دیکھا۔ حضرت نے اس کا حال

دریافت کیا میں نے عرض کی یہ سوار آپ کو تلاش کرتا ہے۔ فرمایا اس سوار کو بلا لاؤ۔ سوار قریب آیا۔ اور سوار نے عرض کی یا امیر المومنین مخالفین نہروان سے گذر کر دریا پار کر چکے ہیں آپ نے فرمایا غلط ہے ابھی وہ ہرگز نہیں گذرے۔ سوار نے عرض کی خدا کی قسم وہ گذر گئے ہیں آپ نے فرمایا نہیں غلط ہے۔ سوار نے پھر عرض کی خدا کی قسم جب تک وہ دریا کے پار نہیں گذرے اس وقت تک میں نہیں آیا آپ نے فرمایا قطعی جھوٹ ہے۔ کیونکہ ان کے قتل ہونے کی جگہ یہاں ہے ان میں سے صرف ۱۰ سے کم بچ سکیں گے اور میرے لشکر میں سے دس شہید ہوں گے آپ یہ کہہ کر اٹھے میں نے دل میں سوچا خدا کا شکر ہے کہ امیر المومنین کا حال معلوم کرنے کے لئے میزان ہاتھ لگ گئی۔ اور دل میں عہد کیا کہ اگر مخالفین نہروان سے گذر چکے ہوں گے تو میں پہلا شخص ہوں گا جو امیر المومنین کے ساتھ مقابلہ کروں گا ورنہ لشکر کے ساتھ اپنی شجاعت کے جوہر دکھاتا ہوا شہید ہو جاؤں گا۔ جب میں نے صفوں سے گذر کر دیکھا تو مخالفین کے نشانات جہاں تھے وہیں کے وہیں رکے ہوئے ہیں ذرا بھر بھی وہ نہیں بڑھے اس وقت حضرت امیر المومنین نے میری پیٹھ کو ہلاتے ہوئے فرمایا اب تو تجھ پر حقیقت عیاں ہو گئی میں نے عرض کی بیشک امیر المومنین آپ نے فرمایا اب تو اپنے کام میں مشغول ہو جا اور تو اس جنگ میں ایک کو قتل کرے گا اور دوسرے سے مقابلہ کرتا ہی رہ جائے گا۔ آپ کے ارشاد کے مطابق ویسا ہی ہوا میں نے ایک شخص کو قتل کیا اور دوسرے سے مقابلہ کیا ایک ضرب اس نے مجھے لگائی اور ایک میں نے لگائی دونوں بیہوش ہو کر زمین پر گرے۔ حضرت جنگ سے فارغ ہو چکے تھے۔ مجھے ہوش آیا تو آپ کے حکم کے مطابق ہمارے لشکر میں سے نو آدمی شہید ہوئے اور مخالفین کے لشکر میں صرف نو آدمی زندہ بچ سکے باقی سب مارے گئے۔

امیر معاویہ اور موت (۱۹)

متعدد کتب میں مرقوم ہے جس کو یہاں پر کوکب دری،، صفحہ ۳۰۴ کے حوالے سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تحریر کیا جاتا ہے۔ ایک دن امیر معاویہ اپنے دربار میں بیٹھے تھے حاضرین سے مخاطب ہو کر کہا یہ کس طرح معلوم کیا جائے اس دنیا سے میں پہلے یا امیر المومنین حضرت علیؑ رحلت فرمائیں گے حاضرین نے اس کے جواب میں بے بسی ظاہر کی کہ یہ کسی طرح بھی ممکن نہیں۔ امیر معاویہ نے کہا کہ یہ بات علیؑ سے ہی معلوم کی جا سکتی ہے کیوں کہ آپ کی زبان سے ہمیشہ حق جاری رہتا ہے۔ اس کے ذہن میں ایک ترکیب آئی اپنے تین معتبر شخصوں کو بلا کر کہا کہ تم تینوں کوفہ کا سفر کرو جب کوفہ ایک منزل رہ جائے تو تم تینوں ایک ایک کر کے ایک ایک دن بعد کوفہ کے اندر داخل ہونا اور وہاں جا کر میرے مرنے کی خبر بیان کرنا مگر تم تینوں میرے مرنے۔ بیماری کی قسم، مرنے کے دن۔ مرنے کا وقت۔ غسل، میت، جنازے کی نماز و دیگر تمام امور پر متفق رہنا اور ہر ایک یہی کہے امیر معاویہ نے ان تینوں کو اچھی طرح سمجھا کر انتہائی رازداری کے ساتھ کوفہ کی طرف روانہ کیا۔ یہ تینوں جب کوفہ کے قریب پہنچے تو ان میں سے ایک شخص کوفہ میں داخل ہوا۔ اہل کوفہ نے اس سے دریافت کیا کہاں سے آرہے ہو اس نے جواب دیا شام سے۔ اہل کوفہ نے شام کے حالات دریافت کیے اس نے جواب دیا کہ امیر معاویہ رحلت کر گئے ہیں۔ یہ خبر بعض افراد نے حضرت امیر المومنین کی خدمت میں پیش کی مگر آپ نے ذرا بھر بھی توجہ نہ دی۔

دوسرے دن ایک اور شخص کوفہ میں داخل ہوا اس نے پہلے والے کی طرح امیر معاویہ کی رحلت کی خبر دی یہ خبر حضرت علیؑ تک پہنچی مگر اس بار بھی آپ نے کوئی توجہ نہ دی بعض افراد نے عرض کی کہ یہ دونوں شخص الگ الگ آئے ہیں اور بیان دونوں کے ایک ہیں مگر آپ نے پھر بھی توجہ نہ دی تیسرے دن پھر ایک شخص کوفہ میں داخل ہوا اس نے پہلے دوسرے دو آدمیوں کی طرح امیر معاویہ کی رحلت کی خبر دی۔ یہ خبر حضرت امیر المومنین تک پہنچائی گئی آپ نے پھر بھی ذرا توجہ نہ دی بعض افراد نے بہت یقین سے کہا کہ یہ خبر تحقیق ہو چکی ہے اور حقیقت ہے مگر آپ نے ذرا بھی توجہ نہ دی اور حاضرین سے فرمایا معاویہ اس وقت تک نہیں مر سکتا جب

تک یہ داڑھی خون میں رنگی نہ جائے تم لوگ معاویہ کی چالوں اور مکر و فریب سے بے خبر ہو میں اسے جانتا ہوں وہ اس ماں کا بیٹا ہے جس نے سید الشہدا کا جگر انتہائی اشتیاق سے تلاش کر کے جنگ احد میں چبایا تھا یہ تینوں شخص واپس شام پہنچے اور معاویہ کو تمام حالات بیان کیے اور حضرت علی کا فرمان بھی بتایا کہ وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک یہ داڑھی خون میں رنگی نہ جائے یہ خبر سن کر معاویہ بڑا خوش ہوا۔

رشید ہجری کی شہادت ۳۰

حضرت علی امیر المومنین کوفہ میں اپنے دوستوں کی ایک جماعت کے ساتھ ایک نخلستان میں ایک میں ایک درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے خرمہ تناول فرما رہے تھے۔ رشید ہجری نے جناب کی خدمت میں عرض کی کیسا اچھا خرمہ ہے آپ نے فرمایا میری موت کے بعد تجھ کو اس درخت کی لکڑی پر سولی چڑھائیں گے۔ رشید ہجری کا بیان ہے کہ میں جناب امیر المومنین کی وفات کے بعد اس درخت کی ہر روز تو اضع کرتا تاکہ خشک نہ ہو جائے ایک دن وہاں جا کر دیکھتا ہوں کہ وہ درخت مرجھا گیا ہے۔ میں نے کہا افسوس میری اجل قریب آگئی ہے۔ دوسرے دن جا کر دیکھا کہ اس میں سے آدھا تنہ کاٹ کر کنوئیں کی چرخی کا ستون بنا لیا ہے اس سے اگلے روز ایک شخص میرے پاس آیا اور کہا کہ تجھے امیر عبداللہ بلاتا ہے۔ جب میں اس کے محل کے دروازے کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ آدھا درخت کا تنہ وہاں پڑا ہے میں نے اس تنہ پر پاؤں مار کر کہا مجھ کو تیرے لئے لائے ہیں۔ الغرض مجھے ابن زیاد کے پاس لے گئے میں اس کے دربار میں پیش ہوا اس نے مجھے حکم دیا کہ میں حضرت علیؑ بن ابی طالب کے کچھ جھوٹ بیان کروں۔ میں نے جواب دیا خدا کی قسم حضرت نے کبھی جھوٹ نہیں فرمایا۔ اور یہ بھی سچ ہے کہ آپ نے مجھے بشارت دی تھی کہ تو میرے ہاتھ پاؤں زبان کاٹ کر سولی پر چڑھایا جائے گا۔ یہ سن کر وہ طیش میں آگیا اور کہنے لگا میں علیؑ کو جھوٹا کر دکھلاؤں گا میں تیرے ہاتھ پاؤں کاٹوں گا اور زبان چھوڑ دوں گا تاکہ علیؑ کا جھوٹ ثابت ہو سکے آپ نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہا یہ ممکن نہیں جو علیؑ نے فرمایا ہے وہ کبھی بھی جھوٹ نہیں ہو سکتا۔ اس مردود کے حکم سے آپ کے ہاتھ پاؤں کاٹے گئے زبان چھوڑ دی گئی آپ اس حالت میں اہلبیت کے حق میں صحیح حدیث بیان کرتے رہے اور لوگوں سے فرماتے اے لوگو ان حدیثوں کو لکھ لو اس سے قبل کے میری زبان کاٹ لی جائے جب یہ خبر ابن زیاد کے دربار میں پہنچی تو وہ غصہ میں آگیا اور حکم دیا کہ رشید ہجریؒ کی زبان قطع کر دی جائے تاکہ یہ حدیث بیان نہ کر سکے جب اس ظالم کے آدمی زبان کاٹنے آئے تو آپ نے فرمایا اے بدبخت تو نے تو دعویٰ کیا تھا کہ تو جناب امیرؑ کو جھوٹا ثابت کر دکھائے گا اب بتا میرے مولا نے سچ کہا تھا یا نہیں آپ نے اپنی زبان باہر نکالی اور اس طرح آپ نے شہادت پائی اس طرح حضرت علیؑ امیرالمومنین کی پیشین گوئی صحیح ثابت ہوئی

گائے اور آدمی (۲۱)

ابوالفضل کرمانی سے منقول ہے کہ عہد حضرت عمرؓ بن الخطاب میں ایک عابدہ عورت تھی۔ جب وہ حاملہ ہوئی تو ایک دن اس کا کباب کھانے کو دل چاہا۔ اپنے شوہر سے کہا کہ میرے لئے کباب لا اس کا شوہر کہنے لگا اگر کوئی چیز میری بساط میں ہو تو میں کبھی بھی اس سے لانے میں دریغ نہ کروں۔ اتفاق سے ابھی باتیں چل رہی تھیں ایک گائے ان کے گھر میں گھس آئی۔ عورت نے گائے کو دیکھ کر کہا کہ اسے ذبح کر کے اس کے کباب بنائے جائیں۔ مرد نے کہا۔ اے نیک بخت یہ کس طرح ممکن ہے کہ میں دوسرے کی گائے ذبح کرتا پھروں تم صبر کرو۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے اللہ رزق تقسیم کرنے والا ہے وہ کوئی ایسا سبب پیدا کر دیگا جس سے تیرا مطلب پورا ہو جائے گا اس مرد نے گائے کو باہر نکال دیا۔ اور مرد نے اندر سے کنڈی چڑھا دی ابھی باتیں چل رہی تھیں کہ گائے دوبارہ اندر گھس آئی پھر عورت نے اصرار کیا مگر مرد نے کہا یہ بہتر نہیں انھوں نے گائے باہر نکال کر اندر قفل لگا دیا اور اطمینان سے بیٹھ گئے مگر گائے اپنے سینگوں سے دروازہ توڑ کر پھر اندر داخل ہو گئی۔ اس مرتبہ عورت نے کہا اس گائے کا بار بار ہمارے گھر میں گھس آنا ایک دلیل ہے ضرور اس گائے پر کچھ نہ کچھ ہمارا حق ہے

جو تین مرتبہ اس طرح اندر گھس آئی ہے۔ آخر عورت نے گائے کو ذبح کے لئے جرأت دلائی۔ مرد نے گائے کو ذبح کیا اور بہت جلد تھوڑے سے گوشت کے کباب تیار کئے گئے جب کبابوں کی خوشبو ہمسایہ کے گھر پہنچی جن سے ان لوگوں کی سخت دشمنی تھی ہمسائے نے حقیقت صورت حال کو چھت پر چڑھ کر دیکھا اور گائے کو ذبح پایا اور جان لیا کہ کس کی گائے ہے۔ دشمنی میں انہوں نے گائے کے مالک کو اطلاع دی گائے کا مالک آیا اور سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ کر معاملہ کو حضرت عمرؓ کے دربار میں پہنچایا۔ حضرت عمرؓ نے اس شخص سے پوچھا تو جواب میں اس مرد نے وہی کچھ بیان کیا جو کچھ اس کی عورت نے گائے کے ذبح کے لئے دلیل دی تھی۔ حضرت عمرؓ نے اس شخص سے کہا اس دلیل تم دوسروں کی گائے ذبح کرتے ہو یہ کس طرح بھی مناسب نہیں تمہاری سزا یہ ہے کہ تمہارے ہاتھ کاٹے جائیں اس شخص نے کافی شور مچایا جب اسے ہاتھ کاٹنے کے لئے لے جایا جانے لگا تو اتفاق سے حضرت علیؑ امیرالمومنین راستے میں مل گئے اس شخص نے اپنا تمام معاملہ حضرت علیؑ کو سنایا آپ نے فرمایا اس شخص کو دارالشرع لے چلو میں ابھی آتا ہوں۔ اس طرح اس شخص کو واپس لے جایا گیا کچھ دیر بعد حضرت علیؑ وہاں پہنچ گئے۔ آپ نے حضرت عمرؓ سے مخاطب ہو کر فرمایا میں اس شخص کے بارے میں وہ حکم دوں جس کا مجھے رسول اللہؐ نے فرمایا تھا آپ نے کہا کیوں نہیں آپ ہی سب سے زیادہ ان کے قریب تھے۔ حضرت علیؑ امیرالمومنین نے فرمایا کہ گائے کے مالک کو قتل کر دیا جائے اور سب لوگ عدل خداوندی کا تماشہ دیکھیں۔ سب لوگ حیران ہو گئے کہ گائے کے مالک کو کیوں قتل کیا جا رہا ہے آپ نے سب سے فرمایا آرام سے دیکھتے رہو آپ کے حکم سے گائے کے مالک کا سر کاٹا گیا اور گائے کے سر کو بھی لایا گیا ان دونوں کے سروں کو قریب قریب رکھا گیا آپ نے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم پڑھا جس کو کوئی نہ سمجھ سکا۔ بحکم خدا اس کٹے ہوئے سر سے آواز بلند ہوئی۔ اے مسلمانو جانو اور گواہ رہو میں نے اس شخص کے باپ کو ناحق قتل کیا تھا اور گائے کو غصب کر کے لے گیا تھا حق تعالیٰ امیرالمومنین کو جزائے خیر دے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ اس دنیا میں ہی مجھ سے قصاص لے لیا اور عاقبت کے عذاب سے اور ہمیشہ کے لئے دوزخ میں رہنے سے چھڑا دیا بعد ازاں گائے کا سر گویا ہوا جو کچھ اس مرد نے کہا تھا اس کی تصدیق کی تمام حال دیکھنے اور گفتگو سننے سے مدینہ شہر حضرت علیؑ امیر المومنین کی مدح وثنا بیان کرنے لگا کسی نے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا ان تمام حالات کی خبر حضورؐ مجھے دے چکے ہیں میں سب کچھ جانتا ہوں جو کچھ پوچھنا ہے مجھ سے پوچھو۔

ایک اشارے میں ۲۲

ایک سال دریائے فرات میں بڑی طغیانی تھی جس سے اہل کوفہ کی کھیتیاں تباہ و برباد ہو رہی تھیں ایک جماعت اہل کوفہ کی حضرت علیؑ امیر المومنین کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا امیر المومنین اس سال دریا طغیانی پر ہے جس سے ہماری فصل تباہ ہو رہی ہے آپ دعا فرمائیں یہ طغیانی کا زور ٹوٹ جائے۔ آپ اٹھ کر گھر کے اندر تشریف لے گئے لوگ دروازے پر آپ کے منتظر تھے۔ ایک ساعت کے بعد آپ باہر تشریف لائے خرقہ رسولؐ پہنے ہوئے تھے آپ کا چہرہ مبارک ماہ تاباں کی طرح چمک رہا تھا۔ گھوڑا منگوایا گیا آپ اس پر سوار ہوتے ایک طرف حسنؑ ہیں دوسری طرف حسینؑ ہیں تمام افراد آپ کی رکاب میں دریائے فرات کی طرف روانہ ہوئے دریائے فرات پر پہنچنے کے بعد آپ نے اور تمام ساتھیوں نے دو رکعت نماز ادا کی آپ اٹھے ہاتھ میں عصا لیا اور آپ نے پانی کی طرف اشارہ کیا۔ اشارہ ہوتے ہی پانی ایک گز کم ہو گیا۔ لوگوں سے پوچھا اتنا کافی ہے لوگوں نے عرض کی نہیں ہم اور کم چاہتے ہیں آپ نے پھر ہاتھ میں عصا لیا اور پانی کی طرف اشارہ کیا پانی ایک گز اور کم ہو گیا۔ آپ نے پھر دریافت کیا لوگوں نے عرض کی ہم کچھ اور کم چاہتے ہیں آپ نے عصا ہاتھ میں لے کر پانی کی طرف اشارہ کیا۔ پانی ایک گز اور نیچے چلا گیا سب لوگوں نے شور مچایا بس امیر المومنین اتنا کافی ہے۔

حکم علی اور درخت ۲۳

حضرت علیؑ امیر المومنین جنگ صفین کو جا رہے تھے راستہ میں ایک جنگل میں پڑاؤ کیا آپ نے طہارت کے لئے جانے کا ارادہ کیا تو منافقوں کی ایک جماعت نے کہا آؤ آپ کو دیکھیں۔ حضرت علیؑ اپنی صفائی باطن کے سبب ان کے ناپاک عزائم سے مطلع ہو گئے۔ اس مقام پر دو درخت تھے ان دونوں کے درمیان ایک فرسخ کا فاصلہ تھا آپ نے اپنے چہیتے غلام قنبر سے فرمایا۔ ان دونوں درخت کے پاس جاؤ اور انہیں کہو کہ علیؑ حکم دیتا ہے کہ دونوں درخت آپس میں مل جائیں غلام قنبر نے آپ کا حکم ان درختوں کو دیا دونوں درخت اپنی جگہ سے سرکے اور ایک دوسرے سے اتنے ہم آغوش ہوئے کہ آپ کے لئے پردہ قائم کر دیا۔ پھر آپ نے فرمایا مجھے ان درختوں کے پردوں کی ضرورت نہیں۔ درخت اپنی اپنی جگہ چلیں دونوں درخت آپ کے حکم سے اپنی اپنی جگہ چلے گئے۔ حضرت امیر المومنین صحرا میں جا کر بیٹھ گئے۔ جب منافق آپ کی طرف دیکھنے کا ارادہ کرتے تھے تو اندھے ہو جاتے اور جب منہ پھیر لیتے تو ان کی آنکھیں روشن ہو جاتیں۔ یہاں تک کہ امیر المومنین اپنے عمل سے فارغ ہو گئے۔

خشک انار کا درخت ۲۴

ایک روز امیر المومنین حضرت علیؑ۔ ایک خشک انار کے درخت کے نیچے بیٹھے تھے آپ کے ہمراہ آپ کے بہت سے دوست بھی تھے آپ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا آج میں تمہیں ایک نشانی دوں گا۔ حاضرین نے عرض کی ہاں آپ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا اس درخت پر نظر ڈالو سب نے اس درخت کی طرف دیکھا تو یہ درخت حرکت میں آ گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے یہ درخت سرسبز ہو گیا اس درخت پر اس قدر درخت لگے کہ حاضرین بے اختیار ہو کر کہنے لگے ہم نے ایسا درخت کبھی نہیں دیکھا اور نہ ہی ایسا میوہ دیکھا ہے پھر آپ نے فرمایا تم سب باری باری اس درخت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے انار کو توڑو سب نے آپ کے حکم کے مطابق درخت سے انار توڑنا شروع کئے کچھ ہاتھوں میں انار آ گئے اور کچھ ایسے بھی تھے کہ وہ اپنا ہاتھ بڑھاتے۔ ٹہنی اونچی ہوتی جاتی۔ حاضرین تعجب سے حضرت امیرالمومنین سے دریافت کرنے لگے یا حضرت کچھ کے ہاتھ میں تو ٹہنی آ گئی اور کچھ کے ہاتھ میں نہ آ سکی اس کا سبب کیا ہے۔

آپ نے فرمایا جو میرے محب ہیں ان کے ہاتھ تو پہنچے ہیں اور جو میرے دشمن ہیں ان کے ہاتھ سے ٹہنی دور ہوتی گئی بروز قیامت بھی ایسا ہی ہوگا۔ جو میرے محب ہوں گے وہ میرے ساتھ جنت میں ہوں گے جب وہ میوے کی خواہش کریں گے درخت خود بخود جھک جائیں گے اور جو دشمن ہوں گے وہ جنت کی چیزوں سے محروم ہوں گے۔

کوفہ سے مدینہ (۲۵)

ہبیرہ بن عبدالرحمٰن سے منقول ہے کہ میں ایک دن کوفہ میں حضرت علی امیرالمومنینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا اے ہبیرہ۔ تیرا دل اپنے اہل و عیال کی طرف مائل ہے جو مدینہ میں ہیں۔ میں نے عرض کی یا امیرالمومنین یہ حقیقت ہے آپ نے فرمایا نماز عشاء پڑھ کر میرے گھر کی چھت پر آ جانا۔ میں نماز عشاء سے فارغ ہو کر سیدھا آپ کے گھر کی چھت پر گیا وہاں آپ تشریف فرما تھے۔ مجھے دیکھا کر فرمایا اپنی آنکھیں بند کر لو میں نے اپنی دونوں آنکھیں بند کر لیں پھر مجھ سے فرمایا اب آنکھیں کھولو میں نے جب اپنی آنکھیں کھولیں تو اپنے آپ کو مدینہ میں اپنے گھر کی چھت پر پایا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا جا اپنے اہل کے پاس جا کر اپنا عہد تازہ کرنے اور واپس آ جا میں واپس آیا پھر آپ نے مجھ سے فرمایا آنکھیں بند کر لے میں نے آنکھیں بند کر لیں۔ آپ کے حکم سے جب دوبارہ آنکھیں کھولیں تو اپنے آپ کو کوفہ میں جناب امیرالمومنین کے گھر کی چھت پر پایا۔ اور آپ نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا اے ہبیرہ لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ ایک جادوگر عورت ایک

رات میں عراق سے ہندوستان جاتی ہے اور وہ باوجود کفر کے اس بات پر قادر ہے ہم ایمان دار ہو کر اس امر پر کس طرح قادر نہ ہوں اور معلوم ہوا ہے کہ آصف برخیا کے پاس کتاب خدا سے ایک علم تھا۔ وہ تخت بلقیس کو شہر سبا سے جو ایک مہینے کی راہ پر تھا۔ آنکھ جھپکنے کی مدت میں سلیمانؑ کے پاس لے آیا میں خیرالمرسلین کا وصی ہوں اور مجھ کو چاروں کتابوں کا علم ہے۔ کس طرح اپنی خواہش کے پورا کرنے پر قادر نہ ہوں۔

پتھر دل کا موتی (۲۶)

حضرت علیؑ امیرالمومنین ایک دن اپنے اصحاب کے ساتھ مسجد کوفہ میں تشریف لائے کہ ایک شخص آیا۔ اور وہاں آ کر کہا کہ مجھے سخت تعجب ہے کہ دنیا دوسروں کے پاس تو ہے اور تمہارے ہاتھ میں نہیں۔ حضرت علیؑ نے اس شخص سے مخاطب ہو کر فرمایا تو گمان کرتا ہے کہ ہم دنیا کو چاہتے ہیں اور ہم کو نہیں ملتی۔ آپ نے اپنا ہاتھ بڑھا کر زمین سے چند چھوٹے چھوٹے پتھر اٹھائے آپ کے ہاتھ میں آتے ہی یہ پتھر بیش بہا قیمتی موتیوں کی شکل میں تبدیل ہو گئے۔ آپ نے فرمایا اگر میں چاہتا تو ایسا ہی ہوتا یہ کہہ کر ہاتھ سے پتھر پھینک دئے جو زمین پر گرتے ہی اپنے اصلی شکل کے پتھر بن گئے۔

یہودیوں کا امتحان (۲۷)

راحت القلوب مصنفہ شیخ فرید گنج شکر قدس میں تحریر ہے جس کو کوکب دری کے حوالے سے تحریر کیا جا رہا ہے۔ ایک دن چند یہودیوں نے آزمائش کے طور پر مسخرے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک فقیر کو حضرت علی امیرالمومنین کے پاس یہ کہہ کر بھیجدیا کہ شاہ مردان شیر یزدان تشریف لا رہے ہیں۔ ان سے کچھ مانگ یہ تجھے ضرور دیں گے۔ اس فقیر نے حضرت علیؑ سے اپنے فقر و فاقہ کا حال بیان کیا اپنی ضرورت بیان کی کہ مجھے کچھ عنایت کر دیں آپ نے اپنے پاس تلاش کیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مگر اپنے پاس کچھ نہ پایا آپ اپنے علم باطنی کی وجہ سے یہودیوں کے اس بد ارادے سے آگاہ ہوئے آپ نے اس فقیر سے فرمایا تجھے تیری مراد ضرور ملے گی۔ آپ نے سائل کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر دس مرتبہ درود پڑھ کر دم کیا اور فرمایا اپنی مٹھی بند رکھنا۔ درویش۔ حضرت کے حکم کے مطابق یہودیوں کے پاس گیا۔ انہوں نے آپ کا تمسخر اڑانے کے لیۓ اس درویش سے پوچھا۔ شاہ مرداں نے تجھے کیا دیا۔ درویش نے کہا انھوں نے کچھ دیا تو نہیں البتہ دس مرتبہ میرے ہاتھ پر درود پڑھ کر دم کیا ہے اور مٹھی بند رکھنے کا حکم دیا ہے۔ یہودی نے کہا اے درویش مٹھی کھول ہم بھی تو شاہ مرداں کے درود کی کرامت دیکھیں درویش نے اپنی مٹھی کھولی تو یہ دیکھ کر سب یہودی حیران رہ گئے کہ اس مٹھی میں دس سرخ رنگ کے دینار ہیں۔ ان یہودیوں نے جب یہ آپ کا یہ معجزہ دیکھا تو سب یہودی اپنے خاندان سمیت مسلمان ہو گئے۔

(۲۸) قاتل کون ہے

زہرۃ الریاض اور احسن الکبار میں میثم تمارؓ سے مروی ہے جس کو کوکب دری صفحہ ۳۶۸ کے حوالے سے تحریر کیا جا رہا ہے۔ ایک روز میں امیر المومنین کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے ساتھ اصحاب کی ایک جماعت بھی موجود تھی کہ یکایک ایک شخص زرد عمامہ سر پر باندھے کمر میں تلوار لگائے حاضر ہوا۔ اور بلند آواز میں کہنے لگا کہ تم میں کون شخص ہے جس نے تمام عمر میدان جنگ سے کبھی فرار نہیں کی اپنی شجاعت سے دشمنوں کو زیر کیا جس کی ولادت بیت اللہ میں ہوئی۔ جو اخلاق حمیدہ اوصاف پسندیدہ میں کمال کو پہنچا ہوا ہے جو تمام غزوات میں محمدؐ مصطفیٰؐ کا ناصر و مددگار رہا عرب کے مشہور سورما عمرو بن عبد ود۔ عنتر و مرحب کو قتل کیا۔ کون ہے جس نے در خیبر کو ایک حملہ میں اکھاڑا۔ امیر المومنین نے اس شخص کی گفتگو سنی اور فرمایا اے سعید بن الفضل وہ شخص میں ہوں پوچھ جو کچھ مجھ سے پوچھنا چاہتا ہے میں ہی ہوں۔

غم زدوں، یتیموں۔ اسیروں، خستہ دلوں کا مرہم میں ہی ہوں وہ شخص جس کے اوصاف توریت، انجیل، زبور اور فرقان میں مرقوم ہیں۔ اس شخص نے کہا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ تو ہی رسولؐ خدا کا وصی اور اولیاء اللہ کا پیشوا ہے اور سید المرسلین کے بعد زمین و آسمان کی حکومت تیرے واسطے ہیں فرمایا ہاں ایسا ہی ہے آپ نے فرمایا سوال کر جو تیرا جی چاہے۔ اعرابی نے آپ کی خدمت میں عرض کی میں ساٹھ ہزار مردوں کی طرف سے جن کو عقیمہ کہتے ہیں ایلچی بنا کر آیا ہوں۔ اور ایک مردہ لایا ہوں جس کے قتل میں اختلاف ہے اگر آپ اس مردہ کو زندہ کر دیں تو ہمیں تحقیقی طور پر معلوم ہو جائے کہ رسولؐ خدا کے وصی اپنے دعوے میں سچے ہیں۔ ابن میثمؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا کوفہ کے گلی کوچوں میں منادی کرا دی جائے کہ جو کوئی علی بن ابی طالب کی کرامات جو حق تعالیٰ نے انھیں عطا کی ہے اس کا مشاہدہ کرنا چاہتا ہے وہ کل نجف میں جا کر حاضر ہو۔ ابن میثمؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آپ کے حکم کے مطابق کوفہ میں منادی کر دی۔ دوسرے دن صبح کی نماز سے فارغ ہو کر جنگل کی طرف متوجہ ہوئے اہل کوفہ آپ کی رکاب میں تھے۔ جب آپ مقام مقربہ پر پہنچے تو اس اعرابی سے فرمایا اس جنازے کو حاضر کیا جائے۔ آپ کے سامنے جنازہ لایا گیا کپڑا ہٹا کر دیکھا کہ ایک جوان ہے جو تلواروں سے ٹکڑوں ٹکڑے کیا گیا ہے آپ نے اس اعرابی سے فرمایا اس جوان کو قتل کیۓ کتنے دن گذر چکے ہیں۔ اعرابی نے عرض کی اکتالیس دن ہو چکے ہیں آپ نے فرمایا اس کے خون کے طالب کون ہیں اعرابی نے عرض کی قوم کے پچاس آدمی اس کے خون کے طالب ہیں امیر المومنین نے فرمایا اس کو اس کے چچا نے قتل کیا ہے جس کا نام حریث بن حسان ہے اس نے اپنی لڑکی اس سے بیاہی تھی اس نے اس کو چھوڑ کر دوسری عورت سے نکاح کر لیا۔ اس وجہ سے اس کے چچا نے اس کو قتل کیا ہے اعرابی نے عرض کی یا امیر المومنین ہمارا بھی خیال یہی ہے جیسا کہ آپ فرماتے ہیں لیکن میں اس پر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

راضی نہیں ہوں جب آپ اس مردہ کو زندہ نہ کریں اس وقت آپ نے اہل کوفہ سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ اے اہل کوفہ بنی اسرائیل کی گائے اللہ تعالیٰ کے نزدیک خاتم الانبیاء کے وصی سے بڑھ کر معظم نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کی ایک جماعت نے اس گائے کا ایک عضو اس مردے پر لگایا تھا جس کو قتل ہوئے ایک ہفتہ گذر چکا تھا۔ حق تعالیٰ نے اس کو زندہ کیا۔ میں بھی اپنا ایک عضو اس مردے پر لگاتا ہوں جو اس چیز سے جس کو بنی اسرائیل نے اس مقتول پر لگایا تھا آپ نے یہ فرما کر دایاں پاؤں اس مقتول پر لگا کر فرمایا۔ اے جوان اللہ کے حکم سے کھڑا ہو جا۔ وہ جوان زندہ ہو گیا۔ اور عرض کی میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں امیرالمومنین نے فرمایا تجھ کو کس نے قتل کیا ہے اس نے جواب دیا کہ مجھے میرے چچا حریث بن حسان نے قتل کیا ہے اور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

امیرالمومنین نے جو وجہ بیان فرمائی تھی اس شخص نے وہی وجہ بیان کی جب تمام حضرات نے یہ عجیب و غریب واقعہ مشاہدہ کیا تو تمام حضرات جناب امیرالمومنین کی مدح و ثنا کرنے لگے بعد ازاں امیرالمومنین نے فرمایا اے اعرابی تم جاؤ اپنی قوم کو اس چشم دید واقعہ کی خبر دو۔ انہوں نے عرض کی یا امیرالمومنین ہم نے خدا سے عہد کیا تھا کہ جناب کی خدمت میں جدا نہ ہوں گے یہ لوگ آپ کی خدمت اقدس میں رہے یہاں تک کہ جنگ صفین میں شہید ہوئے۔

یہودی کا مال (۲۹)

حضرت علیؑ امیرالمومنین اپنے دور خلافت میں ایک روز بازار کوفہ سے گذر رہے تھے آپ نے ایک یہودی کو دیکھا جو اپنے سر پر ہاتھ مار مار کر کہہ رہا تھا۔ اے مسلمانو تم جاہلیت کے طریق پر عمل کر رہے ہو۔ تم اسلام کا باقاعدہ نہیں برتتے۔ یہودی کی آواز سن کر جناب امیر نے فرمایا اے یہودی تجھے مسلمانوں سے کیا تکلیف پہنچی ہے جو اس طرح کی باتیں کر رہا ہے یہودی نے جواب دیا کہ میں سوداگر ہوں میں ساٹھ گدھے

مال اور اسباب سے لادے ہوئے تھے۔ جب میں فلاں مقام سے گذرا تو رہزن میرا تمام اسباب اڑا لے گئے۔ جناب امیر نے یہودی سے فرمایا گھبراؤ نہیں تمہارا مال ضائع نہ ہوگا۔ اور اپنے غلام قنبر کو حکم دیا کہ گھوڑا لیکر آؤ اس نے آپ کے لئے سواری کا انتظام کیا اور اس یہودی کو لیکر ایک جماعت کے ساتھ اس مقام پر پہنچ گئے جہاں سے اس یہودی کا مال گم ہو گیا تھا۔ آپ نے زمین کے اس ٹکڑے پر چابک سے ایک خط کھینچا اور فرمایا سب لوگ اس خط کے اندر آجاؤ اس مقام سے باہر نہ ہونا ورنہ جن تمہیں لے اڑیں گے۔ سب لوگ اس خط میں آگئے۔ آپ نے بلند آواز میں فرمایا اے جنوں خدا کی قسم اس یہودی کا مال اگر تم نہ لے کر آئے تو تمہارے اور میرے درمیان جو عہد ہوا ہے وہ ٹوٹ جائے گا اور میں تمہیں ذوالفقار سے ٹکڑے ٹکڑے کر دوں گا۔ یہ آواز سنتے ہی جن پکار اٹھے اے وصی خیر المرسلین ہم خدا اور رسولؐ کے فرمانبردار ہیں آپ کے اطاعت گذار ہیں۔ ہماری تقصیر معاف فرمائیں۔ آپ کے حکم سے یہودی کے گمشدہ ساٹھ گدھے معہ اسباب کے نمودار ہوئے۔ امیرالمومنین نے ان کو یہودی کو حوالے کر کے فرمایا اپنا اسباب دیکھ لو سب کچھ وہی ہے یا کچھ کم ہے یہودی نے اپنا اسباب دیکھنے کے بعد عرض کی یا امیرالمومنین تمام مال بدستور قائم ہے یہودی نے جب اپنا گم شدہ مال آپ کے حکم سے پل بھر میں اپنے سامنے پایا تو یہودی فوراً مسلمان ہو گیا۔

گستاخی کا انجام (۳۰)

ابن الواب سے منقول ہے کہ خالد بن عبدالملک مروانی جو شام کا حاکم تھا۔ مجھ کو خط لکھ کر بلایا تاکہ میں جناب امیر کی شان میں گستاخی کروں میں اس بات سے واقف ہو کر بھاگ گیا اور ابن صفوان جو ابو خلف کی اولاد سے تھا۔ مجھ سے گھوڑا طلب کیا۔ تاکہ خالد کے پاس جا کر جناب امیرالمومنین کی شان میں گستاخی کرے۔ مگر میں نے اسے گھوڑا نہ دیا وہ چار میل پیدل چل کر مدینہ پہنچا اور خالد کے حق میں منبر پر جا کر قبلہ کی طرف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رخ کرکے حضرت علیؑ امیرالمومنین کی شان میں گستاخی کرنے لگا اور کہا اے خداوند محض تیری اور تیرے رسولؐ کی محبت کے خاطر میں حضرت علیؑ پر سب کرتا ہوں۔

راوی بیان کرتا ہے ایک شخص مسجد میں بیٹھا تھا اس پر نیند کا غلبہ ہوا اس نے خواب میں دیکھا کہ قبر رسولؐ شگافتہ ہو گئی اور اس میں سے ایک ہاتھ باہر نکلا آواز آئی اگر تو جھوٹ کہتا ہے تو خدا کی لعنت تجھ پر ہو اور خدا تجھے اندھا کرے۔ ابن صفوان اندھا ہو کر منبر سے اترا۔ اور اپنے بیٹے سے کہا اٹھ مجھے کوئی چیز دے مجھے کچھ دکھائی نہیں دے رہا۔ اس پر تکیہ کرلوں۔ اس کا بیٹا جب اس کو باہر لایا تو اس نے اپنے بیٹے سے پوچھا کوئی بلا لوگوں کو پہنچی ہے یا کوئی ظلم ظاہر ہوا ہے۔ لڑکے نے جواب دیا اے باپ یہ تیرے جھوٹ کی سزا ہے جو تو نے منبر رسولؐ پر جا کر کہا ہے اور تو نے اس شخص کی توہین اور اس کی شان میں گستاخی کی ہے جس کی دوستی خدا اور رسولؐ کے حکم سے تمام مومنوں پر فرض ہے۔ ابن صفوان زندگی بھر اندھا رہا اُسے کچھ نہ نظر آتا۔ اسی حالت میں اس کی موت واقع ہو گئی۔

مدینہ میں زلزلہ (۳۱)

حسین بن عبدالرحیم سے منقول ہے کہ ایک دن میں سلیمان شادگان کے پاس گیا۔ مجھ سے پوچھا کہاں سے آرہے ہو میں نے جواب دیا کہ فلاں فقیہہ کی مجلس سے آرہا ہوں مجھ سے پھر پوچھا کہ وہاں کیا ذکر ہوا ہے میں نے جواب دیا کہ حضرت علیؑ امیرالمومنین کی بعض مناقب کا ذکر ہو رہا تھا۔ اس کے جواب میں سلیمان نے مجھ سے کہا کہ میں حضرت علیؑ کی ایک ایسی فضیلت بیان کروں جو میں نے ایک قریشی سے سنی ہے جسے سن کر سب آپ کا نام لیں گے سلیمان نے بیان کیا کہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں قبرستان بقیع حرکت میں آیا۔ لوگوں نے حضرت عمرؓ کی خدمت میں فریاد کی آپ لوگوں کی جماعت کے ساتھ مدینہ سے باہر آئیے تاکہ خدا کے حضور میں دعا کریں

جس سے اہل مدینہ کو پریشانی سے نجات مل سکے۔ آپ نے دعا فرمائی خدا اہلِ مدینہ کو اس زلزلہ سے امان فرما مگر زلزلہ جوں کا توں رہا پھر آہستہ آہستہ زلزلہ بڑھتا گیا اور مدینہ شہر کی دیواروں کے قریب آگیا۔ اہل مدینہ سخت پریشان ہوئے انھوں نے انتہائی اضطراب و پریشانی کے عالم میں یہ فیصلہ کیا کہ مدینہ شہر سے کوچ کیا جائے۔ حضرت عمرؓ مسلمانوں کی یہ حالت دیکھ کر ایک جماعت کے ساتھ حضرت علیؑ امیرالمومنین کے پاس گئے آپ نے کہا ابوالحسن زلزلہ پیدا ہو گیا ہے جس سے شہر ویران ہو رہا ہے آپ جلد توجہ فرمائیں تاکہ اہل مدینہ کی مشکل آسان ہو جائے۔ حضرت علیؑ نے تمام حالات سن کر فرمایا اصحاب رسولؐ سے سو آدمی حاضر ہوں جب وہ حاضر ہوئے تو ان حضرات میں دس حضرات جن میں سلمان فارسی۔ ابوذر غفاری۔ حضرت یاسر جیسے حضرات کو منتخب کرکے اپنے ساتھ لیکر اور اہل مدینہ کی جماعت بھی آپ کے پیچھے بقیع میں پہنچے آپ نے ان سب حضرات کے سامنے زمین پر تین مرتبہ پاؤں مار کر فرمایا۔ تجھے کیا ہو گیا ہے۔ تجھے کیا ہو گیا ہے۔ فوراً زلزلہ ساکن ہو گیا لوگ زلزلہ کے ساکن ہوتے ہی جناب امیر کو جھولی پھیلا پھیلا کر دعائیں دینے لگے اور ہنسی خوشی سب اپنے گھروں کو لوٹ گئے تب جناب امیرالمومنین نے فرمایا میرے بھائی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو لوگوں کے اس حالت اور زلزلہ کی خبر دی تھی۔

منافقوں کی سازش (۳۲)

حضرت امام حسن عسکری سے مروی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ تبوک کی طرف توجہ فرمائی۔ جناب امیرالمومنین حضرت علیؑ کو مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا۔ منافقوں نے جب دیکھا کہ آپ دونوں بھائی آپس میں جدا ہیں۔ انھیں دونوں کو فنا کر دینا آسان ہو گا۔ چند بدبختوں نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب امیر کے راستے میں ایک گہرا کنواں کھود کر خس وخاشاک سے ڈھانپ دیا اور جو دوسرے منافق آنحضرتؐ سرکار دو جہاں کے ہمراہ تھے انہوں نے چودہ شخصوں کو سیاہ لباس پہنا کر عقبہ کے سر پر بٹھا دیا اور کنکروں سے بھرے ہوئے مٹکے ان کے حوالے کئے تاکہ وہ اوپر سے لڑھکا کر سرور کائنات کے ناقہ کو بھڑکائیں۔ جبرئیل علیہ السلام نے ان منافقوں کی سازش سے آنحضرتؐ کو آگاہ فرمایا۔ جب حضرت علیؑ امیر المومنین کچھ مومنوں کو لیکر آنحضرتؐ کے استقبال کے لئے اس کوئیں پر پہنچے جو منافقوں نے آپ کو گرانے کے لئے کھودا تھا تو اس وقت آپ کے گھوڑے نے اپنی زبان سے اس کنوئیں کے خطرہ سے آپ کو آگاہ فرمایا۔ آپ نے جواب میں فرمایا تو چل کنواں خود زمین کے برابر ہو جائے گا آپ بڑے اطمینان سے اس کنوئیں کو عبور کر گئے منافقین گھات میں لگے ہوئے تھے مگر یہ دیکھ کر ہکے بکے رہ گئے کہ جناب کا گھوڑا بڑے آرام سے اس کنوئیں کو پار کر گیا۔ جناب امیر المومنین نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کوڑا کرکٹ صاف کر دو چونکہ آنحضرتؐ سرکار دو جہاں تشریف لا رہے ہیں جب تنکے ہٹائے گئے تو ایک گہرا کنواں نمودار ہوا۔ حضرت علیؑ نے اپنے گھوڑے سے پوچھا یہ کنواں کس نے کھودا ہے اور کس کے حکم سے کھودا گیا ہے جواب میں تین آدمیوں کے نام لئے آپ کے ساتھیوں نے عرض کی یا امیر المومنین آنحضرت کو بھی خبر کر دیں آپ نے جواب دیا انھیں حق تعالیٰ نے بذریعہ وحی ان کو خبردار کیا ہے۔ آنحضرتؐ نے اپنے اصحاب سے فرمایا جبریلؑ نے منافقوں کے اس مکر سے مجھے خبر دی ہے جو انھوں نے مدینہ میں علیؑ بن ابی طالب کے ساتھ کیا ہے خدا نے ان کو دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھا ہے۔ مگر مخالفوں نے یقین نہ کیا اور یہ گمان کیا کہ علیؑ کی وفات کی خبر پہنچ گئی ہے جو ہم سے چھپائی جا رہی ہے۔ اس اثنا میں حضرت علیؑ امیر المومنین اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا واقعہ بیان کیا ان منافقوں نے ان باتوں کو جادو سمجھا اور کہا معاذ اللہ محمدؐ اور علیؑ دونوں جادو میں پوری مہارت رکھتے ہیں اور وہ

اور وہ چودہ شخص جو عقبہ کی چوٹی پر کنکروں سے بھرے ہوئے مٹکے لئے بیٹھے تھے۔ آنحضرتؐ کے حکم سے عمارؓ بن یاسر نے ان کے اونٹوں کی مہار کھول دی ان اونٹوں نے انھیں اس چوٹی سے نیچے پھینک گرایا ان کے اعضا زخمی ہو گئے جب تک یہ منافق زندہ رہے اس وقت تک ان کے زخم اچھے نہ ہوئے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ یہ ان کے مکر د فریب کی علامت ہے۔

لشکر کی شکایت ۳۱

کفایۃ المومنین میں مرقوم ہے کہ جنگ صفین میں حضرت علی امیر المومنین کے لشکر کو قیام کئے ہوئے بہت زیادہ مدت ہو گئی تو اہل لشکر نے بھوک کی زیادتی اپنی خوراک اور جانوروں کے چارے کی کمی کی شکایت کی یا امیر المومنین ہمارے پاس ایک روز کا کھانا اور جانوروں کے لئے ایک رات کا بھی کھانا باقی نہیں رہا اس وجہ سے ہم پریشان و بے قرار ہو رہے ہیں۔ آپ نے لشکر کی شکایت سماعت فرمائی دوسرے صبح آپ نماز فجر کے بعد آپ ایک بلند ٹیلے پر تشریف لے گئے اور بارگاہ الٰہی میں لشکر کی خوراک کی کمی اور مویشیوں کے چارے کی اور خوراک کی توسیع د توفیر کے واسطے دعا فرمائی۔ دعا فرمانے کے بعد آپ ٹیلے سے نیچے اُتر کر اپنی قیام گاہ کی طرف روانہ ہوئے راوی بیان کرتا ہے کہ ابھی آپ اپنی قیام گاہ تک بھی نہ پہنچے تھے کہ ایک قافلہ غیب سے وہاں پہنچا ان کے پاس فروخت کے لئے گوشت آٹا خرما سلے ہوئے کپڑے مویشیوں کے لئے چارا اور دیگر ضروریات انسانی کا سامان تھا جس سے اہل لشکر اور مویشیوں کی تمام ضروریات پوری ہو گئیں۔ اور تمام لشکر اپنی ضروریات سفر کا تمام اسباب خرید چکے تو یہ قافلہ صفین سے جنگل کی طرف روانہ ہو گیا۔ بعد ازاں کسی کو نہ معلوم ہو سکا کہ یہ قافلہ کہاں سے آیا تھا اور کہاں روانہ ہو گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتے کی صورت (۳۴)

کفایۃ المومنین میں مرقوم ہے کہ ایک خارجی اور ایک مومن کے مقدمے کے فیصلے کے لئے دونوں کو حضرت علی امیر المومنین کی خدمت میں پیش کیا گیا مقدمہ کی تمام کارروائی کے بعد مومن کا حق پر ظاہر ہوتا ہے اس پر خارجی برہم ہوا اور کہا کہ یا علیؑ آپ نے عدالت کی رو سے فیصلہ نہیں کیا آپ نے فرمایا اے دشمن خدا تو اس فیصلہ کو تسلیم نہیں کرتا جو خدا اور اس کے رسولؐ ظاہر ہے اے خارجی مسخ ہو جا۔ آپ کی زبان مبارک سے یہ کلام جاری ہوا تو یہ خارجی فوراً کتے کی شکل میں تبدیل ہو گیا۔ اور کپڑے اپنے بدن نجس سے اتار دیئے جب یہ معجزہ خارجی نے دیکھا تو اضطراب اور گریہ وزاری کرنے لگا اور حسرت کے آنسو بہانے لگا جناب امیر کو اس کی حالت پر ترس آگیا اور اس کے حق میں دعا فرمائی تو یہ خارجی اپنی اصلی حالت میں آگیا۔ اس وقت جناب علی بن ابی طالب امیر المومنین نے فرمایا آصف برخیا جو سلیمانؑ کا وصی تھا۔ تخت بلقیس لانے پر قادر تھا جس کا ذکر حق تعالیٰ نے قرآن میں کیا ہے (اس شخص جس کے پاس کتاب کا کچھ علم تھا کہا کہ میں اس تخت کو آنکھ جھپکنے سے پہلے تیرے پاس لے آؤں گا) تم آیا خدا کے نزدیک حضرت سلیمانؑ افضل ہیں یا محمدؐ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضرین نے عرض کی خاتم الانبیاءؐ محمدؐ مصطفیٰؐ افضل ہیں فرمایا اس ہستی کے وصی سے ایسا معجزہ ظاہر ہو تو کچھ تعجب کا مقام نہیں۔ حاضرین میں سے کسی نے عرض کی یا امیر المومنین آپ کو معاویہ کے ساتھ جنگ کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ اس کو بھی ایک اشارے سے کتے کی صورت کر دیتے آپ نے اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔

ترجمہ: ان لوگوں کے عذاب سے وعقاب میں جلدی نہ کر کیوں کہ ہم نے ان کے لئے خوب طرح کا عذاب تیار کر دیتے ہیں۔

مشرک کا انکار (۳۵)

سید علی واعظ سے مروی ہے کہ سرور کائنات کی وفات کے بعد ایک روز حضرت علیؑ

امیر المومنین مسجد میں وعظ فرما رہے تھے کہ اے مسلمانوں آنحضرتؐ اس دنیا سے کوچ فرما چکے ہیں۔ میں ان کا قائم مقام نائب ہوں جو بھی تم کو مشکل آئے اس کا حل کرنے کے لئے میری طرف متوجہ ہو کیونکہ پوشیدہ باتیں مجھ پر ظاہر ہیں۔ غیب کا حال مجھ پر روشن ہے۔ میں علوم انبیاء کا وارث ہوں مجھے ہی آنحضرتؐ نے اپنے علوم کا محافظ قرار دیا ہے۔ آسمان و زمین کے راز میں جانتا ہوں۔ سب کا علم مجھے ہے اس مجمع میں ایک مشرک بھی بیٹھا تھا جو کہ قارون کا خزانہ رکھتا تھا کثرت مال کی وجہ سے بڑا غرور تھا۔ جب حضرت کا یہ کلام سنا تو دل سے انکار کیا۔ مسجد سے باہر نکلا ہی تھا غضب الٰہی کا شکار ہوا بحکم خدا اس کی شکل مسخ ہو گئی اور [illegible] کتا بن گیا۔ جب اپنا یہ حال دیکھا تو بڑا پشیمان ہوا اور مسجد میں واپس گیا تا کہ امیر المومنین اپنی نظر عنایت سے مجھے واپسی حقیقی صورت میں تبدیل کر دیں جب یہ مسجد [illegible] تو مسلمانوں نے اسے دھتکار کر مسجد سے باہر نکال دیا۔ یہ اپنے گھر کی طرف پلٹا اور اپنے قیمتی بستر پر جا کر آرام کرنے لگا۔ جب اس کی بیوی نے دیکھا کہ اس کے شوہر کی خواب گاہ میں کتا بیٹھا ہوا ہے تو اس نے اپنی باندیوں کی مدد سے اس کتے کو باہر گھر سے نکال دیا اور خوب ڈنڈوں سے اس کی پٹائی کی تا کہ واپس نہ آئے۔ جب باہر میدان میں پہنچا تو محلے کے کتوں نے اس پر حملہ کیا خوب دانت [illegible] مارے لاچار ہو کر اس کتے نے جنگل کا رخ کیا ادھر جنگل میں پھرتا [illegible] چیز کھانا چاہتا مگر اس کے حلق سے نہ اترتی اور نہ خدا اسے موت [illegible] جنگل میں ایک ریت کا ٹیلہ تھا رات دن اس ٹیلے کے چکر لگاتا۔ برف، برسات، گرمی، سردی کی مصیبتیں جھ[illegible]۔ جب یہ منافق کتا گم ہو گیا تو اس منافق کے خاندان والوں کو بڑی فکر ہوئی اس کے قبیلے کے افراد اس کی تلاش میں نکلے۔ مگر اپنی تمام تر کوششوں باوجود بھی اس کو تلاش نہ کر سکے۔ جب اس کا کہیں نام و نشان نہ ملا تو آخر اس کے قبیلہ کے افراد نے یہی خیال کیا کہ دشمنوں نے اسے قتل کر دیا ہے۔ اس طرح اس کی موت کا سوگ منایا گیا۔ اس دشمن خدا کے گھر میں ایک عورت تھی جو نہایت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایماندار جس کا دل محمدؐ و آل محمدؐ کی محبت سے مالا مال تھا اور تھی بھی نہایت خوبصورت و جوان وہ حسین عورت اپنے شوہر کے ماتم میں سیاہ پوش ہوئی اور سات سال تک اس لباس میں رہی اور لگاتار اپنے شوہر کی مفارقت میں آنسو بہاتی ۔ ہر چند دیگر عورتوں نے آنسو بہانے سے منع کیا اور کہا کہ تیرے ایک ایک بال کے عوض تجھے شوہر مل سکتے ہیں ۔ یہ عورت ان عورتوں کی باتوں سے اور غم زدہ ہوئی تو شاہ ولایت شاہ مرداں کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی کہ میں ایک مشکل میں آن پڑی ہوں جس کا غم مجھے کھائے جا رہا ہے حضرت علیؑ اس عورت کی طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے اے خاتون تو اپنی مشکل بیان کر تاکہ میں تیری مدد کر سکوں اور تیری مشکل کو آسان کر کے تجھے اس غم سے نجات دلا سکوں اس عورت نے عرض کی میرا شوہر سات سال قبل تنہا گھر سے روانہ ہوا تھا جو اب تک واپس نہیں آیا جس کی ہر ممکن تلاش کی گئی مگر اب تک اس کا حال معلوم نہیں ۔ امیر المومنین نے اس عورت کے حالات سننے کے بعد فرمایا اے عورت تیرا شوہر زندہ ہے لیکن نہایت بدحال اور پریشان ہے تو جا اور گھر جا کر کھانا تیار کر اپنے محرموں کو ہمراہ لے اور کھانا لے کر فلاں مقام پر ایک ٹیلہ آئے گا اس مقام پر تجھے تیرا شوہر مل جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کی خبر پا کر بہت خوش ہوئی فوراً اپنے گھر پلٹی ۔ گھر آ کر اچھے اچھے کھانے تیار کئے ۔ کھانے ساتھ لیکر چند محرموں کے ہمراہ اس مقام پر پہنچی تو اسے ایک ٹیلہ نظر آیا چاروں طرف نظر دوڑائی مگر اس ویرانہ میں کسی شخص کو نہ دیکھا ایک طرف سے ایک کتا دکھائی دیا جو کمزوری کی وجہ سے ٹیلہ پر چڑھ نہیں سکتا تھا ۔ عورت کتے کے پاس آئی کتا اس عورت کے قدموں میں لیٹ گیا اور کمزوری سے بے ہوش ہو گیا ۔

اپنے ملازموں سے کہا کہ اسے کچھ کھانے کو دیا جائے جب عورت نے ترس کھا کر اس کتے کو حلوا کھانے کو دیا مگر کمزوری کی وجہ سے کتا نہ کھا سکا عورت نہایت [illegible] ہوئی پھر اس عورت نے اپنے ہاتھ سے پانی کا پیالہ اس کتے کو پلانا چاہا تو اس پانی کے پیالے میں سیاہ خاک نمودار ہوئی ۔ یہ دیکھ کر عورت مزید حیران ہوئی اور کہنے لگی اے خالق ارض و سما میں نہیں جانتی کیا بات ہے مجھ کو

امیر المومنین نے فرمایا تھا کہ وہاں تجھے تیرا شوہر ملے گا میں اُن کے فرمانے کے مطابق اس جنگل میں آئی مگر یہاں اس کتے کے سوا کوئی چیز نظر نہیں آئی ۔ اور مجھے یقین ہے اس بزرگوار کا قول کبھی خلاف نہیں ہوتا۔ بعد ازاں وہاں سے روانہ ہوئی اور امیر المومنین کی خدمت میں اپنی ناکامی و حسرت بیان کی تب امیر المومنین نے فرمایا وہ کتا ہی تیرا شوہر ہے عورت نے جب یہ بات سنی تو پریشان ہوئی اور جناب امیر کے پاؤں پر گر پڑی ۔ درد بھرے انداز سے عرض کی تب امیر المومنین نے فرمایا کہ تیرا شوہر مشرک تھا اس نے خدا و مصطفٰے سے دشمنی کی اور میری ولایت میں شک کیا ۔ خدا تعالٰے نے اُسے مسخ کر دیا۔ عورت نے فریاد کی یا امیر المومنین میرے شوہر کو اصلی صورت میں دکھا دیں ۔ فرمایا اس کتے کے گلے میں رسی ڈال کر میرے پاس لا ۔ یہ سن کر عورت بے حد خوش ہوئی ۔ کتا آپ کی خدمت میں لایا گیا۔ خجالت اور شرم کے مارے اس کی آنکھوں میں آنسو تھے ۔ امیر المومنین نے دعا فرمائی ۔ کتا فوراً اصلی صورت میں تبدیل ہو گیا ۔ اس شخص نے امیر المومنین سے معافی چاہی اور عرض کی میں نے آپ کی ولایت پر شک کیا اور اپنے کئے کی سزا پائی ۔ اب میں شرک سے بیزار ہوں میرے حال پر لطف و کرم فرمایئے اور ہدایت کی راہ دکھائی ۔ آپ نے اُسے معاف فرمایا اور اس کو ایمان کی تعلیم فرمائی وہ شخص دین محمدیؐ پر ایمان لایا اور اہل یقین میں داخل ہو گیا ۔

(بحوالہ کوکب دری صفحہ ۳۹۳ تا ۳۹۶)

پانچ سو درہم ۳۶

ایک مرتبہ حضرت علی امیر المومنین ایک جنگ پر تشریف لے جانے لگے تو ایک شخص نے عرض کی یا مولا ہمارے لشکر کی تعداد بہت کم ہے آپ نے فرمایا تمہارے دل میں جو شک گذر رہا ہے اسے دور کر کل ہمیں تین جتھے ملیں گے ہر جتھے کی تعداد ۱۲ ہزار ہو گی وہ شخص صبح سویرے ایک بلند ٹیلے پر بیٹھ گیا ۔ ایک ایک لشکر کو شمار کیا تو تعداد امیر المومنین کے حکم کے مطابق پوری تھی وہ شخص اس جنگ کے حالات بیان کرتے ہوئے کہتا ہے ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ میں نے تینوں حصّوں کو دیکھا ان کی تعداد آپ کے حکم کے مطابق تھی اس کے بعد حضرت علیؑ امیر المومنین نے فرمایا کل ہماری ان سے جنگ ہو گی جنگ کے خاتمہ پر ہم فتحیاب ہوں گے ان کے مالوں کی تقسیم ہو گی ہر ایک کے حصّہ میں پانچ سو درہم آئیں گے دوسرا دن آیا آپ نے لشکر سے فرمایا تم اپنی طرف سے لڑائی میں پہل نہ کرنا۔ ہم سب نے آپ کے حکم کی تعمیل کی۔ اس کے بعد جنگ شروع ہوئی اور اس جنگ میں حضرت علیؑ کو فتح حاصل ہوئی۔ بہت سارا سامان لشکر کے ہاتھوں میں آیا۔ یہ مال سب کو برابر برابر تقسیم کیا گیا دریافت کیا گیا کہ کتنا مال ہر ایک کے حصہ میں آیا ہے جواب ملا سب کو پانچ سو درہم آئے ہیں اور ابھی دو ہزار درہم باقی بچ گئے ہیں آپ نے فرمایا یہ دو ہزار درہم میرا حسن حسینؑ اور محمدؑ حنیفہ کا حصہ ہیں جناب نے جیسا ارشاد فرمایا تھا اس کے مطابق سب کو پانچ سو درہم ملے ہیں

حدیث سے انکار (۳۷)

مشہور و معروف حدیث جو ہر عام و خاص کتب میں موجود ہے اس حدیث سے انکار کرنے والوں کا انجام جابر انصاریؓ سے اس طرح مروی ہے کہ ایک دن حضرت امیر المومنین منبر پر تشریف لائے خطبہ پڑھا جس میں حمد و ثنائے باری تعالیٰ کے نعت محمدؐ مصطفےٰ نہایت فصاحت و بلاغت کے ساتھ بیان فرمائی۔ بعد ازاں اشعث بن قیس۔ خالد بن یزید۔ براء بن عازب اور انس بن مالک سے خطاب کر کے ارشاد فرمایا اشعث اگر تو نے حدیث من کنت مولا فعلی مولا جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنی ہو اور تو انکار کرے تو شہادت کو ادا نہ کرے۔ اے خالد اگر تو نے یہ حدیث سنی ہو اور تو آج میری ولایت کے لئے گواہی نہ دے تو خدا تجھے جاہلیت کے طریق پر موت دے اے عازب اگر تو نے اس حدیث کو رسولؐ خدا سے سنا ہے اگر تو گواہی نہ دے تو اللہ تعالیٰ تجھے ایسے مرض میں مبتلا کرے جس کو تیرا عمامہ نہ ڈھانپ سکے۔ انس نے آپ کے جواب میں عرض کی یا امیر المومنین بڑھاپے

کی وجہ سے مجھ پر بھول غالب آگئی ہے اور اس وقت مجھ سے یہ حدیث یاد نہ رہی اس طرح دیگر تینوں نے بھی عذر پیش کر کے اس حدیث کی شہادت کو چھپایا۔ جابر انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ خدا کی قسم میں نے اشعث کو دیکھا کہ اس کی دونوں آنکھیں اندھی ہو گئیں اور کہا کرتا تھا کہ خدا کا شکر ہے کہ امیر المومنین نے میرے حق میں صرف اس دنیا کے لئے بد دعا فرمائی۔ عذاب آخرت کے لئے بد دعا نہ فرمائی۔ خالد جب مرا تو اس کے کنبہ والوں نے اسے گھر میں دفن کیا اور جاہلیت کی رسم ادا کی گئی۔ اور ابن عازب کو معاویہ نے یمن کا والی مقرر کیا اس نے وہیں انتقال کیا اس نے یمن سے ہجرت کر کے اور میں نے انس بن مالک کو دیکھا کہ وہ برص کے مرض میں مبتلا ہو گیا ہر چند کے ان داغوں کو عمامہ سے چھپاتا مگر یہ داغ نہ چھپتے غرض جو کچھ امیر المومنین نے ان چاروں کے لئے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا۔

دو بچیوں کا کلام (۳۸)

کفایۃ المومنین شیخ عبد الواحد بن زید قدس سرہٗ سے مروی ہے کہ میں ایک دفعہ حج کو گیا اثنائے طواف میں دو لڑکیوں کو دیکھا جو طواف میں مشغول تھیں اور آپس میں اپنے مذہب کے مطابق اس طرح قسمیں کھاتی تھیں ترجمہ اس شخص کے حق کی قسم ہے جو وصیت کے واسطے برگزیدہ اور منتخب کیا گیا ہے اور راستی کے ساتھ حکم کرنے والا ہے جو معاملات اور مقدمات میں عدل کا حکم دینے والا ہے اور خاتون جنت فاطمہؑ کا شوہر ہے میں نے ان سے دریافت کیا تم ان کا نام جانتی ہو انھوں نے جواب دیا وہ امیر المومنین علی بن ابو طالب کل غالب ہیں میں نے پھر پوچھا کیا تم ان کو جانتی ہو ان دونوں بچیوں نے کہا کیوں نہیں ہمارا باپ جنگ صفین میں ان کے ساتھ تھا اور شہید ہوا ہمارے باپ کی شہادت کے بعد آپ ہمارے گھر تشریف لائے ہماری ماں سے دریافت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرمایا اے ضعیفہ کیسی ہو اور کس طرح گذر رہی ہے میری ماں نے جواب دیا۔ یا امیرالمومنین خیریت سے گذرتی ہے۔ ہم دونوں بہنیں آپ کو چھوڑنے کے لئے گھر سے باہر گیئں میری چھوٹی بہن کی آنکھ باپ کی جدائی کے غم میں روتے روتے اندھی ہو گئی۔ جب حضرت امیرالمومنین کی نظر فیض اثر ہم پر پڑی آپ کی زبان سے بے اختیار یہ کلام جاری ہوا۔ (ان کا باپ مر گیا ہے جو مصیبتوں۔ حادثوں اور سفر میں ان کی کفالت و خبر گیری کرتا تھا۔ بعد ازاں آپ نے اپنا دست مبارک اس کی آنکھوں پر پھیرا۔ وہ فوراً ایسی روشن ہو گئیں کہ اندھیری رات میں سوئی میں دھاگا پرو لیتی ہے۔

معراج سے انکار (۳۹)

ایک روز امیرالمومنین حضرت علیؑ منبر پر وعظ فرما رہے تھے کہ جب آنحضرتؐ سرکار دو جہاں نے اس خاک دان دنیا سے سفر اعلیٰ کی طرف روانگی کا عزم کیا تو اس وقت پانی سے بھرا ہوا کوزہ آپ کے سرہانے رکھا ہوا تھا جب روانگی کے وقت حضرت کا دامن اس سے لگا تو وہ زمین پر اوندھا ہو گیا اور پانی گرنے لگا۔ اور براق نے برق کی طرح چلنا شروع کیا جب حضرت رسول کریمؐ معراج سے واپس آئے تو کوزے سے پانی بہہ رہا تھا۔ اور بستر مبارک اسی طرح گرم تھا جیسا کہ آپ چھوڑ کر گئے تھے۔ ایک یہودی بھی اس مجلس میں تھا اس نے جناب امیر کا یہ کلام سنا تو انکار کی حالت میں اٹھ کر اپنے گھر کی طرف چلا گیا۔ گھر جا کر دیکھا کہ بیوی آٹے میں ہاتھ دھرے بیٹھی ہے۔ آٹا گوندھنا چاہتی ہے مگر پانی نہیں ہے اور پانی کا انتظار کر رہی ہے جب اس عورت نے شوہر کو دیکھا تو کہا کہ گھر میں اتنا بھی پانی نہیں ہے کہ میں آٹا گوندھ سکوں جاؤ گھڑا بھر کر چشمہ سے لے آؤ۔ یہ یہودی گھر سے گھڑا لئے ہوئے چشمہ کی طرف روانہ ہوا۔ چشمہ پر پہنچا۔ گھڑے کو بھر کر چشمہ کے کنارے رکھا اور خود غوطہ لگانے کی غرض سے چشمہ کے کنارے پر پہنچا۔

اتفاق سے گھڑا گر پڑا اور پانی بہنے لگا۔ یہودی نے کپڑے اتار کر ایک پتھر پر رکھے اور خود نے پانی میں غوطہ مارا۔ نہا کر جب چشمہ سے باہر نکلا تو اپنے آپ کو ایک برہنہ لڑکی پایا۔ اپنی اس تبدیلی پر بڑا حیران ہوا نہ کوئی جان پہچان والا نہ کوئی آشنا بڑا حیران و پریشان ہوا آخر کچھ نہ بن پڑا۔ تو وہاں سے روانہ ہوا۔ دور سے ایک بندی آتی ہوئی دکھائی دی جب قریب آئی تو اسے حیرت ہوئی اور برہنہ حالت میں دیکھ کر ترس آیا اور اسے پہننے کے لئے کپڑے دئے۔ پھر اس کا حال دریافت کیا اس نے اپنا تمام حال بیان کیا۔ آخر کپڑے پہن کر شہر کی طرف روانہ ہوئی۔ شہر پہنچی تو دیکھا کہ ہر آدمی اس کا خریدار ہے آخر ایک مالدار نے اس سے عقد کر کے اپنے گھر میں داخل کر لیا۔ چھ سال اس مالدار کے گھر میں بسر کئے اس عرصہ میں پانچ بچے جنے۔ ایک روز یہ عورت اسی چشمہ کی طرف روانہ ہوئی اور اسی چشمہ میں غوطہ لگایا۔ جب نہا کر اپنا سر باہر نکالا تو اپنے آپ کو اصلی حالت میں دیکھا وہی چشمہ جہاں پہلے غوطہ لگایا تھا کپڑے بدستور اسی پتھر پر رکھے ہوئے ہیں۔ اور پانی اس طرح گڑھے سے گر رہا ہے۔ یہ حالت دیکھ کر وہ سخت متحیر و پریشان ہوا اپنے گھڑے کو بھرا۔ گھڑے کو سر پر اٹھا کر گھر کی راہ لی گھر کے اندر داخل ہوا تو اپنی بیوی کو اسی حالت میں پایا کہ ہاتھوں میں آٹا ہے اور آٹا گوندھنے کے لئے پانی کا انتظار کر رہی ہے۔ یہودی نے گھڑے کو گھر میں رکھا اور سیدھا مسجد کی طرف روانہ ہوا وہاں جا کر دیکھا کہ امیرالمومنین وعظ فرما رہے تھے۔ اس یہودی نے معراج کی تصدیق کی اور نہایت نادم و شرمسار ہو کر گریہ کرنے لگا۔ اور جناب امیرالمومنین کی خدمت میں عرض کی مجھ کو اسلام کا طریقہ فرمائیں اور کفر کے زنگ سے میرا سینہ صاف کر دیں۔ کیونکہ میں کفر اور کافری سے سخت پریشان ہوں اور نہایت اعتقاد اور عقیدت مندی کے ساتھ اسلام کی طرف متوجہ ہوا ہوں آپ نے یہودی سے فرمایا جب تک پانچ بچے نہ جنے ہماری تم نے تصدیق نہ کی بعد ازاں آپ نے اس کو اسلام کا کلمہ پڑھایا اور کفر کے زنگ سے اس کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دل وجان کو پاک کیا اور وہ یہودی پکا مسلمان رہا اور مسلمان کی حیثیت سے اس نے انتقال کیا۔

پانی کا ایک پیالہ ۱۴۰

حضرت علی امیر المومنین جنگ نہروان فتح پا کر واپس آئے تو راستے میں دو راہا تھا ایک راستہ پانی سے سیراب تھا اور دوسرا راستہ غیر آباد تھا جہاں پانی نہ تھا۔ حضرت امیر المومنین اپنے لشکر کو بن پانی والے راستہ لیکر روانہ ہوئے اور نہایت تیزی سے اس دشت بے آب کو عبور کیا چونکہ ہوا نہایت خشک و گرم تھی۔ اہل لشکر پر پیاس کا غلبہ ہوا کثرت حرارت سے ان کے منہ اور لب خشک ہو گئے۔ بعض منافقوں نے طعن و ملامت شروع کی دیگر اہل لشکر جو مومن تھے ان کی باتوں سے بہت دل آزردہ ہوئے اور حضرت امیر المومنین کی خدمت میں ان کی سخت کلامی کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا سب اہل لشکر حاضر ہوں اور خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ تمام لشکر جمع ہوا۔ حضرت کے خیمہ کے آگے ایک پشتہ تھا آپ نے قنبر کو حکم دیا کہ اس کو کھودا جائے۔ نیچے سے ایک بھاری پتھر نکلا آپ نے اس پتھر کو خود اٹھا کر دور پھینکا۔ آپ نے قنبر سے فرمایا اس کے نیچے اترو اور دیکھ بھال کر ساری کیفیت بیان کرو۔ قنبر حسب ارشاد اندر گئے زینہ کے ذریعے نیچے اترے واپس آکر عرض کی جب میں بتیس زینے نیچے اترا تو پتھر کا ایک دروازہ نظر آیا۔ جس پر قفل لگا ہوا ہے معلوم نہیں اس کی کنجی کہاں ہے اور ویسے بھی اس دروازے کا کھولنا میرے بس سے باہر ہے حضرت نے اپنے دست مبارک سے ایک کنجی عطا کی اور فرمایا دروازہ کھول کر پانی کا ایک پیالہ لے آؤ۔ قنبر نیچے گیا اس کنجی سے دروازہ کھلا ایک حوض نظر آیا۔ اس کے کنارے پر ساقی کوثر کو موجود پایا یہ دیکھ کر قنبر کو حیرت ہوئی جناب امیر نے پانی سے بھر کر ایک پیالہ اسے دیا۔ اور فرمایا قنبر پانی لے جاؤ اور پیاسوں کی حاجت روائی

کرو۔ قنبر پانی کا پیالہ لیکر باہر آیا۔ جناب امیر المومنین کو کھڑا پایا۔ چاہا کہ کچھ زبان سے کہے اور راز کو افشاں کرے جناب علی نے فرمایا کیا تو نے دشت ارژنہ کا قصہ نہیں سنا۔ جو یہاں تعجب کرتا ہے پھر جناب حضرت نے اس پیالہ کو تمام اہل لشکر کو دیا سب نے سیر ہو کر پانی پیا اپنے تمام حیوانات کو بھی سیراب کیا اس کے بعد دیکھا کہ وہ پیالہ پانی سے اسی طرح بھرا ہوا تھا۔

ابلیس اور دیو ۱۴۱

سرایت سے منقول ہے کہ ایک روز مامون خلیفہ نے مجھ کو بلایا اور کہا کہ میں تجھ سے دیووں کا قصہ سننا چاہتا ہوں میں نے کہا کہ میں نے محمد بن عبداللہ سے سنا ہے اور وہ ام سلمہؓ سے روایت کرتا ہے کہ اس معظمہ نے فرمایا ایک دن رسولؐ خدا نے صحرا کا عزم کیا اور مجھ سے فرمایا کہ جب میرا بھائی آئے تو اس سے کہنا کہ مشکیزہ پانی سے بھر کے پہاڑوں کے درمیان میرے پاس لائے جب حضرت علی امیر المومنین آئے میں نے رسولؐ خدا کا پیغام دیا آپ نے اپنی ذوالفقار کمر میں لگا کر مشک پانی سے بھری اور پھر آپ آنحضرتؐ کے بتائے ہوئے راستہ پر روانہ ہوئے۔ امیر المومنین سے روایت ہے کہ جب میں ان دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو ایک بڈھے کو دیکھا جو اپنی بکریاں چرا رہا تھا میں نے اس بڈھے سے پوچھا تجھے معلوم ہے رسول خداؐ کہاں ہے اس نے کہا رسولؐ خدا کون میں نے جواب دیا محمدؐ بن عبداللہ۔ بڈھے نے جواب دیا کہ میں خدا اور رسولؐ کو نہیں جانتا۔ میں نے ایک پتھر اٹھا کر مارا جس سے اس کا سر زخمی ہو گیا اس نے فریاد شروع کی اس بڈھے کی فریاد سن کر بے شمار سوار اور پیادے ان پہاڑوں کے درمیان آکر جمع ہو گئے ان سب نے مجھ پر حملہ کیا میں اُن سے مقابلہ کیا یہاں تک کہ وہ شکست کھا کر بھاگ گئے آگے چل کر میں نے ایک عورت دیکھی جو کالی رات سے بھی سیاہ تھی اس کی آنکھوں سے آگ اور ناک سے دھواں نکلتا تھا مجھے دیکھ کر اس نے ہاتھ زمین پر مارا سات دیو نمودار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوئے انہوں نے مجھ پر حملہ کیا ان میں سے ایک دیو کے میں نے ٹکڑے کئے باقی دیو یہ دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے عورت نے آہ بھری اور کہا کہ میری کمر ٹوٹ گئی اس عورت نے مجھ پر حملہ کیا۔ اس عورت کے بھی میں نے دو ٹکڑے کر دیئے اس وقت ان دونوں پہاڑوں کے درمیان عجب طرح کا دھواں ظاہر ہوا میں نے نماز ادا کی جب نماز سے فارغ ہوا تھا تو دھواں غائب ہو چکا تھا اس کے بعد آنحضرتؐ کے پاس پہنچا آپ کو سخت پیاس لگی تھی آپؐ نے پانی نوش فرما کر مجھ سے فرمایا اتنی دیر کیوں لگائی میں نے جنابؐ کی خدمت میں ساری بازگشت عرض کی آپؐ نے فرمایا وہ بڈھا چڑوالا ابلیس تھا وہ اپنے لشکر کو تم پر چڑھا کر لایا تھا اور وہ عورت بھی اسی بد سے تعلق رکھتی تھی۔ جب تم نے اس ملعون کو قتل کیا تو ملائکہ آسمان پر متعجب ہوئے اور اہل بہشت نے مسرور و خوشحال ہو کر کہا سبحان اللہ آج تو نے ہم کو وہ نعمت عطا کی ہے کہ آج تک ایسی نعمت نصیب ہوئی تھی۔ بہشت نے کہا مجھ کو یہی شرف کافی ہے کہ میں علی بن ابی طالب کا مسکن ہوں۔

زمین سے کلام (۴۲)

اسماء بنت عمیسؓ سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت فاطمہؑ بنت محمدؐ نے ذکر کیا کہ جس رات جناب امیر میرے پاس تشریف لائے میں نے زمین کی آواز کو سنا وہ آپ سے باتیں کر رہی تھی اور وہ زمین سے باتیں کرتے تھے میں نے صبح کو اپنے والد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا تو حضرتؐ سجدے میں گر گئے اور دیر کے بعد سر اٹھا کر فرمایا اے فاطمہؑ تجھے بشارت ہو پاک نسل کے ساتھ بے شک اللہ تعالیٰ نے تیرے شوہر کو تمام خلقت پر فضیلت عطا کی ہے اور زمین کو حکم دیا ہے کہ تمام اخبار سے جو کچھ کہ اس پر وارد ہونے والا ہے مشرق سے مغرب تک اس کو کہہ سنائے۔

(ارجح المطالب)

اونٹ سے فیصلہ (۴۳)

عمار بن یاسرؓ سے روایت ہے کہ میں حضرت امیر المومنین کی خدمت میں حاضر تھا۔ ناگاہ کوفہ کی مسجد سے ایک آواز آئی۔ حضرت نے فرمایا اے عمارؓ ذوالفقار کو لاؤ میں نے حضور کی خدمت میں ذوالفقار کو پیش کیا۔ آپ نے مجھ سے کہا اے عمار باہر چلے جاؤ اور اس آدمی کو عورت پر ظلم کرنے سے منع کرو۔ اگر وہ خود باز آگیا تو درست ہے ورنہ میں خود اسے درست کر لوں گا۔ عمارؓ کہتے ہیں کہ میں باہر گیا تو دیکھتا ہوں کہ ایک مرد اور ایک عورت دونوں اونٹوں کی مہار پکڑے ہوئے جھگڑ رہے ہیں۔ عورت کہتی ہے کہ میرا اونٹ ہے مرد کا دعویٰ ہے کہ میرا اونٹ ہے میں نے اس مرد سے کہا کہ امیر المومنین فرماتے ہیں کہ تم اس عورت پر ظلم نہ کرو۔ اس مرد نے کہا کہ اب علیؑ یہ چاہتے ہیں کہ میں اپنا اونٹ اس جھوٹی عورت کے حوالے کر دوں یہ کیسے ممکن ہے۔ عمارؓ کہتے ہیں کہ میں واپس گیا اور امیر المومنین کو خبر دی آپ یہ سنکر باہر تشریف لائے غصہ کے آثار آپ کے چہرے پر نمایاں تھے آپ نے اس شخص سے فرمایا تم پر افسوس ہے تو اس عورت کے اونٹ کو چھوڑ دے۔ مرد نے کہا یہ اونٹ میرا ہے۔ یہ عورت جھوٹی مکار ہے۔ امیر المومنین نے فرمایا اے لعین تو جھوٹا ہے یہ اونٹ اس عورت کا ہے مرد نے کہا کہ اس کی کیا گواہی ہے آپ نے فرمایا تو گواہی طلب کرتا ہے اس کا فیصلہ وہ کرے گا جو کوفہ والوں نے بھی نہ دیکھا ہوگا جس کو تو نہ جھٹلا سکے گا۔ مرد نے کہا کہ اگر ایسا ہوا تو میں اونٹ اس عورت کے سپرد کر دوں گا۔ حضرت امیر المومنین نے اونٹ سے کہا اے اونٹ تو خود ہی فیصلہ کر کہ تو کس کی ملکیت ہے۔ اونٹ حکم خدا سے بولنے لگا اے امیر المومنین میں اس عورت کی ملکیت ہوں اور تقریباً دس سال سے ہوں جب اونٹ کی گویائی دیکھی تو یہ شخص بڑا شرمندہ ہوا اور اونٹ اس عورت کے حوالے کیا آپ نے اس عورت سے فرمایا جا اور اپنا اونٹ لے جا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوشیرواں کا بوسیدہ سر (۴۴)

جناب عمارؓ کا بیان ہے حضرت امیر المومنین کے ساتھ ذلف بن منجم تھا جب زوال کا وقت آیا تو حضرت نے فرمایا میرے ساتھ چلو ذلف کے ساتھ ساباط کی جماعت بھی تھی۔ حضرت امیر المومنین نے کسریٰ کے محل میں گھومنا شروع کیا اور حضرت فرماتے جاتے تھے کسریٰ کا یہ مکان اس کام کے لئے مخصوص تھا راوی کا بیان ہے خدا کی قسم ذلف حضرت کے کلام کی تائید کرتا جاتا تھا۔ اس حالت میں حضرت نے تمام محل کو ملاحظہ فرمایا ذلف اس کے ہمراہ کہتے جاتے تھے کہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تمام چیزوں کو آپ نے اس مقام پہ رکھا ہے۔

حضرت نے ایک بوسیدہ کھوپڑی کو ملاحظہ فرمایا اور اسے اٹھالانے کا حکم دیا حضرت ایوان کسریٰ میں تشریف لائے حضرت نے ایک تھال طلب فرمایا۔ اس میں پانی ڈال کر اس میں بوسیدہ کھوپڑی ڈال دی پھر حضرت نے فرمایا اے کھوپڑی میں تمہیں اللہ تعالےٰ کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں مجھے آگاہ کر دکہ میں کون ہوں۔ تم کون ہو۔ کھوپڑی بزبان گویا فصیح ہوئی اور عرض کی آپ امیر المومنین ہیں۔ ظاہر و باطن میں متقیوں کے امام ہیں۔ آپ تعریف سے بہت بلند ہیں میں اللہ تعالیٰ کی لونڈی کا بیٹا کسریٰ نوشیرواں ہوں اس کے بعد اہل ساباط اپنے اپنے وطن چلے گئے اور اپنے خاندان والوں کو تمام کھوپڑی کے واقعات بتائے ان لوگوں نے سن کر پریشانی ظاہر کی۔ حضرت امیر المومنینؑ کی حقیقت کو سمجھنے میں اختلاف کیا کچھ لوگ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے ان لوگوں نے آپ کے متعلق آگاہ کر کے ہمارے دلوں کو خراب کر دیا ہے۔ بعض لوگوں نے حضرت امیر المومنین کے لئے ایسا کہنا شروع کر دیا جیسا نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ کے متعلق کیا تھا۔ اے حضرت اگر آپ نے انھیں اس حالت میں چھوڑ دیا تو یہ لوگ کافر ہو جائیں آپ نے سن کر فرمایا آپ لوگ چاہتے ہیں کہ میں انھیں آگ میں جلوا دوں انھوں نے جواب دیا ہاں آپ نے

ان لوگوں کو طلب کیا اور فرمایا تم میرے لئے کیا عقیدہ رکھتے ہو۔ انھوں نے یک زبان ہو کر کہا کہ ہم نے بوسیدہ کھوپڑی سے آپ کو کلام کرتے سنا اور دیکھا ہے یہ بات خدا تعالیٰ کے سوائے کوئی نہیں کر سکتا اس لئے ہم نے جو کچھ کہا ہے وہ کہا ہے حضرت نے فرمایا تم لوگ اپنی بات سے باز آجاؤ خدا تعالیٰ سے توبہ کرو۔ ان لوگوں نے کہا ہم اپنی بات سے باز نہ آئیں گے۔ آپ نے فرمایا جو سزا دینی ہے وہ دے لیں۔ حضرت نے دیکھا کہ یہ حقیقت نہیں مانتے تو ان سب کو آگ میں جلا دینے کا حکم دیا۔

علی کرم اللہ وجہہ سے بغض (۴۵)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک روز میں نے صبح کی نماز رسولؐ خدا کی اقتدا میں ادا کی۔ جب رسولؐ خدا نماز و تسبیح سے فارغ ہو چکے تو آپ نہایت لطف و مہربانی کے ساتھ ہم سے پیش آئے۔ آپؐ نے ہم سے باتیں کرنا شروع فرمائیں اتنے میں ایک انصاری حاضر ہوا۔ اور آپ کی خدمت میں عرض کرنے لگا یا رسول اللہ فلاں انصاری کے کتے نے میرے کپڑے پھاڑ ڈالے اور میری پنڈلی کو لہولہان کر ڈالا جس کی وجہ سے آج میں آپ کے ساتھ نماز ادا نہ کر سکا۔ آپ نے سننے کے بعد فرمایا جب کتا کاٹتا ہے تو اس کا قتل واجب ہے تم میرے ساتھ چلو۔ ہم سب لوگ آنحضرتؐ کے ساتھ انصاری کے گھر گئے۔ انس بن مالک نے آگے بڑھ کر دروازے پر آواز دی کہ دروازہ پر رسولؐ خدا موجود ہیں انصاری نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا آپ کی تشریف آوری سے بے حد خوش ہوا اور جنابؐ کی خدمت میں عرض کی آپ نے خود کیوں زحمت کی ہے مجھے حکم دیا ہوتا میں حاضر ہو جاتا۔ آپ نے اس انصاری سے فرمایا کاٹنے والے کتے کو لایا جائے جس نے اس کے کپڑے پھاڑے ہیں۔ اس کا قتل کرنا واجب ہے کیوں کے اس نے پہلے بھی مسلمانوں کی راہ میں آکر کپڑے پھاڑے ہیں۔ وہ شخص دوڑ کر گیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور اس کتے کے گلے میں رسی ڈال کر جلدی سے واپس لے آیا۔ کتا آنحضرتؐ کے سامنے دم ہلاتا ہوا عرض کرنے لگا یا نبیؐ کریم آپ یہاں کیوں تشریف لائے ہیں آپؐ مجھے کیوں قتل کرنا چاہتے ہیں۔ رسولؐ خدا نے کتے کو پورا واقعہ سنایا کہ تم نے فلاں فلاں آدمی کے کپڑے پھاڑے فلاں کی پنڈلی کو زخمی کیا فلاں کو نماز سے روکے رکھا۔ کتے نے عرض کی یا رسولؐ اللہ یہ لوگ منافق اور ناصبی ہیں۔ یہ لوگ امیرالمومنین حضرت علیؑ سے بغض رکھتے ہیں اگر یہ لوگ ایسے نہ ہوتے تو میں ہرگز ان کی راہ نہ روکتا میں کبھی ان کے کپڑے نہ پھاڑتا اور نہ ہی انھیں زخمی کرتا یہ سب بغض رکھتے ہیں۔ رسولؐ خدا نے کتے کا یہ کلام سننے کے بعد اسے چھوڑ دیا۔ اور اس کے مالک اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی ہدایت فرمائی اور آپ وہاں سے واپس تشریف لے آئے۔

دو مچھلیاں (۴۶)

حارث بن عبداللہ ہمدانیؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز ہم امیرالمومنین حضرت علیؑ کی خدمت میں بیٹھے تھے آپ ہم سے باتیں کر رہے تھے۔ حیرہ سے آنے والا ایک یہودی ہمارے پاس سے گذرا اس کے پاس دو مچھلیاں تھیں۔ حضرت امیرالمومنین نے اس یہودی کو آواز دی اور فرمایا اپنے والدین کو بنی اسرائیل سے کتنے میں خریدا یہ سن کر یہودی پریشان ہو گیا اور سخت غصہ میں بلند آواز سے کہنے لگا اے لوگو تم علیؑ بن ابی طالب کی بات نہیں سنتے جو اس بات کا مدعی ہے کہ وہ علم غیب جانتا ہے اور مجھے کہتا ہے کہ میں نے اپنے ماں باپ کو بنی اسرائیل سے کس قیمت پر خریدا ہے۔ یہودی کی چیخ و پکار سے بہت مخلوق اکٹھی ہو گئی۔ راوی کا بیان ہے کہ میں جناب امیرالمومنین کی طرف دیکھ رہا تھا کہ آپ ایسا کلام تلاوت فرما رہے تھے جس کو میں نے نہیں سمجھا تھا۔ حضرت نے ایک مچھلی کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں یہ بتاؤ تم کون ہو اور میں کون ہوں۔ مچھلی بحکم خدا فصیح زبان میں گویا ہوئی آپ امیرالمومنین حضرت

علیؑ بن ابی طالب ہیں۔ اے شخص میں تیرا باپ فلاں بن فلاں ہوں فلاں سنہ میں فوت ہوا تھا تمہارے لئے فلاں فلاں مال چھوڑا اور تمہارے ہاتھ میں فلاں فلاں نشانی ہے پھر حضرت امیرالمومنین نے دوسری مچھلی سے سوال کیا کہ میں کون ہوں تم کون ہو۔ دوسری مچھلی بحکم خدا فصیح زبان میں گویا ہوئی اور کہا آپ امیرالمومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب ہیں۔ اے شخص میں تیری ماں ہوں فلاں شخص کی بیٹی ہوں فلاں سنہ میں انتقال کیا تھا تمہارے ہاتھ میں فلاں نشانی ہے۔ حاضرین یہ دیکھ کر بلند آواز سے کہنے لگے ہم سب گواہی دیتے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں آپ امیرالمومنین ہیں یہودی یہ دیکھ کر مسلمان ہو گیا اور گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔ آپ امیرالمومنین ہیں لوگ واپس چلے گئے ان کے دلوں میں آپ کی معرفت اور زیادہ بڑھ گئی۔

پتھر پر انبیاء کے نام (۴۷)

عمارؓ سے روایت ہے کہ امیرالمومنین کی خدمت میں حاضر تھا آپ کوفہ سے باہر روانہ ہوئے اس علاقہ کو طے فرمایا جس کو بجلہ کہتے ہیں جو کوفہ سے دو فرسخ کی مسافت پر ہے۔ بجلہ کے پچاس یہودی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کی خدمت میں عرض کی یا امیرالمومنین ہمارے پاس ایک پتھر تھا جس پر چھ انبیاء کے نام درج تھے اب وہ پتھر ہم سے گم ہو چکا ہے ہم نے بہت تلاش کیا مگر وہ ہمیں کہیں نہیں ملا۔ اگر آپ امام برحق ہیں تو وہ پتھر ہمیں تلاش کر دیں۔ حضرت نے ان یہودیوں سے فرمایا میرے ساتھ چلے آؤ۔ عمارؓ کا بیان ہے کہ وہ سب آپ کے پیچھے پیچھے چلتے رہے حتیٰ کہ ہم خشکی کے ایسے مقام پر وارد ہوئے جہاں ریت کا ایک بہت بڑا پہاڑ موجود تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت نے ہوا سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ اے ہوا اس ریت کو پتھر سے اڑا دے ایک گھنٹہ کے اندر تمام ریت اڑ گئی اور پتھر ظاہر ہو گیا۔ حضرت نے فرمایا یہی تمہارا پتھر ہے یہودیوں نے عرض کی ہم نے سنا ہے کہ علیؑ اس پتھر پر چھ انبیاءؑ کے نام درج ہیں۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں اس پہ وہ نام درج نہیں ہیں جن کو ہم نے اپنی کتاب میں پڑھا ہے اور سنا ہے حضرت امیر المومنین نے فرمایا نام اس پر درج ہیں جس طرح یہ زمین پر موجود تھا اس کو الٹو۔ ان تمام نے مل کر اس پتھر کو الٹنے کی کوشش کی مگر یہ سب ناکام رہے۔ حضرت نے فرمایا تم سب الگ ہو جاؤ آپ نے ہاتھ بڑھا کر پتھر کو الٹ دیا۔ پتھر پر ان چھ انبیاء کے نام موجود تھے۔ جو صاحب شریعت ہیں حضرت آدمؑ حضرت نوحؑ۔ حضرت ابراہیمؑ۔ حضرت موسیٰؑ۔ حضرت عیسیٰؑ۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہودیوں نے حسب منشاء مراد پائی تو بے اختیار سب نے کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے رسولؐ ہیں۔ آپ امیر المومنین ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی زمین پر حجت اللہ ہے جس نے آپ کو پہچانا نیک بخت ہوا اور نجات پا گیا۔ جس نے آپ کی مخالفت کی وہ گمراہ ہو کر جہنم میں گرا۔ آپ کے فضائل شمار کرنے سے زیادہ ہیں آپ کے احسانات ان گنت ہیں۔ تمام یہودی مسلمان ہو گئے۔

سبز درخت سے آگ ۴۸

ابو ذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ میں ایک جنگ میں رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا جب رات کا وقت ہوا تو سخت ٹھنڈی ہوا چلی آسمان پر چاروں طرف بادل منڈلانے لگے اور بارش برسنا شروع ہوئی نصف رات کے قریب گذر چکی تھی آپ کے معروف صحابہ کی جماعت جنابؐ

کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسولؐ اللہ لوگ سردی میں مبتلا ہیں ان کے دست پناہ اور چقماق بھیگ گئے آگ جلانے کی کوئی چیز نہیں۔ درخت بھی ہرے بھرے ہیں اور پانی کی وجہ سے تر ہیں جس کی وجہ سے آگ جلنا ناممکن ہے۔ سخت سردی کی وجہ سے اہل لشکر ہلاکت کے قریب پہنچ چکے ہیں۔ اگر آگ کا انتظام ہو تو بہتر ہے۔ رسولؐ خدا نے اہل لشکر کی مجبوری سنی تو آپ نے حضرت علیؑ سے مخاطب ہو کر فرمایا اے علیؑ اٹھو ان لوگوں کے لئے آگ مہیا کرو حضرت اٹھے ایک سبز درخت کی چٹان کو توڑا جس میں آگ جلنا مشکل تھی مگر اس سے آپ نے آگ جلائی لوگوں نے اس آگ سے اپنے اپنے مقام پہ آگ جلا کر اپنے آپ کو گرم کیا اور سب نے خدا کا شکر کیا رسول اللہ اور امیر المومنین کی تعریف کی۔

ہر ایک کو تین دینار ۴۹

ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت اپنے عہد خلافت میں ایک مرتبہ منبر پر تشریف لے گئے اور ہمیں حکم دیا کہ سب حاضر ہوں جب سب حاضر ہو گئے تو آپ نے اعلان کیا کہ کسی شخص کو مجھ سے نفرت ہے۔ جب آپ نے یہ آواز بلند فرمائی تو ہر طرف سے آواز آنے لگی۔ ہم راضی ہیں ہم تسلیم کرتے ہیں۔ ہم رسولؐ اور ان کے ابن عم کی اطاعت کرتے ہیں۔ آپ نے عمارؓ سے فرمایا۔ بیت المال چلے جاؤ ہر ایک آدمی کو تین دینار دے دو اور ہمارے لئے بھی تین دینار لے آؤ۔ عمارؓ اور ابو ہشیم ایک جماعت کے ساتھ بیت المال کی طرف چلے گئے حضرت نے مسجد میں نماز ادا کی انہوں نے بیت المال میں تین لاکھ دیناروں کو فرمایا اور لوگوں کی تعداد ایک لاکھ تھی سب کو تین تین دینار دے گئے آپ کے حصہ میں بھی تین دینار آئے۔ عمارؓ نے کہا خدا کی قسم حق تمہارے واسطے آیا نہ مال کا علم تھا نہ مال کے لینے والوں کا علم تھا صرف یہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ معجزہ دلالت کرتا ہے کہ اس آدمی کی امامت تم پر واجب ہے جس نے اپنے علم سے دیناروں اور لوگوں کی صحیح تعداد بیان فرمائی دو چار نے اس بات کو ماننے سے انکار کیا۔

قاتل کی خبر (۵۰)

حضرت علیؑ امیرالمومنین اپنی شہادت سے خود خبر رکھتے تھے جس کی بہت سی روایات ہیں ابن سیرین سے روایت ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی موت سے باخبر تھا کہ وہ کب آئے گی وہ علیؑ بن ابی طالب ہیں۔ حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے حضرت علیؑ نے حکم دیا جو اشخاص کوفے میں رہتے ہیں ان کے نام لکھ لئے جائیں۔ کوفہ کے رہنے والوں کے تمام نام لکھ کر جناب کی خدمت میں پیش کئے گئے حضرت نے ان ناموں کو پڑھنا شروع کیا جب ابن ملجم کا نام پر پہنچے تو اپنی انگلی اس کے نام پر رکھدی اور فرمایا خدا تجھے قتل کرے۔ کسی نے پوچھا جب آپ کو یہ علم ہے کہ یہ شخص آپ کو قتل کرے گا تو آپ اسے خود پہلے قتل کیوں نہیں کر دیتے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ گناہ سرزد ہونے سے پہلے سزا نہیں دیتا۔

شہروں کی بربادی (۵۱)

حضرت امیرالمومنین علیؑ بن ابی طالب نے اپنے ایک خطبہ میں مختلف شہروں کی تباہی و بربادی کے لئے پیشن گوئی فرمائی ہے۔ سعید بن مسیب روایت کرتے ہیں کہ کسی نے ایک آیت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے اس کے جواب میں فرمایا خدا تعالیٰ قیامت سے قبل آٹھ بستیوں کو تباہ یا عذاب دیں گے۔ فرمایا۔ سمرقند جاج، خوارزم، اصفہان اور کوفہ کو ترک اور ہمدان تباہ و برباد کریں گے۔ رے کو دیلم اور طبریہ برباد کر دیں گے۔ مدینہ اور فارس بھوک اور قحط سے تباہ ہوں گے۔ مکہ کو حبشی تباہ کریں گے۔ بصرہ اور بلخ غرق ہوں گے۔ سندھ کو

ہند تباہ کرے گا۔ اور ہند کو تبت۔ تبت کو چین۔ بدخشاں صاغان کرمان تباہ کریں گے۔ شام کا کچھ حصہ گھوڑوں کی ٹاپوں اور قتل کی وجہ سے تباہ ہوگا۔ شامان طاعون میں مبتلا ہو کر تباہ ہوگا۔ مرد کا شہر ریت سے ہرات سانپوں سے، نیشاپور نیل کے ختم ہونے سے آذربائیجان گھوڑوں کی ٹاپوں اور بجلیوں کی وجہ سے بخارا غرق بھوک اور لوگوں کے چھوڑ جانے کی وجہ سے تباہ ہوگا۔ بغداد کی اینٹ سے اینٹ بجادی جائے گی اوپر کا حصہ نیچے اور نیچے کے حصے کو اوپر کر دیا جائے گا۔

لوہے کا موم بن جانا۔ (۵۲)

ابوسعید خدری۔ جابر انصاریؓ اور عبداللہ بن عباس ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ خالد بن ولید نے کہا میں جب اہل روم کی جنگ سے واپس لوٹا تو حضرت علیؑ میرے لشکر میں تشریف لائے۔ میں نے کہا علیؑ آرہے ہیں۔ کسی نے یہ بات جاکر حضرت علی سے کہدی یہ بات سن کر آپ غصہ میں آئے اور بادل کی طرح گرجتے ہوئے تشریف لائے اور مجھ سے فرمایا کیا تم نے یہ بات کہی ہے۔ میں نے جواب دیا ہاں میں نے یہ بات کہی ہے۔ آپ کی دونوں آنکھیں سرخ ہو گئیں آپ نے غصہ کے عالم میں فرمایا تم جیسا آدمی میرے جیسے سے آگے بڑھنا چاہتا ہے تم جیسے کو یہ جرأت ہو جائے کہ تو میرا نام اپنے تالو کے اندر گھماتا رہے۔ آپ نے مجھے گھوڑے سے نیچے گرایا جسے میں روک نہ سکا اس طرح مجھے گھسیٹتے ہوئے حارث ابن کلاہ کی چکی کے پاس لے گئے آپ نے لوہے کی موٹی کیل کو جو کہ چکی چلنے کا دارومدار تھی اپنے ہاتھوں سے اکھاڑا اس طرح موڑ کر میرے گلے میں ڈال دی جس طرح چمڑے یا موم کو موڑا جاتا ہے۔ میرے ساتھی یہ منظر اس طرح دیکھ رہے تھے کہ گویا وہ موت کی طرف نظر اٹھا کر دیکھ رہے ہیں میں نے آپ کو واسطے دیئے مگر آپ نے مجھے نہ چھوڑا۔ لوگوں نے یہ واقعہ دوسرے اصحاب سے بیان کیا انہوں نے اس کیل کو گلے میں سے اتارنے کے لئے لوہاروں کی ایک جماعت کو بلایا۔ ان سب نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی کہا کہ یہ کیل اس وقت تک نہیں نکل سکتی جب تک لوہے کو گرم نہ کیا جائے اگر گرم کیا جاتا ہے تو اس کی موت واقعہ ہو جائے گی اس طرح کئی روز تک پھرتے رہے اور لوگ دیکھ دیکھ کر ہنستے ۔ کسی نے کہا کہ حضرت علیؑ سفر سے واپس تشریف لائے ہیں تم دیگر صحابہ کو لیکر جاؤ۔ چند صحابہ کے ساتھ خالد حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان سب نے اس کی سفارش کی کہ اس کے گلے سے یہ کیل اتار دی جائے ۔ حضرت علیؑ نے فرمایا جب اس نے اپنے لشکر اور سپاہیوں کی زیادتی کی تو اترا گیا اور میری منزلت کا ارادہ کیا۔ میں نے کیل اس کے گردن میں ڈال دی ہے تاکہ اس کا مزاج درست ہو جائے ۔ پھر تمام حضرات نے حضرت علیؑ کو قسمیں دیکر کہا اب اس کی خطا معاف فرمائیں اور یہ کیل اس کی گردن سے نکال دیں۔ آخر حضرت کو ترس آیا آپ نے اس کیل کو تھوڑا تھوڑا کر کے اتارتے گئے اس طرح جس طرح موم کو توڑا جاتا ہے یہ فعل اس طرح کیا جس طرح حضرت داؤد کو خدا نے لوہا نرم کرنے کی صلاحیت عطا کی تھی ۔

کربلا کی زمین (۵۳)

ازالۃ الخفاء میں شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں معتبر روایت سے یہ پیشین گوئی حضرت علیؑ نے پچیس برس پہلے ہی فرمائی تھی کہ حضرت امام حسین اور ان کے رفقاء کربلا کی سرزمین پر لب فرات پر شہادت پائیں گے ۔ اصبغ سے روایت ہے کہ ہم حضرت علیؑ امیر المومنین کے ساتھ جا رہے تھے آپ کا گذر کربلا سے ہوا تو آپ نے فرمایا اس جگہ امام کی قبر بنے گی۔ اس جگہ اونٹ ٹھہریں گے اور اس جگہ پالان رکھا جائے گا۔ اس جگہ خون بہایا جائے گا۔ اس مقام پر آل مصطفےٰ کے جوان شہید ہوں گے جس پر آسمان زمین روئیں گے یہ پیشین گوئی آپ نے جنگ صفین پر جاتے ہوئے فرمائی تھی تاریخ نے آپ کی پیشین گوئی درست کر دکھائی ۔

اونٹ کا کلام (۵۴)

ازالۃ الخفاء سے نقل کیا جا رہا ہے جو انہوں نے حارث سے بیان کیا ہے ۔ حارث بیان کرتے ہیں میں حضرت علیؑ کے ساتھ تھا۔ شام کے ایک اونٹ کو میں نے دیکھا کہ وہ آیا اور اپنے سوار اور پالان کو گرا کر صفوں کے اندر گھستا چلا گیا اور حضرت علیؑ کے پاس پہنچ کر اپنی تھوتھنی کو آپ کے سر اور کندھے کے درمیان رکھ دیا اور سر اور کندھے کو اپنی گردن سے چلانے لگا۔ حضرت نے فرمایا یہ ایک نشانی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بنائی تھی لوگوں نے اس دن بہت مستعدی دکھائی اور سخت معرکہ ہوا۔

حضرت میثم تمارؓ کی شہادت (۵۵)

مناقب مرتضوی میں مولانا محمد صالح کشفی ترمذی نے لکھا ہے کہ ایک روز حضرت علیؑ امیر المومنین اپنے خاص صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے جن میں میثم بھی شامل تھے آپ نے میثم سے مخاطب ہو کر فرمایا اے میثم اگر حاکم شام تجھے بلائے اور مجھ سے اظہار بے زاری کرنے کو کہے تو تو کیا کرے گا ۔ جناب میثم نے عرض کی یا امیر المومنین میں یہ کام کبھی نہ کروں گا۔ آپ کی محبت کا دامن کبھی نہ چھوڑوں گا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا خدا کی قسم وہ تجھے قتل کر دے گا تجھے سولی پر چڑھانے کا حکم دے گا اور تیرے منہ میں لگام بھی دلوائے گا جناب میثم نے کہا یا امیر المومنین میں صبر کروں گا۔ میں اپنا سر و جان بچانے کے خاطر کبھی بھی آپ کی محبت مودت سے گریز نہ کروں گا۔ آپ نے فرمایا تو بہشت میں ہمارے ساتھ ہوگا۔

وقت گزرنے کے بعد وہ وقت آ گیا کہ حاکم شام کے حکم سے میثمؓ کو گرفتار کر کے اس کے سامنے لایا گیا۔ تو حاکم شام نے کہا اے میثم اگر تو اپنی زندگی چاہتا ہے تو علی بن ابی طالب سے نفرت کر جناب میثم نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین کے دشمنوں سے نفرت کرتا ہوں ان پر لعنت بھیجتا ہوں ۔ حاکم شام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غصہ میں آیا اور جناب میثمؒ کو عمران بن حارث کے گھر کے دروازے پر الٹا لٹکا دیا گیا چار روز بعد آپ کے دہن سے خون جاری ہو گیا لیکن اس حالت مرگ میں بھی آپ نے محبتِ علیؑ سے گریز نہ کیا اور یہی کہتے رہے آؤ اور مجھ سے پوچھو میں بنی امیہ کے عیب و فسادات ظاہر کروں جب اس کی اطلاع حاکم کو پہنچی اس نے حکم دیا کہ فوراً اس کے منہ میں لگام دی جائے تاکہ یہ بات بھی نہ کر سکے ۔ پس جناب میثم کے منہ میں لگام دے دی گئی اس روز آپ کی شہادت ہوئی ۔ حضرت علیؑ نے جو کچھ آپ کی شہادت کے لئے بیان کیا تھا وہ سب کچھ صحیح ثابت ہوا۔

(۵۶) زنا کی تہمت

ایک شخص جن کا نام ثابت تھا جو اپنے زہد تقویٰ کی وجہ سے بڑی شہرت رکھتے تھے

ایک مرتبہ مدینہ سے مکہ کی طرف ایک قافلہ روانہ ہوا تو آپ نے حضرت علی عمرؓ سے کہا کہ مجھے سالارِ قافلہ کے ہمراہ کر دیں ۔ آپؓ نے حسب فرمائش انھیں اس قافلہ کے سالار کے سپرد کر دیا تھا کہ وہ انھیں حفاظت سے مکہ پہنچا دیں ۔ ثابت ایک خوبصورت وجیہہ نوجوان تھے آپ کی عبادت گذاری کی وجہ سے تمام قافلے کے افراد آپ کی بڑی عزت کرتے تھے ۔ ثابت کی خوبصورتی اور جوانی کو دیکھ کر قافلہ کی ایک نوجوان عورت آپ پر عاشق ہو گئی ۔ قافلہ نے رات کو ایک مقام پر قیام کیا یہ خوبصورت عورت رات کی تاریکی میں آپ کے خیمہ کے اندر آ گئی ۔ ہر طرح سے اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کی مگر نیک شخص ذرا بھر بھی اس عورت کی طرف متوجہ نہ ہوا ۔ آخر اس عورت نے ثابت کو مزید متوجہ کرنے کے لئے نیم برہنہ لباس میں اپنے آپ کو پیش کیا مگر ثابت ذرا بھر بھی اس کی طرف متوجہ نہ ہوا ۔ جب

اس عورت نے دیکھا کہ یہ شخص کس طرح بھی اس کے جال میں آنے کو تیار نہیں تو یہ عورت یہ کہہ کر چلی گئی کہ میں تجھے ایسے الزام میں گرفتار کراؤں گی جس کی شرمندگی تیرے دامن کو سیاہ کر دے گی ۔ آپ اس کی باتوں سے ذرا بھر بھی خوف زدہ نہ ہوئے ۔ آپ نے فرمایا خدا بڑا عادل ہے وہ ہی مجھے اس ذلت سے نجات دلائے گا ۔ غرض کے غلبہ شہوت کی وجہ سے اس عورت نے اپنی مراد ایک غلام سے پوری کی اور وہ اس غلام سے حاملہ بھی ہو گئی ۔ جب اسے اپنے اس حمل کا علم ہوا تو اس عورت نے ثابت کو رسوا کرنے کے لئے یہ حمل اس کے سر تھوپنے کے منصوبہ بنائے ۔ ایک رات ثابت کو سوتا پا کر اس نے اپنے زیورات کا ڈبہ اس کے سامان میں رکھدیا ۔ دوسرے لمحہ ہی شور مچانا شروع کر دیا کہ میرا زیورات کا ڈبہ چوری ہو گیا ہے ۔ جب سالارِ قافلہ نے سنا تو تمام قافلے والوں کی تلاشی لی گئی مگر کسی کے پاس زیورات نہ برآمد ہوئے اس عورت نے اپنا شک ثابت پر ظاہر کیا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بیان بھی دیا کہ میں اب اس راز کو کھولتی ہوں کہ اس شخص نے فلاں رات میرے خیمہ میں گھس کر میرے ساتھ زنا کیا ۔ میں نے شور مچانا چاہا تو اس نے جان سے مارنے کی دھمکی دی میں جان کے خوف سے خاموش رہی ۔ اس رات اس نے مجھ سے زنا کیا جس کی نشانی یہ حمل ہے اور میرا شک بھی یہی ہے کہ میرے زیورات کا ڈبہ اسی نے چوری کیا ہے ۔ سالار قافلہ پریشان ہوا کیونکہ وہ ثابت کے لئے بہت اچھی طرح جانتے تھے کہ یہ شخص بہت نیک ہے الغرض کہ سالارِ قافلہ ثابت کی تلاشی لینے کے لئے مجبور ہوئے ۔ جب تلاشی لی گئی تو اس کے سامان سے عورت کا زیورات کا ڈبہ برآمد ہو گیا جس کی وجہ سے تمام اہل قافلہ اور سالار قافلہ کا شک یقین میں بدل گیا ۔ حقیقت سب کے سامنے تھی ۔ سالار قافلہ نے اسے حضرت عمرؓ کی خدمت میں پیش کیا ۔ حضرت عمرؓ نے تمام قافلے والوں سے گواہی طلب کی سب نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یک زبان ہو کر کہا کہ زیورات کا ڈبہ ثابت کے سامان سے برآمد ہوا ہے۔ حضرت عمرؓ نے تمام واقعات کی تصدیق کرنے کے بعد ثابت کو چوری اور زنا کے جرم میں سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ اس کی خبر مکہ تا مدینہ تک پھیل گئی جو بھی سنتا وہ حیران رہ جاتا۔ جب حضرت علیؑ کو اس کی اطلاع ملی تو آپ نے حضرت امام حسنؑ کو روانہ کیا اور فرمایا کہ ابھی انھیں سزا نہ دی جائے۔ میں ابھی آتا ہوں۔ کچھ دیر بعد آپ دار الشرع پہنچ گئے آپ نے اس عورت کو طلب کیا۔ عورت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ نے اس عورت سے مخاطب ہو کر فرمایا مجھے جانتی ہے میرا نام کیا ہے مجھے علیؑ بن ابی طالب کہتے ہیں۔ سچ سچ بتا یہ حمل کس کا ہے۔ عورت نے عرض کی یا امیرالمومنین ثابت پر جرم ثابت ہو چکا ہے۔ تمام قافلہ کے افراد گواہ ہیں۔ جب دیکھا کہ عورت کسی طرح بھی سچ بیان نہیں کرتی تو آپ نے امام حسن کو حکم دیا کہ جاؤ گھر کے اندر فلاں مقام پر وہ نیم عصا اور پلاس کا ٹکڑا لے آؤ۔ امام حسن نے یہ چیزیں حضرت علیؑ کی خدمت میں پیش کیں۔ آپ نے ایک پردہ میں عورت کو لٹا کر نیم عصا اور کپڑا اس کے پیٹ پر رکھا۔ اسم حسنیٰ میں ایک اسم پڑھ کر فرمایا۔ اے پیٹ کے بچہ جو کچھ حق اور سچ ہے وہ بیان کر۔ بچہ بحکم قادر مختار بلند آواز سے کہنے لگا۔ خدا ایک ہے محمد مصطفےٰؐ خاتم الانبیاء ہیں مرتضیٰ علی حضرت مصطفےٰؐ کے وصی ہیں آپ نے فرمایا میں یہ نہیں پوچھتا تم بتاؤ تم کس کے نطفے سے ہو اور یہ زیورات کا ڈبہ ثابت کے سامان میں کیسے پہنچا بچہ شکم مادر سے عرض کرنے لگا یا امیرالمومنین اس عورت نے جو میری ماں بننے والی ہے اس نے اپنے آپ کو ثابت کے سامنے کئی مرتبہ پیش کیا مگر وہ نیک شخص ذرا بھر بھی مائل نہ ہوا اور اس عورت نے اپنی خواہش ایک غلام سے پوری کی اور میں اس غلام کا نطفہ ہوں۔ زیورات کا ڈبہ اس عورت نے ثابت پر چوری کا الزام لگانے کے لئے فلاں رات کو فلاں وقت اس

کے سامان میں۔ تمام خلقت جس میں حضرت عمرؓ اور سالار قافلہ بھی تھے اس معجزے کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔ حقیقت کھل جانے کے بعد اس عورت نے بھی سب کے سامنے اپنے گناہ اور ثابت پر الزام لگانے کا اعتراف کیا۔ اس کے بعد اس عورت کو اس کے گناہ کی سزا دی گئی۔ حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہ نے حضرت علی سے کہا کہ یہ نیم عصا اور پلاس کیا چیز ہے۔ حضرت علی نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا ایک دن کا ذکر ہے کہ میں اسی مسجد میں بیٹھا تھا۔ آنحضرتؐ بھی ہمارے درمیان تشریف فرما تھے۔ کہ اتنے میں ثابت آئے جو اس وقت بہت کم عمر تھے آپ اس سے بڑی لطف و مہربانی سے پیش آئے۔ آپ نے اس وقت آپؐ نے ثابت کی طرف دیکھ کر فرمایا۔ اس نیک پر فلاں دور میں چوری اور زنا کی تہمت لگائی جائے گی اور اسے سنگسار کا حکم دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ اس کی خلاصی کی کیا تدبیر کیا ہو گی اس وقت یہ لکڑی اور گزری کا ٹکڑا دے کر فرمایا جب اس قسم کا واقعہ درپیش آئے تو اس کو عورت کے پیٹ پر رکھ دینا۔ رحم میں جو نطفہ ہو گا وہ کلام کرے گا اور جو کچھ حق اور سچ ہو گا وہ بیان کر دے گا۔

خولہ کا بیان ۵۷

حضرت ابوبکرؓ کے دور خلافت کا اہم واقعہ جو حضرت علیؑ مشکل کشا نے اپنے روحانی کشف سے حل فرمایا آپ نے خالد بن ولید کو ایک جماعت کے ساتھ قبیلہ بنی حنیفہ کی طرف روانہ کیا۔ جو زکوٰۃ ادا کرنے میں تاخیر کر رہے تھے۔ خالد اس قبیلہ پر غالب آیا اور بہت سامال غنیمت اور اسیروں کو لیکر حضرت ابوبکرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان اسیروں میں سردار قبیلہ کی بیٹی بھی تھی جب اس کی نظر قبر منور پر پڑی تو بے انتہا گریہ کرنے لگی اور عرض کی یا رسول اللہؐ میں آپ کے پاس فریاد لے کر آئی ہوں حضرت ابوبکرؓ نے دریافت کیا تیری کیا شکایت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے اس نے جواب دیا کہ ہم مسلمان ہیں پھر ہمیں کیوں اسیر کیا گیا ہے۔ آپ نے کہا کہ تم لوگوں نے زکوۃ روک لی ہے ۔ اس خاتون نے کہا حقیقت یہ ہے رسول اللہ کے زمانے سے یہ دستور چلا آرہا ہے کہ مالدار لوگ اپنے غربا کو زکاۃ ادا کرتے رہے ہیں۔ ہم اسی دستور کو باقی رکھنا چاہتے ہیں۔ مگر خالد نے اس التماس کو قبول نہ کیا۔ حاضرین میں سے کسی شخص نے کہا کہ اے امیر اس لڑکی کی باتوں کا خیال نہ کریں یہ ایسے ہی کہتی ہے ۔ آپ نے کہا کہ عہد رسول اللہؐ میں یہ قاعدہ تھا کہ اصحاب میں سے جو شخص کسی اسیر کے سر پر کپڑا ڈالتا تھا وہ اس سے منسوب کر دی جاتی تھی تم لوگ بھی ایسا ہی کرو۔ اس غرض سے دو شخصوں نے آگے بڑھ کر اس لڑکی کے سر پر کپڑا ڈالا تاکہ آپ کو اپنی زوجہ بنا سکیں۔ خولہ نے فرمایا خدا کی قسم یہ ہرگز نہیں ہو سکتا ۔ یہ امر محال ہے جو ممکن نہیں سوائے اس شخص کے جو میری ولادت کے حالات بتائے جو کلام میں نے پیدائش کے وقت کیا تھا وہ بیان کرے ۔ ایک شخص نے یہ بات سن کر کہا چونکہ یہ لڑکی اسیری کے عالم میں ہے اس لئے ایسی باتیں کرتی ہے۔ جو قطعی ناممکن ہیں ۔ خولہ نے جواب دیا کہ خدا کی قسم میں سچ بیان کرتی ہوں میری شادی صرف اس شخص سے ہی ممکن ہے جو یہ سب کچھ بیان کرے ۔

اتفاق سے کچھ دیر بعد حضرت علیؑ بھی تشریف لے آئے آپ نے اس لڑکی سے مخاطب ہو کر فرمایا تم کیا چاہتی ہو۔ اس نے اپنا مدعا بیان کیا آپ نے فرمایا غور سے سن ۔ جب تیرے پیدا ہونے کا وقت قریب آیا تو تیری ماں نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی تھی اے خدا مجھ کو اس [illegible] ولادت میں سلامتی فرما۔ اس کی دعا قبول ہوئی اور تو نے پیدا ہو کر کہا تھا ۔ لا الٰہ الا اللہ محمدؐ رسول اللہ اور کہا اے میری ماں میرا نکاح سردار حیدر سے کرنا جن سے میرے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوگا ۔ جو لوگ اس وقت وہاں موجود تھے وہ تیری باتوں سے متحیر ہوتے ۔ اور جو کچھ تجھ

سے سنا تھا اسے ایک تانبے کے ٹکڑے پر لکھا ہوا اس کو تیری ماں نے تیری پیدائش کے مقام پر دفن کر دیا ۔ جب اس پر موت کے آثار نمودار ہوئے تو مجھے اس کی حفاظت کرنے کی وصیت کی اور اسیر ہوتے وقت تو نے اس تانبے کے ٹکڑے کو کوشش سے نکال کر اپنے بازو پہ باندھ لیا اور سُن اس فرزند کا باپ علی بن ابی طالب ہوگا ۔

خولہ نے بازو پہ بندھے ہوئے اس ٹکڑے کو نکال کر سب کے سامنے ڈال دیا۔ تمام اصحاب رسولؐ موجود تھے جو کچھ آپ نے فرمایا تھا وہ اس پر درج تھا ۔ سب نے یک زبان ہو کر فرمایا قول رسولؐ ہے "شہر علم میں ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے" اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا ابوالحسن یہ لڑکی آپ کی امانت ہے آپ کے حق میں ہے آپ نے خولہ کو اسماء بنت عمیس کے سپرد کیا جو ان دنوں حضرت ابوبکرؓ کی زوجہ تھیں چند دنوں بعد جب خولہ کا بھائی آیا۔ بہن کی طرف سے وکیل ہوا اور پھر آپ حضرت امیر المومنین کے عقد میں آئیں

۵۸۔ ایک یتیم پر ظلم

جب بھی مشکل کا وقت آیا آپ نے ہی مشکل آسان فرمائی یہی وجہ ہے کہ آپ مشکل کشا ہیں یہ شرف آپ ہی کو حاصل ہے کہ آپ نے اپنے کشف سے محال امر کو آسان تر کر کے ظالم سے مظلوم کا حق دلایا۔ اس طرح کا ایک واقعہ حضرت عمرؓ کے دور میں پیش آیا جسے حضرت علیؑ نے اپنی روحانی [illegible] حل فرمایا۔ حضرت عمرؓ کے دور میں جناب ابو عبداللہ [illegible] وفات پائی آپ نے اپنے پیچھے [illegible] دینار اور ایک تین برس کا لڑکا چھوڑا۔ آپ کی بیوی نے آپ کے انتقال کے کچھ عرصہ بعد دوسری شادی کر لی۔ اس طرح وقت گزرتا گیا بچہ بھی پہلے سے سنبھل چکا تھا اپنے اچھے بُرے کی تمیز رکھتا تھا ایک دن اس نے دیکھا کہ وہ اپنے باپ کے چھوڑے ہوئے مال میں سے اس کی ماں اپنے شوہر کو کچھ درہم دے رہی ہے لڑکے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے جب اپنی ماں کی یہ حرکت دیکھی تو اس نے اپنی ماں سے احتجاج کیا۔ عورت نے اس وقت تو کچھ نہ کہا مگر دل میں سوچا کہ اس کا ابھی سے یہ حال ہے تو پتہ نہیں آگے چل کر یہ کیا کچھ کرے جس سے میری زندگی تلخ نہ ہو جائے اس نے اپنے موجودہ شوہر کے ساتھ مل کر یہ بات مشہور کر دی کہ میرا بیٹا نہیں ہے بلکہ ابو عبداللہ انصاری کا زرخرید غلام ہے بچہ کی شفقت و محبت سے پرورش کی تھی جس کی وجہ سے یہ لڑکا اس غلط فہمی کا شکار ہو گیا کہ میں اس کی سگی ماں ہوں جب اس لڑکے نے اپنی سگی ماں سے یہ کلام سنا تو اسے بہت دکھ ہوا۔ جس کی فریاد اس نے حضرت عمرؓ کے دربار میں پیش کی۔ امیر المومنین مجھے میری ماں سے میرا حق دلایا جائے میری ماں مرحوم باپ ماں کی رقم کو آہستہ آہستہ اپنے شوہر پر خرچ کر رہی ہے اس لئے مجھے میری سے میرا حق دلایا جائے۔ جب ماں کو اس کی اطلاع ملی تو اس نے چند لوگوں کو دولت کا لالچ دے کر جھوٹی گواہی کے لئے تیار کیا۔ اس کی ماں حضرت عمرؓ کے دربار میں پیش ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے اس کی ماں سے کہا کہ تو اپنے بیٹے کا حق کیوں نہیں دیتی۔ اس عورت نے جواب دیا کہ یہ لڑکا میرا حقیقی بیٹا نہیں ہے یہ ان کا زرخرید غلام ہے اسے میں نے اپنے اولاد کی طرح پالا ہے۔ اب بلاوجہ اپنا حق جتاتا ہے۔ گواہی میں چند لوگوں کو پیش کیا گواہی مکمل ہونے کے بعد اس عورت کو آپ نے بری کر دیا اور اس لڑکے کو قید میں ڈال دیا چند ہی دنوں میں یہ لڑکا قید میں بہت کمزور ہو گیا۔ ایک دن قید خانہ کے محافظ سے اس نے نہایت عاجزی کے ساتھ درخواست کی میرا اس قید خانے میں دم گھٹتا ہے خدا کے لئے مجھے کچھ دیر کے لئے باہر نکال دے تاکہ میں تازہ ہوا لے سکوں۔ اس محافظ کو اس لڑکے پر ترس آیا اور اس نے اس لڑکے کو کچھ دیر کے لئے باہر نکال دیا لڑکا قید خانے سے باہر سر جھکائے نہایت یاس حسرت مایوسی کے عالم میں بیٹھا تھا کہ اتفاق سے حضرت عمرؓ کے صاحبزادے کا گذر ہوا انہوں نے جب اس لڑکے کی یہ حالت دیکھی تو ترس کھا کر اس سے پوچھا کیا بات ہے جو تم اس قید خانے میں اس پریشانی

کی حالت میں بیٹھے ہو۔ اس لڑکے نے اپنی تمام کیفیت بیان کی تو آپ نے جواب دیا کہ تم حضرت علیؑ کے پاس چلے جاؤ۔ ان ہی وسیلے سے تمہیں اس تکلیف سے نجات مل سکتی ہے۔ لڑکے نے کہا کہ مجھے کون یہاں سے جانے دے گا آپ نے اپنی ضمانت پر اس لڑکے کو حضرت علیؑ کے گھر تک جانے کی اجازت دی۔ لڑکا گرتا پڑتا حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت علیؑ نے جب اس لڑکے کو اس حالت میں دیکھا تو نہایت شفقت و محبت سے پیش آئے اسے نہلا دھلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنائے فرمایا گھبراؤ نہیں خدا تمہیں تمہارا حق ضرور دلائے گا۔ اس لڑکے نے جناب کو اپنی تمام تفصیلات سے آگاہ کیا۔ آپ اس لڑکے کو ساتھ لیکر دارالشرع لے گئے حضرت عمرؓ بھی موجود تھے آپ نے فرمایا اس یتیم پر ظلم ہوا ہے حضرت عمر نے گذشتہ کارروائی بیان کی اور سکر ادئے اور فرمایا اس کی ماں کو دوبارہ طلب کیا جائے۔ عورت حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئی اس عورت نے وہی قول دہرایا۔ آپ نے اس عورت سے فرمایا کیا تو سچ سچ نہیں بتائے گی مگر عورت اپنے قول پر پختہ رہی آپ نے فرمایا خدا کے حکم سے ایسا معجزہ ظاہر ہو گا جو حق ہو گا وہ سب کے سامنے آجائے گا آپ نے فرمایا فصد کرنے والے کو بلایا جائے اور ایک طشت طلب کیا جب یہ چیزیں حاضر ہو گئیں تو آپ نے فرمایا کہ لڑکے کے دائیں ہاتھ سے اور عورت کے بائیں سے فصد کریں۔ دونوں کا طشت میں خون لیا گیا۔ آپ نے اس خون پر اسمائے حسنیٰ سے ایک اسم پڑھ کر دم کیا فوراً اس طشت سے آواز آئی۔ یا امیر المومنین میں اس لڑکے کی حقیقی ماں ہوں دنیاوی اغراض کے خاطر میں نے اسے اپنا بیٹا تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا میں نے اپنے بیٹے سے بیزاری کی تھی تمام حاضرین نے اس خون سے آواز سنی سب حاضرین متحیر ہو گئے پھر آپ نے فرمایا ان جھوٹے گواہوں اور اس عورت کو تعزیر دی جائے اور ابو عبداللہ کا ترکہ اس کے بیٹے کے سپرد کیا جائے آخر اس عورت نے بھی اعتراف کیا۔

ایک لڑکی کی فریاد (۵۹)

ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ مدینہ میں ایک شخص جس کا نام عبداللہ تھا رہا کرتا تھا جو اہل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حجاز کا سردار تمام عرب میں کرم و سخا کی سبب مشہور و ممتاز تھا اس کی شان و شوکت دبدبہ کے لحاظ سے سب اس کی عزت و توقیر کرتے بکثرت بزرگانہ اسباب و ساماں موجود تھا۔ غرض کے ہر لحاظ میں اپنا ثانی نہ رکھتا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ خاندان مصطفےٰ کا دوستدار تھا اور حضرت علی امیر المومنین کی محبت پہ بے حد فخر و مباہات کیا کرتا تھا۔ اس کے دس بیٹے تھے جو اپنے باپ کی طرح کی شان و شوکت میں ممتاز مقام رکھتے تھے اس سردار کی ایک لڑکی تھی جو نہایت خوبصورت و جوان تھی اپنی پاکدامنی نیکو کاری اور عبادت کی وجہ سے کافی شہرت رکھتی تھی۔ خصوصی طور پر حب اہلبیت سے اس کا دل سرشار تھا۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ وہ خوبصورت لڑکی نہانے کی غرض سے پانی میں اتری تاکہ غسل کر کے عبادت الٰہی میں مشغول ہو۔ اتفاقاً ایک کرم اس کے رحم میں داخل ہوا۔ اس لڑکی کو ذرا بھر بھی خبر نہ ہوئی۔ وہ کرم روز بروز رحم میں پلنے اور بڑھنے لگا۔ اس سبب سے اسے تکلیف ہونے لگی اور یہ کرم اس حالت تک پیٹ میں بڑھ گیا کہ اس دوشیزہ کا پیٹ مثل حاملہ عورت لگنے لگا اور اسے حاملہ عورتوں جیسی تکلیف ہونے لگی۔ یہ بات گھر کی چاردیواری سے نکل کر عام لوگوں میں پھیلی اس پاک دامن لڑکی کے ہر طرف چرچے ہونے لگے۔ یہ لڑکی اپنی پاکدامنی کا یقین دلاتی مگر ایک بھی ایسا نہ تھا جو اس پر یقین کرتا کیونکہ ظاہر میں آنکھوں کے سامنے مثل حاملہ پیٹ تھا۔ الغرض کہ کوئی شخص بھی کان نہ دھرتا۔ آخر یہ خبر تصدیق کے ساتھ اس کے باپ اور بھائیوں کو پہنچی تو انہوں نے اپنا عمامہ زمین پر دے مارا۔ غم و غصہ میں اپنا لباس تار تار کر ڈالا اور کہا کہ میں اب عرب میں رسوا ہو گیا میری تمام عزت دبدبہ ختم ہو گیا میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہا۔ آخر انھوں نے فیصلہ کیا کہ اس لڑکی کے ٹکڑے کر دیئے جائیں تاکہ اس پاپ کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا جائے۔ سردار نے اپنی لڑکی کے گلے میں رسی ڈال کر گھر سے باہر نکالا۔ اس حال سے لڑکی پریشان حال ہوئی۔ اس پاکدامن نے آسمان کی طرف نظر اٹھا کر

بارگاہ الٰہی میں دعا کی۔ اے خدائے غیب دان تو میرے حال سے خوب آگاہ ہے۔ مجھ سے کوئی حرکت ایسی سرزد نہیں ہوئی۔ جس سے میں اس سزا و عذاب کی حقدار ہوں تو ہی جانتا ہے۔ میں کس غم و الم میں گرفتار ہوں۔ مریم بنت عمران کی پاکدامنی کا واسطہ پیغمبر آخر الزماں کی دختر نیک اختر کا واسطہ اس چادر کی حرمت کا واسطہ جس کا اشارہ توریت میں مذکور ہے مجھ کو اس تہمت سے چھڑا تو بہتر جانتا ہے میں نے کسی مرد سے قرابت حاصل نہیں کی پھر یہ عذاب مجھ پر کیوں میری عفت و عصمت تجھ پہ ظاہر ہے۔ میں موت سے نہیں ڈرتی۔ موت سب کو آنا ہے۔ مجھے اپنے باپ اور جوان بھائیوں کی رسوائی کا غم ہے وہ میری وجہ سے خلقت میں شرمسار ہو رہے ہیں میں ان کا یہ غم دیکھ کر پریشان ہوں جو میری وجہ سے ندامت و حسرت کے آنسو بہا رہے ہیں۔ اس لڑکی کے دل میں یکایک حضرت علیؑ امیر المومنین بن ابی طالب کا خیال آیا۔ ۔ ۔ کوفہ کی طرف منہ کر کے درد بھرے دل سے یوں فریاد کرنے لگی۔ اے میرے آقا میری خبر لیجئے۔ جلدی کیجئے آپ ہی میرے طبیب ہیں۔ میں بیمار ہوں۔ تیرے ہی شفاخانے سے مجھے دوائے شفا عطا ہو گی۔ عین اس وقت حضرت امیر المومنین کوفہ میں مجمع کثیر سے مسجد کے اندر خطاب فرما رہے تھے کہ ناگاہ عالم غیب سے اس لڑکی کا حال معلوم ہوا اور اس کی رہائی کے لئے ایک ہاتف نے تاکید کی۔ اس وقت اہل مجمع سے آپ نے فرمایا اے مومنین اس وقت ایک مشکل پیش آئی ہے جو باعث رنج و ملال ہے اور میرے بغیر اس کا حل ہونا محال ہے۔ اب میں اس عقدہ کو حل کرنے کے لئے مدینہ منورہ جاتا ہوں۔ وہاں سے واپسی پر اس کا حال بیان کروں گا۔ قنبرؓ نے آپ کے ساتھ جانے کی درخواست کی جو آپ نے منظور فرمائی اور قنبر سے فرمایا اٹھ اب جلدی کر۔ دیر کا موقعہ نہیں دیر کی صورت میں اک بے گناہ پر پتہ نہیں کیا گذرے۔ الغرض آپ وہاں سے روانہ ہوئے اور جتنی دیر میں آصف برخیا تخت بلقیس کو سبا سے اٹھا کر سلیمان کے دربار میں لائے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس سے بھی جلدی جناب امیر مدینہ میں پہنچ گئے۔ جب مدینہ پہنچے اس وقت عام ہل چل پریشانی وغوغا کے آثار نمایاں تھے۔ اس لڑکی کے چرچے عام تھے اس ہجوم میں سردار اور اس کے دس جوان بہادر بیٹے ننگی تلواریں لئے اس لڑکی کے ٹکڑے کرنے کے درپہ تھے۔ اور لڑکی غم سے نڈھال آنسو بہائے جا رہی تھی۔ آپ وہاں پہنچے ان سب کو فرمایا خبردار اس لڑکی کو کوئی قتل نہ کرے یہ پاکدامن ہے اس نے کوئی گناہ نہیں کیا۔ تمام حاضرین آپ کی آمد سے متوجہ ہوئے لڑکی کے باپ نے فوراً آپ کے قدموں میں حاضری دی اور عرض کی اس لڑکی کی وجہ سے میں کہیں کا نہیں رہا۔ میری سرداری۔ میری شان۔ میری عزت سب تباہ و برباد ہو کر رہ گئی ہے۔ میں کہیں کا نہیں رہا۔ حضرت امیر المومنین نے نہایت لطف و مہربانی کے ساتھ اسے اپنے قریب بلایا اور فرمایا تو اس بات سے غمگین نہ ہو۔ کسی قسم کا غم نہ کر۔ تیری لڑکی گناہ کی آلائش سے قطعی پاک ہے۔ دیکھو ۲۷ مثقال وزن کا ایک کرم اس کے رحم میں داخل ہوا ہے جو اس کی ذلت اور رسوائی کا باعث بنا ہے۔ آپ نے فرمایا اب سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ اہل مدینہ سے مخاطب ہو کر فرمایا تم اس پاکدامن لڑکی پر کیچڑ اچھالتے ہو۔ یہ پاکدامن ہے آپ نے ایک طشت طلب فرمایا۔ اور کہا کہ اسے برسات اور برف کے پانی سے بھر لاؤ۔ حاضرین نے عرض کی اس موسم میں نہ بارش ہے نہ برف۔ جناب امیر نے اپنی انگشتری مبارک کا نگینہ آسمان کی طرف بلند کیا۔ فوراً حکم خدا سے دو سیاہ بادل کے ٹکڑے ظاہر ہوتے اور برسنا شروع کیا۔ اور اس طشت کو برسات کے پانی سے بھر دیا۔ بعد ازاں اوپر کی طرف سے برف کا ایک ٹکڑا نمودار ہوا۔ پھر آپ نے کچھ لوسن منگا کر پانی اور برف میں ملایا اور حکم دیا کہ اس جنگل میں ایک خیمہ کھڑا کر دیں اور اس لڑکی کو اس طشت میں بٹھا دیں۔ پھر سب خدا کی قدرت کی طرف متوجہ ہوں جب تمام کام حضرت کے مطابق ہوتا چلا گیا تو وہ کرم لڑکی کے رحم سے نکل کر پانی

میں آ پڑا۔ اس طرح اس پاک دامن عورت کو اس عذاب سے نجات ملی جب ترازو میں اس کو تولا گیا تو اس کا وزن ٹھیک بہتر مثقال نکلا آخر اس لڑکی کے باپ اور بھائیوں کو اس پریشانی سے نجات دلائی اور سب خوشی خوشی اپنے گھروں کی طرف چلے گئے سردار اور اس کے بیٹے آپ کی مدح و ثنا تو پہلے ہی سے کرتے تھے اس نجات کے بعد یہ سب ہر وقت آپ کی مدح ثنا و آل محمد کے فضائل بیان کرتے رہتے۔

بعض منافقین ۶۰

خطیب اہل سنت محمد افتخار الحسن اپنی کتاب خاک کربلا تفسیر روح البیان جلد ۲ صفحہ ۱۵۰ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب مدینہ منورہ کے بعض منافقین نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب پر اعتراض کیا تو حضرت علی امیر المومنین کو پتہ چلا تو آپ نے سارے شہر میں منادی کرا دی جب مدینہ کے تمام لوگ مسجد نبوی میں جمع ہو گئے تو آپ نے منبر رسولؐ پر تشریف فرما ہو کر حاضرین سے خطاب کیا۔ اے مدینہ والو! تم میں سے بعض نے میرے نبیؐ کے علم غیب پر اعتراض کیا ہے۔ سفر میں نبیؐ نہیں علیؑ ہوں۔ نبی کا غلام ہوں۔ جو کچھ تم کو پوچھنا ہے مجھ سے پوچھو میں تمہیں عرش اعظم کی باتیں بھی بتاؤں گا۔ جب آپ نے یہ دعویٰ فرمایا تو آزمائش کی خاطر ایک آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی اے علیؑ کیا آپ نے کبھی اپنے رب کو دیکھا ہے حیدر کی علمی جلالت جوش میں آئی اور فرمایا خدا کی قسم میں ایک سجدہ کرتا ہوں دوسرا اس وقت تک نہیں کرتا جب تک کہ خدا کو نہ دیکھ لوں۔

حضرت جبرئیل کا سوال ۶۱

خطیب اہل سنت محمد افتخار الحسن فیصل آباد اپنی کتاب خاک کربلا میں نزہتہ المجالس جلد ۲ صفحہ ۲۱۰ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں حضرت علیؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنین کا ہمیشہ یہی دعویٰ رہا کہ جو کچھ پوچھنا ہے مجھ سے پوچھو اس طرح آپ نے ایک مرتبہ بھرے مجمع میں فرمایا مجھ سے پوچھو اور میں زمین و آسمان کی ہر چیز جانتا ہوں۔ حضرت جبرئیلؑ انسانی صورت میں اس مجمع میں تشریف لائے اور آپ سے فرمایا اگر آپ اپنے دعویٰ اور علم میں سچے ہیں تو بتاؤ اس وقت جبرئیلؑ کہاں ہیں۔ حضرت علیؑ نے زمین و آسمان پر نظر ڈالی مگر آپ نظر نہ آئے۔ مشرق و مغرب۔ جنوب و شمال چاروں طرف دیکھا وہاں بھی نظر نہ آئے۔ فضاؤں میں تلاش کیا وہاں بھی نظر نہ آئے۔ آپ نے سوال کرنے والے کی شکل پر نظر ڈالی تو مسکرا دیئے۔ فرمایا جبرئیلؑ تم ہی ہو۔ جب آپ کی یہ معجزہ نمائی دیکھی تو کسی نے پوچھا آخر اتنا علم آپ کے پاس کہاں سے آیا یہ اس لعاب نبیؐ کا اثر ہے جو میں نے اس دنیا میں آنے کے بعد سب سے پہلے تناول فرمایا تھا۔

حضرت جبرئیلؑ کا فخر ۶۲

حضرت امام حسن سے روایت ہے کہ ایک رات والد بزرگوار امیرالمومنین نے فرمایا کہ اے بیٹا گھر میں پانی موجود نہیں اور مجھے غسل کی ضرورت ہے امام حسن فرماتے ہیں رات بڑی اندھیری تھی میں اٹھ کر پانی لینے گیا۔ اسی اثنا میں ایک ہاتف نے آواز دی اے امیرالمومنین پانی کا طشت لیجئے۔ میں یہ طشت بہشت عنبر سرشت سے لایا ہوں۔ پس حضرت نے اس سے طہارت کی اور نماز تہجد میں مصروف ہو گئے جب میں پانی لے کر واپس آیا دیکھا کہ آپ نماز میں مشغول ہیں۔ میں نے عرض کی پدر بزرگوار پانی کہاں سے آیا۔ فرمایا حق تعالیٰ نے پانی کا طشت بھیجا تھا۔ اور جب میں غسل سے فارغ ہوا تو کوئی یوں پکار رہا تھا۔ اے علیؑ تیرے مانند کون ہو سکتا ہے غسل کے لئے پانی بہشت سے لاتا ہے۔ نیز جبرئیل نے مجھ سے مجھ کو فرشتوں کے درمیان بڑا فخر حاصل ہوا اور میں

قیامت تک اس شرف پر فخر و مباہات کرتا رہوں گا۔

ایک سوداگر کی امانت ۶۳

حضرت ابوبکرؓ صدیق کے زمانہ خلافت میں ایک سوداگر ہزار دینار حضرت ابوبکرؓ کے سپرد کر کے حج کو گیا۔ جب کچھ مدت کے بعد مدینہ واپس آیا تو آپ انتقال فرما چکے تھے اور حضرت عمرؓ آپ کے جانشین ہو چکے تھے۔ سوداگر نے دارالشرع میں آ کر ہزار دینار کا مطالبہ کیا۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ مجھے اس بات کی کچھ خبر نہیں۔ بی بی عائشہؓ سے تحقیق کرنا چاہتے مگر انھیں بھی کچھ معلوم نہ تھا۔ سوداگر نہایت پریشان ہوا۔ پرانی واقفیت کی بناء پر حضرت سلمانؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور تمام حال بیان کیا۔ سلمانؓ اس سوداگر کو لیکر حضرت علیؑ بن ابی طالب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ سوداگر نے اپنا تمام حال امیرالمومنین کی خدمت میں بیان کیا۔ امیرالمومنین نے محمد سید المرسلینؐ میں تشریف لا کر حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ بی بی عائشہؓ سے اجازت لو تاکہ جس جگہ امانت دفن ہے میں اس جگہ کا نشان دوں۔ یہ سنکر حضرت عمرؓ نے فرمایا ابوالحسن کیا حضرت ابوبکرؓ آپ کو اس راز سے آگاہ فرما گئے تھے۔ آپ نے فرمایا جب تم سے ہی یہ بات انہوں نے نہیں کہی تھی پھر مجھے کس طرح بتاتے لیکن خالق اکبر نے زمین کو حکم فرمایا ہے کہ مشرق سے مغرب تک جو واقعات اس پر گذریں وہ مجھ سے بیان کر بعد ازاں آپ دیگر اصحاب کے ہمراہ بی بی عائشہؓ کے گھر پر تشریف لے گئے اور ایک جگہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اس جگہ کو قد آدم کھود دیں۔ جب مقررہ حد تک کھودا گیا تو ایک برتن برآمد ہوا تو اس میں ہزار دینار تھے اس طرح امیرالمومنین حضرت علی بن ابی طالب کے طفیل یہ امانت حقدار کو پہنچی تمام حاضرین آپ کے کشف کی داد دینے لگے سب نے تعریف کی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت اویس قرنیؓ ۶۴

ابن عباس سے منقول ہے کہ جب حضرت علیؑ امیر المومنین عہد و میثاق لینے کے لئے مقام ذی قار میں فرد کش ہوئے۔ فرمایا کل صبح ہزار مرد کوفہ سے ہمارے پاس پہنچیں گے۔ میں متفکر ہوا کہ مبادا کم اور زیادہ نہ ہوں اور لوگ بے اعتقاد ہو جائیں۔ اگلے روز صبح کو جب وہ لوگ آئے تو میں راستے میں جاکر شمار کرنے لگا نو سو ننانوے شخص آئے اور گزر گئے۔ میں نے اپنے دل میں کہا تعجب ہے کہ ایک آدمی کم ہوا۔ اتنے میں ایک شخص صوف کی قبا پہنے اور لڑائی کے آلات تن پر سجائے بیابان سے ظاہر ہوا اور آکر امیر المومنین کی خدمت میں عرض کی یا امیر المومنین وصی خیر المرسلینؐ اپنا دست حق پرست نکالیئے تاکہ آپ کی شرف بیعت کی برکت سے دونوں جہاں میں سرفراز اور ممتاز رہوں۔ حضور آپ کی طرف سے جنگ کر کے درجہ شہادت پر فائز ہوں۔ یہ سعادت اپنے ساتھ بہشت میں لے جاؤں امیر المومنین نے اپنا دست مبارک اسے دیکر فرمایا مجھے میرے بھائی محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی تھی کہ اویس نامی میری امت کے ایک مرد سے تمہاری ملاقات ہوگی جو خدا کا آزاد کردہ ہے اور قبیلہ ربیعہ اور مضر کے گوسفندوں کے بالوں کے شمار کے موافق میری امت کے آدمی اس کی شفاعت سے بہشت میں جائیں گے اور وہ شہید ہوگا جب کہ اہل بغاوت سے تمہاری لڑائی ہوگی۔ راوی کہتا ہے جب ہزار آدمی ٹھیک ہو گئے تو میں بہت خوش ہوا اور حضرت اویس قرنی جنگ صفین میں جناب امیر المومنین کی طرف سے شہید ہوئے۔

ایک کافر کی مشکل ۶۵

کوکب دری صفحہ ۱۷۱ پر فتوحات القدس کے حوالے سے درج ہے کہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ حیات میں شاہ ولایت پناہ حضرت علی امیر المومنین ایک روز مکہ معظمہ سے تن تنہا بغیر ذوالفقار کے سوار ہو کر نخلستان

کی طرف روانہ ہوئے جب کچھ دور نکل گئے تو یکایک ایک غبار اٹھا اور اس میں سے ایک سوار ظاہر ہوا۔ جو جنگی سپاہیوں کی طرح ہتھیار تن پر سجائے ایک طویل نیزہ ہاتھ میں لئے تلوار کمر پر جمائے آگے کی طرف بڑھ رہا ہے اس کی نظر حضرت علیؑ امیر المومنین پر پڑی۔ تو انتہائی غضب میں آکر پوچھا تو کون ہے۔ کہاں کا رہنے والا ہے اور تیرا نام و نسب کیا ہے جلد بیان کر ایسا نہ ہو کہ تو جلد ملک عدم کی راہ لے۔ حضرت علیؑ نے اس جواں مرد کا یہ کلام سنا تو فرمایا۔ تیزی کو چھوڑ دے کیونکہ شیر کو شکار کا ذرا بھی خوف نہیں ہوتا۔ غرور ترک کر اور اسلام کی طرف آجا تاکہ نجات پائے اور آخرت تیری سنور جائے اور تو ممتاز مقام پائے۔ یہ کلام سنکر کافر جوش میں آیا۔ اور نیزہ لے کر حملہ کیا۔ مشکل کشا نے پل میں اس جری جواں کا نیزہ چھین کر جنگل کی طرف پھینکا۔ کافر نے تلوار سنبھالی۔ مشکل کشا پر وار کیا۔ مشکل کشا نے تازیانہ سے تلوار کے دو ٹکڑے کر دیئے۔ کافر نے گرز اٹھا کر مارنا چاہا مشکل کشا نے چابکدستی سے ایک ہاتھ سے گرز کو پکڑا۔ اور کمر میں ہاتھ ڈال کر زمین سے اونچا اٹھا لیا۔ کافر بے بس ہو گیا۔ تب امیر المومنین نے پوچھا تو کون ہے کہاں کا رہنے والا ہے اور کیا کام کرتا ہے کافر کچھ دیر روتا رہا۔ جناب امیر المومنین نے فرمایا۔ شیر مرد موت سے نہیں ڈرا کرتے۔ تیرے رونے کا کیا باعث ہے۔ کافر نے عرض کی بیشک بہادر موت کے ڈر سے نہیں روتا۔ اور میرا رونا بھی موت کے ڈر سے نہیں ہے۔ میں اپنے یار کے وصال میں روتا ہوتا میرا نام رعد جنگی ہے۔ میں ممالک مغرب کا رہنے والا ہوں۔ میرا شمار وہاں کے بہادروں میں ہوتا ہے۔ بلاد مغرب میں ایک بادشاہ رفیع القدر و بلند مرتبہ حارث بن ربیع ہے۔ میں اس کا برادر زادہ ہوں۔ اس کے کوئی لڑکا نہیں جو اس کا جانشین ہو لیکن ایک بیٹی ہے جو فرطِ حسن و جمال سے خورشید منیر کو ذرہ حقیر سمجھتی ہے۔ میں ایک روز شکار کو گیا ہوا تھا اور شکار کی تلاش میں دوڑ دھوپ کر رہا تھا کہ لڑکی کو شکار گاہ میں دیکھ کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عاشق ہو گیا۔ جب میں گھر پہنچا تو طاقت طاق ہو گئی اور دل و جان سے اس کا
مشتاق ہو گیا۔ اپنے چچا کے پاس جا کر اس پیکرِ حسن و جمال کی خواستگاری کی۔
اس نے جواب دیا کہ اگر تو چاہتا ہے کہ میں تجھے اپنی لڑکی دیدوں اور تیری مراد کو بر
لاؤں۔ تو تن تنہا مکہ کا سفر کر اور وہاں جا کر علی بن ابی طالب کا سر لا۔ اگر یہ کام نہیں
کر سکتا تو دل سے یہ خیال چھوڑ دے۔ پس اس مہ جبیں کی آرزو میں ہتھیار بدن
پر سجا کر علی سے لڑائی کے لئے روانہ ہوا ہوں ایک مہینہ ہو چکا ہے رات دن سفر
میں ہوں اور اپنے دلدار کی آرزو میں اشک حسرت برسا رہا ہوں تم کو دیکھا تو خیال
کیا کہ تمہارا گھوڑا چھین لوں اور تم کو علیؑ کی تلاش میں بھیجوں تاکہ تم پتہ کر کے مجھے بتا دو
اور میری مشکل آسان ہو جائے لیکن مجھے کیا خبر تھی کہ تمہارے ہاتھوں گرفتار ہو جاؤں
گا اور حسرت میں ہی جان دیدوں گا۔ اے دلاور آفرین ہو تجھ پر تو نے مجھ جیسے
جری کو بغیر ہتھیار بے بس کر دیا۔ اے جوان تو کون ہے جس نے مجھے زیر کیا۔ علی
مشکل کشا اس جوان کی باتیں سنکر گھوڑے سے نیچے اُترے اور فرمایا اے شخص
میں ہی علی بن ابی طالب ہوں۔ میرے ہاتھ باندھ اور میرا سر قلم کر لے۔ اور اپنی
مراد پا۔ کیونکہ میں رضائے حق کا طالب ہوں اور کئی دفعہ اپنا سر دشمن کے حوالے
کر چکا ہوں۔ جب کہ میرے قتل سے تیرا کام بنتا ہے اور تیرا مطلب پورا ہوتا ہے
تو میں خدا کی رضا کے لئے تیری حاجت پوری کرتا ہوں۔ کافر نے جب یہ کلام سنا
تو اس پر اس قدر اثر ہوا کہ وہ آپ کی تعریف کرنے لگا۔ اور عرض کی آفرین ہے
آپ پر کبھی ایسا شخص میں نے نہیں دیکھا اور نہ ایسا کام کسی نے کیا ہے اور نہ
کوئی کر سکتا ہے۔ پس میں دل و جان سے اسلام کی طرف متوجہ ہوتا ہوں
اس کافر نے اسلام قبول کیا اور حضرت علیؑ کے ہاتھ پر بوسہ دیا۔ جناب امیرؑ
نے فرمایا غم نہ کھا۔ ذرا بھی فکر نہ کر۔ میں تیرا مطلوب تجھ کو پہنچاؤں گا اور اس
کو تیرا قرین و ہم نشین بناؤں گا۔ میرے گھوڑے پر بیٹھ جاؤ دونوں مل کر بلاد مغرب کو چلیں
اور وہاں جا کر تیرے مطلب کی بات کریں۔ پس وہ شخص آپ کے ہمراہ گھوڑے پر سوار ہوا

اور چشم زدن میں بلاد مغرب پہنچ گئے۔ اتفاقاً اسی بادشاہ کی لڑکی نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
کو خواب میں دیکھا اور آنحضرتؐ کی رہبری سے مسلمان ہو گئی اور اس بات پر
مامور ہوئی کہ کل حضرت علیؑ بن ابی طالب کا استقبال کرے اور ایمان کو تازہ کر کے
کلمہ شہادت زبان پہ جاری کرے۔ جب شہزادی بیدار ہوئی تو صبح سویرے
شہر سے نکل کر جنگل کو روانہ ہوئی۔ ناگاہ شاہ ولایت حضرت علیؑ بن ابی طالب
کے پاس پہنچی اور آپ کو دیکھ کر پھول کی طرح کھل اٹھی۔ اور نہایت ادب سے
عرض کی اے ابن عم رسولؐ اے زوج بتولؑ آپ پر میرا اسلام ہو بعد ازاں بیان
کیا یا علیؑ رات میں نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور میری
طرف آئے اور مسکرا کر فرماتے ہیں ہماری محبت اپنے دل میں قائم کر اور اسلام اختیار
کر تاکہ ہمیشہ کی دولت سے مالا مال اور سعادت ابدی سے خوشحال اور فارغ البال
ہو۔ میں نے کفر سے توبہ کی اور ایمان لاتی ہوں بعد ازاں حضرتؐ نے ارشاد فرمایا
کل میرا بھائی علی بن ابی طالب آئے گا اور تجھ کو حق کی طرف رہنمائی کرے گا اس
کے ہاتھ پر ایمان تازہ کرنا اور حق کی راہ میں داخل ہونا۔ شہزادی اپنا خواب
بیان کرنے کے بعد اسلام کی طرف متوجہ ہوئی اور از سر نو اسلام اختیار کیا۔ اسی وقت
گرد و غبار نمودار ہوا۔ ستاروں کی طرح بے تعداد لشکر سامنے آیا لڑکی نے عرض کی یہ
بادشاہ چتر فلک سا سر پر رکھے ہے۔ میرا باپ ہے۔ جو شکار سے آ رہا ہے جب شاہ ولایت
امیر المومنین نے یہ خبر پائی جھپٹ کر اس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے بادشاہ میں ہوں
علیؑ ابن طالب ابن عم رسولؐ خدا۔ اگر تو چاہتا ہے کہ آتش دوزخ سے امان پائے اور
گلشن فردوس میں داخل ہو تو کفر و ضلالت کو چھوڑ کر اسلام اختیار کر اس نے غضب
آلود ہو کر لشکریوں کو حکم دیا کہ اے بہادرو تلواریں کھینچ کر اس جوان کا کام تمام کر دو۔ لشکری
حکم ملتے ہی شاہ ولایت حضرت علیؑ امیر المومنین کی طرف متوجہ ہوئے سب نے مل کر
تلوار و سنان اور گرز سے حملہ کیا۔ حضرت نے رعد غراں کی طرح ایک نعرہ کیا کہ تمام
لشکر بیدست پا ہو گیا۔ اکثر تو بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑے۔ پھر جناب نے دلیرانہ جولانی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کر کے شاہِ مغرب کو زمین سے اٹھا لیا۔ وہ بادشاہ پکارا الامان اے شیر مردال اے شیر یزداں الامان یہ سنکر حضرت نے اس کو زمین پر چھوڑ دیا۔ اس بادشاہ نے کلمہ شہادت زبان سے جاری کیا اور صدق دل سے تمام سپاہ مسلمان ہو گئی اور سب مومن ہو گئے۔ بعد ازاں امیر المومنین نے رعد اور بادشاہِ مغرب کی بیٹی کو طلب فرمایا اور ان دونوں کا باہم عقد کر دیا پھر آپ مکہ کو روانہ ہو گئے۔

مسجد کا بار بار گر جانا۔ ۶۶

ابو بصیر۔ ابو عبد اللہؑ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے زمانہ خلافت میں مسلمان ساحل عدن پر ایک مسجد تعمیر کرنا چاہتے تھے۔ جب مسجد کی تعمیر سے فارغ ہوتے تو مسجد گر پڑتی۔ پھر بناتے پھر گر پڑتی مسلمان بڑے پریشان ہوئے آخر کار تمام مسلمان اس مشکل کو آسان بنانے کیلئے حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس کا سبب پوچھا آپ نے فرمایا قبلہ کی جانب سے دائیں اور بائیں زمین کھودی جائے وہاں تمہیں دو قبریں نظر آئیں گی جن پر یہ عبارت درج ہو گی۔ میں رضوی ہوں اور میری بہن حبا ہم عزیز جبار کے ساتھ شرک نہیں کرتے تھے۔ یہ دونوں موجود ہوں گی انہیں غسل و کفن کے بعد نماز جنازہ پڑھ کر دفن کر دینا پھر مسجد تعمیر کرنا وہ باقی رہے گی تمام مسلمانوں نے حضرت علیؑ کے حکم پر عمل کیا جیسا آپ نے فرمایا اس طرح انہیں وہاں پیش آیا اور آپ کے حکم پر عمل کرنے کے بعد جب مسجد تعمیر کی تو وہ اس جگہ قائم رہی پھر کبھی نہ گری۔

زنانہ لباس پہننے والا زانی۔ ۶۷

ابن عباس سے روایت ہے۔ حضرت عمرؓ ایک صبح نماز کے لئے مسجد پہنچے تو آپ نے دیکھا کہ ایک شخص محراب میں سویا ہوا ہے۔ آپ نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ اسے بیدار کیا جائے۔ غلام نے قریب جا کر دیکھا تو پتہ چلا کہ زنانہ لباس میں ایک سر کٹے ہوئے مرد کی لاش ہے۔ حضرت عمرؓ یہ دیکھ کر حیرت میں رہ گیا آپ کی سمجھ میں کچھ نہ آیا کہ آخر کار معاملہ کیا ہے اور یہ لاش اس حال میں یہاں کیسے پہنچی۔

آخر آپ اس معاملے کو سلجھانے کے لئے حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے تمام واقع کو حضرت علیؑ کے سامنے دہرایا آپ نے فرمایا فی الحال اس لاش کو دفن کر دیا جائے اور اس وقت کا انتظار کیا جائے جب نو ماہ بعد اس مقام پر ایک بچہ نظر آئے گا اس وقت تمام حال سب کے سامنے کھل کر آ جائے گا۔ حضرت عمرؓ نے آپ سے دریافت کیا یہ سب کچھ کیا ہے اور آخر نو ماہ بعد بچہ کہاں سے آئے گا آپ نے فرمایا مجھے میرے بھائی حبیبؐ خدا نے اس معاملے کی خبر پہلے ہی دی تھی۔ اس لئے وقت کا انتظار کیا جائے۔

وقت گذرتا گیا ٹھیک نو ماہ بعد ایک صبح حضرت عمرؓ مسجد میں داخل ہوئے اسی مقام پر جہاں کچھ عرصہ پہلے ایک سر کٹے ہوئے مرد کی لاش ملی تھی اسی محراب سے ایک بچے کے رونے کی آواز آئی۔ آپ قریب گئے اور اس بچہ کو گود میں اٹھا کر بے اختیار فرمایا بے شک اللہ کا رسولؐ بھی سچا ہے اور اس کے ابن عم بھی سچے ہیں آپ اس بچہ کو لیکر حضرت علیؑ کے پاس گئے حضرت علیؑ نے فرمایا اس بچہ کے لئے ایک انصار دایہ کا انتظام کیا جائے جو اس بچہ کو دودھ پلائے اور اس کا تمام خرچہ بیت المال سے ادا کیا جائے۔ آپ کے حکم کے مطابق ایسا ہی کیا گیا۔ کچھ عرصہ بعد عید رمضان آئی حضرت علیؑ نے فرمایا اس بچہ کو اچھی پوشاک پہنا کر عید کے دن مسجد میں لے جایا جائے اور دایہ کو حکم دیا کہ جو عورت اس بچہ کو پیار کرے اور یہ کہے۔ اے مظلوم۔ اے بسر مظلومہ۔ پس اس عورت کو میرے پاس لایا جائے۔ دایہ آپ کے حکم کے مطابق بچہ کو اچھی پوشاک پہنا کر مسجد لے گئی یکایک، دیکھا ایک خوبصورت لڑکی جانے لگی تو دایہ نے اس کا دامن پکڑ لیا اور کہا کہ میں تجھے حضرت علیؑ امیر المومنین کے پاس لے جاؤں گی۔ لڑکی پریشان ہوئی اور کہنے لگی خدا را ایسا نہ کر مجھے حضرت علیؑ کے سامنے نہ لے جا مجھے شرمندگی ہو گی۔ دایہ اس کو چھوڑنے پر راضی نہ ہوئی۔ آخر اس لڑکی نے دایہ کو کافی پیسوں اور اچھے کپڑوں کا لالچ دیا اور کہا کہ تو حضرت علیؑ کو کچھ نہ بتانا اور یہ بتانا کہ مجھے کوئی عورت ملی تھی اور اگر اس طرح تو عید الضحیٰ کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دن بھی مجھے اس بچہ سے ملادے گی تو میں تجھے اس سے زیادہ کچھ دوں گی۔ دایہ اس لالچ میں آگئی اور وعدہ کیا کہ میں حضرت علیؑ کے سامنے کچھ نہ بتاؤں گی۔ دایہ حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ حضرت علیؑ نے دریافت کیا تو دایہ نے جواب دیا کہ مسجد میں نہ تو کسی عورت نے اس بچہ سے پیار کیا اور نہ ہی کسی نے وہ الفاظ ادا کئے جو آپ نے ارشاد فرمائے تھے آپ نے دایہ کا کلام سننے کے بعد فرمایا تو سب کچھ جھوٹ کہہ رہی ہے سچ یہ ہے کہ وہ جوان لڑکی آئی تو نے اس کا دامن پکڑا اس لڑکی نے تیرے سامنے التجا کی اور تجھے انعام کا لالچ دیا اور تو مان گئی اور تو نے وعدہ کیا کہ میں عید الضحیٰ کے دن پھر اس بچہ کو لاؤں گی جس کے عوض وہ لڑکی تجھے بہت سا انعام دے گی آپ کی زبان مبارک سے سچ سننے کے بعد دایہ گھبرا گئی۔ عرض کی مجھے معاف فرمائیں اب میں کبھی جھوٹ نہ کہوں گی آپ حکم دیں تو میں اس عورت کو گرفتار کر کے آپ کی خدمت میں حاضر کروں آپ نے فرمایا نہیں اب تم عید تک انتظار کرو اب تمہیں ملے تو میرے پاس لے آنا۔ پس وقت گذرتا گیا۔ عید الضحیٰ کا دن آیا۔ دایہ بچہ کو اچھی پوشاک پہنا کر مسجد لے گئی۔ ابھی کچھ دیر ہی گذری تھی کہ وہ جوان لڑکی آئی اور بچہ کو اپنی گود میں لیکر پیار کرنے لگی دایہ نے اس کا دامن پکڑ لیا اور کہا کہ آج میں تجھے حضرت علیؑ کے پاس ضرور لے جاؤں گی۔ لڑکی نے لاکھ کہا مگر دایہ نہ مانی آخر دایہ اس لڑکی کو ساتھ لیکر حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ لڑکی حضرت علیؑ کے سامنے حاضر ہوئی آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا جو کچھ گذرا ہے میں بیان کروں۔ یا تم کرو گی۔ لڑکی نے عرض کی میں خود بیان کرتی ہوں۔

لڑکی نے بیان شروع کیا میرا باپ عامر بن سعد جو رسولؐ خدا کی ہمرکابی میں شہید ہوئے میری ماں حضرت ابوبکرؓ کے دور میں انتقال کر گئیں۔ میں تنہا رہ گئی۔ ہمسائے کی لڑکیوں کے ساتھ مانوس ہو کر ان ہی کے ساتھ وقت گذارتی رہی ہمسائے کے سب لوگ میرا بید خیال رکھتے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ میں ہمسائے کی چند انصار و مہاجر لڑکیوں کے ساتھ بیٹھی تھی کہ ضعیف عمر کی

عورت۔ ایک ہاتھ میں لٹھیا اور دوسرے ہاتھ میں تسبیح تھی ہماری طرف آئی سب لڑکیوں سے ملیں سب کا نام دریافت کیا سب کی خیریت دریافت کی آخر میں مجھ سے ملی میرا نام دریافت کیا۔ میں نے بتایا کہ میرا نام جمیلہ ہے۔ میرا باپ عامر بن سعد تھے جو شہید ہو چکے ہیں میری ماں بھی انتقال کر چکی ہیں اس بڑھیا نے پوچھا کیا تیری شادی ہوئی ہے میں نے کہا نہیں۔ یہ سنکر کہنے لگی تو کیسی لڑکی ہے کہ بغیر شوہر کے زندہ ہے میرے حالات سنکر رونے لگی اور مجھ سے ہمدردی جتانے لگی۔ مجھ سے کہنے لگی کہ اگر تو میری خدمت پسند کرے تو میں حاضر ہوں میں نے بھی ہاں کر دی اس بڑھیا نے کہا کہ میں ایک شفیق ماں کی طرح تیرا خیال رکھوں گی تجھے کوئی غم نہ ہونے دوں گی تیری ہر خوشی کا خیال رکھوں گی میں اس بڑھیا عورت کو اپنے گھر لے آئی ہر طرح سے وہ میرا خیال رکھتیں اور میں بھی ایک شفیق ماں کی حیثیت سے اس کا احترام کرتی اور اس کا ہر طرح سے خیال رکھتی جب روزہ انطار کا وقت آیا تو میں نے اس کے لئے مناسب کھانے کا انتظام کیا۔ بڑھیا اس کھانے کو دیکھ کر رونے لگی اور کہا اسے دختر میں تو اللہ والی ہوں میری یہ غذا نہیں مجھے تو صرف نمک اور جو کی روٹی چاہئے یہی میری خوراک ہے غرض کے اس بڑھیا نے ہر طرح سے اپنی پارسائی کا سکہ میرے دل میں اس طرح جما دیا کہ میں اسے اپنا نگہبان سمجھنے لگی ایک دن بڑھیا کہنے لگی کہ مجھے زمانے سے بڑا ڈر لگتا ہے تو تنہا رہتی ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ میں حاجت کے لئے باہر جاؤں اور تجھے کچھ ہو جائے اس لئے تجھے ایک اچھے ساتھی کی ضرورت ہے جو تیرا ہر طرح سے خیال رکھے۔ اگر تو اجازت دے تو میں اپنی بیٹی کو لے آؤں جو تیری ہم عمر ہے جو کہ انتہائی دانا۔ متقی و پرہیز گار و نمازی ہے۔ میں نے اس لڑکی کی اتنی تعریف سنی تو بے اختیار کہا کہ اسے فوراً لے آؤ۔ اس طرح میرا دل بھی بہل جائے گا اور اس کی صحبت سے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ بڑھیا میرے اصرار پر اسی وقت ہی اپنی بیٹی کو لینے کے لئے روانہ ہوئی کچھ دیر بعد تنہا ہی واپس آئی تو میں نے آتے ہی پوچھا میری بہن کو کیوں نہیں لائی۔ بڑھیا نے جواب دیا کہ میری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بیٹی۔ تنہائی پسند ہے اس کا سارا دن اللہ کی یاد میں گذرتا ہے۔ تیرے گھر میں اکثر مہاجر و انصار کی لڑکیاں آتی ہیں اس وجہ سے اس نے یہاں آنا پسند نہیں کیا بڑھیا کا یہ جواب سنکر میں اور زیادہ متاثر ہوئی اور میرے دل میں اس لڑکی سے ملنے کی تڑپ اور بڑھی میں نے بڑھیا سے وعدہ کیا کہ اب میں کسی کو اپنے گھر میں نہ آنے دوں گی۔ آپ فوراً جا کر میری بہن کو لے آئیں۔ بڑھیا میرے اصرار پر اسی وقت روانہ ہوئی کچھ دیر بعد ہی بڑھیا ایک جوان عورت کو اپنے ہمراہ لئے ہوئے اندر آئی اس عورت نے اپنے جسم کو چاروں طرف سے چھپایا ہوا تھا صرف اس کی دو آنکھیں نظر آ رہی تھیں۔ یہ جوان عورت دروازے پر آکر کھڑی ہو گئی میں نے کہا بہن اندر کیوں نہیں آتی بڑھیا نے جواب دیا یہ لڑکی بڑی حیا دار ہے اسے شرم آتی ہے اتنے میں یہ کہکر بڑھیا باہر چلی گئی کہ میں اپنے گھر کو تالا لگا کر ابھی آتی ہوں۔ بڑھیا کے جانے کے بعد میں نے اس عورت سے کہا

کہ بہن برقعہ اتار کر آرام سے بیٹھو یہ تمہارا اپنا گھر ہے اس عورت نے سر کے اشارے سے باہر کے دروازے کے لئے کہا کہ میں سمجھ گئی کہ دروازہ باہر کا کھلا ہوا ہے یہ چاہتی ہے بند کر دیا جائے میں دروازہ بند کر کے اندر کے کمرے میں داخل ہوئی وہ عورت اسی طرح کپڑا لپیٹے پلنگ پر بیٹھی تھی میں نے اپنے ہاتھ سے اس کی چادر کھینچ لی۔ چادر کھینچتے ہی یہ دیکھ کر میں پریشان ہو گئی کہ یہ عورت نہیں بلکہ سیاہ داڑھی والا ایک بلند قامت مضبوط جسم کا ایک مرد ہے میں اسے دیکھ کر آپے سے باہر ہو گئی۔

میں نے کہا کیوں مجھ یتیم پر ظلم کرتا ہے۔ خدا کا خوف کر کیوں میری رسوائی کرتا ہے کوئی دیکھ لے گا تو میں کہیں کی نہیں رہوں گی خدا کے لئے خاموشی سے یہیں سے نکل جا۔ لاکھ اس کی التجا کرتی رہی مگر اسے مجھ پر رحم نہیں آیا میں اس کے قریب سے اٹھ کر بھاگنا چاہتی تھی مگر اس ظالم نے اپنے مضبوط بازوؤں میں مجھے زور سے سمیٹ لیا اسے مجھ پر رحم نہیں آیا۔ میں اس کے قریب سے اٹھ کر بھاگنا چاہتی تھی مگر اس ظالم

نے اپنے مضبوط بازوؤں میں مجھے زور سے سمیٹ لیا اس نے مجھ پر اپنی گرفت مضبوط کر دی اور میں بے بس اور مجبور ہو گئی۔ چیخ و پکار اس لئے نہ کی کہ ہمسائے کے لوگ مطلع ہو جائیں گے اور میری رسوائی ہو گی میں اس کے جنگل میں بری طرح گرفتار ہو چکی تھی بالآخر اس ظالم نے مجھ پر ظلم کیا میری دوشیزگی کو بیباک کیا۔ یہ سیاہ مرد اپنی مستی میں مدہوش تھا۔ یکایک میں نے قریب پڑی ہوئی چھری سے اس پر وار کیا اور پہلے ہی وار میں اس کی گردن تن سے جدا کر دی۔ جب رات ہوئی تو نہایت خاموشی سے اس کی لاش مسجد کی محراب میں رکھ دی مجھے اس سے حمل ہوا۔ کئی مرتبہ حمل کو ساقط کرنے کا ارادہ کیا مگر خوف خدا سے ایسا نہ کر سکی۔ آخر یہ بچہ پیدا ہوا اسے بھی قتل کرنے کا سوچا مگر خوف خدا سے یہ نہ کر سکی آخر اس بچہ کو بھی اس محراب میں رکھ آئی۔

تمام حالات سننے کے بعد بے اختیار حضرت عمرؓ نے فرمایا خدا کے رسولؐ بھی سچے ہیں اور آپ کے بھائی بھی سچے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؑ سے دریافت کیا اب اس عورت کیلئے کیا حکم ہے۔ آپ نے فرمایا اس مقتول کا خون بہا کچھ نہیں کیونکہ یہ ایک گناہ عظیم کا مرتکب ہوا ہے۔ اس عورت پر کوئی حد نہیں کیونکہ اس کی رضامندی کے بغیر وہ شخص اس پر غالب ہوا۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا اس بڑھیا کو حاضر کیا جائے تاکہ خدا کے حق کو اس سے طلب کروں۔ حضرت علیؑ نے دایہ کو حکم دیا کہ بچہ کو اس کی ماں کے سپرد کیا جائے۔ دوسرے دن تلاش کے بعد اس بڑھیا کو حضرت علیؑ کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ بڑھیا نے جمیلہ کو پہچاننے سے انکار کر دیا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا اے بڑھیا کیا تو قسم کھاتی ہے کہ تجھے اس واقعہ کا کوئی علم نہیں۔ بڑھیا نے کہا ہاں میں روضۂ رسولؐ کی قسم کھا کر کہتی ہوں مجھے اس واقعہ کا کوئی علم نہیں۔ بڑھیا نے روضۂ رسولؐ کی جھوٹی قسم کھائی۔ جھوٹی قسم کھاتے ہی بڑھیا کا چہرہ سیاہ ہو گیا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا اے بڑھیا اپنا چہرہ آئینہ میں دیکھ جب بڑھیا نے اپنے سیاہ چہرہ دیکھا تو فریاد کرنے لگی۔ اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حقیقت کا اعتراف کیا کہ میں سب کچھ جانتی ہوں اور میری ہی وجہ سے سب کچھ ہوا ہے اب مجھے معاف فرمائیں میں اپنے کردار سے تائب ہوں۔ حضرت علیؑ نے دعا فرمائی اے خدا اگر یہ عورت سچ کہتی ہے اور در حقیقت تائب ہوئی ہے تو اسے پہلے حال پر پلٹا دے۔ مگر اس کے چہرے کی سیاہی ختم نہ ہوئی۔ تب حضرت علیؑ نے فرمایا اے ملعونہ تو کس طرح تائب ہوئی ہے کہ خدا نے تجھے معاف ہی نہیں کیا۔ پھر آپ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا اس بڑھیا کو مدینہ سے باہر لے جا کر رجم کریں۔

۶۸ کھجور کا درخت

جابر بن عبداللہؓ روایت کرتے ہیں کہ میرا ایک فرزند مشکل بیماری میں مبتلا ہو گیا تھا۔ میں نے حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی آپ اس کے متعلق دعا فرمائیں۔ رسولؐ خدا نے فرمایا علیؑ سے کہو "علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں"۔ جابر کہتے ہیں علیؑ کے متعلق میرے دل میں تھوڑا سا شک گذرا مجھے معلوم ہوا کہ علیؑ قبرستان میں تشریف فرما ہیں میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نماز پڑھ رہے تھے جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے سلام عرض کیا اور جو رسولؐ خدا سے بات ہوئی تھی وہ عرض کی آپ نے فرمایا ہاں یہ بات درست ہے آپ کھڑے ہوتے اور کھجور کے درخت کے پاس گئے۔ آپ نے فرمایا اے کھجور میں کون ہوں۔ جابر کا بیان ہے۔ کھجور کے کراہنے کی آواز میں نے سنی۔ کھجور کہہ رہی تھی۔ آپ امیر المومنین ہیں رب العالمین کے رسولؐ کے وصی ہیں آپ آیت کبریٰ ہیں۔ آپ حجت کبریٰ ہیں یہ کہہ کر کھجور خاموش ہو گئی۔

حضرت میری طرف متوجہ ہوتے فرمانے لگے اے جابرؓ اب تمہارے دل سے شک دور ہو گیا اور تمہارا ذہن صاف ہو گیا جو کچھ تم نے کھجور سے سنا اس کو پوشیدہ رکھنا اور نافہم سے چھپائے رکھنا۔

۶۹ کچھوے کی صورت

جناب عمارؓ روایت کرتے ہیں میں امیر المومنین کی خدمت میں حاضر تھا۔ ایک آدمی حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرض کرنے لگا میری تکلیف دور فرمائیے مجھے اس پریشانی سے نجات دلائیے آپ نے فرمایا تجھے کیا تکلیف ہے اس شخص نے عرض کی ضیرفی نامی ایک شخص نے میری عورت چھین لی ہے یا حضرت میں آپ کا ماننے والا ہوں آپ نے فرمایا اس فاسق اور فاجر کو میرے پاس لاؤ۔ میں اس کو بلانے کے لئے باہر روانہ ہوا وہ بازار میں اپنے دوستوں سے بات چیت کر رہا تھا میں نے اسے امیر المومنین کے سامنے لا کھڑا کیا اس وقت امیر المومنین کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی۔ جب ضیرفی حضرت کے سامنے کھڑا ہوا تو یہ کہنے لگا پوشیدہ باتیں کون جانتا ہے۔ ضمائر کا علم کس کو ہے اوہام کی خبر کس کو ہے یہ سب باتیں میں جانتا ہوں (اے علیؑ) جو آپ کے سامنے ذلت کی حالت میں کھڑا ہوا ہے۔

حضرت امیر المومنین نے فرمایا او لعین بن لعین زنیم بن زنیم کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ میں آنکھ کی خیانت اور دل کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہوں۔ میں اللہ کی زمین پر اس کے بندوں پر حجت خدا ہوں۔ تم مومنین کی حرمت کی ہتک کرتے ہو اور میری فوری سزا اور اللہ کی دیر میں آنیوالی سزا سے بچ جاؤ گے۔ فرمایا اے عمارؓ اس کے کپڑے اتار دو میں نے آپ کے حکم کی تعمیل کی۔ حضرت اس کی طرف بڑھے اور فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے دانہ کو شگافتہ اور روح کی جان بخشی مومن کا بدلہ تیرے سوائے کوئی نہیں لے سکتا۔ حضرت نے اپنی چھڑی کو اس کی تلی کے مقام پہ لگاتے ہوئے فرمایا مسخ ہو جاؤ خدا تم پر لعنت کرے۔ عمارؓ اور دیگر صحابہ نے دیکھا کہ خدا نے اس کو کچھوے کی صورت میں مسخ کر دیا حضرت نے اس سے فرمایا تمہارا ٹھکانہ جنگل اور بیاباں ہوں گے جہاں اللہ تعالیٰ تمہیں چالیس دن بعد کبھی پانی کا گھونٹ میسر کرے گا پھر حضرت نے یہ آیت تلاوت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرمائی ترجمہ (تم ان لوگوں کو جانتے ہو جو تم میں سے تھے جنھوں نے ہفتہ کے روز زیادتی کی تھی ہم نے ان سے کہا بندروں کی صورت میں مسخ ہو جاؤ۔ ہم نے ان کے اس وقت اور آنیوالے لوگوں کے لئے عذاب بنایا پرہیز گاروں کے لئے نصیحت ہے)

غطرفہ جن کی شکل (۷)

سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم البطح میں تشریف فرما تھے آپ کے پاس آپ کے اصحاب کی ایک جماعت موجود تھی آپؐ ہم سے باتیں فرما رہے تھے ہم نے دیکھا کہ ہوا کا بگولہ بلند ہوا۔ گرد وغبار بلند ہونا شروع ہوا۔ بگولہ رسولؐ اللہ کے سامنے آکر رک گیا اس بگولے سے ایک شخص باہر نکلا اور کہنے لگا۔ اے اللہ کے رسولؐ میں اپنی قوم کا قاصد بن کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ آپ اپنا ایک ایلچی ہمارے ساتھ روانہ فرمایئے جو میری قوم کے پاس جاکر ہمارے درمیان حکم خدا اور کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کرے کیونکہ بعض نے ہمارے ساتھ بغاوت کردی ہے۔ رسولؐ خدا نے فرمایا تم کون ہو۔ تمہاری قوم کا کیا نام ہے۔ اس نے عرض کی میرا نام غطرفہ بن تسمراج ہے میں بنو نجاح کا ایک فرد ہوں۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو رسولؐ بنا کر مبعوث کیا تو ہم آپ پر ایمان لائے ہیں۔ جو بات آپ نے بتائی ہے ہم نے اس کی تصدیق کی ہے۔ کچھ لوگوں نے ہماری مخالفت کی ہے اس وجہ سے ہمارے اور ان کے درمیان اختلاف ہو گیا ہے اور وہ ہم سے تعداد اور قوت میں زیادہ ہیں۔ انھوں نے ہمارے چشموں اور چراگاہوں پر قبضہ کر لیا ہے ہمیں نقصان پہنچاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ اپنا آدمی ہمارے ساتھ فرمائیں جو ہمارے درمیان عدل وانصاف سے فیصلہ صادر کر دے۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا تم اپنے چہرے سے نقاب اٹھاؤ تاکہ ہم تمہاری اصلی شکل دیکھ لیں۔ سلمانؓ کا بیان ہے

اس نے اپنی اصلی صورت ظاہر کی۔ ہم نے اس کو ایک ایسے شخص کی صورت میں دیکھا جس کے جسم پر بہت سے بال تھے سر لمبا تھا۔ آنکھیں چوڑی تھیں۔ اس کی دونوں آنکھیں پیشانی پر تھی۔ اس کے دانت پھاڑنے والے جانوروں کی طرح تھے۔

رسولؐ خدا غطرفہ کو دیکھنے کے بعد باری باری اپنے اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے مگر کسی کو اتنی ہمت نہ ہوئی کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرتا۔ آخر رسولؐ خدا نے حضرت علیؑ کو طلب فرمایا۔ اور فرمایا اے علیؑ تم غطرفہ کے ساتھ چلے جاؤ اس کی قوم کے پاس جاکر چھان بین کرو اور ان کے درمیان صحیح فیصلہ کردو۔ امیر المومنین حضرت علیؑ تلوار لگا کر غطرفہ کے ساتھ چل دیئے سلمانؓ کا بیان ہے کہ میں ان دونوں کے پیچھے چلتا رہا حضرت ایک وادی کے درمیان پہنچ گئے تو حضرت نے میری طرف دیکھا اور فرمایا اے ابو عبداللہ۔ اللہ تعالیٰ تیری کوشش کا شکر گذار ہے۔ اب تم واپس جاؤ سلمان کا بیان ہے کہ میں رک گیا دونوں ۔ زمین شگافتہ ہوگئی اور دونوں زمین کے اندر چلے گئے۔ زمین پہلے کی طرح جڑ گئی پھر میں واپس روانہ ہو گیا۔ لیکن میرا دل امیر المومنین کی ہلاکت کے خوف سے حسرت اور یاس میں مبتلا تھا۔ رسولؐ خدا نے صبح کے وقت لوگوں کو نماز پڑھائی اور کوہ صفا پر آکر تشریف فرما ہو گئے۔ امیر المومنین کے آنے میں تاخیر ہو گئی دن بلند ہو چکا تھا۔ لوگوں نے کئی قسم کی باتیں شروع کر دیں۔ یہاں تک کے عصر کا وقت آگیا۔ رسولؐ اللہ نے نماز عصر ادا فرمائی پھر آکر کوہ صفا پر تشریف فرما ہوئے۔ سورج ڈوبنے کا وقت قریب آگیا۔ اسی اثنا میں کوہ صفا شگافتہ ہوا اور امیر المومنین نمودار ہوئے۔ آپ کی تلوار سے خون کے قطرے ٹپک رہے تھے اور غطرفہ جن بھی آپ کے ہمراہ تھا۔ رسولؐ اللہ نے آگے بڑھ کر علیؑ کی دونوں آنکھوں اور پیشانی کا بوسہ لیا اور فرمایا اے علیؑ اس وقت تک آپ کو کس نے روک لیا تھا۔ حضرت علیؑ نے عرض کی جو منافق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے انھیں میں نے تین باتوں کی دعوت دی لیکن انھوں نے انکار کیا۔ میں نے اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کی دعوت دی آپ کی نبوت کی دعوت دی انھوں نے انکار کیا میں نے انھیں جزیہ ادا کرنے کو کہا (۱) سے بھی انھوں نے انکار کیا بعض چراگاہیں چشمے عطرفہ اور اس کی قوم کے تھے اس کی واپسی کے متعلق ان سے کہا اس سے بھی انھوں نے انکار کیا۔ تب میں نے تلوار کے ذریعے ان سے جہاد شروع کر دیا بہت سوں کو قتل کیا جب انھوں نے دیکھا کہ بھاگنے کی کوئی صورت نہیں تو امان اور صلح پر آمادہ ہو گئے پھر ایمان لا کر آپس میں بھائی بھائی ہو گئے اس وقت تک ان میں جتنے جھگڑے تھے وہ سب ختم ہو گئے ہیں۔ عطرفہ عرض کرنے لگا۔ ہماری طرف سے رسول اللہ اور امیرالمومنین کو اللہ تعالیٰ بہترین بدلہ دے۔

شہد کی مکھی ۷۱

حضرت جابر بن عبد اللہ رضؓ سے روایت ہے کہ میں ایک دن اللہ کے رسولؐ اللہ کے ساتھ ایک گلی میں جارہا تھا۔ علیؑ کا ہاتھ رسول اللہ کے ہاتھ میں تھا۔ ہمارا گذر ایک شہد کی مکھی کے پاس سے ہوا۔ مکھی نے چلا کر کہا یہ (محمدؐ) ہیں جو انبیاء کے سردار ہیں یہ علیؑ ہیں جو اوصیاء کے سردار ہیں پھر ہمارا گذر ایک اور شہد کی مکھی کے پاس سے ہوا۔ مکھی نے چلا کر کہا یہ (محمدؐ) ہدایت یافتہ ہیں یہ علیؑ ہدایت کرنے والے ہیں پھر ہم ایک اور شہد کی مکھی کے پاس گذرے۔ مکھی نے چلا کر کہا یہ محمدؐ ہیں جو اللہ کے رسول ہیں اور یہ ہیں علیؑ جو اللہ تعالیٰ کی تلوار ہیں۔ نبیؐ نے فرمایا اے علیؑ اس کا نام صیحانی ہے رکھو اس دن سے اس کا نام صیحانی پڑ گیا۔

بددعا کا اثر ۷۲

علامہ جلال الدین سیوطی کی تاریخ الخلفاء کے حوالے سے بیان کیا جارہا ہے کہ حضرت علیؑ کرم اللہ

وجہہ نے ایک شخص سے کچھ فرمایا۔ اس شخص نے آپ کی بات کو جھٹلایا تو آپ نے فرمایا اگر تو جھوٹا ہے تو میں تیرے لئے بددعا کروں گا اس شخص نے کہا آپ ضرور کریں چنانچہ آپ نے اسی وقت اس شخص کے لئے بددعا کی وہ شخص اپنی جگہ سے ہلا بھی نہ تھا کہ اندھا ہو گیا۔

حدیث چھپانے کا انجام ۷۳

زید بن ارقم رضؓ کہتے ہیں کہ جناب حضرت علی امیرالمومنین نے لوگوں سے قسم دیکر پوچھا کہ جس نے غدیر کے روز حدیث سنی ہے وہ کھڑا ہو کر بیان کرے لوگوں میں صرف بارہ بدری صحابی اٹھ کھڑے ہوئے اور انھوں نے اس کی گواہی دی۔ زید بن ارقم کہتے ہیں میں بھی ان لوگوں میں تھا جنھوں نے اس حدیث کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا پس میں نے اس کو پوشیدہ رکھا۔ پس خدا نے مجھے اندھا کر دیا زید بن ارقم اس حدیث کی گواہی نہ دینے پر نادم رہے تمام عمر توبہ کرتے رہے اسی طرح انس بن مالک بھی ان لوگوں میں سے تھے جنھوں نے اس حدیث کو رسولؐ اللہ سے سنا تھا مگر انھوں نے بھی اس حدیث کو پوشیدہ رکھا۔ اس پر حضرت علیؑ نے فرمایا اگر یہ جھوٹ کہتے ہیں تو ان کی پیشانی پر برص کا ایسا داغ لگا دے کہ وہ عمامہ سے نہ چھپ سکے۔ طلحہ بن عمیر کہتے ہیں کہ خدا کی قسم میں نے اس برص کے نشان کو ان کی پیشانی پر دیکھا تھا جس کو ان کا عمامہ بھی چھپا نہ سکا۔

دیوار کا گرنا ۷۴

حضرت علیؑ کرم اللہ وجہہ کی روشن کرامات میں سے یہ بھی ہے جس کی روایت حضرت امام جعفر صادقؑ کرتے ہیں کہ جناب امیر کے سامنے دو آدمیوں نے اپنا جھگڑا پیش کیا۔ آپ ایک دیوار کے نیچے تصفیہ کے لئے بیٹھ گئے۔ ایک شخص کہنے لگا یا امیر المومنین یہ دیوار گر رہی ہے آپ نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرمایا تو چلا جا خدا نگہبان ہے آپ ان دونوں کے درمیان تصفیہ کر کے اٹھے ہی تھے کہ دیوار گر گئی۔

مست اونٹ کا واقعہ ۷۵

کفایۃ المومنین میں ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں آذر بائیجان کے علاقہ میں ایک شخص رہتا تھا جس کی گذر بسر ایک اونٹ پر تھی ایک روز مستی کی حالت میں اونٹ مہار توڑ کر جنگل کی طرف نکل گیا اور باوجود کوشش کے قابو میں نہ آسکا۔ سب نے رائے دی کہ جا کر خلیفہ وقت سے اپنی پریشانی بیان کر تاکہ ان کی دعا کی برکت سے اونٹ واپس آجائے چنانچہ وہ شخص حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی پریشانی بیان کی آپ نے جواب دیا کہ تجھ کو استغفار پڑھنا چاہئے تاکہ تیرا مدعا حاصل ہو اس نے عرض کی یا امیر المومنین میں نے بہت کچھ کیا ہے مگر کچھ نہیں ہوا۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ نے ایک خط لکھ کر دیا اور فرمایا کہ اس کو اونٹ کے سامنے ڈال دے تیرا مدعا حاصل ہو جائے گا اس شخص نے ایسا ہی کیا اور خط کو اونٹ کے سامنے ڈال دیا۔ خط کا ڈالنا تھا کہ اونٹ نے اس پر حملہ کر دیا اور اس کا جسم زخمی کر دیا چند لوگوں نے اسے بڑی مشکل سے بچایا چند روز بیمار رہا صحت یاب ہونے کے بعد پھر حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اپنے چہرے کے زخم دکھلا کر پورا ماجرا بیان کیا اور التماس کی کہ مجھے اس پریشانی سے نجات دلائیں۔ آپ نے فرمایا حق تعالیٰ نے ہر کام کے لئے ایک شخص کو پیدا کیا ہے اے ابن عباس تم اس شخص کو علیؑ بن ابی طالب کے پاس لے جاؤ۔ چنانچہ یہ دونوں حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام ماجرا اس شخص نے بیان کیا۔ حضرت نے مسکرا کر فرمایا تیرا اونٹ ہے وہاں جا کر یہ دعا پڑھ۔

ترجمہ: بار الہا تیرے نبیؐ کا واسطہ جو نبی رحمت ہیں اور ان کے اہلبیت

کا واسطہ جن کو تو نے تمام عوام پر فوقیت دی ہے میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ اس مصیبت کی سختی کو میرے لئے آسان کر دے اور مجھ کو اس کے شر سے بچا اس لئے کہ تو ہی بچانے والا عافیت دینے والا ہے)

وہ شخص واپس چلا گیا۔ دوسرے سال جب حج کے لئے آیا تو اسی اونٹ پر بیٹھ کر آیا آپ نے فرمایا تیرا حال تو بیان کرے گا یا میں کروں۔ اس شخص نے عرض کی یا امیر المومنین آپ ہی کریں۔ فرمایا جب تیری اونٹ پر نظر پڑی تو نے وہ دعا پڑھی تھی تو اونٹ نہایت عجز و نیاز کے ساتھ تیرے سامنے بیٹھ گیا عرض کیا آپ نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔

حضرت علیؑ امیر المومنین نے فرمایا اے ابن عباسؓ اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے یا مال میں کچھ نقصان ہو یا اہل و عیال میں کوئی بیمار ہو تو خضوع و خشوع کے ساتھ اس کو چاہئے کہ دعا پڑھے اور اپنی حاجت طلب کرے خداوند کریم اس کی حاجت بر لائے گا۔

پتھر کا سونا ۷۶

بی بی فضہؑ ایک روز بازار سے لوہے کا ایک ٹکڑا اور کچھ ادویات خرید کر حضرت علیؑ مشکل کشا کی خدمت میں بیٹھ گئیں اور آپ کی خدمت میں عرض کی کہ میں ان ادویات کی مدد سے سونا بنانا چاہتی ہوں تاکہ اسے بازار میں فروخت کر کے اپنے بچوں کا پیٹ بھر سکوں فضہ کی عرض سنکر امیر المومنین مسکرائے اور فرمایا یہ سامنے جو پتھر پڑا ہے اسے اٹھا کر لاؤ۔ جب وہ پتھر لیکر آپ کے پاس پہنچیں تو آپ نے پتھر کی طرف اشارہ کیا پتھر یکدم سونے میں تبدیل ہو گیا۔ بی بی فضہ یہ دیکھ کر تعجب میں رہ گئیں پھر آپ نے زمین کی دیکھنے کو کہا آپ نے زمین کی طرف انگلی سے اشارہ کیا۔ زمین میں شگاف ہو گیا۔ فضہ نے دیکھا کہ سونے کی نہر جاری ہے یہ دیکھ کر انھیں مزید تعجب ہوا تب امیر المومنین نے ارشاد فرمایا۔ ہمارا فقر و فاقہ رضا الٰہی کے لئے ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ کہ کسی مجبوری کے سبب ہے ہم کو پروردگار عالم نے ہر چیز پر اختیار عطا فرمایا ہے ہم خود اس دنیا کی لذت کو ترک کر کے صرف عقبیٰ کی لذت حاصل کرتے ہیں پھر آپ نے فرمایا یہ تختی اور تھیرا اسی سونے کی نہر میں ڈال دو۔ اس کے بعد آپ نے اشارہ فرمایا تو شگاف بند ہو گیا۔ اس وقت جناب فضہ کو محسوس ہوا کہ وہ جس گھر میں آئی ہیں اس گھر کے افراد کس مرتبہ پر فائز ہیں اور کردار کی کس منزل پر ہیں۔

ایک ہاشمی سلطنت ۷۷

حضرت امیر المومنین نے ایک منظوم کلام میں فرمایا کہ دنیا میں بنی ہاشم کی ایک ہی حکومت رہ جائے گی جہاں آخر میں ایک ناتجربہ کار بے عمل اور دوسروں کے رحم و کرم و شورے پر زندگی بسر کرنے والا لڑکا حکمران ہوگا جس پر اس ہاشمی سلطنت کا خاتمہ ہو جائے گا اس کے بعد دنیا میں کسی بھی جگہ ہاشمی حکومت نہ رہے گی۔

حضرت علیؑ کی پیش گوئی ہے اس وقت سوائے اردن کے کوئی ہاشمی حکومت نہیں۔ فی الحال وہاں کے حالات ایسے نہیں ہیں لیکن موجودہ شاہ حسین کے بعد کسی وقت بھی ایسا منحوس وقت آسکتا ہے خدا اردن پر رحم کرے۔

(بحوالہ ایک ہی راستہ)

بصرے کا غرق ہونا ۷۸

نہج البلاغہ میں حضرت علی کا اہل بصرہ سے خطاب نقل ہوا ہے جس میں آپ نے فرمایا خدا کی قسم تمہارا شہر ضرور غرق ہوگا۔ گویا میں اس کی مسجد کو دیکھ رہا ہوں جیسے سفینے کا ابھرا ہوا سینہ ہو یا کوئی شتر مرغ زمین پر بیٹھا ہو۔ تمہارے شہر کی زمین پانی سے قریب اور آسمان سے دور ہے۔ شرارت کے دس حصوں میں سے نو حصے اس کے پاس ہیں جو اس میں آگیا وہ اپنے گناہوں میں قید ہو گیا۔ اور جو اس زمین سے نکل گیا۔ اس کو اللہ نے معافی دیدی گویا میں

تمہاری اس بستی (شہر) کو دیکھ رہا ہوں۔ اس پر پانی یہاں تک چھا گیا ہے کہ مسجد کی عمارت کے اونچے حصہ کے سوا کوئی چیز اس بستی کی دکھائی نہیں دیتی۔ بصرہ ساحل سمندر پر ہے اور اس کے لئے غرق ہونے کی پیش گوئی ہے

مرغابیوں کی اطاعت ۷۹

براء ابن عاقب سے روایت ہے کہ حضرت امیر المومنین تشریف فرما ہیں کہ مرغابیوں کی ایک قطار پرواز کرتی ہوئی آپ کے سامنے سے گذری۔ جونہی وہ آپ کے مدمقابل آئیں انھوں نے بولنا شروع کر دیا آپ نے ارشاد فرمایا یہ تمہیں اور مجھے سلام کہہ رہی ہیں۔ منافقین نے جب یہ سنا تو ایک دوسرے کو مسکرا کر اشارہ کرنے لگے آپ نے منافقین کی جب یہ حرکت دیکھی تو آپ نے فوراً اپنے غلام قنبر کو حکم دیا کہ ان مرغابیوں کو آواز دو کہ تمہیں امیر المومنین رسول اللہ کے بھائی بلاتے ہیں اب جیسے ہی مرغابیوں نے آواز سنی راہ بدل کر مڑیں اور جوڑ کر صحن مسجد میں آکر اپنے پوٹے ٹیک دئیے اور سب ایک جگہ جمع ہو گئیں آپ نے ان سے باتیں کرنا شروع کیں وہ گردنیں لمبی کر کے سنتی رہیں۔ پھر آپ نے جب یہ حکم دیا کہ تم واپس چلی جاؤ تو وہ اٹھ کر اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئیں۔ قابل غور ہے کہ پرندوں نے تو آپ کی بات کو سمجھ لیا مگر منافقین جو آپ کے پاس بیٹھے تھے وہ نہ سمجھ سکے اور دور جدید میں بھی یہی حال ہے کہ جو اطاعت کرتے ہیں مولا ان کی مشکل کشائی میں بھی فرماتے ہیں

آدھا منہ کالا ۸۰

مختلف کتب میں یہ معجزہ درج ہے اس واقعہ کو ہاشمی نے بیان کیا کہ انھوں نے شام میں ایک شخص کو دیکھا جس کا آدھا منہ کالا تھا اس سے جب دریافت کیا کہ تیرا منہ نصف کالا کیسے ہو گیا تو اس نے عرض کی میں علیؑ سے عداوت رکھتا تھا اور اکثر آپ کی شان میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بڑے الفاظ کہتا تھا۔ اکثر آپ کا ذکر بُرے الفاظوں سے کرتا تھا ایک رات
میں سو رہا تھا کہ خواب میں دیکھتا ہوں کہ کوئی شخص آیا اس نے آواز دی۔ اور
کہا کہ تو ہی وہ ہے علیؑ کو بُرا کہتا ہے اس کے ساتھ ہی میرے منہ پر ایک زوردار طمانچہ
مارا جس سے مجھ کو کافی تکلیف ہوئی صبح اٹھ کر جب میں نے اپنے چہرہ کو دیکھا تو جس
طرف طمانچہ مارا گیا تھا وہ سیاہ ہو گیا۔

مچھلیوں کی اطاعت ۸۱

مختلف کتب میں اس معجزہ کا تذکرہ ملتا ہے
کہ جب حضرت علیؑ امیر المؤمنین جنگ صفین
سے فارغ ہو کر دریائے فرات کے لب پر پہنچے تو آپ نے ایک تیر لیا اور ایک
زرد رنگ کی چھڑی فرات کی موجوں پر مارنے لگے اور زبان مبارک سے فرمایا
اے دریا کے پانی پھٹ جا۔ آپ کے ارشاد کے مطابق دریا کا پانی پھٹ گیا اس
میں بارہ چشمہ مثل کوہ عظیم جدا جدا نظر آنے لگے۔ جس کو دیکھ کر آپ کا لشکر حیران
رہ گیا۔ پھر آپ نے کلام کیا جس کو کوئی نہ سمجھ سکا۔ اس کلام سے دریا کی تمام
مچھلیاں سطح دریا پر نمودار ہوئیں اور آسمان کی طرف منہ اٹھا کر تکبیر کی صدا
بلند کرنے لگیں پھر ان مچھلیوں نے کہا۔ سلام ہو آپ پر حجت خدا۔ سلام ہو
یا امیر المؤمنین۔ سلام ہو وصی رسولؐ اور کہا کہ قوم نے تمہاری نصرت کو ترک
کیا جیسا کہ ہارون بن عمران کی نصرت کو ترک کیا تھا۔

امیر المؤمنین نے حاضرین سے مخاطب ہو کر فرمایا لوگو تم نے ان مچھلیوں
کا کلام سنا اور گواہ رہنا اس پر یہ میری حجت ہے جس کی انھوں نے ابھی گواہی
دی ہے۔

علیؑ کا امتحان ۸۲

حضرت عمر کے دور کا یہ معجزہ ہے کہ چند لوگوں نے
آپ کا امتحان لینے کے خاطر یہ حرکت کی چونکہ آپ

کا ہمیشہ یہی دعویٰ رہا جو کچھ پوچھنا ہے مجھ سے پوچھ لو۔ اس قول کا امتحان لینے
کے لئے مدینہ کے چند آدمیوں نے ایک خاتون کے لڑکے کو کچھ لے دے کر اس بات پر
راضی کر لیا کہ اسے مردہ سمجھ کر ہم حضرت علیؑ کے پاس لے جائیں گے اگر
انہوں نے نماز جنازہ شروع کی تو ہم اس لڑکے کو کھڑا کر دیں گے جس سے علیؑ
کے اس دعویٰ کی تردید ہو جائے گی۔ اس طرح اس لڑکے کو باقاعدہ مردوں کی
طرح کفن پہنا کر جنازے میں ڈال کر حضرت علیؑ کی خدمت میں پیش کیا۔ کہ
یہ اس عورت کا لڑکا ہے جس کا اچانک انتقال ہو گیا ہے۔ آپ ان کی باتیں
سن کر مسکرائے اور فرمایا اس کا وارث کون ہے لوگوں نے بتایا یہ خاتون ہے
آپ نے اس کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ اس لڑکے کی میں نماز جنازہ پڑھا دوں
یہ لڑکا مر گیا ہے۔ خاتون نے سر ہلایا آپ نے نماز جنازہ پڑھا دی۔ جب نماز ختم
ہوئی تو ان ہی لوگوں نے جنازے پر سے چادر ہٹا کر اس لڑکے سے کہا اٹھ بھا
آج ہم نے دیکھ لیا۔ حضرت علیؑ کچھ نہیں جانتے مگر وہ چند نوجوان یہ دیکھ کر
حیران رہ گئے کہ لڑکا سچ مچ مر چکا ہے یہ دیکھ کر عورت چلائی کہ میرا یہ اکلوتا
لڑکا ہے اس کے سوائے میرا کوئی سہارا نہیں۔ اور اس عورت نے تمام واقعہ
بیان کیا کہ یہ چند لوگ اس زندہ لڑکے کو آپ کو دھوکہ دینے کیلئے لائے تھے
آپ سے انتہائی عاجزی سے درخواست کی آپ اٹھے اور لڑکے کا پیر پوڑ
کر کہا اے لڑکے زندہ ہو جا۔ لڑکا پہلے جیسی حالت میں آ گیا۔ سب لوگ یہ
دیکھ کر حیران رہ گئے پھر آئندہ جرأت نہ ہوئی کہ اس طرح کی حرکت کرے۔

جن کا خوف ۸۳

ہر عام وخاص کتب میں درج ہے رسولؐ خدا کی خدمت
میں ایک جن احکام دین کے مسائل دریافت کرنے کے
لئے حاضر تھا۔ اتنے میں حضرت علیؑ تشریف لائے۔ حضرت علیؑ کو دیکھتے ہی
یہ جن گھٹ کر چڑیا کی طرح ہو گیا اور آنحضرتؐ کی خدمت میں جن نے عرض کی۔ مجھے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس نوجوان سے پناہ دلائیں۔ حضور نے فرمایا تم اس نوجوان سے کیوں ڈرتے ہو۔ جن نے عرض کی جب میں نے حضرت سلیمانؑ پر سرکشی کی تھی اور سمندر کی طرف بھاگ گیا تھا اس وجہ سے مجھے کوئی گرفتار نہ کر سکا۔ اتنے میں یہ نوجوان ظاہر ہوا اس کے ہاتھ میں ایک حربہ تھا اس نے مجھ کو مارا اور اب تک اس کے لگائے زخم کا نشان باقی ہے۔ (جواہر الاسرار)

خدا کی عنایت ۸۴

ہمایوں مرزا الکھنوی نے اپنی کتاب کرشمہ قدرت میں مولانا شیخ ابو جعفر طوسیؒ امام زین العابدینؑ سے روایت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ایکدن رسالت مآب سرکار دو جہاںؐ نے اپنی ایک انگشتری حضرت علیؑ کو مرحمت فرمائی اور حکم دیا کہ نگینہ ساز سے اس نگینہ پر محمدؐ ابن عبداللہ کندہ کرالائیں نگینہ ساز نے کندہ کر کے انگشتری واپس دی حضرت علیؑ نے جب انگشتری کو دیکھا کہ محمدؐ ابن عبداللہ کے بجائے محمدؐ رسول اللہؐ کندہ تھا۔ حضرت نے نگینہ ساز سے ارشاد فرمایا کہ تم نے محمدؐ ابن عبداللہ کے بجائے محمدؐ رسول اللہؐ کیوں کندہ کیا۔ نگینہ ساز نے عرض کی یا امیر المومنین آپ نے درست فرمایا ہے جب میں اس پر محمد ابن عبداللہ کندہ کرنے لگا تو میرے ہاتھ کانپنے لگے۔ خود بخود محمدؐ رسول اللہ کندہ ہو گیا آپ۔ یہ انگشتری لیکر حضور پاک کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام کیفیت بیان کی۔ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا محمد رسول اللہؐ اور محمد ابن عبداللہ دونوں ہی میرے نام ہیں۔ آپ نے یہ انگشتری اپنے دست مبارک میں پہن لی۔ دوسرے روز جب اس انگشتری پر نظر پڑی تو زیر نگینہ علی ولی اللہ بھی کندہ تھا۔ اس اثنا میں حضرت جبریلؑ نازل ہوتے اور عرض کیا یا رسول اللہ ارشاد رب العالمین ہے کہ جو کچھ آپ نے چاہا کندہ کرایا اور جو میں نے چاہا اپنی قدرت کاملہ سے اس پر نقش کیا۔

مردے کو زندہ کرنا ۸۵

مشکل کشا نے اپنی حیات میں کئی اہم موقعوں پر مردوں کو زندہ کیا جس کی گواہی تمام افراد نے دی اس طرح کا ایک اور واقعہ جس کی روایت مختلف کتابوں میں مختلف طریقوں سے درج ہے مستند روایت کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ حضرت علیؑ امیر المومنین کی خدمت میں نبی مخزوم کا ایک جوان حاضر ہوا جس کی پریشانی اس کے چہرے سے عیاں تھی۔ آپ کی خدمت میں عرض کی یا امیر المومنین میرا جوان بھائی مر گیا ہے جس کے صدمے سے میں بے حد بے قرار ہوں۔ آپ نے اس جوان سے فرمایا تو کیا چاہتا ہے۔ جوان نے عرض کی میں اسے دیکھنا چاہتا ہوں۔ آپ اٹھے ردائے رسول اوڑھ کر اس جوان کو ساتھ لے کر قبرستان تشریف لے گئے آپ کی زبان سے چند ارشادات جاری ہوئے جسے کوئی بھی نہ سمجھ سکا آپ نے قبر کو ٹھوکر ماری اس سے ایک شخص برآمد ہوا جو فارسی میں باتیں کرنے لگا۔ حضرت نے فرمایا تو عربی ہو کر فارسی میں بات کرتا ہے۔ ہم فلاں کی سنت پر مرے۔ جس کی وجہ سے ہماری زبانیں بدل گئیں ہیں اس کے بھائی نے اسے دیکھا پھر مردہ قبر میں سو گیا اور قبر اس طرح بند ہو گئی جیسے پہلے تھی۔

بحوالہ اصول کافی ۔ بحار الانوار
بحائر الدرجات ۔ علیؑ علیؑ

علیؑ کی دعا اور ضرب ۸۶

بڑا مشہور معجزہ ہے جسے محمد دہی خان نے اہلبیت کی چودہ کتابوں سے۔ اصل تشیع کی چھ سے زائد کتابوں کے حوالے مع نام کے ساتھ بیان کیا ہے ان ہی کے الفاظ میں تحریر کیا جا رہا ہے۔ جنگ حنین میں عبیدہ بن قرعہ لشکر کفار کے ساتھ آیا اور جنگ شروع ہونے پر صف سے نکل کر مبارز طلب ہوا خود امیر المومنین اس کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقابلے کے لئے نکلے اور اس کو زیر کر لیا۔ جب اس نے دیکھا کہ جان نہ بچ سکے گی تو اس نے اسلام لانا اس شرط پر منظور کیا کہ آپ اس کے لئے دعا کریں کہ وہ قیامت تک زندہ رہے آپ نے دعا کی اور فرمایا جا روز معلوم تک زندہ رہے گا۔ جب اس کو یہ معلوم ہوا تو وہ یہ کہہ کر بھاگا کہ آپ خود کہہ چکے ہیں کہ میں نہیں مروں گا لہذا اسلام نہیں لاتا۔ بھاگنے کی کوشش کی تو آپ نے اس کے داہنی طرف خوب ضرب لگاتے ہوئے فرمایا اب تو بھاگ جا۔ اور میری اس ضرب کا مزا یوم حساب تک چکھتا رہ

مولانا فدا حسین صاحب مرحوم پروفیسر علی گڑھ یونیورسٹی نے یہ کتاب خود مجھے دکھائی تھی جس میں اس کا ذکر کیا ہے کہ ایران و افغانستان کی سرحد پر کفر انسان کے نام سے بستی ہے میں خود وہاں گیا۔ اس نے دیکھا کہ لاپتہ نہ کا شخص بستر پر پڑا ہے میں نے اس سے بات کی اس نے اہل مدینہ کے بعض اشخاص کے نام بتائے اور گھر کی نشانیاں بتائیں جب اس سے حضرت علیؑ کی بابت دریافت کیا تو کالا کافر کانپ گیا اور کہا کہ ان کی بابت نہ پوچھو۔ وہ زعماذ اللہ بہت بڑے جادوگر تھے۔

بادل کا ٹکڑا ۸۷

محمد صالح حنفی نبی مسلمان نے اپنی کتاب کوکب دری میں حضرت امیر المومنین کے بے حد فضائل بیان کئے ہیں۔ اور آپ کے بہت سے معجزات۔ کرامات اور مشکل کشائی کے واقعات کو مختلف مستند روایت کے ساتھ اپنی کتاب میں بیان کیا ہے۔ ایک معجزہ یہ بھی ہے کہ آپ کے حکم سے بادل کے ٹکڑے نے کلام کیا۔ جس کی روایت حضرت سلمان فارسیؓ کرتے ہیں کہ ایک دن امام حسنؑ نے اپنے والد حضرت امیر المومنین کی خدمت میں عرض کی کہ خدا نے حضرت سلیمانؑ کو ملک عظیم عطا فرمایا آپ کو بھی اس سے بڑی بادشاہت عطا فرمائی ہے۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ آپ نے وضو فرمایا دو رکعت نماز ادا کی اور دعا فرمائی اور ایک بدلی کی طرف

http://fb.com/ranajabirabbas

اشارہ کیا اور نیچے اتر آئی اور اس سے آواز آئی میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوائے کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اس کے رسولؐ برحق ہیں اور تو اے علیؑ اس کا وصی اور خلیفہ ہے۔ جو تیرے بارے میں شک کرے وہ تباہ و برباد ہو گیا پھر دوسری بدلی کی طرف ارشاد فرمایا وہ بھی کہتی رہی۔

(بحوالہ کوکب دری)

درخت کی گویائی ۸۸

کتاب بالا میں درج ہے جس کی روایت حضرت سلمان فارسیؓ نے کی ہے کہ ایک دن امام حسن اور چند دیگر صحابہ حضرت امیر المومنین کے ساتھ ایک بلند پہاڑ پر تشریف لے گئے تو وہاں ایک خشک درخت دیکھ کر حضرت امام حسن نے فرمایا۔ یا امیر المومنین یہ درخت کیوں سوکھ گیا ہے حضرت نے فرمایا اس درخت سے پوچھو آپ نے سوال کیا جواب نہ ملا تب حضرت نے فرمایا اے درخت فرزند رسولؐ کو کوئی جواب نہیں دیتا۔ اس درخت سے آواز آئی کہ تمہارے پدر بزرگوار ہر صبح آکر میرے نیچے دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے اور ایک بدلی آتی تھی جس سے مشک کی خوشبو آتی تھی اور اس پر ایک کرسی رکھی ہوتی تھی۔ اس پر سوار ہو کر چلے جاتے تھے آج چالیس دن ہو گئے ہیں کہ تشریف نہیں لائے اس وجہ سے میں خشک ہوں پس امیر المومنین نے اس درخت کے نیچے دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ درخت اسی وقت سر بلند ہو گیا۔

خدا کا تحفہ ۸۹

سید محمد صالح حنفی سنی عالم اپنی کتاب کوکب دری میں تحریر کرتے ہیں کہ امام حسین سے مروی ہے کہ ایک روز میرے والد بزرگوار دریائے فرات کے کنارے پر غسل فرما رہے تھے ناگاہ ایک موج اٹھی اور آپ کا پیراہن مبارک بہا کر لے گئی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب آپ غسل سے فارغ ہوئے تو ایک ہاتف غیبی نے آواز دی۔ اپنی دائیں طرف نظر کرو اور جو ملے اسے لے لو جب حضرت نے دائیں طرف نگاہ کی تو دیکھا ایک پیراہن لپٹا پڑا ہے آپ نے اس کو لے لیا اور ایک پارچہ اس کے گریباں سے گرا جس پر لکھا تھا۔ یہ تحفہ خداوند کریم عزیز۔ حکیم۔ کی طرف سے علی بن ابی طالب کی طرف ہے یہ ہدیہ قمیض ہے جو عمران کو میراث میں دی گئی تھی اس طرح ہم اس کو دوسرے لوگوں کی میراث میں دیتے ہیں۔

شکم مادر میں گفتگو ۹۰

مولا علیؑ مشکل کشا کے معجزات آپ کی ولادت سے قبل ہی عیاں ہونے لگے تھے مختلف طریقوں سے ایسی باتیں ظہور میں آنے لگیں کہ جس کے سامنے ہر ایک کو سر خم کرنا پڑتا ہے آپ ابھی شکم مادر میں ہی تھے کہ آپ رسولؐ خدا سے گفتگو فرماتے اس کی روایت سنی شیعہ دونوں کتب میں موجود ہے جس کی حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ایک روایت ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چچا حضرت ابوطالب کے گھر تشریف لے جاتے تو روئے مبارک امیر المومنین کے رحم کی طرف کر کے فرماتے اے میرے تجھ پر میرا اسلام ہو اور امیر المومنین شکم مادر سے جواب دیتے۔ علیک السلام یا رسول اللہ جس طرف آنحضرت ہوتے اپنا رخ اسی طرف کر لیتے اس بات سے مطلع ہونے کے بعد آنحضرت نے فرمایا حق تعالیٰ اس کی ذات کو بزرگ و معزز کرے۔

(بحوالہ کوکب دری۔ تمام سنی شیعہ کتب)

ایک سفید پرندہ ۹۱

مشہور و معروف واقعہ جو ایک بڑا معجزہ ہے کہ آپ کا نام خدا تعالیٰ نے خود رکھا اور یہ نام آپ کی ولادت سے قبل کسی کا نہ تھا۔ اس کی روایت تمام سنی شیعہ کتب میں موجود ہے۔ یہاں

ہم محمد صالح سنی حنفی کی کتاب کوکب دری کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔ مادر حضرت علیؑ۔ حضرت بی بی فاطمہ بنت اسد جب درد سے بے چین ہوئیں تو کعبہ کی طرف روانہ ہوئیں۔ غیب سے آواز آئی اے معظمہ باہر نہ رہ گھر کے اندر چلی آ۔ جب بی بی فاطمہ بنت اسد کعبہ کے اندر تشریف لے گئیں تو ایک پردہ نظر آیا اس پردہ میں پوشیدہ ہوگئیں۔ جناب امیر کی ذات اس پردے کے اندر غیب سے عالم شہادت میں ظہور فرمایا۔ اسی اثناء میں ایک سفید پرندے نے چھت کی طرف سے آکر اپنی چونچ سے جناب امیر کے سینہ پر اسم علیؑ تحریر کیا اور اس سے پہلے عالم شہود میں کسی کا نام علیؑ نہ تھا۔

ابوجہل کی گردن ۹۲

مولا علیؑ مشکل کشا کے معجزات کا شمار انسانی قوت سے بالاتر ہے آپ ابھی اس دنیا میں تشریف لائے ہی تھے اس وقت آپ کی حیات صرف چند گھنٹوں کی ہوگی کہ اس وقت کے دستور کے مطابق کسی کے یہاں بچہ پیدا ہوتا تو ابوجہل بتوں کے پاؤں کی خاک کا سرمہ اس بچہ کی آنکھوں میں لگاتا۔ جب سلطان ولایت کی ولادت کی خبر اس لعین کو پہنچی تو سنتے ہی اس طرف کا رخ کیا۔ اس بدبخت نے جب امیر المومنین کو دیکھا تو دستور کے مطابق آپ کی آنکھوں میں بتوں کی خاک پا کا سرمہ لگانا چاہا۔ ہر چند زور لگایا۔ حضرت کو نہ اٹھا سکا۔ جبکہ ابوجہل کس قدر بڑا اور طاقتور ہوگا اس وقت آپ انتہائی کمسن اور صرف چند گھنٹوں کے ہی تھے اس وقت ہی آپ کی روحانی طاقت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ابوجہل بدبخت نے اپنی انگلیاں آپ کی آنکھوں پر رکھیں تاکہ کھول کر سرمہ لگا لے۔ ہر چند کے اس بدبخت نے زور لگایا مگر آنکھیں نہ کھولیں اس وقت شاہ ولایت جناب امیر نے ولایت کی قوت سے ایک طمانچہ اس کے منہ پر مارا

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ پیچھے کو پھر گیا۔ طمانچہ کی قوت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس طمانچہ سے ابو جہل کی گردن ٹیڑھی ہوگئی اور اس کی ٹیڑھی گردن کبھی بھی سیدھی نہ ہوئی آخری وقت تک یہ بدبخت ایسا ہی رہا جس کو سارے زمانے نے دیکھا۔

(بحوالہ کوکب دری)

آنحضرت کو دیکھا ۹۳

مشہور روایت ہے کہ حضرت علیؑ جب اس دنیا میں تشریف لائے تو سب سے پہلے آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے فیضیاب ہوئے جس کی روایت ہر عام و خاص کتب اور یورپین مورخین نے بھی اپنی کتب میں اس معجزہ کو درج کیا ہے۔ حضرت علیؑ جب اس دنیا میں تشریف لائے تو آپ نے آنکھیں نہ کھولیں جس پر آپ کی والدہ محترمہ محزون و غمگین ہوئیں اور کہا کہ اے فرزند تو آنکھ کیوں نہیں کھولتا اس عالم کا مشاہدہ کیوں نہیں کرتا۔ کہیں تو نابینا تو نہیں! اس وقت خدا کی طرف سے حضور کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بشارت ہوئی کہ تیرا ابن عم پیدا ہو چکا ہے۔ جلد جاکے اس کی خبر گیری کر۔ آفتاب رسالتؐ نے اس طرف رخ فرمایا اور جاکر آسمان ولایت کو اپنے دامن عاطفت میں بٹھایا جب حیدر کرار کو آپ کی خوشبو پہنچی تو آپکے جمال جہاں آرا کی زیارت کے لئے آنکھیں کھول لیں اور سلام و تحیت کی رسم ادا فرما کر آپ کی مدح و ثنا میں زبان کھولی آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھوں سے حیدر کرار کی آنکھوں میں سرمہ لگایا۔

(بحوالہ کوکب دری)

اصحاب کہف کا بیان ۹۴

کوکب دری کے مولف محمد صالح کشفی السنی الحنفی۔ احسن الکبار کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ انس بن مالکؓ سے مروی ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک دن چند اصحاب کو بلانے کے لئے بھیجا میں ان اصحاب کو بلا کر لایا تو آپ نے ایک فرش بچھایا اور سب

http://fb.com/ranajabirabbas

کو اس پر بیٹھنے کے لئے فرمایا۔ حضرت علیؑ سے بھی فرمایا کہ اس پر بیٹھو جب ہم سب بیٹھ گئے تو آپؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا۔ اے بھائی ہوا سے کہو کہ اس فرش کو اٹھائے۔ حضرت علیؑ کے حکم سے فرش ہوا میں اڑنے لگا پھر فرمایا نیچے اتارو۔ یہ فرش نیچے اتر آیا۔ آپ نے اصحابہ سے فرمایا یہ کونسی جگہ ہے۔ وہ بولے ہم نہیں جانتے پھر آپ نے فرمایا ہم غار اصحاب کہف کے دروازے پر آئے ہیں جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے پھر آپ نے سب صحابہ سے کہا کہ اٹھ کر اصحاب کہف کو سلام کرو۔ سب صحابہ نے اٹھ کر سلام کیا۔ مگر کسی کو جواب نہیں ملا۔ حضرت علیؑ اٹھ کر گئے تو سبقت کرتے ہوئے اصحاب کہف نے سلام کیا جس پر صحابہ نے کہا کہ ہم نے سلام کیا تھا تو کسی نے جواب نہیں دیا اور آپ کو سلام کرنے میں انہوں نے سبقت دکھائی اس پر اصحاب کہف نے جواب دیا کہ ہم نہ سلام کرتے ہیں اور نہ کسی کے سلام کا جواب دیتے ہیں مگر نبیؐ کو یا اس کے وصی کو۔ آپ کی اطاعت خدا اور رسولؐ کے حکم سے تمام جن و انس پر واجب ہے۔ اس معجزہ کے بعد آپ نے اپنے اصحاب سے فرمایا اس فرش پر بیٹھ جاؤ سب اس فرش پر بیٹھ گئے حکم امیر سے یہ فرش بلند ہوا تھوڑی دیر کے بعد امیر کے حکم سے زمین پر اترا ۔ امیر المومنین نیچے اترے اور زمین پر پاؤں مارا۔ میٹھے پانی کا ایک چشمہ ظاہر ہوا۔ وضو کیا اور اصحابہ سے بھی فرماتے کہ وضو کریں اور فرمایا ہم انشاء اللہ تعالیٰ صبح کی ایک رکعت حضور اکرمؐ کے ساتھ ادا کریں گے۔ بعد ازاں امیر کے حکم سے فرش بلند ہوا۔ تھوڑی دیر کے بعد نیچے اترے تو ہم سب نے اپنے کو مسجد نبوی میں پایا۔ حضورؐ ایک رکعت نماز ادا کر چکے تھے ہم سب نے دوسری رکعت حضورؐ کے ساتھ ادا کی جب نماز ادا کی بعد میں حضورؐ نے فرمایا جو کچھ ہوا تم بیان کرو گے یا میں بتاؤں۔ انس نے کہا آپ ہی فرمائیں۔ آپ نے تمام گذشتہ حالات بیان کئے اصحاب بساط سے منقول ہے کہ جب ہوا بساط کو اٹھاتی تھی تو اس قدر بلند ہو جاتی تھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ ہم آسمانی فرشتوں کی آوازیں سنتے تھے کہ وہ دشمن آلِ محمدؐ پر لعنت کرتے تھے

درخت کی نماز ۹۵

کوکب دری کے مؤلف محمد صالح کشفی السنی الحنفی ابو الزبیر سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ ابو الزبیر نے جابر بن عبداللہ انصاری سے پوچھا کہ تم کو امیر المومنین کا کوئی معجزہ یاد ہے جابرؓ نے فرمایا ایک روز چند صحابہ کے ساتھ جناب امیر جا رہے تھے۔ ایک بیری کا درخت آیا آپ نے فرمایا تم ٹھہر جاؤ میں اس درخت کے نیچے دو رکعت نماز پڑھتا ہوں۔ آپ نماز میں مشغول ہو گئے خدا کی قسم میں نے درخت کو دیکھا کہ رکوع اور سجود میں حضرت کا ساتھ دیتا ہے ہم حیران ہو کر کھڑے ہو گئے یہاں تک آپ نماز سے فارغ ہوئے آپ کے ساتھ درخت کی شاخیں بھی درود پڑھتی رہیں بعد ازاں فرمایا خدا محمدؐ و آل محمدؐ کے دشمنوں پر لعنت کر اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے حب داروں پر رحم کر تمام ٹہنیوں نے کہا آمین آمین۔

اژدہا بن گیا ۹۶

حضرت سلمان فارسیؓ سے منقول ہے کہ ایک شخص جو اکابر بنی عدی سے تھا جہاں کہیں ہوتا کہ آپ کے محبوبوں کو گالیاں بکتا اور برا بھلا کہتا تھا۔ ایک مرتبہ حضرت علیؑ ایک کمان ہاتھ میں لئے باغات کی طرف جا رہے تھے ناگاہ اس شخص سے ملاقات ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے سنا ہے کہ تو ہمارے محبوبوں کو برا بھلا کہتا ہے اس نے جواب دیا ہاں میں کہتا ہوں مجھے کون منع کر سکتا ہے۔ جناب امیر نے فرمایا ایسا ہی ہے آپ نے اپنی کمان زمین پر گرا دی کمان زمین پر گرتے ہی ایک بڑا خطرناک اژدہا بن گیا اور منہ کھولے ہوئے اس شخص کی طرف لپکا اس نے شور مچایا اور فریاد کی یا امیر المومنین میری توبہ ہے آئندہ کبھی ایسا نہ ہو گا آپ

کو رحم آیا آپ نے زمین کی طرف ہاتھ بڑھایا آپ کے ہاتھ میں جیسی کمان تھی ویسی کمان بن گئی۔

پتھر پر نشان ۹۷

مستند روایت کے ساتھ مختلف کتابوں میں مختلف طریقوں سے درج ہے جو کہ آپ کا ایک بہت بڑا معجزہ ہے کہ آپ نے پتھر پر ہاتھ مارا تو اس سخت پتھر پر نشان آگیا وہ پتھر کوفہ میں موجود ہے اس طرح کے پتھر مشہد۔ کف، تکریت۔ موصل قسطنطنیہ الاتین وغیرہ میں بھی موجود ہے پاکستان میں بھی ایسے پتھر موجود ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے جہاں بھی اپنا ہاتھ مارا وہ یہ معجزہ عیاں ہوا اس طرح کا ایک پتھر حیدر آباد سندھ۔ قدم گاہ مولا علی۔ اسٹیشن روڈ میں بھی موجود ہے جو میرے خیال میں بحالت نماز کا ہے یہ اس پتھر کی زیارت لاکھوں کی تعداد میں مسلمان کر چکے ہیں اور اب بھی یہ پتھر موجود ہے۔

یہودی نے آزمایا ۹۸

مناقب آل ابی طالب نے مختلف طریقوں سے تحریر کیا ہے کہ ایک دن ایک یہودی آیا اور عرض کی یا محمدؐ آپ کی دعا قبول ہوتی ہے تو آپ ہمارے سردار کے فرزند کے حق میں دعا کریں جو برص کی بیماری میں مبتلا ہے۔ حضورؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا اے ابو الحسن اس کی عافیت کے متعلق دعا کیجئے۔ حضرت امیر نے دعا کی اللہ نے اسے ٹھیک کر دیا اور وہ تمام لوگوں سے خوبصورت ہو گیا اور وہ ایمان لے آیا اس کے باپ نے کہا کہ یہ اپنی صحت کے مطابق ٹھیک ہو گیا ہے اور اب ہمیں بد دعا کریں حضرت علیؑ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی اے معبود اسے اس کے بیٹے کے مرض میں گرفتار کر وہ شخص اسی وقت برص میں مبتلا ہو گیا اور چالیس سال تک اسی حالت میں کائنات میں عبرت کا مقام بنا رہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرشتوں کی تعداد ۹۹

محمد صالح کشفی ۔ کوکب دری میں مستند حوالوں کے ساتھ یہ معجزہ تحریر کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ ایک مرتبہ جناب سیدہؑ کے دولت سرا میں تشریف رکھتے تھے آپؐ نے حضرت علی سے فرمایا ۔ اے بھائی تم دروازہ بند کرلو ۔ کیونکہ فرشتے میرے پاس موجود ہیں مجھ سے تعلیم حاصل کرتے ہیں ۔ پس گروہ گروہ ملائکہ آتے رہے اور تعلیم لے کر جاتے رہے میں نے ان کی آواز سنکر معلوم کرلیا کہ آپ کے پاس تین سو نیتیس فرشتے تعلیم کے لئے آئی ہیں جب تعلیم سے فارغ ہو چکے تو میں نے عرض کی یا حضرتؐ آپ کے پاس تین سو نیتیس فرشتے آئے تھے آپؐ نے فرمایا تمہیں کیونکہ معلوم ہوا میں نے عرض کی میں نے اتنی ہی آوازیں سنی تھیں جس سے مجھے پتہ چل گیا آپ نے میرے سینہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا علیؑ خدا تیرے ایمان اور علم کو زیادہ کرے ۔

قرآن کی تلاوت ۱۰۰

مستند ترین کتب میں روایت مختلف طریقوں سے کی گئی ہے ۔ کوکب دری میں مستند کتابوں کے حوالے سے روایت کی ہے کہ جناب امیر کا ایک بڑا معجزہ یہ بھی ہے کہ آپ جس وقت سواری کے لئے پاؤں رکاب میں رکھتے تو قرآن مجید کی تلاوت شروع کرتے اور جب تک دوسرا پاؤں رکاب میں پہنچتا ختم کر دیتے ۔

بغض کا انجام ۱۰۱

مسلمان ہو کر بغض علی رکھے اس سے بڑھ کر دنیا میں بدبخت اور جہنمی کون ہو سکتا ہے ۔ تاریخ کے صفحات گواہ ہیں آپ کو برا کہنے والے کا انجام کس قدر عبرتناک ہوا ۔ بارہا مرتبہ دیکھا کہ ایسے ملعون کو سخت سزا ملی کوئی گھوڑے سے گر کر مر گیا کسی کو اونٹ نے مار دیا ۔

کسی کے سر پر آسمان سے پتھر گرا اس سے ہلاک ہو گیا ۔ کوئی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو گیا اور جو لوگ اس دنیا میں سزا سے بچ گئے وہ یوم آخرت میں سخت ترین سزا کے مرتکب ہونگے ۔ افسوس کہ زمانہ قدیم سے لیکر دور حاضر تک ایسے مسلمان بدبخت ناری سامنے آتے رہتے ہیں جو خود ہی جہنم کے خریدار بن چکے ہیں یہاں پر شواہد النبوۃ اور کوکب دری کے حوالے سے ایسے بدبختوں کا انجام لکھا جا رہا ہے جو کہ مولا علی کا ایک معجزہ ہے کہ انھیں بر وقت سزا ملی ۔

ایک شخص مدینہ میں امیر المومنین حضرت علیؑ کو برا کہتا تھا ۔ اتفاقاً وہ شخص ایک روز اپنے اونٹ کو باہر چھوڑ کر مدینہ میں آکر ایک مسجد میں آکر ایک مجمع میں بیٹھ گیا ۔ اونٹ اپنی جگہ سے اٹھ کر مسجد میں گھس آیا اور اس بدبخت شخص کو اپنے سینہ سے دبا دیا اور کچل کچل کر مار ڈالا ۔

مندرجہ بالا کتاب میں تحریر ہے کہ ابراہیم بن ہشام مخزومی والی مدینہ ہر روز جمعہ کو مجھے (عبداللہ کو) میرے نزدیک بٹھا کر امیر المومنین کی شان میں گستاخی کرتا ۔ ایک جمعہ کو مجمع کثیر مسجد میں جمع تھا ۔ میں منبر کے پہلو میں سوچتے سوچتے سو گیا دیکھا کہ قبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شق ہو گئی اور اس میں سے ایک مرد سفید لباس پہنے نکلا اور کہا اے عبداللہ اس شخص کی باتیں تجھے غمگین کرتی ہیں میں نے عرض کی ہاں فرمایا آنکھ کھول کر دیکھ خدا تعالیٰ اس کے ساتھ کیا سلوک کرتا ہے جب میں نے آنکھ کھول کر دیکھا تو وہ منبر سے گرا اور مر گیا ۔ بظاہر دیکھا جائے تو منبر کی بلندی زیادہ سے زیادہ دو فٹ ہو سکتی ہے اور صرف دو فٹ کی بلندی سے گر کر ایسے شخص کا مر جانا مولا مشکل کشا کے ساتھ گستاخی کی ایک سزا ہے یہی مولا علیؑ کا معجزہ ہے جہاں وہ مشکل سے گھرے ہوئے لوگوں کو مشکل کے بھنور سے نکالتے ہیں وہاں ایسے بدبختوں کو غیبی روحانی قوت کے ذریعہ سزا دینے کا بھی اختیار رکھتے ہیں ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہر کا پانی ۱۰۲

مشکل کشا کا یہ بھی بڑا معجزہ ہے کہ آپ نے جو کچھ فرما دیا وہی ہوا اس طرح کا ایک معجزہ کوکب دری نے روضتہ الصفا جلد ہفتم کے حوالے سے تحریر کیا ہے کہ حدود بابل میں ایک نہر ہے۔ امیر المومنین حضرت علی نے وہاں کے ایک باشندے پر ایک خاص رقم مقرر کر رکھی ہے ہر سال خدا کی راہ میں دے اگر مقررہ رقم دے دیتے ہیں تو پانی ان کی نالیوں میں چڑھتا ہے اگر رقم راہ خدا میں نہیں دیتے تو پانی ان کی نالیوں میں نہیں چڑھتا۔

کھوپڑی سے کلام ۱۰۳

کوکب دری کے مولف محمد صالح نے احسن الکبار سے ایک مردہ کھوپڑی سے کلام کرنے کا معجزہ درج کیا ہے امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ ایک روز امیر المومنین نے بابل کی سرزمین میں ایک انسانی کھوپڑی پڑی دیکھی اس سے خطاب کر کے فرمایا اے جمجمہ (سر کی کھوپڑی) تو کون ہے اس نے جواب دیا میں فلاں بن فلاں۔ فلاں ملک کا بادشاہ تھا۔ جناب امیر نے فرمایا میں علی مرتضیٰ ہوں محمدؐ کا وصی ہوں مجھ سے بیان کرنا جو کچھ تو نے اپنی زندگی میں دیکھا جو کچھ عمل میں لایا۔ کھوپڑی نے بولنا شروع کیا اور اوّل سے آخر تک اپنی عمر کے تمام برے حالات ایک ایک کر کے بیان کئے اور جس جگہ میں کھوپڑی نے حضرت امیر سے کلام کیا تھا وہاں لوگوں نے ایک مسجد تعمیر کی اور اس کا نام مسجد جمجمہ (کھوپڑی کی مسجد) رکھا ہے اس علاقہ میں وہ مسجد اس قدر مشہور ہے کہ لوگ وہاں جا کر نماز پڑھتے ہیں اور قاضی الحاجات سے اپنی حاجتیں طلب کرتے ہیں۔

ام فردہ کو زندہ کرنا ۱۰۴

مشکل کشا کا ایک بہت بڑا معجزہ یہ بھی ہے جس کو کوکب دری نے احسن الکبار کے حوالے سے درج کیا ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے زمانہ میں ام فردہ نام کی ایک عورت تھی جو نہایت عبادت گذار نیکو کار حب آل رسولؐ دل میں رکھتی تھی۔ ایک روز اس کا ایک منافق مالدار سے مناظرہ اور مباحثہ کرنے کا اتفاق ہوا۔ چونکہ اس پاکدامن نے آل رسولؐ کے فضائل و مناقب میں بہت کچھ بیان کیا۔ اس منافق نے اس قدر مارا کہ وہ ہلاک ہو گئی اس کے شوہر نے استغاثہ اور طلب اعانت کرنے کے بعد اس کو دفن کر دیا اور جناب کے در دولت پر حاضر ہوا چونکہ آپ اس رندوادی قریے میں تشریف فرما تھے۔ اس لئے ادھر کا رخ کیا اور واپسی پر زیارت سے مشرف ہوا بے شمار گریہ زاری اور رونے کے بعد سارا واقعہ عرض کیا۔ امیر المومنین نے اس عورت کی قبر پر دو رکعت نماز پڑھی اور ہاتھ اٹھا کر یوں دعا فرمائی (اے مرنے کے بعد نفسوں کو زندہ کرنے والے اور جو ہڈیوں کو فوت ہونے کے بعد زندہ اٹھانے والے ام فردہ کو ہمارے لئے زندہ کر دے اور اس کو اپنے عاصی اور نافرمان بندوں کے لئے عبرت کا باعث کر) بعد ازاں اس کی قبر کی طرف نگاہ کی ایک شگاف دیکھا جس میں ایک پرندہ انار کا دانہ چونچ میں لئے جاتا اور باہر آتا ہے۔ امیر کی طرف اشارہ کرتا ہے ناگاہ قبر شگافتہ ہو گئی اور ام فردہ سندس کی ایک چادر سر پر اوڑھے باہر آئی اور امیر المومنین کو سلام عرض کر کے کہنے لگی۔ بے ایمان منافق چاہتے ہیں کہ تیری ولایت کے نور کو پوشیدہ کریں۔ لیکن نہیں کر سکتے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ترجمہ (وہ چاہتے ہیں اللہ کے نور کو اپنے مونہوں سے بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو کامل کرنے والا ہے اگرچہ کافر کراہت کریں) اس کے بعد ام فردہ کئی سال زندہ رہیں اور اس سے جو بچے پیدا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوئے وہ دشت کربلا میں امام مظلوم کے ہمراہ سعادت شہادت پر فائز ہوئے ۔

او کتے جا دور ہو ۱۰۵

اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ میں ایک روز امیرالمومنین کے پیچھے پیچھے جا رہا تھا ایک قریشی نے پاس آکر کہا کہ یا علیؑ تو نے بہت سے مردوں کو قتل کیا اور بہت سے بچوں کو یتیم کیا ہے ۔ امیر نے عقب میں آکر اس سے فرمایا او کتے جا دور ہو ۔ جب میں نے نظر کی تو وہ کالا کتا بن گیا تھا ۔ دم ہلاتا تھا زمین پر لوٹتا تھا یہ حال دیکھ کر حضرت کو رحم آیا آپ نے دعا کی وہ اصلی حالت میں آگیا اور آپ کے قدموں میں پاؤں رکھ کر توبہ کی ۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کی کہ اے خیرالمرسلینؐ کے وصی ۔ قادر حقیقی نے آپ کو ایسے ایسے معجزات و کرامات پر قدرت عطا فرمائی ہے کیا وجہ ہے کہ آپ معاویہ کو جو آپ کا مخالف ہے دفع نہیں کر سکتے ۔ آپ نے فرمایا ہم خدا کے مکرم بندے ہیں اس حکم کے بغیر کسی کام پر سبقت نہیں کرتے اور اس کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں ۔ اور کوئی رضائے الٰہی کے برخلاف اپنی خواہش نفسانی کے موافق کام کرنا جائز سمجھتا ہے وہ عذاب آخرت میں گرفتار ہوگا ۔ اور آخرت کا عذاب وعقاب دنیا کے عذاب وعقاب سے بہت زیادہ سخت ہے ۔ (بحوالہ کوکب دری و دیگر)

باپ کی بددعا ۱۰۶

مناقب آل ابی طالب میں مختلف حوالے سے تحریر کیا ہے حضرت علیؑ نے احرام کی رات ایک شخص کو روتے ہوئے پایا آپ اس شخص کے قریب گئے اسے دیکھا جو ایک نوجوان شخص تھا جس کا آدھا جسم سوکھ چکا تھا ۔ سبب پوچھا تو اس شخص نے بیان کیا کہ میں ایک عیش پرست انسان تھا ۔ میرے والد مجھے نصیحت کیا کرتے تھے ۔ ایک روز

مجھے نصیحت کرنے لگے ۔ میں نے غصہ میں آکر گستاخی کی ۔ انھوں نے مجھے بددعا دی اور چند اشعار پڑھے جب ان کا کلام ختم ہوا تو میرا نصف بدن سوکھ گیا میں نادم ہوا ۔ میں نے توبہ کی میں نے انھیں اچھی طرح راضی کر لیا ۔ آپ اونٹ پر سوار ہوئے تاکہ مجھے اس جگہ لے آئیں تاکہ میرے حق میں دعا کریں مگر اتفاق کی بات ہے کہ جب ہم نصف راستہ طے کر چکے تو ایک پرندہ اڑا اس کے اڑنے کی وجہ سے اونٹ ہلاک ہوگیا اور میرے والد اونٹ سے گر کر ہلاک ہوگئے اب میں اس مشکل میں ہوں ۔ آپ نے اس مقام پر چار رکعت نماز ادا فرمائی اور نماز کے بعد فرمایا اٹھو تم ٹھیک ہو چکے ہو ۔ وہ شخص صحیح سالم ہو کر اٹھ کھڑا ہوا ۔ فرمایا تو نے سچ کہا اگر تیرا والد مجھ سے راضی نہ ہوتا تو میری دعا بھی نہ سنی جاتی یہ آپ ہی کا معجزہ ہے کہ آپ کی زبان سے دعا جاری ہوئی ادھر اس شخص کا سوکھا ہوا جسم اپنی اصلی حالت میں آگیا ۔

جنگ جمل میں ۱۰۷

کوکب دری کے مؤلف محمد صالح ۔ الحنفی ۔ السنی جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ میں جنگ جمل میں امیرالمومنین حضرت علیؑ کے ہمراہ تھا ۔ پس میں نے وہاں دیکھا کہ ہر کوئی کہتا تھا ۔ مجھ کو علیؑ نے بھگایا ہے اور جس مجروح کو بھی دیکھتا تو وہ یہی کہتا تھا کہ مجھ کو علیؑ نے زخمی کیا ہے اور جس مقتول کو دیکھتا وہ یہی کہتا تھا کہ مجھے علیؑ نے قتل کیا ہے ۔ میں میمنہ میں جاتا تو علیؑ کی آواز سنتا ۔ میسرہ میں جاتا تو علیؑ کی آواز سنتا ۔ میں حضرت طلحہ کے پاس سے گذرا جب وہ دم توڑ رہا تھا تو اس کے سینہ پر ایک تیر لگا ہوا تھا میں نے اس سے کہا کہ تجھے یہ تیر کس نے مارا تو اس نے کہا علیؑ نے ۔ میں نے کہا علیؑ نے تو کسی کے تیر نہیں مارا ان کے ہاتھ میں سوائے تلوار کے اور کچھ نہیں تو اس نے کہا اے جابرؓ کیا تو اس کی طرف نہیں دیکھتا کہ وہ کس طرح ہوا کہ اوپر جاتا ہے اور پھر زمین پر اترتا ہے اور کبھی مشرق

jabirabbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی طرف سے آتا ہے اور کبھی مغرب کی طرف سے آتا ہے۔ پس جس سوار کے پاس سے گذرتا ہے اسے نوک چبھو دیتا ہے اور جس کو دیکھتا ہے اس کو مار دیتا ہے یا چوٹ لگا دیتا ہے یا منہ کے بل گرا دیتا ہے یا یہ کہہ دیتا ہے کہ مر جا تو وہ مر جاتا ہے۔ پس اس کے سامنے سے کوئی بچ نہیں سکتا۔ جابرؓ کہتے ہیں کہ میں نے اس کے قول سے تعجب کیا۔

جنگ خیبر میں ۱۰۸

کوکب دری کے مولف محمد صالح الحنفی السنی بیان کرتے ہیں کہ روات ثقات سے مروی ہے کہ جس وقت علیؑ نے یوم خیبر مرحب کو دو ٹکڑے کر دیا تو جبرئیلؑ ہنسے اور تعجب کرتے ہوئے آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسولؐ خدا نے ارشاد فرمایا۔ اس ہنسی کا کیا سبب ہے عرض کی یا رسولؐ اللہ میری ہنسی کا سبب تو یہ ہے کہ ملائکہ علیؑ کے حملوں پر تعجب کر رہے ہیں اور لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار کے نعرے لگا رہے ہیں اور میری حیرانی اور تعجب کا باعث یہ ہے کہ جب مجھے قدرت نے حکم دیا کہ قوم لوط کے ساتوں شہروں کو برباد کر دو تو میں نے قدرت خدا اور رمز خدا سے ساتوں شہروں کو ساتویں طبقہ زمین سے اکھاڑ کر ساتویں آسمان تک بلند کر لیا اور صبح تک ایک بازو پر اٹھائے رکھا پھر میں نے سب کو الٹ دیا۔ اور تباہ کر دیا اور آج صبح جس وقت علیؑ نے تکبیر ہاشمی بلند کی اور ضرب حیدری لگائی جو قولہ الیہ سے موید تھی اور مرحب اور اس کے گھوڑے کو دو ٹکڑے کر دیا تو مجھے حکم ہوا کہ میں علیؑ کی تلوار کی باقی چوٹ کو روک لوں ایسا نہ ہو کہ زمین دو ٹکڑے ہو جائے۔ علیؑ کی بقیہ چوٹ میرے ہاتھ کے ساتوں شہروں سے زیادہ بھاری تھی حالانکہ اسرافیلؑ و میکائیلؑ علیؑ کے ہاتھ کو پکڑے ہوئے تھے۔

یہ علیؑ کا کام ہے ۱۰۹

ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ ناشر نفیس اکیڈیمی کراچی صفحہ ۲۲۸ پر دعاؤں کی تاثیر کے عنوان سے مولا علیؑ مشکل کشا کا ایک معجزہ تحریر کیا ہے کہ حضرت علیؑ عشاء کی نماز کے بعد مسجد سے گھر واپس جا رہے تھے۔ راستے میں ایک ہاتھ کٹا آدمی آپ کے سامنے آ کر رونے لگا اور فریاد کی آپ کو اس شخص کی حالت پر ترس آ گیا۔ آپ نے اس کا کٹا ہوا ہاتھ کٹی ہوئی جگہ پر رکھ کر کچھ پڑھا۔ آپ کی دعا سے اس کا ہاتھ جیسا تھا ویسا ہی ہو گیا وہ شخص بہت خوش ہوا۔ اور بہت منت سماجت کر کے حضرت علیؑ سے پوچھنے لگا کہ آپ نے کون سی دعا پڑھی ہے جس سے یہ ہاتھ درست ہو گیا اس شخص کے بے حد اصرار پر آپ نے بتایا کہ میں نے فاتحہ پڑھی ہے وہ شخص بہت خوش ہوا اور جی میں کہنے لگا کہ اب میں جب بھی فاتحہ پڑھوں گا میرا ہاتھ ٹھیک ہو جائے گا۔ اس طرح اس نے دوسری مرتبہ پھر چوری کی۔ اور پکڑا گیا پھر سزا کے طور پر اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ ہاتھ کٹنے کے بعد اس نے کٹے ہوئے ہاتھ کو اس جگہ پر رکھ کر فاتحہ پڑھی مگر اس کا ہاتھ درست نہ ہوا۔ آخر دوبارہ حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سب کچھ بیان کیا کہ یا علیؑ میرا ہاتھ پھر کاٹ دیا گیا ہے میں نے فاتحہ پڑھی مگر کوئی اثر نہیں ہوا۔ خدا کے لئے مجھے بتائیے کہ آپ نے فاتحہ کے ساتھ اور کچھ کیا پڑھا تھا جس سے ہاتھ درست ہو گیا تھا۔ آپ نے فرمایا میں نے فاتحہ کے سوا کوئی چیز نہیں پڑھی۔ آپ نے فرمایا اگر اس مرتبہ تیرا ہاتھ ٹھیک ہو جائے تو کیا وعدہ کرتا ہے۔ کہ آئندہ کبھی چوری نہیں کرے گا اس شخص نے وعدہ کیا کہ آئندہ کبھی چوری نہیں کروں گا۔ آپ نے اس سے توبہ کرائی اور پھر اس کا کٹا ہوا ہاتھ اس جگہ پر رکھ دیا آپ کے حکم سے دوبارہ اس کا ہاتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

درست ہوگیا۔

حضرت اسمأء بنت ابوبکرؓ ۱۱۰

ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ ناشر نفیس اکیڈمی کراچی صفحہ ۲۷۸ پر مولا علیؑ مشکل کشا کا یہ معجزہ درج کیا ہے۔ صحابہ کرام میں جس قدر فضائل اور کرامات امیر المومنین حضرت علیؑ کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہیں اتنی دوسرے صحابہ سے نہیں۔ عرائس میں لکھا ہے کہ حضرت اسمار بنت حضرت ابوبکرؓ سے مروی ہے کہ ایک دن عصر کی نماز پڑھنے کے لئے امیر المومنین حضرت علیؑ مسجد نبوی میں تشریف لائے تو اس وقت آفتاب غروب ہو رہا تھا۔ علیؑ نے اللہ سے دعا مانگی کہ تھوڑی دیر کے لئے آفتاب لوٹ جائے تاکہ میں عصر کی نماز پڑھ لوں۔ لوگوں نے دیکھا کہ واقعی مسجد کی دیوار پر آفتاب کی روشنی چمکنے لگی اور علیؑ نے نماز پڑھ لی اور پھر آفتاب غروب ہو گیا۔ فردوسی طوسی نے ایک شعر میں دعویٰ کیا ہے کہ تمام انبیاء جو معجزہ رکھتے تھے علی کرامت کی شکل میں ان کو رکھتے تھے۔

حضرت اسماء سے روایت ۱۱۱

ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز ناشر نفیس اکیڈمی کراچی میں درج ہے کہ عرائس میں حضرت اسماءؓ اور دیگر شخصیتوں کے حوالے سے ایسی بہت سی روائیتیں حضرت علیؑ کی کرامت سے متعلق منسوب کی گئی ہیں مثلاً حضرت اسمار روایت کرتی ہیں کہ امیر المومنین حضرت علیؑ آنکھیں بند کرکے تلوار چلاتے تھے اور مجال نہیں کہ کسی موافق کو غلطی سے اس کی ضرب لگ جائے۔

عرائس میں درج ہے کہ جنگ صفین سے جب حضرت علیؑ واپس ہوئے تو معاویہ نے راہ بر کو تیس ہزار اشرفی رشوت کے طور پر اس بات کے لئے دینا منظور کیا کہ راستہ میں وہ یا تو حضرت علیؑ کو کہیں غرقاب کر دے یا کسی بے آب و گیاہ جگہ پہنچا کر ان کی ہلاکت کا باعث ہو۔ چنانچہ اس نے ایک عمیق دریا کے کنارے پہنچا دیا۔ حضرت علیؑ نے دریا کے کنارے پر کھڑے ہو کر دیکھا کہ پایاب نہیں ہے۔ لشکر کے تباہ ہونے کا اندیشہ ہے انھوں نے اپنے رکاب دار قیصر کو بلایا اور کہا کہ اس بلندی پر جا کر آواز دو کہ اے جمجمہ! یہ پکارتے ہی چاروں طرف سے لبیک لبیک کی آوازیں بلند ہوئیں قیصر نے عرض کی یا امیر المومنین یہ تو ہر طرف سے لبیک لبیک کی آواز آرہی ہے کسے پکاروں حضرت علیؑ نے فرمایا کہ پکارو اے جمجمہ ابن کرکرت۔ اس نے یہی نام لیکر پکارا۔ پھر بھی ہزاروں آوازیں جواب میں آئیں۔ پھر آپ نے فرمایا اے قیصر پکارو اے جمجمہ ابن کرکرت الملاح۔ جب یہ نام پکارا تو اس نام پر ایک شخص کی آواز آئی۔ قیصر نے پوچھا دریا پایاب کہاں ہے۔ اس نے بتایا کہ فلاں مقام پر ہے۔ حضرت علی اپنے لشکر کو لئے اس مقام پر آئے اور با حفاظت پار اُتر گئے۔ وہاں سے آگے بڑھنے کے بعد معاویہ کے آدمی راہ بر نے ان کو بے آب وگیاہ راہ پر ڈالدیا۔ پانی اس جگہ سے بہت دور پیچھے چھوٹ گیا تھا اور آگے کہیں پانی نہ تھا۔ لشکر پھر خطرے میں پڑ گیا حضرت علیؑ نے پھر قیصر کو کہا آگے کی طرف دیکھو کہیں پانی ہے۔ قیصر ادھر اُدھر دوڑا۔ دیکھا کہ ایک نہر صحرا سے ہو کر بہہ رہی ہے اور امیر المومنین علیؑ اس جگہ پر موجود ہیں اور اپنے گھوڑے کو پانی پلا رہے ہیں۔ پھر رک کر قیصر سے فرمایا کہ اس میں سے ایک پیالہ پانی نکال کر چکھنے کے لئے دو۔ پانی کو زبان سے لگانے کے بعد آپ نے فرمایا کہ یہ تو شور اور نمکین پانی ہے۔ لشکر اور چوپائے اس پانی کو کیسے پئیں گے۔ پھر قیصر سے فرمایا اس پہاڑ کے اوپر

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاکر دیکھو۔ قیصر پہاڑ پر گیا۔ وہاں دیکھا کہ میٹھے پانی کا چشمہ پہاڑ پر رواں ہے اور حضرت علیؑ اُس جگہ کھڑے ہوئے گھوڑے کو پانی پلا رہے ہیں۔ قیصر نے کہا یا علیؑ آپ تو مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور صحرا اور پہاڑ پر پانی پیدا کرتے ہیں۔ آپ کو ابھی لوگ لشکر میں دیکھتے ہیں اور آپ اسی لمحہ صحرا میں نہر کے کنارے ملتے ہیں۔ آپ تو خدا معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت علیؑ نے اس کا کافرانہ جملہ سن کر تلوار سے اس پر حملہ کیا لیکن وہ بھاگ گیا۔

۱۱۲ رسولؐ اور علیؑ کا چہرہ

جوامع الکلم کے عنوان سے خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کے ملفوظات نفیس اکیڈمی کراچی نے ایک خوبصورت کتاب کی شکل میں شائع کئے ہیں۔ پڑھنے والوں کی دل چسپی اور ایمان کی تازگی کے لئے صفحہ ۲۰۴ سے مولا علی مشکل کشا کی ایک نمایاں فضیلت نقل کر رہا ہوں یہ مخصوص فضیلت آپ کے حصہ میں آئی چونکہ مشکل کشائی ہر دور میں آپؑ سے ہی ہے۔

حضرت مخدوم نے بیان فرمایا رسول اللہؐ ایک صبح کو نماز کے بعد مصلّہ پر گھوم کر بیٹھ گئے اور تمام لوگوں سے ارشاد فرمایا کہ آؤ میرا چہرہ دیکھو تمام لوگ آئے اور رسولؐ خدا کے روئے مبارک کی زیارت کی لیکن امیر المومنین حضرت علیؑ اپنی جگہ پر بیٹھے رہے دوسرے دن علی کرم اللہ وجہہ اسی طرح مصلّہ پر گھوم کر بیٹھ گئے اور تمام لوگوں سے کہا آکر میرا چہرہ دیکھو۔ لوگوں نے رسولؐ خدا سے عرض کی کہ علیؑ کیا کہہ رہے ہیں۔ پیغمبر اعظم نے فرمایا علیؑ جو کچھ کہہ رہے ہیں اس کے مطابق کرو۔ سب لوگ آئے اور علیؑ کا چہرہ دیکھا بعد میں حضرت ابوبکرؓ نے رسولؐ خدا سے پوچھا کہ اس میں کیا راز ہے۔ یا رسولؐ اللہ کل آپ نے مصلّی پر بیٹھ کر لوگوں کو اپنا چہرہ دیکھنے کے لئے

بلایا تھا ہم سب لوگ آئے اور آپ کے چہرے کو دیکھا لیکن علیؑ اپنی جگہ پر بیٹھے رہے۔ آج علیؑ نے اس طرح سب لوگوں کو مصلّی پر بیٹھ کر بلایا کہ میرا چہرہ دیکھو۔ ہم سب گئے اور ان کا چہرہ دیکھا۔ لیکن آپ تشریف نہیں لے گئے۔ آخر اس میں کیا راز ہے۔ رسولؐ خدا نے فرمایا کہ کل رات کو عالم قدسی سے ایک صورت جلوہ افروز ہوئی تھی اور وہ آکر مجھ سے بغل گیر ہوئی۔ اس کے بغل گیر ہونے سے جو لذت ٹھنڈک اور آرام میں نے اپنے سینہ و دل میں محسوس کیا وہ بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اس کو صاحب ذوق ہی سمجھ سکتا ہے میں نے خداوند کریم سے پوچھا یہ کرم میرے ہی لئے مخصوص ہے یا دوسروں کے لئے بھی جواب ملا کہ انبیاء کے درمیان یہ صرف تمہارے ہی لئے تھا میں نے اس سعادت میں کسی نبیؐ کو شریک نہیں کیا پھر میں نے پوچھا اس سعادت میں سے کسی اور کو حصہ ملے گا جیسا کہ میری عادت ہے کہ جو کچھ آپ مجھے عنایت کرتے ہیں میں اپنی اُمت کا بھی حصہ اس میں سے چاہتا ہوں۔ جواب ملا کہ اپنے چاروں یاروں میں سے کسی ایک کو لاؤ۔ سب سے پہلے اسے ابوبکرؓ میں تم کو لیکر گیا۔ فرمان باری ہوا اس کو واپس کر دو پھر میں عمرؓ کو لیکر گیا۔ ارشاد ہوا اسے واپس کر دو پھر میں عثمانؓ کو لیکر گیا ارشاد ہوا اسے بھی واپس کر دو۔ آخر میں جب علیؑ کو لیکر گیا تو ارشاد ہوا ان ہی کو میں چاہ رہا تھا۔ پھر وہی صورت علی پر جلوہ فگن ہوئی۔ علی کو اپنے آغوش میں لے لیا اور پھر مجھے بھی اپنے آغوش میں لے لیا اس مرتبہ کی لذت اور ٹھنڈک پہلے سے بھی ہزار گنا زیادہ تھی۔

۱۱۳ حضرت داؤدؑ اور نام علیؑ

جناب الحاج صائم چشتی السنی الحنفی اپنی مایہ ناز تصنیف مشکل کشا جلد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اوّل صفحہ ۱۱۱ پر مستند حوالے کے ساتھ درج کرتے ہیں کہ حضرت امیر خسروؒ فرماتے ہیں میرے شیخ معظم عالیجناب خواجہ نظام الدین اولیاءؒ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مرتبہ رسولؐ کریم کی خدمت میں حضرت داؤدؑ کی بابت بیان ہو رہا تھا کہ آپ کے ہاتھ میں لوہا نرم ہو جاتا تھا اور پھر آپ اس سے زرہ تیار کر لیتے تھے۔ رسولؐ کریم نے ارشاد فرمایا جب داؤد علیہ السلام ہاتھ میں لوہا لیا کرتے تھے تو حضرت علیؑ کا نام لیا کرتے تھے اور لوہا آپ کے ہاتھوں میں نرم ہو جاتا تھا کتنی بڑی بات ہے کہ حضرت داؤدؑ اللہ کے نبی ہونے کے باوجود بھی اپنے معجزے کے وقت علیؑ کا نام لیتے تھے اور لوہا نرم ہو جاتا تھا۔

تخلیق آدمؑ سے قبل ۱۱۴

میرے نزدیک مولا علیؑ مشکل کشا شیر خدا کا اس سے بڑھ کر اور کیا معجزہ ہو گا کہ جب کچھ بھی نہ تھا اس وقت بھی آپ کا نور تھا۔ نافہم نا سمجھ سکیں گے اور ان کو سمجھانا میری مراد نہیں بلکہ حب دار مولا علیؑ کے ایمان کو تازہ کرکے خیر حاصل کرنا ہے جناب الحاج صائم چشتی اپنی مشہور و معروف مستند کتاب میں مختلف حوالوں کے ساتھ علیؑ کو نور ماننے والوں کو چیلنج کے ساتھ مستند ترین اہلسنت روایت کی مدد سے تحریر کرتے ہیں کہ حضرت سلمانؓ نے روایت کی ہے کہ میں نے رسولؐ اللہ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ میں اور علیؑ تخلیق آدمؑ سے چودہ ہزار برس پہلے ایک نور کی صورت میں اللہ تبارک تعالےٰ کے حضور میں موجود تھے پھر جب اللہ نے آدم کو پیدا کیا تو اس نور کو دو اجزا میں تقسیم فرمایا۔ چنانچہ ایک جز میں اور ایک جز علیؑ ہیں۔

نعرہ حیدری کی قوت ۱۱۵

امیر خسروؒ فرماتے ہیں کہ میرے آقائے نعمت نے پھر یہ حکایت بیان فرمائی کہ ایک مرتبہ

امیر المومنین حضرت علیؑ نے شام کی طرف چڑھائی کی تو کامیابی کے آثار نہ دیکھ کر آپ نے نعرہ مارا جس سے تمام ملکوت میں تہلکہ مچ گیا اور فرشتے تسبیح بھول گئے اور بارگاہ الٰہی میں عرض پرداز ہوئے کہ الٰہی یہ کیسی آواز ہے جس سے ہمارا کام بھی چھوٹ گیا۔ فرمان الٰہی ہوا یہ علیؑ کا نعرہ ہے جو ہم سے امداد کا طالب ہے جا کر اس کی معاونت کرو اسی طرح امیر خسروؒ فرماتے ہیں کہ میرے شیخ خواجہ نظام الدینؒ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ امیر المومنین کو اسد اللہ اس لئے کہتے ہیں کہ آپ کو یہ خطاب آسمان سے حاصل ہوا۔ یعنی اللہ نے فرمایا علی میرا شیر ہے اور پھر فرمایا کہ علی نعرہ لگاتے تو اس نعرہ کی ہیبت سے چرند پرند اور درند ہلاک ہو جاتے۔

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ جب بھی دشمن سے مقابلے کے وقت نعرہ حیدری بلند ہوتا ہے تو دشمن اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھتا ہے۔ جب بھی کوئی حب دار نام علی لیتا ہے تو مصائب و پریشانی سے نجات پاتا ہے ہر مشکل پر مصیبت میں کام آنے والا نام علی اور علی ہی ہے۔

شب معراج علی کی آواز ۱۱۶

شیعہ سنی دونوں بھائی بڑے فخر کے ساتھ بیان کرتے ہیں اور منافق انکار کرتے ہیں ان سے تو ہمیں کوئی کلام نہیں جو معراج ہی سے انکار کرتے ہیں۔ سنی شیعہ دونوں کتب میں کثرت سے روایت موجود ہے کہ خداوند کریم نے شب معراج اپنے پیارے حبیبؐ سے علیؑ کی زبان میں علی کی آواز میں کلام کیا۔ ارجح المطالب صفحہ ۶۲۹ اور دور جدید کے عالم الحاج صائم چشتی اپنی مایہ ناز تصنیف مشکل کشا میں تحریر کرتے ہیں۔

عبداللہ بن عمرؓ سے منقول ہے کہ میں نے جناب رسولؐ خدا سے سنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لوگوں نے حضرتؐ سے پوچھا یا رسول اللہ شب معراج اللہ تعالیٰ نے آپ سے کس کی آواز کے ساتھ کلام کیا تھا۔ فرمایا علیؑ کی آواز کے ساتھ میں نے عرض کی اے میرے پروردگار تو مجھ سے باتیں کر رہا ہے یا یہ کہ علیؑ فرمایا اے احمدؐ میں ایک ایسی چیز ہوں کہ کس چیز کے ساتھ میرا قیاس نہیں کیا جا سکتا اور میں لوگوں جیسا نہیں اور نہ کوئی شے میرے مشابہ ہے میں نے تجھے اپنے نور سے پیدا کیا ہے اور علیؑ کو تیرے نور سے پیدا کیا ہے میں تیرے دل کے بھید سے واقف ہوں تیرے قلب میں علی سے زیادہ کسی کی محبت نہیں پس میں اسی کی آواز سے تیرے ساتھ ہمکلام ہوا تاکہ تیرے دل میں تسلی رہے۔ مشکل کشا کا اس سے بڑا اور کیا معجزہ ہو سکتا ہے کہ خداوند عالم نے آپ ہی کی زبان میں کلام کرنا پسند فرمایا۔

نصرت علیؑ سے ۱۱۷

مولا علی مشکل کشا کی روشن کرامات میں سے یہ بھی ہے کہ ہر مقام پر نام علیؑ نظر آتا ہے عرش ہو یا فرش ہر مقام علی علی ہے۔ الحاج صائم چشتی السنی الحنفی اپنی کتاب مشکل کشا میں مستند حوالوں کے ساتھ حضرت ابی حمراء سے روایت کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں کہ جب آنحضرتؐ معراج کی شب آسمانوں کی طرف گئے تو آپ نے اوپر نظر اٹھا کر دیکھا تو عرش کے پائے پر یہ لکھا ہوا پایا کہ محمد اللہ کے رسولؐ ہیں اور انھیں علی کے ذریعہ سے امداد و نصرت فرمائی گئی۔

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر تھے ایک پرندہ آیا جس کے منہ میں سبز بادام تھا اس نے وہ بادام حضور کی گود میں پھینکا تو آپؐ نے اُسے اٹھا کر چوما اور پھر اُسے توڑا تو کیا دیکھتے ہیں کہ اس کے اندر ایک سبز کپڑا ہے جس پر سنہری حروف میں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے اور اس کے ساتھ ہی

یہ بھی تحریر ہے کہ میں نے علی کے ذریعہ آپ کی مدد کی ہے۔

آسمانوں پر نکاح ۱۱۸

تخلیق آدم سے لیکر اب تک اور روز قیامت تک کیا یہ سعادت کسی کے حصہ میں آئی کہ کسی شخص کا نکاح عرش پر آسمانوں پر ہوا تھا تو جواب میں نہ ملے گا۔ گو کہ بڑے بڑے انبیاء، بڑے بڑے اولیاء، بڑے صاحب ایمان حضرات گذرے مگر یہ مولا علی مشکل کشا کا ہی ایک معجزہ ہے یہ خدا کی مولا علی پر عنایت ہے کہ آپ کا نکاح اس زمین سے قبل آسمانوں پر کر کے آپ کو وہ شرف وہ بلندی عطا کی جس سے ہر ایک محروم ہے ہر ایک بے لبس و عاجز ہے چونکہ میرے نزدیک یہ شرف کس طرح بھی ایک بہت بڑے معجزے سے کم نہیں اس لئے قارئین کی دلچسپی کے لئے تحریر کر رہا ہوں۔

حب دار اہلبیت الحاج صائم چشتی اپنی مشہور تصنیف مشکل کشا میں مختلف مستند ترین روائیتوں کے ساتھ تحریر کرتے ہیں کہ حضرت جبرئیلؑ نے بارگاہ رسالتؐ میں حاضر ہو کر عرض کیا اور جنت کے سفید ریشمی کپڑے کا ٹکڑا جو وہ اپنے ساتھ لائے تھے پیش کیا۔ اس ریشمی کپڑے پر تو سے دو سطریں مرقوم تھیں رسول اللہ نے جبرئیلؑ سے پوچھا اے برادر مکتوب کا مضمون کیا ہے۔

جبرئیلؑ نے عرض کی یا رسول اللہ اللہ نے آپ کو تمام مخلوق میں برگزیدہ فرمایا ہے اور آپ کے لئے بھائی اور ساتھی کا انتخاب فرمایا ہے اور فاطمہؑ کو اس کے سپرد کر دیا آپ فاطمہؑ کے ساتھ اس کا عقد فرمائیں اور اسے اپنی دامادی میں قبول فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا اے جبرئیلؑ میں نے اپنی کنیز فاطمہؑ بنت محمدؐ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے ساتھ اپنے بندہ خاص علی مرتضوی کا نکاح کر دیا ہے تو بھی اس نکاح مبارک کو ملائکہ کرام میں منعقد کریں نے اللہ کے حکم کے مطابق ان دونوں برگزیدہ ہستیوں کا عقد نکاح کر کے تمام ملائکہ کو گواہ کیا اور یہ تمام واقعہ دستاویز کی صورت میں اس ریشمی کپڑے پر مرقوم کر دیا ہے اور مجھے حکم دیا گیا تھا کہ اسے آپ کی خدمت میں پہنچا دوں۔

نزہتہ المجالس میں مزید روایت بھی موجود ہے حضورؐ نے علی سے فرمایا کہ جبرئیل مجھے خبر دے رہے ہیں کہ اللہ نے میری بیٹی فاطمہؑ کو تمہاری زوجیت میں دے دیا ہے اور ان کے نکاح پر چالیس ہزار فرشتوں کو گواہ بنایا اور شجر طوبیٰ کو حکم دیا ان پر موتی یاقوت اور زیورات و ملبوسات کو نثار کریں۔ مزید تفصیلات الصواعق المحرقہ۔ البیان والتبین۔ نزہتہ المجالس ریاض النضرۃ ارجح المطالب و دیگر کتب میں دیکھئے۔

مشکل کشا کا دعویٰ ۱۱۹

حضرت مولانا محمد عبدالسلام قادری السنی الحنفی اپنی کتاب شہادت نواسہ سید الابرار میں صفحہ ۱۴۳ پر مولا علی مشکل کشا کے فضائل کے لئے بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں جو کہ میرے نزدیک مشکل کشا کا سب سے بڑا معجزہ ہے کیونکہ کسی ہستی میں اتنی جرأت نہیں ہے کہ وہ اعلانیہ اتنا بڑا دعویٰ کرے۔

حضرت سیدنا ابوالطفیل عامر روایت کرتے ہیں کہ میں نے خود اپنے کانوں سے مولا علی کو یہ فرماتے سنا۔ مجھ سے پوچھو اللہ تعالیٰ کی قسم قیامت تک جو ہونے والا ہے میں تم کو بتاؤں گا تم مجھ سے نہیں پوچھ سکو گے میں تمہیں سب کچھ بتاؤں گا حضرت سعید بن مسیبؓ روایت کرتے ہیں ہمارے زمانے میں سوائے علی کے کوئی ایسا نہ تھا جس نے یہ فرمایا ہو۔ پوچھو،، لو مجھ سے جو کچھ پوچھنا ہے میں تم کو خبر دے گا۔

مؤلف کتاب مزید آگے لکھتے ہیں کہ ثابت ہوا حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ قیامت

تک کے احوال کی خبر رکھتے تھے اور اسی لئے بالاتفاق تمام علوم سمندر رکنا آپ ہی ہیں اور تمام علم کی نہریں ان ہی کے چشمہ سے چلی ہیں۔ ولی۔ قطب، غوث ابدال، اوتار، درویش، قلندر، سالک، قادری، نقشبندی، سہروردی چشتی، معرفت، حقیقت، طریقت، شریعت، یہ سب علم کی نہریں باب مدینتہ العلم کے فیض رساں ہیں۔

علی قرآن ناطق ہیں ۱۲۰

حضرت مولانا محمد عبدالسلام قادری الحنفی السنی اپنی کتاب شہادت نواسہ سید الابرار میں لکھتے ہیں مولا علی کا یہ معجزہ ہر عام و خاص کتب میں موجود ہے جس کے لئے ہر کتاب دیکھی جا سکتی ہے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی نے پوری شب بسم اللہ کے حرف حرف با کی تفسیر شروع فرمائی یہاں تک کہ صبح ہو گئی۔ آپ نے فرمایا اگر اور رات ہوتی تو بیان کرتا اللہ کے سمندر سے قطرہ بھی بیان نہیں کیا۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ اگر میں سورۃ فاتحہ کی تفسیر لکھوں تو ستر اونٹ کتابوں سے لادے جائیں تو بھی تفسیر سورۃ فاتحہ ختم نہ ہو سکے۔

حضرت سرکار مولا علی المرتضیٰ رکاب میں ایک پاؤں رکھتے اور دوسرا پاؤں دوسری رکاب میں رکھنے تک پورا قرآن پڑھ کر ختم فرماتے اللہ اللہ یہ شان کرامت کمال تھی۔

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں قرآن سات حرفوں پر نازل ہوا اور ہر حرف جو ہے اس کے ایک ظاہری اور دوسرے باطنی معنی ہیں اور ہر حرف کے ظاہر و باطن کا علم حضرت علی کو ہے۔

یہ ہے خاموش قرآن اور وہ قرآن ناطق ہیں۔

نہ ہو جس دل میں یہ اس میں نہیں قرآن کا رشتہ۔ (صفحہ نمبر ۳۴۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب علی سوار ہوئے ۱۲۱

جناب صائم چشتی نے اپنی کتاب مشکل کشا میں محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی کی کتاب کے حوالے سے مولا علی کے فضائل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں جو کہ ایک بڑا معجزہ ہے کیونکہ دیگر اصحاب کرام کو پہلے آزمایا گیا جس کی تفصیل یہ ہے کہ جب اہل قبا کی درخواست پر حضور اکرمؐ نے وہاں مسجد بنانے کا ارادہ فرمایا تو آپ نے صحابہ کرام کو ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص ہمارے ناقہ پر سوار ہو کر اُسے پھرائے۔

چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق ناقہ کی پشت پر سوار ہو گئے مگر ناقہ رسولؐ نہ اٹھا بعد ازاں حضرت عمرؓ سوار ہوئے مگر پھر بھی ناقہ رسولؐ نہ اٹھا اس کے بعد علی مرتضیٰ نے اپنا پاؤں مبارک رکاب میں رکھا ہی تھا کہ ناقہ رسولؐ اٹھ کھڑا ہوا (صفحہ ۳۵۲) یہ ہے مولا علی کے پاؤں مبارک کا معجزہ کہ ناقہ رسولؐ ایک دم اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

میدان جنگ میں ۱۲۲

مولا علیؑ مشکل کشا کے قدم قدم پر ہمیں معجزات ملتے ہیں آپ کی حیات مبارکہ کا ایک اور اہم بڑا معجزہ یہ بھی ہے کہ آپ فتح مند ہوئے بغیر واپس نہ آئے اور جب میدان جنگ میں ہوتے تو دائیں بائیں حضرت جبرئیلؑ حضرت میکائیلؑ ہوتے۔ حضرت عمرؓ عمر بن حبشی، عثمان بن عبداللہ حضرت امام حسن روایت کرتے ہیں رسولؐ خدا جب علی مرتضیٰ کے ساتھ فوج روانہ فرماتے تو جبرئیلؑ ان کے داہنے طرف اور میکائیلؑ ان کے بائیں ہاتھ کی طرف ہوتے اور آپ فتح کئے بغیر نہیں لوٹتے تھے اور ہر جنگ میں علی مرتضیٰ اسلامی لشکر کے علمبردار ہوتے۔

مشکل کشائی خدا کی ۱۲۳

بعض نافہم ناسمجھ حضرات نہ جانے کیوں فضائل علی بیان کرنے والوں پر بہتان لگاتے ہیں جبکہ وہ بھی جانتے ہیں کہ حضرت علی کو مشکل کشا کسی فرد نے یا کسی قوم نے یا کسی فرقہ نے یا کسی جماعت نے نہیں بنایا۔ علی مرتضیٰ کو مشکل کشائی خدا کی طرف سے عطا ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ہر دور میں مشکلات کے بھنور میں گرے۔ انسانوں کو اپنی ہدایت سے مشکلات سے نجات دلائیں گے یہ سلسلہ یوم الحساب تک رہے گا۔ ہر دور میں جاری وساری رہے گا آپ کی مشکل کشائی کے لئے ایک دلیل ہم یہاں پر جوامع الکلم ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز۔ ناشر نفیس اکیڈمی کراچی صفحہ ۱۸۵ مشائخ کے خرقہ کی ابتدا کے بارے میں کے عنوان سے درج کر رہے ہیں۔

شب معراج رسولؐ خدا نے بہشت میں ایک حجرہ دیکھا جس کا دروازہ اور تالا سب سونے کا تھا رسول اللہ نے جب اندر جانا چاہا تو خدا کی اجازت کے ساتھ آپ اندر تشریف لے گئے۔ آپؐ اندر گئے تو بہت بڑا صندوق دیکھا جس پر سونے کا تالا تھا۔ حکم خدا کے بعد اس تالے کو کھولا گیا اس میں ایک اور صندوق نکلا۔ اس پر بھی سونے کا تالا تھا آخر صندوق کھولا گیا جو کہ سونے کا تھا۔ اس کے اندر خرقہ مشائخ رکھا ہوا تھا۔ حضور اکرمؐ کو اس خرقہ کی خواہش ہوئی تو خداوند کریم نے فرمایا ہزاروں پیغمبرؐ آج تک ہوتے ہیں میں نے یہ کسی کو بھی نہیں دیا۔ یہ تمہارے لئے رکھا ہے۔ لو آج میں تمہیں عطا کرتا ہوں۔ پہنو۔ رسول اللہؐ نے پھر سوال کیا کہ یہ میرے لئے ہی مخصوص ہے یا میں اپنی امت میں سے بھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی کو دے سکتا ہوں۔ خداوند کریم نے فرمایا میں تمہیں ایک سوال بتا دیتا ہوں اور اس کا جواب بھی جو بھی اس سوال کا جواب میرے جواب کے مطابق دے اسی کو یہ خرقہ عطا کر دینا۔

آپ زمین پر تشریف لائے سب سے پہلے آپ نے حضرت ابوبکرؓ کو تمام حالات بتائے اور فرمایا اگر میں تمہیں یہ خرقہ عطا کر دوں تو تم کیا کرو گے۔ حضرت ابوبکر نے جواب دیا۔ صدق اور سچائی اختیار کروں گا۔ رسول اللہ نے فرمایا جاؤ اپنی جگہ بیٹھ جاؤ۔ پھر حضرت عمرؓ سے فرمایا اگر میں تمہیں یہ خرقہ عطا کر دوں تو تم کیا کرو گے۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا۔ عدل و انصاف اختیار کروں گا۔ یہی سوال حضرت عثمانؓ سے کیا گیا آپ نے جواب دیا میں عبادت ۔ حیا و شرم قبول کروں گا۔ رسول خدا نے جواب سنکر فرمایا جاؤ اپنی جگہ بیٹھ جاؤ۔ اس کے بعد علی مرتضیٰ سے سوال کیا حضرت علی نے جواب دیا کہ میں بندگان خدا کے عیوب کی پردہ پوشی کروں گا۔ رسولؐ خدا نے یہ جواب سن کر فرمایا۔ یہ تمہارے لئے ہے اور تم اس کیلئے تم اس کو پہنو۔ یہی خرقہ مشائخ پیغمبر اعظمؐ سے حضرت علی کو اور ان سے ان کے سلسلے کے مشائخ کو پہنچا۔ اس لئے اولیاء کے سردار علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔

مزید آگے لکھتے ہیں کہ حضرت مخدوم نے فرمایا کہ خلافت دو قسم کی ہے۔ خلافت کبریٰ اور خلافت صغریٰ۔ خلافت کبریٰ خلافت باطنی ہے۔ اور خلافت صغریٰ ظاہری خلافت ہے۔ خلافت کبریٰ اجماع امت پہ ہے امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کے لئے مخصوص ہے اور خلافت صغریٰ امت کے درمیان اختلافی ہے۔ سُنیوں کو اس پر اتفاق ہے کہ وہ خلافت ابوبکرؓ کو ہے۔ شیعہ اور رافضی جماعت علی کرم اللہ کی طرف منسوب کرتے ہیں (اس واقعہ کی تفصیل کتاب کوکب دری د

مشکل کشا دیگر میں بھی موجود ہے۔

ہلاک ہو گیا ۱۲۴

کوکب دری نے شواہد النبوۃ کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ ابراہیم والی مدینہ ہر روز جمعہ کو مجھے منبر کے نزدیک بٹھا کر امیر المومنینؑ کی اہانت میں زبان کھولتا اور ناسزا کہتا۔ ایک جمعہ کو مجمع کثیر مسجد میں جمع تھا۔ میں منبر کے پہلو میں سوچتے سوچتے سو گیا۔ دیکھا کہ قبر رسولؐ شق ہوئی اور اس میں سے ایک مرد سفید لباس پہنے نکلا اور کہا اے عبداللہ اس شخص کی باتیں تجھے غمگین کرتی ہیں۔ میں نے عرض کی ہاں فرمایا آنکھ کھول کر دیکھ کہ خدا تعالیٰ نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے جب میں نے آنکھ کھولی دیکھا کہ تو وہ منبر سے گرا اور مر گیا۔

ابر کی اطاعت ۱۲۵

علی مرتضیٰ مشکل کشا کی روحانی قوت معجزات، اختیارات کا احاطہ کرنا بشری قوت سے بالاتر ہے آپ کے معجزات اس قدر ہیں جس کے شمار نہیں اور ایسے ایسے معجزات ہیں کہ جس کے سامنے عقل بے بس رہ جاتی ہے اور جب یہی معجزات اور مشکل کشائی اور ذکر علی کے واقعات کوئی محب علی سنتا ہے تو اس کے ایمان میں مزید پختگی اور تازگی آجاتی ہے آپ کے معجزات میں سے ایک ادنیٰ سا معجزہ یہ بھی ہے کہ آپ نے اپنے شہزادوں کو ابر کے ٹکڑے پر دنیا بھر کی سیر کرائی جس کی تفصیلات محمد صالح کشفی۔ الحنفی۔ السنی۔ نے اپنی کتاب کوکب دری میں فوحات القدس کے حوالے سے بیان کی ہے۔

حضرت سلمان فارسیؓ سے منقول ہے کہ ایک روز امام حسنؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب امیر المومنین حضرت علی کے سامنے تقریر فرما رہے تھے اور قرآن مجید سے حضرت سلیمانؑ کی سلطنت کا حال بیان کرتے تھے۔ اسی اثنا میں ذکر کیا آنحضرتؐ نے فرمایا (میری امت کے علما بنی اسرائیل کے انبیاء کے مانند ہیں) اور آپ یا امیر المومنین اس امت میں سب اولیاء سے افضل اور تمام علماء سے اعلم ہیں اور خدا تعالیٰ نے حضرت سلیمانؑ کو ملک عظیم عطا فرمایا تھا۔ آپ کو کیا چیز عطا کی ہے امیر المومنین حضرت علی نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھایا۔ فوراً ایک ابر کا ٹکڑا ہوا ایس نمودار ہوا اور اونٹ کی طرح آپ کے آگے آکر زمین پر بیٹھ گیا۔ دونوں شہزادے اور حضرت امیر المومنین اس ابر کے ٹکڑے پر سوار ہوتے آپ کی اجازت سے میں بھی اس ابر کے ٹکڑے پر آپ کے ساتھ بیٹھ گیا۔ حضرت نے ارشاد فرمایا اور بادل نے پرندے کی طرح اڑنا شروع کر دیا۔ اور ایک خشک درخت کے پاس جا کر اترا۔ امیر المومنین نے امام حسن سے فرمایا۔ اس درخت سے حال دریافت کرو۔ امام حسن نے علی کے حکم کے مطابق اس درخت سے حال دریافت کیا۔ درخت گویا ہوا اور عرض کی حضرت علی امیر المومنین اس مقام پر عبادت فرمایا کرتے تھے ان کے قدموں کی برکت سے میں ہرا بھرا رہتا تھا۔ جب سے رسولؐ خدا اس دار فانی سے عالم باقی کی طرف رحلت فرمائی ہے۔ امیر المومنین حضرت علی نے آنا ترک کر دیا ہے۔ آپ کی جدائی کے غم میں میری یہ حالت ہو گئی ہے جب امام حسن نے امیر المومنین کی خدمت میں درخت کا حال فرمایا تو آپ نے دعا فرمائی اور درخت پھر سے ہرا بھرا ہو گیا اور اس کے نیچے پانی کا ایک چشمہ جاری کیا۔ اس کے بعد ابر کا ٹکڑا کئی مقامات پر لئے پھرتا رہا پھر دونوں شہزادوں نے عرض کی اب گھر چلنا ہے امیر المومنین نے بادل کے ٹکڑے کو حکم دیا بادل تھوڑی دیر میں مدینہ میں پہنچ گیا (کوکب دری صفحہ ۴۰۰ و ۳۹۹)

مشکل وقت اور مشکل کشا

اس بات کو سمجھتا ہے جو خود عقیل ہے
حیدر کی ذات قدرتِ حق کی دلیل ہے

عرب جیسی گمراہ اور سرکش قوم جن کے دل برائیوں سے سیاہ زنگ آلود ہو چکے تھے اندھیروں میں بھٹکے ہوئے بے شمار خداؤں کو خدا ماننے والوں کو جب پیغمبر اعظم نے دین حق و سچائی کے راستہ پر چلنے کی دعوت دی تو مکہ کے بڑے بڑے سردار مخالفت میں سینہ تان کر آپ کی راہ میں حائل ہوتے اور اپنی تمام تر قوت دین حق کی مخالفت میں صرف کر دی اور دین حق کی مخالفت میں مشکلات کے پہاڑ کھڑے کر دئے اور یہ بھٹکے ہوئے انسان اپنی سر توڑ کوشش کے باوجود بھی دین حق کو پھیلنے سے روک نہیں سکے۔ خدا کا شکر ہے خدا کی تائید و نصرت کے ساتھ دین حق عرب سے نکل کر تمام دنیا میں پھیل گیا۔ اور آج دین حق کے جانثار دنیا کے چپہ چپہ پر موجود ہیں۔ خداوند کریم نے اپنے پیارے دین سے اس جگ کو منور کیا تھا وہ خوب جانتا تھا کہ اس راستہ میں کس قدر مشکلات آئیں گی اور ان مشکلات کے لئے خداوند کریم نے ایک مشکل کشا کو بھی بھیجا جو قدم قدم پیغمبر اعظمؐ کا نائب بن کر ان مشکلات کو آسان بناتا گیا۔ مخالف نے ہر طرح سے آزمایا۔ ہر مشکل پیدا کی مگر مشکل کشا اسے آسان بناتے گئے۔ تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ دین اسلام پر جب بھی مشکل آئی جب بھی ایسا لمحہ آیا تو علی مرتضیٰ آگے بڑھے اور دشمنان اسلام کے ارادوں کو خاک میں ملاتے ہوئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بارگاہ رسالتؐ سے مستند سندیں حاصل کرتے گئے۔ تاریخ گواہ ہے کہ دین اسلام کی پہلی مجلس میں علی مرتضیٰؑ نے پیغمبر اعظمؐ کے ارشاد کی تائید کر کے یہ ثابت کر دیا کہ مشکل و کٹھن حالات میں مشکل کشائی مجھ سے ہی ہو گی اور اس قول کی صداقت قدم قدم پر آپؑ کی دین اسلام کا کوئی بھی کٹھن لمحہ کوئی بھی مشکل وقت لے لیں تو پتہ یہی چلتا ہے کہ علی مرتضیٰ مشکل کشا کی بدولت دین اسلام کو پریشانی و مصائب سے نجات حاصل ہوئی ہو۔

تاریخ اسلام کی پہلی جنگ جو جنگ بدر کے نام سے یاد کی جاتی ہے اس جنگ میں علی مرتضیٰؑ کی ذوالفقار کفار کے سروں پر اگر نہ برستی تو اسی دن ہی دین اسلام کا کام تمام ہو جاتا۔ جنگ احد میں علی مرتضیٰ کی جانثاری بے مثل ہے۔ جنگ خندق میں اگر عمرو بن عبدود کے کھلے چیلنج کے لئے علی مرتضیٰ آگے نہ بڑھتے۔ تو غیر مسلم بلا دھڑک یہ کہنے میں حق بجانب تھے کہ دین اسلام میں کوئی سرفروش ہی نہیں دین اسلام میں کوئی بہادر ہی نہیں نہ جانے وہ کیا کچھ کہتے۔ خدا کا شکر ہے کہ علی مرتضیٰ نے جنگ خندق کے روز دین اسلام کی لاج رکھ لی اور پیغمبر اعظمؐ کی مشکل کو آسان بنا دیا علی مرتضیٰ نے جنگ خندق کے روز دین اسلام کی لاج رکھ لی اور پیغمبر اعظمؐ کی مشکل کو آسان بنا دیا۔ اگر علی مرتضیٰ خیبر کے دن علم لیکر نہ جاتے تو اس دن اسلام کو جس شرمندگی اور ندامت کا سامنا کرنا پڑتا اس کی ندامت تا قیامت تک نہ مٹتی۔ یہ علی مرتضیٰ ہیں جنھیں خداوند کریم نے روحانی قوت سے مالا مال کر کے اس دنیا میں خلق کیا اور اپنے اس محبوب کے ذریعہ بتا دیا کہ دیکھ لو اسے یہ مشکل وقت میں کس کس طرح آگے بڑھا اور کس طرح اس نے مشکل آسان بنا دی یہی مشکل کشا ہے یہی مشکل کشا ہے یہ سب کچھ خداوند کریم نے اس لئے کیا کہ آنے والا زمانہ بھی یاد رکھے کہ دیکھو جب تم پر بھی کبھی مشکل آئے تو در

علی پر چلے جانا یہ وہ در ہے جہاں ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے اور تاریخ یہ بتاتی ہے آنحضرتؐ کے وصال کے بعد جب بھی خلیفہ اوّل دوئم، سوئم۔ کو جب بھی کسی مقدمہ کے سلسلے میں یا کسی یہودی کے سوالات کی وجہ سے یا کسی علمی معاملہ میں یا کسی جنگی معاملہ میں یا ملکی اصلاحات میں یا کسی بھی معاملہ میں مشکل پیش آئی تو مشکل کشا کو ہی یاد کیا جاتا اور خدا کا کرم ہے علی مرتضیٰ نے پلک جھپکتے ہی سب کی مشکل آسان فرما دیتے اور سب سے داد وصول کرتے یہ نہیں کہ دوستوں کو جب دشمن کو بھی مشکل پیش آئی تو اسی در کا سہارا لینے پر مجبور ہوا۔ وہ جانتے تھے کہ مشکلات کا حل سوائے اس در کے اور کہیں نہیں ہے غرض کے جب بھی مشکل پیش آئی تو مشکل کشا کو یاد کیا گیا۔

ہم دیکھتے ہیں آج بھی جب بھی کوئی مشکل کے بھنور میں گر جاتا ہے تو اس مشکل وقت میں بے ساختہ زبان پر آپ ہی کا نام آتا ہے اور یہ خدا کی عنایت ہے کہ آپ کا نام لینے والا آپ کو پکارنے والا کبھی نامراد و مایوس نہیں ہوتا۔ خدا کا کرم ہے اسی نام پر اس نام کے طفیل سب بامراد ہوتے ہیں۔ خدا اور پیغمبر اعظمؐ نے ہم سب کو مشکل سے نجات پانے کا در بتا دیا ہے اب جس کا دل چاہے وہ مشکل وقت میں اس در پر جھک جائے اور جس کا دل نہ چاہے وہ نہ جھکے تاریخ اسلام میں حیات نبویؐ سے لیکر علی مرتضیٰ کی شہادت تک بے شمار ایسے مشکل واقعات پیش آئے جو صرف علی مرتضیٰ نے اپنی روحانی قوت کی بدولت آسان بنا دیئے اُن سب کا احاطہ کرنا اس کتاب میں ناممکن ہے یہاں پر صرف چند مشہور و معروف واقعات مستند کتابوں کے حوالوں کے ساتھ بیان کئے جاتے ہیں جنھیں مسلم و غیر مسلم مورخین نے اپنی کتب میں درج کیا ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مشکل وقت اور مشکل کشا

ظاہر علی کی ذات سے ہے قدرتِ خدا
بازوئے مصطفےٰ ہے درِ رحمتِ خدا

اعلان نبوت کے وقت ۱۲۶

مولا علی مشکل کشا پیغمبر اعظمؐ کی تربیت کا اعلیٰ شاہکار ہیں۔ پیغمبر اعظمؐ و دین اسلام پر جب بھی نازک وقت آیا جب بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جب بھی سنگلاخ و کٹھن راہوں سے دوچار پڑا جب بھی مخالف کا زور ہوا ایسے نازک و مشکل حالات میں مشکل کشائی کی ہستی سب سے آگے نظر آتی ہے۔ خدا و رسولؐ اعظم کی آپ پر خاص عنایت ہے کہ آپ کو خداوند کریم نے شب معراج کے وقت رسولؐ اعظمؐ کے ذریعہ پردہ پوشی کی ایک گدڑی عنایت فرمائی جس کا تذکرہ گذشتہ صفحات میں مستند حوالوں کے ساتھ کیا جاچکا ہے کہ آپ نے نہ صرف اپنی حیات مبارک میں اپنی روحانی قوت کی بدولت لوگوں کی مشکلات حل فرمائیں بلکہ روز قیامت تک آپ ہر ایک کی مشکلات میں مشکل کشائی فرماتے رہیں گے یہ خدا کا اور اس کے پیارے حبیب کا مولا علی پر لاکھ احسان ہے کہ مشکل کشائی کا ڈنکا صرف آپکے نام کے ساتھ ہمیشہ گونجتا رہے گا۔

دین اسلام کی ابتداء میں جن مشکلات اور جس مشکل حالات کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سامنا کرنا پڑا وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں جب ہم تاریخ اسلام کے اولین اوراق پر نظر ڈالتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ ابتدائی لمحات میں مشکل وقت میں مولا علی نے جس طرح مشکل

کشائی فرماتے ہوئے مشکلیں آسان فرمائی ہیں اس سے تاریخ اسلام ہمیشہ فخر کرتی رہے گی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم خدا کے مطابق جب قریش مکہ کو اسلام کی طرف پہلی دعوت دی اس کی تفصیلات مجھ حقیر کی کتاب شان علی میں پیش کی جاچکی ہیں اس وقت تو صرف مشکل کشائی کے اشارے کرتے ہوئے آگے بڑھنا ہے۔ اس کی تفصیلات صرف تاریخ اسلام ہی نے نہیں بلکہ غیر مسلم مورخین نے بھی اپنی اپنی کتب میں درج کی ہیں شاید ہی کوئی تاریخ ہے جس میں اس واقعہ کو درج نہ کیا گیا ہو۔ صرف ان کتب کے نام ہی درج کردتے جائیں تو اس کے لئے ایک الگ کتاب کی ضرورت ہے مزید کسی کو اس سے اختلاف ہو تو وہ کوئی سی بھی کتاب اٹھا کر دیکھ سکتا ہے۔

حضرت علی کا سن مبارک چودہویں سال میں داخل ہوچکا تھا۔ آپ بچپن کی سرحد سے نکل کر جوانی میں قدم رکھ چکے تھے۔ رب کریم کو جن لمحات کا انتظار تھا وہ آپہنچے حکم خدا کے مطابق رسولؐ خدا نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو بلا کر ایک دعوت کا اہتمام کیا جس میں چالیس کے قریب لوگوں نے شرکت کی آپ نے اعلان نبوت فرمایا مگر ابولہب کی مخالفانہ تقریر اور تمسخر سے یہ دعوت رائیگاں گئی مگر ابولہب کی اس مخالفت سے نہ ہی رسول اللہؐ کی ہمتوں میں کمی آئی اور نہ ہی علی کی ثابت قدمی میں فرق آیا۔

رسول خدا کے حکم کے مطابق دوبارہ دعوت کا اہتمام کیا گیا جس میں حاضرین کی تعداد چالیس کے قریب تھی کھانے سے فارغ ہونے کے بعد رسولؐ خدا نے فرمایا۔ اے لوگو! میں تمہارے پاس دنیا و آخرت کی بھلائی لایا ہوں اور خدا نے حکم دیا ہے کہ تم لوگوں کو اس دین کی طرف بلاؤں۔ اب بتاؤ۔ اب تم میں سے کون شخص اس کام میں میرا ہاتھ بٹائے گا تاکہ وہ میرا بھائی۔ میرا وصی۔ میرا خلیفہ مقرر کر دیا جائے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرتؐ کے ارشادات ختم ہوتے حاضرین میں سنّاٹا چھایا ہوا تھا دین اسلام کی تبلیغ کا پہلا مرحلہ ہے اگر پہلے ہی مرحلے میں ناکامی ہو جاتی ہے تو اس دین کی بقا مشکل نظر آتی ۔ حاضرین میں جوان ۔ بوڑھے ۔ اپنے پرائے سب شامل تھے مگر تاریخ کے صفحات گواہی دے رہے ہیں کہ کوئی شخص ایسا نہ تھا جو رسولؐ خدا کے الفاظوں پر لبیک کہتا آپ کے کلام کی گواہی دیتا ایسے حالات میں اور ایسے ماحول میں کس قدر مشکل و پریشانی ہو رہی ہوگی اسلام کی ابتداء میں اتنی بڑی مشکل کہ پیغمبر اعظمؐ کے ارشاد کی تصدیق کرنے والا کوئی نہ تھا ایسے نازک لمحات ۔ مشکل حالات کٹھن وقت میں اس سنّاٹے کے پردے کو چاک کرتی ہوئی ایک بلند ہمّت، مستقل المزاج ۔ کامل الایمان، ابھرتے ہوئے نوجوان [illegible] نے مشکل کو آسانی میں بدل کر رکھ دیا اس نوجوان نے پر تاثیر اور گرجتے ہوئے انداز میں فرمایا ۔ اے میرے آقا میں تمہارا ساتھ دوں گا ۔ میں آپ کا حکم بجالاؤں گا ۔ یا رسول اللہؐ میں وصی بنوں گا ۔ میں آپ کی ہر میدان میں مدد کروں گا ۔ کبھی نہ ساتھ چھوڑوں گا میں آپ کے دشمنوں کی آنکھیں نکال ڈالوں گا ۔ ان کے پیٹ پھاڑ ڈالوں گا ۔

اس آواز نے مکہ کی وادیوں کو ہلا دیا یہ آواز ہر تاریخ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گئی جس کے بغیر تاریخ اسلام نامکمل ہے ۔ یہ آواز سنکر خدا کے رسول فرماتے ہیں ٹھہر جاؤ ۔ پھر دوسری مرتبہ رسولؐ خدا نے ارشاد فرمایا پھر وہی آواز نے آپ کی اطاعت کی ۔ آنحضرت نے پھر فرمایا ٹھہر جاؤ ۔ تیسری مرتبہ آنحضرتؐ نے پھر اپنے کلام کو دہرایا مگر حاضرین میں سے کسی نے بھی تصدیق نہ کی ۔ سوائے علی بن ابی طالب کے ۔ ایسے میں نبیؐ نے فرط مسرت سے اس ابھرتے ہوئے نوجوان کو اپنے سینے سے لگا لیا اپنی زبان مبارک اس نوجوان کے منہ میں ڈالدی ۔ رسولؐ خدا

اس جوان سے کس قدر مسرور و خوش ہوتے اس کا اندازہ تو صرف اللہ اور اللہ کے حبیبؐ ہی لگا سکتے ہیں اس جوان نے رسولؐ خدا کو مایوسی سے بچا لیا ۔ اس مشکل وقت میں کون کام آیا کس کی بدولت مشکل آسان ہوئی وہ جوان علیؑ بن ابی طالب ہیں ۔ ذرا سوچیں ایسے نازک لمحات میں ایسے مشکل حالات میں علی بھی خاموش رہ جاتے تو اسلام کس طرح آگے بڑھتا بلکہ اسلام کو ابتدائی لمحات میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ۔ مگر مشکل کشا نے لاج رکھ لی ۔ حاضرین تمسخر اڑاتے ہوئے اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے یہ کہتے جاتے کہ نیا دین کیسے کامیاب ہوگا مگر ان دونوں مقدس کرداروں نے اپنے کردار کے ذریعہ ثابت کر دیا کہ دین اسلام ہی واحد دین ہے جو حق و نجات کے راستے کا ضامن ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس موقع پر آنحضرتؐ نے اس جوان کے گلے میں اپنے ہاتھ ڈال کر ارشاد فرمایا یہ میرا بھائی ہے ۔ میرا وصی ہے ۔ میرا خلیفہ ہے ۔ تم اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو ۔

یورپ کے مشہور مورخ گبن (GIBBON) لکھتے ہیں ۔ علی مرتضیٰ کی اس مردانہ ہمّت اور دلیرانہ تقریر سے جس قدر جناب رسولؐ خدا مسرور تھے اس قدر مشرکین مخزون تھے ۔

یورپ کے مشہور زمانہ عالم و مورخ مسٹر کارلائل لکھتے ہیں کہ ایک ادھیڑ عمر کے وہ (حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ایک سولہ برس کے لڑکے علی کا یہ فیصلہ کرنا کہ ہم دونوں مل کر دنیا کے خیالات کے خلاف کوشش کریں گے مضحکہ خیز بات معلوم ہوتی مگر آگے چل کر یہ بات ثابت ہو گئی کہ یہ بات ہنسی کے لائق نہیں ۔ یہ نوجوان علی ایسا ہے کہ جس کو ہر ایک شخص پسند کرے گا یہ صاحب اخلاق و محبت سے بھرپور ایسا بہادر شخص تھا کہ جن کی آگ کی ایسی تیز اور تند جرات کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہر سکتی۔ شیر سا تو بہادر تھا مگر اس کے باوجود اس کے مزاج میں ایسی نرمی۔ رحم۔ سچائی۔ محبت تھی۔

اس واقعہ کی تفصیلات کم و بیش ان ہی الفاظوں سے تمام مورخین محدثین۔ اور مفسرین نے بیان کی ہے اس کے علاوہ یورپی مورخین کی تاریخ گبن۔ تاریخ اوکلی۔ تاریخ مسٹر کارلائل۔ تاریخ ایرونگ۔ تاریخ گلمن۔ تاریخ ڈیون پورٹ وغیرہ وغیرہ میں موجود ہے۔

حضرت علی نے دین اسلام کے ابتدائی مشکل وقت، مشکل کشائی کر کے یہ ثابت کر دکھایا کہ خداوند کریم نے تو آپ کو پیدا ہی صرف اس لئے کیا ہے کہ آپ مشکل کشائی فرماتے رہیں اور یہ سلسلہ اس دور جدید میں بھی جاری ہے "تا قیامت" تاکہ آپ حاجت مندوں کی مشکل حل فرماتے رہیں گے۔

مکہ کے لڑکے ۱۲۷

علی تو پیدا ہی اس لئے ہوئے تھے کہ قدم قدم پر رسولؐ خدا پر جان نچھاور کریں اور دین اسلام پر جب بھی مشکل آئے اس مشکل کو آسان کریں چونکہ اس باب کا نام مشکل وقت اور مشکل کشا ہے اس کی نسبت سے صرف چند ایک واقعات بیان کرنے ہیں تفصیلات کے لئے تو ایک حیات سکندر کی ضرورت ہے اس موقع پر یہ واقعہ بھی مشکل کشائی کے زمرے میں تحریر کیا جا رہا ہے کہ جب پیغمبر اعظمؐ اعلان نبوت کے بعد تبلیغ کا سلسلہ شروع کیا تو قریش آپ کے خون کے پیاسے ہو گئے مگر حضرت ابو طالب کی وجہ سے اعلانیہ مزاحمت نہ کرتے۔ کفار مکہ نے چند نوعمر لڑکوں کو آپ کی ایذا رسانی کے لئے تیار کیا۔ اس واقعہ کو مختصر الفاظوں میں نفس رسولؐ حصہ چہارم تحریر کیا ہے حضرت علی جس طرح جوانی

میں بہادر تھے۔ اس طرح بچپن میں بہادر تھے۔ امام جعفرؑ سے روایت کی گئی جنگ احد میں حضرت علی طلحہ بن ابی طلحہ سے نبرد آزما ہوئے طلحہ نے حضرت علی سے پوچھا۔ صاحبزادے تم کون ہو۔ آپ نے جواب دیا میں علی ہوں۔ ابو طالب کا فرزند۔ تو طلحہ نے کہا اے قضیم میں پہلے ہی جانتا تھا کہ میرے مقابلہ پر تمہارے سوائے کسی کو آنے کی ہمت نہ ہو گی امام جعفر سے دریافت کیا کہ یہ قضیم کے کیا معنی ہیں۔

امام نے فرمایا کہ جب پیغمبر اعظمؐ مکہ میں تھے تو ابتداء میں تبلیغ میں ابو طالب کے ڈر کی وجہ سے کسی کو کچھ کہنے کی جرأت نہ ہوتی تھی تو انہوں نے لڑکوں کو ابھارا اور جب پیغمبر اعظمؐ راہ چلتے تو لڑکے آپ پر پتھر پھینکتے اور مٹی ڈالتے چونکہ آپ اور حضرت ابو طالب عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے انہیں کچھ نہ کہتے اور یہ مناسب بھی نہ تھا کہ آپؐ ان لڑکوں کے منہ لگتے ایک روز اس طرح ان لڑکوں نے پھر یہ حرکت کی تو آپ دوسرے دن حضرت علی کو ساتھ لے گئے اس وقت آپؑ ان لڑکوں کے ہم عمر تھے لڑکوں نے وہی ناپاک حرکت کی حضرت علی ان پر ٹوٹ پڑے اُن کے چہرے۔ ناک کان منہ توڑ ڈالے۔ لڑکے اپنے گھروں کو روتے ہوئے پہنچے اپنے والدین سے شکایت کی۔ کہ علی نے ہمیں توڑ پھوڑ کر رکھ دیا ہے اسی وجہ سے آپ کا نام بچپن ہی میں قضیم بھی پڑ گیا تھا۔

ہجرت کی رات ۱۲۸

تاریخ کا اہم ترین موڑ ہجرت کی رات جس کی تفصیلات مسلم و غیر مسلم تمام مورخین نے بیان کی ہے جس کی مکمل تفصیلات مجھ حقیر کی کتاب شان علی میں پیش کی جا چکی ہیں اس وقت صرف اس نازک لمحات کٹھن و مشکل وقت میں مشکل کشا کی جانثاری بیان کرنی ہے۔ تیرہ ۱۳ سالہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مکی زندگی کا دور تمام ہوا۔ شمع نبوت کے گرد پروانوں کے ہجوم میں کافی اضافہ ہو چکا جس کی خوشبو دور دور تک پھیل چکی ہے مدینہ منورہ کی گلی گلی اسلام کی خوشبو سے مہک چکی ہے مکہ کے کفار کے اذیتیں بھی انتہا کو پہنچ چکی تھیں بحکم پیغمبرؐ اسلام مسلمان آہستہ آہستہ مدینہ کی طرف روانہ ہو چکے تھے۔ اب صرف مکہ میں پیغمبر خدا۔ حضرت علی اور حضرت ابو بکرؓ باقی رہ چکے تھے اب نہ حضرت بی بی خدیجہ ہیں نہ حضرت ابو طالب ہیں۔ کفار مکہ پیغمبر اسلام کے خون کے پیاسے ہر طرف آپ کے قتل کے چرچے ہیں۔ ایسے میں حکم الٰہی ہوتا ہے کہ آج رات مدینہ کی طرف کوچ کر جاؤ۔ آپ نے اس راز کو پوشیدہ رکھا۔ مگر کسی طرح کفار مکہ کو آپ کے مدینہ کوچ کرنے کی اطلاع مل گئی۔ کفار کے معززین نے مل کر یہ طے کیا کہ آج رات ہی محمدؐ کا کام تمام کر دیا جائے اس کام کے لئے ہر قبیلہ سے نامور بہادر کا انتخاب کیا گیا۔ خدا نے کفار مکہ کے اس ناپاک ارادے کی بشارت دی۔ ایسے نازک مشکل۔ کٹھن حالات میں کون ہے جو کام آئے۔ اس سے زیادہ مشکل وقت پیغمبر اعظمؐ پر نہ آیا تھا۔ ایسے نازک وقت میں ایک ایسے ہمراز۔ جری۔ جانثار کی تلاش تھی جو جان کا عوض دے سکے۔ آخر نظر انتخاب اسی نوجوان پر گئی جس نے پہلی دعوت میں لاج رکھی تھی آپ کی نگاہیں علی بن ابی طالب کی متلاشی ہیں شام ہوئی علی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا۔ مشرکین آج میرے قتل پر آمادہ ہیں کچھ دیر بعد ہی میرے مکان کا محاصرہ کر لیں گے۔ ہم مدینہ کو روانہ ہوتے ہیں آج تم میرے بستر پر ہماری سبز چادر اوڑھ کر سونا۔ آپ کا حکم سننا تھا۔ کہ علی مرتضیٰ کی زبان سے یہ الفاظ جاری ہوئے کہ میرے کیا سونے سے آپؐ کی جان بچ جائیگی۔ فرمایا ہاں۔ علی مرتضیٰ۔ فرط مسرت سے

کھل اٹھے۔ علی کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا آپ بڑے مسرور تھے کہ میں فدیہ بن رہا ہوں۔ آپ نے قریش مکہ کی تمام امانتیں علی مرتضیٰ کے سپرد کیں اور فرمایا یہ امانتیں ان سب کو دیکر تم بھی چلے آنا۔ پیغمبر اعظمؐ بخیریت مدینہ کی طرف روانہ ہوئے آپ بڑے آرام و سکون کے ساتھ آنحضرتؐ کے بستر پر لیٹ گئے اور بڑی آرام کی نیند سوتے رہے جس کیلئے حضرت علی کا فرمان ہے کہ شب ہجرت جس قدر سکون و آرام کی نیند سویا ہوں ویسی نیند کبھی نہ کی۔ امام غزالی تحریر فرماتے ہیں وہ علی بستر رسولؐ پر رات سو رہے اس وقت خداوند عالم نے جبریل و میکائیل پر وحی فرمائی کہ میں نے تم دونوں کو بھائی بھائی بنایا اور تم میں سے ایک کی عمر دوسرے کی عمر سے زیادہ کی تم میں کون ایسا ہے جو اپنی فاضل عمر اپنے بھائی کو دے اس وقت خدا نے فرمایا تم دونوں علی جیسے کیوں نہیں میں نے علی اور رسولؐ کو بھائی بنایا۔ وہ رسولؐ کے بستر پر سو کر اپنی جان فدا کر رہا ہے تم دونوں ابھی زمین پر جاؤ اور علی کو دشمنوں سے بچاؤ۔ جبرئیل پہنچے اور کہتے جاتے مبارک ہو مبارک اے فرزند ابو طالب تمہاری وجہ سے ملائکہ فخر کر رہے ہیں اس موقع پر خدا نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ومن الناس من یشری الخ۔ لوگوں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو خدا کی خوشنودی کے لئے اپنی جان بیچ ڈالتے ہیں۔

کفار مکہ تمام رات گھر کو گھیرے رہے تاکہ صبح ہوتے ہی آپ کو قتل کر سکیں۔ ان لمحات میں تمام رات علی مرتضیٰ بستر رسولؐ پر اپنے استقلال۔ ثابت قدمی۔ جاں نثاری۔ اور سرفروشی کے جوہر دکھلاتے رہے نہ دل میں کافروں کا خوف نہ موت کا خوف تھا۔ صبح ہوئی۔ کفار مکہ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ بستر رسولؐ پر رسولؐ اعظم کے بجائے علی بن ابی طالب ہیں۔ کفار نے تلواریں نکال لیں اور کہا کہ محمدؐ کہاں ہیں مگر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ کا جواب جو بلند ہمتی جوانمردی ۔شجاعت کا آئینہ دار ہے ۔آپ نے فرمایا محمدؐ کو تم مجھے دے کر گئے تھے جو تم لینے آئے ہو ۔آپ نے جبح تمام امانتیں لوگوں کے سپرد کیں کفار نے بہت کوشش کی کہ آپ پیغمبر اعظمؐ کا پتہ بتا دیں مگر دنیا کی تاریخ ایسا واقعہ پیش کرنے سے قاصر ہے کہ ان پر خطر حالات میں آپ نے اپنی مضبوطی ۔ثابت قدمی میں ذرا بھر بھی فرق نہ آنے دیا ۔آپ تمام احکامات پورے کرنے کے بعد چند خواتین کو لیکر بحکم پیغمبر اعظم مدینہ کی طرف روانہ ہوئے جس کے لئے یورپ کے مشہور مورخ کاسن ڈی پرسیوالی cousin de Perzuval کی تحقیق کے مطابق یہ جون کا مہینہ تھا ۔گرمی کے دن ۔ریگستان کا علاقہ جس کا ذرہ ذرہ تمازت میں آفتاب سے کم نہیں تھا ۔پہاڑوں کے پتھروں پر ایک سو چیبس میل تک پیادہ سفر کرنا ۔اس قیامت کے سفر میں آپ کے پاس سواری تک بھی نہ تھی ان کی ثابت قدمی اور کامل الایمان نے ان مشکلوں کو بھی آسان کر لیا ۔چلتے چلتے آپ کے پاؤں سوجھ گئے ۔یہاں تک کے خون بہنے لگا ۔جب رسولؐ خدا کو آپ کے آنے کی اطلاع ملی اپنے سرفردش جانثار کے دیدار کے لئے آپ کی آنکھیں بیتاب تھیں ۔آنحضرتؐ نے جناب امیر کو اس حال میں دیکھا تو آبدیدہ ہو گئے بیساختہ دوڑ کر علی سے لپٹ گئے اپنے ہاتھوں سے ان کے گرد و غبار صاف کرنے لگے آپ نے اپنا لعاب دہن زخموں پر لگایا ۔پھر کبھی آپ کے پیروں کو تکلیف نہ ہوئی ۔آگے لکھتے ہیں کہ اس شدید گرمی اور دشمنوں ہی دشمنوں میں تن تنہا اتنا سفر کرنا ایسا حیرت انگیز واقعہ ہے جس کی نظیر امت اسلامیہ میں تو کیا اور امتوں میں بھی کمتر ملے گی اس سے آپ کے ایمان صبر، توکل ۔جرات، ہمت و شجاعت کا پتہ چلتا ہے ۔

(مزید تفصیلات کے لئے کتاب شانِ علی دیکھئے ۔)

امانت کی تقسیم ۱۲۹

میں نے اس واقعہ کی تفصیل کسی کتاب میں یا تاریخ میں تو نہیں پڑھی اور نہ ہی ہے یہ ایک عقلی سا واقعہ ہے جو مشکل کشا کی روحانی علم کی عکاسی کرتا ہے میں نے یہ نکتہ اپنی کتاب شانِ علی میں بھی بیان کیا ہے ۔ میں پڑھنے والوں کو بھی اس چیز پر آمادہ کروں گا کہ میرے اس نکتہ پر غور فرمائیں ۔سوچیں کہ اس میں کہاں تک حقیقت کا پہلو نظر آتا ہے ۔

یہاں تک تو ہر مسلمان نے ہر عام کتب میں پڑھا ہے کہ کفار مکہ پیغمبر اسلام کے دین سخت مخالف تھے مگر اس مخالفت کے باوجود تمام کفار مکہ آپ کی امانت و دیانت اور شرافت پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنی امانتیں نبیؐ کریم کے پاس رکھوایا کرتے تھے ۔جب بحکم خدا آنحضرتؐ نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اس شب کی شام کو آپؐ نے حضرت علی سے فرمایا کہ تم آج رات میرے بستر پر آرام کرنا اور لوگوں کی یہ امانتیں دیکر تم بھی مدینہ چلے جانا ۔یہاں تک کے واقعہ تمام تاریخ میں ملتا ہے اور تاریخ یہ بھی ثابت کرتی ہے کہ آنحضرتؐ نے وہ تمام امانتیں حضرت علی کے سپرد کیں مگر دنیا کی کوئی تاریخ کوئی کتاب ایسی نظر نہیں آتی جس میں آنحضرتؐ نے تمام مال و اسباب کی فہرست اور ان لوگوں کی فہرست بھی حضرت علی کو دی ہو ۔جب کہ مکہ کے تقریباً تمام افراد ہی آپ کے پاس امانتیں رکھواتے تھے ۔ظاہر ہے کہ اس کی تعداد بھی زیادہ ہوگی ۔بغیر فہرست مہیا کئے ہوئے مولا مشکل کشا نے وہ تمام امانتیں ان تمام افراد کے سپرد کر دیں ۔جن کی تھیں کسی کو کوئی چیز زیادہ نہیں ملی اور نہ ہی کم ملی اور نہ ہی اس کی تقسیم میں ذرا بھر بھی رد و بدل ہوئی بلکہ جس کی جو امانت تھی وہ امانت اس شخص کو مل گئی ۔اس کے بعد بھی تاریخ بیان کرتی ہے کہ کوئی مکہ کا ایسا فرد نہیں جس نے امانت کا دعویٰ کیا ہو ۔امانت لینے والے نبیؐ اور دینے والے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی ہیں مگر کوئی فرق نہ آیا یہ روحانی علم کی بدولت ہے جو نبی اپنے لعاب سے علی کو سیراب کرتے رہے اس مقام پہ ماننا پڑے گا ہر مشکل ۔ اہم گمشدہ رازوں کے جاننے والے ان مراحل کو حل کرنیوالے صرف اور صرف علی ہیں ۔

مشکل وقت میں ۱۳۰

مکی زندگی کے بعد مدنی زندگی کا دور شروع ہوا مشکل کشا علی مرتضیٰ جس طرح اپنی ولادت سے لیکر شب ہجرت تک قدم قدم پر جاں نثاری کے جو نمونے پیش کرتے رہے اس کی مثال ملنا مشکل ہے مدنی دور میں بھی قدم قدم پر جن کٹھن، سنگلاخ اور مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تاریخ عالم گواہ ہے کہ مولا مشکل کشا قدم قدم پہ جاں نثاروں کی سند حاصل کرتے رہے اس کی تفصیلات میں کتاب شانِ علی، شیر خدا کے فیصلے میں دے چکا ہوں ۔ اس وقت خاص خاص نکتوں کو اجاگر کرتا ہوا آگے بڑھنا چاہتا ہوں ۔ صرف اتنا بتانا ہے کہ مشکل کشا نہ ہوتے تو ان مشکل حالات میں کون سنبھالتا ان مشکلات پر کیسے قابو پایا جاتا ان حالات اور واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ مشکل کشا نہ ہوتے تو دین اسلام کو قدم قدم پہ ناکامی اور مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا ۔ اب پڑھنے والے اس سے بھی اندازہ کر سکتے ہیں کہ جب جناب سیدہ فاطمہؑ کے عقد کا مسئلہ در پیش آیا تو نظر انتخاب آنحضرتؐ کی مشکل کشا پر گئی ۔ اور آپ کا ارشاد گرامی ہے کہ علی نہ ہوتے تو فاطمہؑ کا اس دنیا میں کوئی کفو نہ ہوتا ۔ اور جب علی ہی نہ ہوتے تو حسینؑ نہ ہوتے ۔ شہادت کا تصور ختم ہو جاتا ۔ جنت کی سرداری ختم ہوتی یہاں یہ بات ماننی پڑے گی کہ علی ہی کے دم سے سب کچھ قائم ہے اس طرح جب مدینہ منورہ میں اخوت کی تمام فضا قائم کی گئی آنحضرتؐ نے

http://fb.com/ranajabirabbas

انصار و مہاجر کے درمیان بھائی چارہ کی فضا قائم کر دی آخر میں اپنے بھائی کے انتخاب کے لئے مشکل کشا کو منتخب کیا گیا فتح مکہ کے موقع پر جب کعبہ بتوں سے پاک کرنے کا مرحلہ آیا تو تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ مشکل کشا آنحضرت کے شانہ اقدس پر سوار ہوئے اور ان بتوں کو گرایا اس طرح خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کرنے کے فرائض بھی مولا علی نے انجام دئے اس طرح جب تبلیغ سورۃ برات کے وقت مشکل آئی تو حکم خدا کے مطابق ایسے قابل اعتماد پر خلوص کی ضرورت پڑی تو اس مشکل وقت میں بھی مشکل کشا کا انتخاب کیا گیا ۔ اس طرح نجران کے نصرانیوں کے ساتھ مباہلہ کا وقت آیا تو تاریخ فرہنگ مستند روایت کے ساتھ تحریر کرتی ہے کہ آپ نے نجرانی عالموں، دانشوروں اور ماہر علم نجوم کے مقابلے کے لئے جن افراد کو منتخب کیا ان میں امام حسنؑ ۔ امام حسینؑ جناب سیدہ فاطمہؑ اور ان کے ساتھ جو جوان تھے وہ علی مرتضیٰ مشکل کشا تھے نصرانیوں نے دیکھا نصرانیوں کے عالم ان پاک، مقدس، معصوم چہروں کو دیکھ کر گھبرا اٹھے ان کے سب سے دانا عالم نے کہا اور اے نصرانیوں ان سے مباہلہ نہ کرو میں ان کے چہروں پر ایسا مقدس نور دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ سے کہیں تو پہاڑ چکنا چور ہو جاتے ۔ اگر یہ بد دعا کریں تو اس زمین پہ ایک نصرانی زندہ نہ رہے گا ۔ آخر یہ نصرانی مباہلہ سے باز آئے اور کچھ شرائط پر صلح کی ۔ اس طرح کے اور بے شمار واقعات آئے جس میں مشکل کشا جاں نثار کی حیثیت سے پیش پیش رہے ۔ دنیا بھر کی تمام تواریخ گواہ ہیں کہ جب آنحضرت کی رحلت کا وقت قریب پہنچا آپ پر غشی طاری رہنے لگی اس وقت آپ بی بی عائشہؓ کے حجرے میں قیام فرما تھے ۔ آپ نے تین بار مولا علی کو یاد کیا ۔ آخر کار مشکل کشا آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اس غشی کے عالم میں مشکل کشا کے آتے ہی آپ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے آنکھیں کھولیں مشکل کشائی گردن میں باہیں ڈال دیں حضرت علی مرتضیٰ نے آپؐ کا سر مبارک اپنی آغوش میں لے لیا اور کافی دیر تک سرگوشی فرماتے رہے۔ جناب بی بی سیدہؑ سے سرگوشی فرمائی۔ حسنینؑ کو سینہ سے لگا لیا اور اسی حالت میں نبیوں کے سرتاج۔ بنی ہاشم کے سردار، یتیموں کے والی۔ اپاہجوں کے مددگار، غریبوں کے خدمت گذار۔ اُمت کے نگہبان، کل خدائی کے سرتاج اس جہاں سے پردہ غیب میں تشریف لے گئے۔ آپ کا وصال ہوا ان مشکل و کٹھن حالات میں مشکل کشا آپ کے پاس ہیں تاریخ اسلام ہو یا تاریخ عالم ہو۔ مسلم مورخ ہو یا غیر مسلم مورخ ہر ایک نے اس کی شہادت دی ہے کہ اس نازک وقت میں حضرت علی آپ کے پاس رہے اپنے ہاتھوں سے آنحضرتؐ سرکار دو جہاں کو غسل فرمایا اپنے ہاتھوں سے کفن پہنایا۔ آقا دو جہاں کو لحد میں اتارا۔ یہ شرف یہ رتبہ آپ کی عظمت و بلندی کی دلیل ہے

نماز جنازہ ۱۳۱

ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جب جناب رسول اللہؐ کسی کے جنازے پر تشریف لے جاتے تو اس آدمی کے کسی عمل کے بارے میں نہ پوچھتے۔ بلکہ اس کے قرض کے لئے سوال کرتے کہا جاتا کہ اس پر قرض ہے تو اس کی نماز جنازہ پڑھنے سے ہٹ جاتے اور اگر یہ کہا جاتا کہ اس پر قرض نہیں ہے تو نماز جنازہ ادا فرماتے۔ ایک مرتبہ ایک جنازے پر تشریف لے گئے۔ جب تکبیر کے لئے بڑھے حسب معمول پوچھا کہ تمہارے دوست پر قرض تو نہیں ہے تو لوگوں نے

عرض کی دو دینار ہیں آپ نماز پڑھنے سے ہٹ کر بیٹھ گئے اور اپنے اصحاب سے فرمایا تم اپنے دوست پر نماز پڑھو۔ جناب امیر بھی شریک تھے۔ حضرت علی نے عرض کی میں اس کے دونوں دیناروں کا ذمہ لیتا ہوں یہ مرنے والا اس قرض سے بری ہے اس کے بعد آنحضرتؐ نے آگے بڑھ کر نماز ادا فرمائی۔

قتل کا ارادہ ۱۳۲

تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ ابتداء اسلام سے لیکر مولا علی مشکل کشا کی شہادت تک جب بھی دین اسلام پر یا رسول خدا پر مشکل وقت آیا تو آپ ہی آگے بڑھے اور اس مشکل کو حل فرمایا غرض کے مشکل کسی قسم کی ہوتی اس کا حل مشکل کشا ہی فرماتے اس طرح کا ایک واقعہ آنحضرتؐ سرکار دو جہاں کی حیات طیبہ کا ہے جس کی روایت امام زین العابدین فرماتے ہیں مختلف کتب میں تفصیلاً تحریر ہے کہ ایک روز رسولؐ خدا نے نماز کے بعد فرمایا اے لوگوں تم میں سے کون ہے جو ان تین مردوں کی طرف جائے جنہوں نے میرے قتل کیلئے لات و عزیٰ کی قسم کھائی ہے۔ مسلمانوں نے آپ کی آواز سنی مگر کسی کو ہمت نہ ہوئی کہ آپ کی مشکل کے کام آتے اس موقع پر آپ نے فرمایا معلوم ہوتا ہے کہ تم میں علی بن ابی طالب نہیں ہیں اسی اثنا میں عامر بن قتادہ نے عرض کی یا رسول اللہ۔ امیر المومنین کمزور ہیں اگر آپ فرمائیں تو میں ان کو خبر کر دوں۔ فرمایا بلا لو۔ جب ان کو خبر دی گئی تو آپ بہت جلد آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ عرض کی یا سید المرسلین کیا ارشاد ہے۔ فرمایا جبرئیل نے مجھے خبر دی ہے کہ تین مشرکوں نے مجھے قتل کا ارادہ کر رکھا ہے جناب امیر نے عرض کی یا رسولؐ آپ کی توجہ کی برکت سے میں اکیلا ہی ان تینوں کے لیئے کافی ہوں۔ سرور کائنات نے اپنی ردہ پہنائی اپنا عمامہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سر مبارک پر رکھا اپنی تلوار عطا کی اپنا خاص گھوڑا عطا کیا اس پر سوار کرا کے فرمایا جاؤ میں تمہیں خدا کے سپرد کرتا ہوں اس کام کے کرنے میں تین دن لگ گئے جناب سیدہؑ بے چین ہوئیں تو آپ نے ارشاد فرمایا حق علی کے ساتھ ہے۔ اس کے بعد جناب امیرالمومنین تشریف لائے۔ آپ دو آدمیوں کو مقید کئے ہوئے ہے اور ایک آدمی کا سر جس آپ کے ہاتھ میں تھا۔ ان دونوں سے جناب امیر نے فرمایا اسلام قبول کرو۔ ایک بولا مجھ سے یہ توقع نہ رکھو جناب امیر نے سرورکائناتؐ کے ارشاد کے مطابق اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ اتنے میں جبرئیل نے حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ حق تعالےٰ نے آپ کو سلام تحفہ بھیجا ہے اور فرمایا ہے اس شخص کو قتل نہ کرنا کیونکہ یہ شخص اس جماعت سے ہے جن کو ان کا حسن اخلاق اور سخاوت بہشت میں لے جائے گی اس یہودی نے جب یہ معجزہ رسولؐ دیکھا تو ایمان لایا۔ دوسرے شخص نے رسالتؐ سے انکار کیا تو جناب امیرؑ نے اسے قتل کر دیا۔ یہ علی مرتضٰی ہی ہیں کہ جب بھی مشکل آئی تو آپ نے مشکل حل فرمائی یہ رسولؐ خدا کی خاص عنایت ہے کہ مولا علیؑ پر کہ آپ ہی مشکل کام ان ہی کے سپرد کرتے اور زمانے کے دیکھنے کے لئے مسلمانوں کو تبلانے کے لئے کہ دیکھ لو اس شخص ہی کی بدولت مشکل حل ہو سکتی ہے۔ آپ عالم اسلام کو اس در سے بار بار متعارف کرا رہے ہیں تاکہ ادھر ادھر بھٹکنے کے بجائے اپنی حاجت اس در کے طفیل طلب کریں۔

پرخطر کنواں ۱۳۳

مکہ ہو یا مدینہ منورہ ہو۔ میدان جنگ ہو یا مشکل مقام ہو دین اسلام اور مسلمانوں پر جب بھی کٹھن وقت آیا جب بھی مشکل حالات سامنے آئے تو ہر مقام پر علی ہی آگے بڑھتے اور دین اسلام اور مسلمانوں کو مشکلات سے نجات دلاتے ایسا ہی تاریخ اسلام

کا اہم واقعہ آنحضرت کی حیات طیبہ میں پیش آیا جس کی روایت مستند تواریخ و دیگر تمام کتب میں موجود ہے۔

عبداللہؓ بن عباس روایت کرتے ہیں کہ جب خاتم الانبیاءؐ مدینہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے اور منزل جحفہ میں فرد کش ہوئے۔ وہاں پانی نہ ہونے کی وجہ سے مسلمان شدت تشنگی سے بیتاب ہوتے اور اپنی بیتابی کا حال آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کی۔ آپ نے مسلمانوں سے فرمایا۔ اے مسلمانوں تم میں سے کوئی ایسا ہے کہ جو چند مسلمانوں کو ساتھ لے جا کر فلاں مقام سے پانی بھر لائے۔ رسولؐ خدا اسے ہمیشہ بہشت میں رہنے کی ضمانت دیتا ہوں یہ سنکر آپ کے صحابی اٹھے اور چند مسلمانوں کو ساتھ لیکر پانی لینے کے لئے روانہ ہوئے اس جماعت کا کہنا ہے کہ جب ہم اس کنوئیں کے قریب پہنچے تو وہاں کچھ درخت تھے جن کی شاخوں سے ہم نے عجیب و غریب آوازیں سنیں۔ اور سب سے عجیب بات کے بغیر لکڑی کے ہر طرف آگ جل رہی تھی جب ہم نے ایسے خوفناک مناظر دیکھے تو ہم میں تاب نہ رہی آگے بڑھنے سے ہمت جواب دے گئی۔ ہم واپس پلٹے اور آنحضرتؐ کو تمام باتوں سے آگاہ کیا جو کچھ ہم نے دیکھا تھا۔ آنحضرتؐ یہ سنکر مسکرائے اور فرمایا یہ جنوں کی ایک جماعت تھی جو تم کو ڈرا رہی تھی اگر تم ان کے قریب جاتے تو وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑتے۔ جب آپؐ سے یہ بشارت سنی تو ایک جماعت نے عرض کی یا رسولؐ اللہ ہم اس خدمت کو انجام دیں گے۔ حضورؐ نے بدستور سالقہ سقے ان کے ساتھ روانہ کئے جب یہ لوگ اس مقام پر پہنچے تو انھیں بھی وہی خطرناک مناظر نظر آئے۔ آگے جانے کی کسی کی ہمت نہ ہوئی ناکام واپس لوٹے اور تمام حال آنحضرتؐ کی خدمت میں سنایا۔ آفتاب غروب ہونے کو آیا۔ مسلمان پیاس سے مرنے کے قریب ہو گئے۔ ایسے میں حضرت علی کو طلب فرمایا اور فرمایا اے بھائی اب تم جاؤ اور سالقہ سقے آپ کے ساتھ روانہ کئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسلمہ بن الاکوع بیان کرتا ہے کہ ہم نے مشکیں کندھوں پر رکھ لیں اور تلواریں حمائل کر کے حضرت امیر المومنین کے ہمراہ باہر نکلے اور امیر المومنینؑ خضر علیہ السلام کی طرح آگے آگے چلے جاتے تھے اور ہم پیاسوں کی جماعت اس ساقی کوثر کے پیچھے پیچھے جا رہی تھی۔ یہاں تک کہ ہم اس مقام پر جا پہنچے جہاں سے آوازیں اور حرکتیں اس کثرت سے ظاہر ہوئیں کہ ہم پر خوف طاری ہوا۔ میں اپنے دل میں کہتا تھا کہ امیر المومنین پہلے دو کی طرح ناکام ہی واپس آئیں گے۔ اس اثنا میں ہماری طرح مخاطب ہو کر حضرتؑ نے فرمایا آپ قدم بقدم چلے آؤ۔ اور اس طلسمات سے جو تمہیں نظر آ رہا ہے انشاء اللہ کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ جب ہم ان دونوں درختوں کے پاس پہنچے پہلے کی طرح آگ کے بڑے بڑے شعلے بھڑکنے لگے اور کٹے ہوئے سر نظر آنے لگے۔ اور ہولناک آوازیں کانوں میں سنائی دیتی تھیں کہ ہمارے ہوش دہواس جاتے رہے امیر دلیرانہ ان سر دل سے گذرتے ہوئے فرماتے جاتے تھے تم بیدھڑک میرے پیچھے پیچھے چلے آؤ اور دائیں بائیں نظر نہ کرو تم کو کسی قسم کا خطرہ نہیں یہاں تک کہ ہم اس کنوئیں کے قریب پہنچ گئے! بن مالک کا ایک ڈول تھا جو دو ڈولوں کے برابر تھا۔ جب ہم نے اس کو کنوئیں میں ڈالا تو رسی ٹوٹ گئی اور کنوئیں کے اندر سے قہقہہ مار کر ہنسنے کی آواز آئی۔ جناب امیرؑ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص جا کر لشکر میں سے ڈول لے آئے اصحاب نے عرض کی آپ کی پیروی کی برکت سے تو ہم یہاں تک پہنچیں ہیں اب کس میں اتنی ہمت و طاقت ہے کہ تنہا لشکر سے جا کر ڈول لیکر آئے ہیں تب امیرؑ کمر سے رسی باندھ کر اس کنوئیں میں اترے جب پانی کے قریب پہنچے تو آپ کا پاؤں لغزش کھا گیا'

جب پانی کے قریب پہنچے تو آپ کا پاؤں لغزش کھا گیا اور آپ گر پڑے جس سے کنوئیں میں اک شور عظیم برپا ہوا۔ جیسے کسی کا گلا گھونٹ دیا ہو ناگاہ

امیر المومنین نے باآواز بلند کہا (میں اللہ کا بندہ ہوں میں رسولؐ خدا کا بھائی ہوں) اور آپ نے مشکیں طلب فرمائیں اور ایک ایک کو بھر کر اوپر بھیجتے رہے۔ بعد ازاں کو ئیں سے نکلے آپ نے دو مشکیں اٹھائیں اور سب ایک ایک مشک اٹھائے لشکر کی طرف روانہ ہوئے جب ان درختوں کے قریب پہنچے جنھیں پہلے دیکھا اور جنھیں سنا تھا اُن کا نام نشان نہیں جب ہم آگے نکلے تو ایک ہاتف غیبی کی آواز سنی جو سید المرسلین کی نعت اور امیر المومنین کی منقبت میں اشعار پڑھ رہا تھا۔ امیر المومنین بدستور ہماری رہبری کرتے ہوئے رجز پڑھتے ہوئے آگے بڑھتے جاتے یہاں تک کہ ہم جناب رسولؐ خدا کی خدمت میں پہنچے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ وہ ہاتف عبد اللہ نام کا ایک جن تھا جس نے شیطان حسنام شعر کو کوہ صبا میں قتل کیا تھا

جنگ بدر کی رات ۱۳۴

احسن الکبار کے حوالے سے کوکب دری نے مشکل کشائی کے واقعہ کو درج کیا ہے جس کی روایت دیگر کتب میں بھی موجود ہے مشہور و معروف واقعہ ہے جو آپ کی مشکل کشائی کی دلیل ہے کہ جب بھی مسلمانوں کو مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑا تو آپ ہی نے مشکل سے نجات دلائی چونکہ آپ آنحضرتؐ کی حیات کے ساتھ ہمیشہ وابستہ رہے جب بھی رسولؐ خدا کو مشکلات کا سامنا ہوا رسولؐ خدا نے آپ ہی کو طلب فرمایا اور آپ ہی کے حق میں دعا فرمائی اور آپ ہی نے مشکل۔ کٹھن، سنگلاخ مراحل کو آسان کر کے مشکل کشائی کی سند پائی۔

اس طرح کا ایک واقعہ جنگ بدر کی رات پیش آیا جس کی تفصیلات یہ ہیں کہ جب آنحضرتؐ اپنے اصحاب کو ہمراہ لیکر بدر میں فروکش ہوئے۔ اور کفار قریش بھی حضرتؐ کے ساتھ لڑنے کے لئے وہاں اترے۔ جب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رات ہوئی تو آنحضرتؐ کی لشکر گاہ میں پانی موجود نہ تھا۔ اصحاب کو پانی کی ضرورت ہوئی۔ آنحضرتؐ نے باآواز بلند فرمایا کوئی مرد ایسا ہے جو پانی لائے صرف حضرت علی امیر المومنین کے سوا کسی نے جواب نہ دیا اس طرح آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا مگر تینوں مرتبہ حضرت علی نے جواب دیا آخر کار رسولؐ خدا کی اجازت کے بعد مشک اٹھائی اور اس نواح میں ایک کنواں تھا جو بہت دور اور سخت تاریکی میں تھا جب کہ دن میں بھی اس سے پانی لینا محال ہوتا تھا آپ اس کنوئیں میں اترے اور مشک بھر کر جب اوپر آئے تو ایک تند ہوا چلی اور سارا پانی گرا دیا۔ جب دوبارہ پانی بھر کر لائے تو بھی اس طرح ہوا نے گرا دیا اس طرح تین دفعہ ایسا ہی ہوا۔ جب چوتھی مرتبہ پانی لیکر باہر آئے تو ہوا نہ تھی۔ آخر پانی لے کر رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام قصّہ بیان کیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اے بھائی پہلی ہوا تو جبرئیلؑ تھے جو ایک ہزار فرشتوں کے ہمراہ سلام کے لئے آئے دوسری مرتبہ میکائیلؑ تھے جو ایک ہزار فرشتوں کے ساتھ سلام کے لئے آئے تھے اور تیسری مرتبہ اسرافیلؑ نے ہزار فرشتوں کے ہمراہ تمہیں سلام کیا۔ اور پانی تمہارا اس لئے گرا دیا تھا کہ تمہاری ہمّت اور شجاعت کو آزمائیں کہ کس درجہ کی ہے۔

یہودی کے سات سوال ۱۳۵

حضرت ابوبکرؓ کے انتقال کے بعد حضرت عمرؓ فاروق خلافت پر فائز ہوتے تو آپ کی خدمت میں ایک یہودی حاضر ہوا اور کہا کہ تم میں سب سے بڑا عالم کون ہے میں اس سے چند سوال کرنا چاہتا ہوں۔ یہودی کے سوالات کافی کٹھن و مشکل تھے آپ کو مشکل پیش آئی تو آپ نے حضرت علیؑ کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے یہودی سے کہا کہ یہی

اس مشکل کو حل کر سکتے ہیں۔ یہودی آپ سے مخاطب ہو کر کہنے لگا۔ میں آپ کی خدمت میں تین پھر تین اور اس کے بعد ایک سوال کروں گا آپ نے فرمایا اگر میں تیرے ساتوں سوالات کے جوابات دے دوں تو کیا مسلمان ہو جائے گا۔ یہودی نے اس بات کو تسلیم کیا آپ نے فرمایا پوچھ جو کچھ پوچھنا چاہتا ہے یہودی کے ساتوں سوالات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) وہ کونسا خون کا قطرہ ہے جو اول زمین پر ٹپکا

(۲) وہ کونسا چشمہ ہے جو اول زمین پر جاری ہوا۔

(۳) وہ درخت کونسا ہے جو اول زمین پر پیدا ہوا۔

(۴) یہ کہ سید انام علیہ الصلوۃ والسلام کے بعد کتنے امام ہیں۔

(۵) وہ کون سی بہشت میں رہیں گے۔

(۶) وہ پہلا پتھر کونسا ہے جو آسمان سے زمین پر اُترا۔

(۷) خاتم الانبیاء کے وصی کی عمر کتنی ہوگی وہ مارا جائے گا یا اپنی موت مریگا

حضرت علی نے یہودی کے سوالات کے مندرجہ ذیل جوابات دئے۔

(۱) وہ پہلا خون کا قطرہ حوّا کے پیٹ کا ہے جو اس زمین پر گرا۔

(۲) پہلا چشمہ حیات ہے جس کو حضرت خضرؑ نے ذوالقرنین کے عہد میں پایا۔

(۳) پہلا درخت عجوہ (کھجور کی قسم) کا ہے جو حضرت آدمؑ بہشت سے لائے۔

(۴) بارہ امام عادل ہوں گے۔

(۵) یہ امام سید کائنات کے ساتھ بہشت عدن میں ہوں گے۔

(۶) پہلا پتھر حجرِ اسود ہے جو بیت الحرام میں ہے۔

(۷) وصی میں ہوں میری عمر ترسٹھ ۶۳ سال ہوگی میں تلوار کی ضرب سے مارا جاؤں گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہودی نے تمام جوابات سنکر اپنی آستین میں سے ایک تحریر نکالی اس میں آپ
کے جوابات کو حسب منشا پاکر وہ یہودی فوراً ایمان لے آیا۔
(آپ کے علمی ارشادات پر مجھ حقیر کی کتاب "شیر خدا نے فرمایا" کے عنوان
سے شائع ہو چکی ہے مزید تفصیلات کتاب میں دیکھئے)

حضرت ابوبکرؓ کے دور میں ۱۳۶

آنحضرتؐ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکرؓ کے دور میں قیصر روم کے
سوالات کی وجہ سے کافی مشکل آئی۔ سوالات بھی کافی کٹھن و مشکل تھے
آخر کار اس مشکل کو بھی مشکل کشا نے حل فرما کر مطمئن کیا جب مسلمان قیصر
روم کے سوالات کے جوابات دینے سے عاجز ہوئے تو مشکل کشا نے جواب
دے کر نہ صرف مسلمانوں کی بلکہ خلافت کی بھی لاج رکھی جس کی تفصیلات
مختلف کتب میں موجود ہے۔ تفسیر روح البیان میں تحریر ہے۔
انس بن مالک صحابی پیغمبرؐ سے روایت ہے کہ بعد وفات پیغمبر اعظمؐ قیصر
روم کی طرف سے ایک یہودی آیا اور مسلمانوں سے کہا کہ خدا کے رسول کا
خلیفہ کون ہے۔ حاضرین نے حضرت ابوبکرؓ صدیق کی طرف اشارہ کیا
یہودی حضرت ابوبکرؓ کی طرف متوجہ ہوا اور آپ کی خدمت میں عرض کی اگر
آپ تین سوالات کے جواب صحیح دے دیں تو میں اسلام قبول کر لوں گا آپ
نے فرمایا دریافت کر یہودی نے کہا تین سوالات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) وہ چیز کونسی ہے جو خدا کے واسطے نہیں
(۲) وہ کونسی چیز ہے جو خدا کے پاس نہیں۔
(۳) وہ کیا چیز ہے جس کو خدا نہیں جانتا۔

حضرت ابوبکرؓ نے ان سوالات کو سننے کے بعد فرمایا یہ کیا کفر ہے جو تو کہتا
ہے۔ اس پر حضرت عمرؓ نے بھی اعتراض کیا۔ ابن عباسؓ بھی قریب ہی بیٹھے

تھے انہوں نے آپ دونوں کی خدمت میں عرض کی کہ اس سائل کو حضرت
علیؑ کی خدمت میں روانہ کر دیا جائے وہی پیچیدہ و مشکل مسائل کو حل
فرما سکتے ہیں آخر اس مشکل امر کے لئے یہودی کو حضرت علیؑ کے پاس
روانہ کیا گیا آپ نے اس یہودی کے سوالات سننے کے بعد آپ نے مندرجہ
ذیل جوابات دئے۔

(۱) جو چیز خدا کے واسطے نہیں وہ شرک ہے۔
(۲) جو چیز خدا نہیں جانتا وہ تمہارا قول ہے جو کہتے ہو کہ عیسیٰ خدا کا بیٹا
ہے اور خدا اس کو اپنا بیٹا نہیں جانتا۔
(۳) جو چیز خدا کے پاس نہیں ہے وہ ظلم ہے۔

جوابات سننے کے بعد یہودی فوراً اسلام لے آیا۔ امیرالمومنین حضرت علیؑ
نے ایک طرف حضرت ابوبکرؓ کو پیش آنیوالی مشکل حل فرمائی۔ دوسری طرف
آپ کے جوابات سے ایک یہودی دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔
(مزید تفصیلات کے لئے "شیر خدا کے فیصلے" دیکھئے)

ایک اور مشکل ۱۳۷

دین اسلام اور مسلمانوں پر جب بھی مشکل
وقت آیا سایہ سید المرسلین کے طفیل اس
کا حل صرف مشکل کشا ہی کر سکے۔ مشکلات خواہ کسی معاملے کی پیش آئیں
مگر ہر میدان کے شہسوار آپ ہی نظر آتے ہیں اس طرح حضرت ابوبکر صدیقؓ
کے زمانہ خلافت میں آپ کو ایک مشکل پیش آئی جس کے حل کے لئے آپ اور
آپ کے دیگر صحابہ قاصر رہے آخر کار حضرت عمرؓ نے مشورہ دیا کہ اس مشکل امر سے
صرف حضرت علیؑ ہی نجات دلا سکتے ہیں جس کی تفصیلات تمام عام و خاص کتب
میں موجود ہیں جیسے مناقب شہر آشوب کے حوالے سے درج کیا جا رہا ہے۔
حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خدمت میں ایک ایسے شخص کو لایا گیا جس نے شراب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پی لی تھی ۔ آپ نے اس پہ حد جاری کرنا چاہی تو اس شخص نے کہا کہ میں نے شراب تو پی ہے مگر اس کی حرمت کے حکم سے لاعلم تھا ۔ کیونکہ میں ایسے آدمیوں کے درمیان بڑا ہوا اور مقیم ہوں جو شراب کو حلال جانتے ہیں ۔ اگر میں جانتا کہ شراب حرام ہے تو ہرگز نہ پیتا ۔ آپ نے حضرت عمرؓ سے رائے طلب کی ۔ حضرت عمرؓ نے کہا مسئلہ مشکل ہے اور اس مشکل سے صرف حضرت علی ہی نجات دلا سکتے ہیں ۔ آخر حضرت علی کی خدمت میں مشکل پیش ہوئی آپ نے واقعہ سننے کے بعد فرمایا کہ اس شخص کے ساتھ ایک آدمی جائے اور تمام انصار و مہاجرین کی مجالس میں لے جائے اور دریافت کرے کہ آیا کسی شخص نے اسے آیت سنائی ہے اگر دو شخص گواہی دیدیں کہ اس کو شراب حرام ہونے کا حکم سنا دیا ہے تو اس پر حد جاری ہوگی ۔ بصورت دیگر اس سے توبہ کروا کر اس کو رہا کر دیا جائے وہ شخص اپنی زبان پر سچا نکلا آخر اُسے رہا کر دیا گیا ۔

اس طرح مشکل کشا شیر خدا کی بدولت ایک شخص سزا سے بچ گیا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی مشکل رفع فرمائی ۔

(بحوالہ شیر خدا کے فیصلے)

حضرت عمرؓ کے دور ۱۳۸

کوکب دری کے مؤلف محمد صالح کشفی نے مختلف کتب کے حوالہ سے درج کیا ہے جس کی روایت کتب میں موجود ہے ۔ حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ اور کہنے لگا ۔ میں حق سے بیزار ہوں ۔ فتنہ کو دوست رکھتا ہوں ۔ بن دیکھے گواہی دیتا ہوں ۔ مردے اور بے جان کو امام مانتا ہوں ۔ مرغ بسمل بے ذبح کھاتا ہوں ۔ حضرت عمرؓ نے جب اس شخص سے کلام سنا تو فرمایا کہ شخص ایسی برائیوں

میں ملوث ہے ۔ یہ واجب القتل ہے دیگر صحابہ نے بھی یہی مشورہ دیا کہ جو شخص ایسی برائیوں میں ملوث ہو اسے سخت سزا ملنی چاہیے ۔ چونکہ اس شخص نے بیان کیا تھا وہ کس کی سمجھ میں نہ آیا ایسے مشکل و کٹھن کام کے لئے کسی نے مشورہ دیا کہ حضرت علیؑ کی رائے لینا ضروری ہے ۔ آپ تشریف لائے تو آپ نے اس شخص کا کلام سننے کے بعد فرمایا جو کچھ یہ شخص کہتا ہے سب درست کہتا ہے بلا وجہ اس کو کیوں سزا دینا چاہتے ہو پھر آپ نے اس شخص کے کلام کی تشریح و مطلب بیان فرمایا تو حاضرین بے اختیار بول اٹھے کہ علی نہ ہوتے تو ہم اس مشکل سے نجات حاصل کر سکتے تھے ۔ حضرت علی نے فرمایا یہ جو کہتا ہے کہ میں حق سے بیزار ہوں ۔ وہ موت ہے اور جو یہ کہتا ہے کہ میں فتنہ کو دوست رکھتا ہوں تو گو اولاد و مال کو دوست رکھتا ہے ۔ حق تعالیٰ خود فرماتا ہے (تمہارے مال اور اولاد ہی فتنہ ہیں) اور جو یہ کہتا ہے کہ بن دیکھے گواہی دیتا ہوں تو وہ خدا کی ذات ہے جس کو کسی نے نہیں دیکھا مگر سب اس کی گواہی دیتے ہیں ۔ اور قرآن مجید جملہ کائنات کا امام ہے وہ ذی حیات نہیں اور وہ کہتا ہے کہ مرغ بسمل کو ذبح کئے بغیر کھاتا ہوں وہ مرغ بسمل مچھلی ہے اور سب بغیر ذبح کئے کھاتے ہیں ۔ حاضرین نے آپ کی زبان مبارک سے یہ کلام سنا تو سب آپ کی تعریف کرنے لگے ان مقدمات کے تاریخ ساز فیصلوں کے لئے مجھ حقیر کی کتاب "شیر خدا کے فیصلے" شائع ہو چکی ہے جس میں ۲۰۰ سے زائد نادر فیصلے پیش کئے ہیں ۔

ایک سے زیادہ شوہر ۱۳۹

نہج الاسرار میں ۔ روضۃ الاسرار میں ۔ رضتہ الجنان و دیگر کتب کے حوالوں سے یہ واقعہ درج کیا ہے کہ ایک مرتبہ چالیس عورتیں حضرت عمرؓ کے دور خلافت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں حاضر ہوئیں ان سب نے یک زبان ہو کر عرض کی کہ جب مردوں کو ایک وقت میں ایک سے زیادہ عورتیں رکھنے کی اجازت ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ عورت ایک سے زیادہ ایک وقت میں شوہر نہیں رکھ سکتی۔ حضرت عمرؓ خاموش ہو گئے آپ نے اس بارے میں اپنے دیگر صحابہ سے بھی مشورہ کیا کوئی بھی ان عورتوں کا جواب نہ دے سکا ایسے مشکل امر میں حضرت علی کی یاد آئی وہی ایک ایسی شخصیت ہیں جو ہر مشکل کو آسان بنا سکتے ہیں آپ ان سب عورتوں کو ساتھ لیکر حضرت علی کے پاس آئے آپ نے ان عورتوں سے فرمایا تم سب ایک ایک گلاس پانی اس گڑھے میں ڈال دو۔ جب سب عورتوں نے اپنے اپنے گلاس کا پانی ڈال دیا تو آپ نے فرمایا کہ اب تم اپنے اپنے گلاس کا پانی اس گڑھے سے نکال لو ان سب عورتوں نے یکجا ہو کر عرض کی کہ یہ کس طرح بھی ممکن نہیں اور نہ ہی ایسا ہو سکتا ہے کیونکہ سارا پانی مل چکا ہے ہمیں کسی طرح بھی خبر نہیں ہو سکتی کہ یہ ہمارے گلاس کا پانی ہے۔ آپ نے فرمایا یہی وجہ ہے کہ ایک وقت میں ایک عورت کو ایک سے زیادہ شوہر کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اگر ایسا ہوتا تو اولاد میں تفرقہ پڑ جاتا یہ کس طرح معلوم ہو سکتا تھا کہ یہ فلاں شخص کی اولاد ہے سب نسب و میراث باطل ہو جاتی۔ (بحوالہ شیر خدا کے فیصلے)

حضرت عثمان کے دور میں ۱۴۰

ہر خاص و عام کتب میں اس واقعہ کی تفصیلات موجود ہیں کہ حضرت عثمان کے دور میں جب بھی کوئی مشکل پیش آئی تو حضرت علی ہی نے مشکل امر کو حل فرما کر آپ کو پریشانی سے نجات دلائی۔ اس طرح ایک مشکل اس وقت پیش آئی جب ایک عورت اور غلام آپ کی خدمت میں لڑتے

ہوئے آئے عورت کا کہنا تھا کہ یہ شخص میرا غلام ہے اور اس مرد کا کہنا تھا کہ کہ اس عورت سے میرا نکاح ہوا ہے لہذا میں اس کا غلام نہیں شوہر ہوں جس کی تفصیلات یہ ہیں کہ ایک شخص کی ایک کنیز تھی اس سے اس کا ایک لڑکا پیدا ہوا۔ پھر اس نے اس کنیز کا اپنے غلام سے عقد کرا دیا اتفاق سے خود مر گیا یہ عورت اپنے لڑکے کی ملکیت میں آ گئی اس کا لڑکا اس کے شوہر کا وارث ہوا۔ کیونکہ وہ شخص اس کا باپ کا تھا۔ کچھ عرصہ بعد وہ لڑکا بھی انتقال کر گیا اب اس کنیز نے اپنے لڑکے کی بھی میراث حاصل کی جس میں یہ غلام بھی شامل تھا جس سے اس کا عقد کیا ہوا تھا۔ یہ دونوں حضرت عثمانؓ کے پاس لڑتے جھگڑتے آئے عورت کا کہنا تھا کہ میرا غلام ہے۔ غلام کا کہنا تھا کہ میں اس کا شوہر ہوں۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا یہ تو بڑی مشکل کی بات ہے اس کا فیصلہ ممکن نہیں آخر حضرت علی مشکل کشا نے ہی آپ کی اس مشکل کو آسان فرمایا حضرت علی نے اس عورت سے فرمایا جب سے تو نے اپنے لڑکے کی میراث حاصل کی ہے اس وقت سے اس شخص نے تجھ سے جماع کیا ہے یا نہیں۔ عورت نے کہا نہیں۔ فرمایا اگر وہ ایسا کرتا تو میں اس کو ضرور سزا دیتا تو جا یہ تیرا غلام ہے۔ اس شخص کا تجھ پر کوئی حق نہیں اب تیری مرضی ہے تو اسے آزاد کر دے یا فروخت کر دے یا اپنی غلامی میں رکھے یہ سب باتیں اب تیرے اختیار میں ہیں۔ (بحوالہ شیر خدا کے فیصلے)

آنکھ کا قصاص ۱۴۱

حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں اس وقت بڑی مشکل پیش آئی جب ایک اعرابی اپنی آنکھ کا قصاص لینے کے لئے بضد ہوا آخر حضرت نے اس مشکل امر میں مشکل کشائی فرماتے ہوئے آپ کو مشکل سے نجات دلائی جس کی تفصیلات۔ اصول کافی۔ مناقب آل ابی طالب، نہج الاسرار، عجائب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

احکام و دیگر کتب میں موجود ہیں۔ حضرت عثمانؓ کے ایک غلام نے ایک اعرابی کے سر پر اس طرح ضرب لگائی جس سے اس کی ایک آنکھ ضائع ہو گئی۔ یہ اعرابی حضرت عثمانؓ کی خدمت میں فریاد لیکر حاضر ہوا۔ حضرت عثمانؓ نے اس اعرابی کو آنکھ کی دیت دینی چاہی مگر اعرابی رضامند نہ ہوا۔ بالآخر اس قضیہ کا کوئی حل نہ بن پڑا تو اس مشکل امر کے لئے حضرت علی سے رجوع کیا گیا آپ نے اعرابی کی خواہش پر آنکھ کی قصاص اس طرح پوری کی کچھ روئی اور آئینہ منگوا کر روئی کو تر کر کے غلام کے آنکھ کے اطراف رکھا اور آئینہ کو دھوپ میں اس طرح رکھا کہ آفتاب کی شعاعیں منعکس ہو کر اس کے چہرے پر گریں اور اس کو حکم دیا کہ آئینہ کو دیکھتا رہے وہ غلام اس کو دیکھتا رہا یہاں تک کہ اس کی آنکھ کی چربی پگھل کر بہہ گئی اور وہ ایک آنکھ سے نابینا ہو گیا اس طرح اس مشکل امر سے حضرت علی مشکل کشا کی بدولت نجات ملی (بحوالہ شیر خدا کے فیصلے)

حضرت علی کے دور میں ۱۴۲

حضرت علی کے دور خلافت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کی یا امیر المومنین میں آپ کو اور آپ کے فرزندوں کو دوست رکھتا ہوں اور ساتھ ہی اہلبیت کے بے شمار فضائل بیان کرنے لگا حضرتؑ نے فرمایا اے شخص تو جو کچھ کہہ رہا ہے تیرا دل اس کی تصدیق نہیں کرتا ہم اپنے سچے محبوں اور مخلصوں کے آثار خوب جانتے ہیں۔ یاد رکھو پانچ شخص ہمارے خاندان کے کبھی دوست نہیں ہو سکتے۔ دیوث۔ مخنث، پشت انداز ولد الحرام۔ اور ولد الحیض وہ شخص یہ جواب سنکر امیر معاویہ کے پاس چلا گیا اور صفین میں حضرت علی کے خلاف جنگ میں مارا گیا۔
اس طرح کا ایک اور واقعہ پیش کیا جا رہا ہے کہ حضرت تمام حالات

طرف ہوتا ہے تو خواب نظر آتے ہیں۔ سچے خواب ملائکہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور جھوٹے خواب خبائث کی طرف سے پھر ان دونوں نے حفظ و نسیان کے بارے میں سوال کیا تو حضرت نے فرمایا کہ جب خدا نے آدم کو پیدا کیا ان کے قلب پر ایک پردہ بھی ڈالا۔ پس جب کوئی بات دل پر گذرتی ہے اور وہ پردہ کھلا رہتا ہے تو انسان اس کو یاد رکھتا ہے اور جب پردہ کھلا نہیں رہتا تو بھول جاتا ہے۔ ان سوالات کے جواب جب مشکل کشا نے دئے تو یہ دونوں نصرانی مسلمان ہو گئے۔

امیر معاویہ کی مشکل ۱۴۴

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے نہ صرف خلیفہ اوّل۔ دوئم۔ سوم کے دور میں مشکل حالات میں مشکل کشائی فرمائی بلکہ ہر دور میں جب بھی مشکل وقت آیا ہمیشہ آپ ہی سے رجوع کیا گیا ہے تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ امیر معاویہ گو کہ وہ ہمیشہ مخالفت میں رہے لیکن اس کے باوجود جب بھی انھیں مشکل پیش آئی تو اسی در پر جھکتے ہوئے نظر آتے ہیں اس طرح کا ایک عام واقعہ جو ہر کتب میں موجود ہے جس کی روایت امام جلال الدین سیوطی نے بھی کی ہے وہ لکھتے ہیں کہ امیر معاویہ کے پاس جب خنثہ کی میراث کا مسئلہ پیش ہوا تو آپ اس کو حل کرنے سے قاصر رہے آخر مجبور ہو کر جناب امیر المومنین کے پاس اسے حل کے لئے بھیجا حضرت علی نے اس کے جواب میں تحریر فرمایا۔

سعید ابن منصور۔ اپنی اسناد میں لکھتے ہیں کہ میں نے جناب امیر المومنین کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ خدا کا شکر ہے کہ جس نے ہمارے دشمن کو ایسا ہی کر دیا کہ جب اس کو بھی مشکل آئے تو وہ بھی ہم سے پوچھتا ہے۔ مولا مشکل کشا نے اس کے جواب میں لکھا کہ خنثہ کی میراث کا حل اس طرح

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں حاضر ہوئیں ان سب نے یک زبان ہو کر عرض کی کہ جب مردوں کو ایک وقت میں ایک سے زیادہ عورتیں رکھنے کی اجازت ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ عورت ایک سے زیادہ ایک وقت میں شوہر نہیں کر سکتی ۔ حضرت عمرؓ خاموش ہو گئے آپ نے اس بارے میں اپنے دیگر صحابہ سے بھی مشورہ کیا کوئی بھی ان عورتوں کا جواب نہ دے سکا ایسے مشکل امر میں حضرت علیؑ کی یاد آئی وہی ایک ایسی شخصیت ہیں جو ہر مشکل کو آسان بنا سکتے ہیں آپ ان سب عورتوں کو ساتھ لیکر حضرت علیؑ کے پاس آئے آپ نے ان عورتوں سے فرمایا تم سب ایک ایک گلاس پانی اس گڑھے میں ڈال دو ۔ جب سب عورتوں نے اپنے اپنے گلاس کا پانی ڈال دیا تو آپ نے فرمایا کہ اب تم اپنے اپنے گلاس کا پانی اس گڑھے سے نکال لو ان سب عورتوں نے یکجا ہو کر عرض کی کہ یہ کس طرح بھی ممکن نہیں اور نہ ہی ایسا ہو سکتا ہے کیونکہ سارا پانی مل چکا ہے ہمیں کسی طرح بھی خبر نہیں ہو سکتی کہ یہ ہمارے گلاس کا پانی ہے ۔ آپ نے فرمایا یہی وجہ ہے کہ ایک وقت میں ایک عورت کو ایک سے زیادہ شوہر کرنے کی اجازت نہیں دی گئی ۔ اگر ایسا ہوتا تو اولاد میں تفرقہ پڑ جاتا یہ کس طرح معلوم ہو سکتا تھا کہ یہ فلاں شخص کی اولاد ہے سب نسب و میراث باطل ہو جاتی ۔ (بحوالہ شیر خدا کے فیصلے)

حضرت عثمان کے دور میں ۱۴۶

ہر خاص و عام کتب میں اس واقعہ کی تفصیلات موجود ہیں کہ حضرت عثمان کے دور میں جب بھی کوئی مشکل پیش آئی تو حضرت علیؑ ہی نے مشکل امر کو حل فرما کر آپ کو پریشانی سے نجات دلائی ۔ اس طرح ایک مشکل اس وقت پیش آئی جب ایک عورت اور غلام آپ کی خدمت میں لائے

امیر معاویہ نے جنگ صفین کے موقع پر اپنی فوج کو دریا کے گھاٹ پر اتارا ۔ مشکل کشا کی فوج دریا سے دور تھی ۔ ایسے میں امیر معاویہ نے علوی فوج کے لئے پانی بند کر دینے کا حکم دیا اور کہا کہ علوی فوج کا کوئی فرد بھی اس دریا سے پانی نہ لے سکے ۔ یہ خبر جناب امیرؑ کو پہنچی ۔ اگر آپ چاہتے تو اپنی روحانی قوت کی بدولت بھی اپنی فوج کو سیراب کر سکتے تھے مگر یہاں مقابلہ روحانی قوت کا نہیں بلکہ جسمانی قوت کا تھا ۔ اور امیر معاویہ کو اپنی طاقت بنانا چاہتے تھے اس لئے اپنے ایک بہادر دستہ کے چند سپاہ کو پانی لانے کا حکم دیا ۔ آپ کے چند سپاہیوں نے نہ صرف اس گھاٹ سے پانی حاصل کیا بلکہ امیر معاویہ کی فوج کو مار بھگایا ۔ اور آپ کی فوج نے اس گھاٹ پر قبضہ کر لیا ۔ امیر معاویہ کا لشکر پانی سے دور ہو گیا ۔ مگر آپ کا یہ حکم تاریخ کے سینہ پر سنہری حروف سے لکھا گیا کہ آپ نے حکم دیا پانی پر کسی کی حاکمیت نہیں جو چاہے اس گھاٹ سے پانی لے سکتا ہے ۔ اور امیر معاویہ کے سپاہی بھی اسی گھاٹ سے سیراب ہوتے رہے ۔ آپ چاہتے تو ان پہ پابندی لگا کر انھیں پریشانی میں مبتلا کر سکتے تھے مگر آپ کا نام ہی مشکل کشا ہے یہی وجہ ہے کہ آپ نے اپنے مخالف کو بھی پانی سے محروم نہ رکھا ۔ (تاریخ اعثم کوفی)

قاتل کو شربت ۱۴۷

دین کی تاریخ اس طرح کی مشکل کشائی کا واقعہ پیش کرنے سے عاجز ہے بڑا ہی مشہور و معروف واقعہ جس کو مسلم و غیر مسلم تمام مورخین نے بیان کیا ہے جس کو اعثم کوفی سے تحریر کیا جا رہا ہے ۔ جب بدبخت ترین انسان ابن ملجم نے مشکل کشا کو ضربت لگائی جس سے آپ شدید زخمی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو گئے۔ قاتل بھاگنا چاہتا تھا۔ مگر تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ اس وقت قاتل کو کچھ نظر نہیں آرہا تھا۔ اس کو گرفتار کر لیا گیا۔ جناب امیر کو زخمی حالت میں جب دودھ اور شربت پیش کیا گیا تو آپ نے فوراً دریافت کیا میرے قاتل کو بھی یہ کھانا دیا ہے یا نہیں۔ جواب میں جب نہیں آیا تو آپ نے حکم دیا کہ شربت اور دودھ میرے قاتل کو دیا جائے اور امام حسنؑ سے فرمایا یہ قاتل ہمارا مہمان ہے اس کا ہر طرح سے خیال رکھا جائے۔

قاتل کے لئے اس طرح کی مشکل کشائی کی مشکل کشائی کے سوا کسی اور ہستی میں تلاش کرنا فضول ہے وہ قاتل ہے مگر پھر بھی آپ کو اس کا خیال ہے

پروفیسر ایس۔ اے۔ عابد
کی ایک اور نئی، انقلابی۔ منفرد اور
بے مثال کتاب
حسین سب کا
مصطفےٰ پبلیکیشن
حیدرآباد

حاجت مند اور مشکل کشا

قیمت نہ دے سکا کوئی جس کی حجاز میں
سائل کو بخش دی وہ انگوٹھی نماز میں

حیدر کرار۔ علی مرتضیٰ۔ مشکل کشا جس گھر کے در ہیں وہ گھر ہے نبیؐ کا۔ اور یہ در دنیا کا واحد در ہے جہاں سائل نامراد آیا اور بامراد لوٹا۔ تاریخ عالم بڑے بڑے حاتم و سخی کی سخاوت و حاجت روائی کے بڑے بڑے واقعات پیش کرتی ہے۔ مگر مشکل کشا کی سخاوت و حاجت روائی کے سامنے ایسے ہی ہے جیسے سمندر کے مقابلے پر اک قطرہ۔ تاریخ کے صفحات مسلسل گواہی دے رہے ہیں کہ آپ کے سامنے جب بھی کسی نے ہاتھ پھیلایا خواہ وہ اپنا ہو یا غیر۔ دوست ہو یا دشمن، مسلم ہو یا غیر مسلم۔ وقت امن ہو یا میدان جنگ۔ گھر کی چار دیواری ہو یا مسجد کا صحن، حالت نماز میں ہوں یا حالت روزہ سے ہوں، جیب خالی ہو یا بھری ہوئی ہو، دور نبوت ہو یا دور خلافت ہو، مکی زندگی ہو یا مدنی زندگی ہو۔ غرض کے کیسا ہی وقت ہو، کیسا ہی لمحہ ہو۔ تاریخ یہ بتاتی ہے کہ کوئی ایسا واقعہ ایسی نظیر نہیں ملتی کہ آپ نے سائل کو نامراد کیا ہو۔ اکثر و بیشتر گھر میں کھانے کو کچھ نہ ہوتا اس حالت میں آپ مزدوری سے جو رقم لاتے مگر راہ میں سائل کی آواز پاؤں کی زنجیر بنتی اور آپ اسے بامراد کرتے ہوئے خالی ہاتھ گھر پلٹتے۔ تاریخ عالم بڑے فخر سے بیان کرتی ہے کہ فلاں سخی نے ہزاروں روپے حاجت مندوں میں تقسیم کئے مگر میں ان سے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ کیا تاریخ میں کوئی ایسی نظیر بھی ہے کہ جس کے بیوی اور معصوم بچے تین وقت سے فاقے سے ہوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایسے میں کھانا میسر آئے اور وہ کھانا سائل کو دیکر خود بھوکے سو جائیں۔ کیا تاریخ عالم میں کوئی ایسی مثال بھی ہے کہ جس نے حاجت مند کی حاجت پوری کرنے کے لئے اپنی سر کی چادر فروخت کردی۔ کیا تاریخ میں کوئی ایسا بھی ہے جس نے میدان جنگ میں اپنے دشمن کو اپنی تلوار صرف اس لئے بخشدی کہ مجھے نامراد کرتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے۔ کیا تاریخ عالم میں کوئی نظیر ایسی بھی ہے جس نے کسی یہودی کی حاجت پوری کرنے کے لئے اپنے دونوں شہزادوں کو رہن رکھوادیا۔ کیا تاریخ عالم میں کوئی ایسا بھی ہے جس نے سر طلب کرنے والے کو اپنا سر پیش کردیا۔ کیا تاریخ عالم میں کوئی ایسا بھی ہے جو حاجت مندوں کو نعمتوں سے نوازے اور خود کے پیٹ پر بھوک سے پتھر بندھے ہوں۔ کیا تاریخ عالم میں کوئی ایسا بھی حکمران ہے جو لاکھوں کی رقم تقسیم کرے اور خود خشک روٹی کے ٹکڑے سے پیٹ بھرے۔ غرض کے تاریخ اسلام کوئی ایک آدمی ادنیٰ سا بھی واقعہ ادنیٰ سی بھی نظیر۔ کوئی ایسی روایت پیش کرنے سے قاصر نظر آتی ہے کہ مشکل کشا شیر خدا کے سامنے جس نے بھی اپنی حاجت بیان کی وہ آپ کے در سے نامراد پلٹا ہو۔ یہ واحد در ہے جس کے در سے ہر سوالی بامراد پلٹا ہے۔ ایک مرتبہ ایک یہودی آنحضرتؐ کی خدمت میں اپنی حاجت لیکر آیا آپ نے علی کو حکم دیا کہ اس کی مشکل آسان کرو۔ اس واقعہ کو موجودہ دور کے شاعر نے کیا خوب نظم کیا ہے جس کا ایک بند پیش کر رہا ہوں۔

فرمایا مصطفےٰ نے علی سے کہ یا علی × مشکل کو اس کی حل کرو مشکل کشا علی
پورا کرو سوال یہ سائل کا تم ابھی × آسان کام کردو یہ مشکل کا تم علی

خدائے بزرگ و برتر و پیغمبر اعظمؐ کی علی مرتضیٰ پر خاص عنایت ہے کہ آپ کو پردہ غیب سے لوگوں کی حاجت روائی کے لئے مقرر فرمایا۔ اور حاجت روائی کا سلسلہ نہ صرف آپ کی حیات میں جاری تھا بلکہ یہ سلسلہ جاری ہے

اور رہے گا۔ ہر دور ہر وقت ہر لمحہ جاری و ساری ہے آج بھی سنی، شیعہ دونوں بھائی ہر مشکل کے وقت آپ ہی کے وسیلہ سے اپنی حاجت طلب کرتے ہوئے بامراد ہوتے ہیں۔ دنیا بھر کی حاجت پوری کرنے والے ہر مشکل میں کام آنے والے جو ہر طلبگار کے مطلوب ہیں ان کی حیات پر نظر ڈالیئے کہ خود خشک روٹی کے ٹکڑوں سے پیٹ بھرتے معمولی کپڑا خود پہنتے اور اعلیٰ کپڑا غلاموں کو پہناتے آپ اسلامی حکومت کے امیر ہیں وسیع سلطنت کے سیاہ و سفید کے مالک ہیں اور جس حال میں اپنی حیات بسر کی اس کے لئے امام قرشی سوید بن عقلہ بیان کرتے ہیں۔

میں نے علی مرتضیٰ کے گھر کو دیکھا آپ ایک پرانے بورئے پر تشریف فرما ہیں ہر ایک کو اسی بورئے پر بٹھاتے یہی آپ کے لیٹنے کی جگہ ہے اس کے سوا آپ کے گھر میں کچھ نہیں جو دنیا کے گھروں میں ہوتی ہیں آپ نے مجھ سے فرمایا عاقل ایسے گھر سے محبت نہیں رکھتا جسے چھوڑ دینا ہو۔ میری نظر کے سامنے ہمیشگی کا گھر ہے۔ سوید کہتے ہیں آپ کے نصیحت آموز جملوں نے مجھے رلادیا۔ حاجت مند اور مشکل کشا کے عنوان کے تحت صرف چند واقعات پیش کئے جارہے ہیں جو آپ کی حاجت روائی کی اعلیٰ مثال ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حاجت مند اور مشکل کشا

ایک اعرابی کے تین سوال ۱۴۸

حضرت علی امیرالمومنین خانہ کعبہ میں تھے ایک اعرابی کو دیکھا جو خانہ کعبہ کے پردے سے لپٹا ہوا باآواز بلند یہ کہہ رہا تھا۔ اے اللہ یہ گھر تیرا ہے۔ میں تیرا مہمان ہوں آج رات میری مہمانی اپنی جانب سے کر اور میری مغفرت قرار دے۔ حضرت علی نے فرمایا۔ اے اعرابی اللہ بڑا کریم ہے وہ اپنے مہمان کو رد نہیں کرتا۔ دوسری رات ایک کہنے والے کو یہ کہتے سنا۔ اے عزیز تو اپنی عزت کے ساتھ عزیز ہے۔ میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں اور تیرا ہی وسیلہ لے کر تیرے پاس آیا ہوں اور تجھے تیرے حق کا جو تجھ پر واجب ہے اور تیرے حق کا جو آل محمدؐ پر واجب ہے سوال کرتا ہوں مجھے وہ چیز عطا کر جو تیرے سوا کسی کی ملکیت میں نہیں ہے اور مجھ سے اس چیز کو دور رکھ۔ امیرالمومنین نے فرمایا اعرابی نے خدا سے جنت طلب کی ہے اور دوزخ سے دوری مانگی ہے خدا نے اس کو قبول کیا۔ تیسری رات پھر امیرالمومنین نے اس اعرابی کو دیکھا کہ وہ کہہ رہا ہے۔ اے آسمانوں اور زمین کو زینت دینے والے مجھے چار ہزار درہم عطا فرما۔ امیرالمومنین اس اعرابی کے قریب آئے اور فرمایا اے اعرابی جو کچھ تو نے سوال کئے وہ میں نے سنے خدا نے اُسے پورا کیا۔ آج رات تو چار ہزار درہم مانگ رہا ہے۔ ان چار ہزار درہم کا کیا کریگا۔ اعرابی نے جواب دیا۔ ایک ہزار سے قرض ادا کروں گا۔ ایک ہزار سے مکان بناؤں گا۔ ایک ہزار سے عورت کا مہر ادا کروں گا۔ اور ایک ہزار سے تلاش معاش طلب کروں گا۔ اعرابی نے پوچھا آپ کون ہیں۔ آپ نے جواب

دیا۔ میں علی بن ابی طالب ہوں۔ اعرابی نے عرض کی آپ ہی تو مراد ہیں علی نے فرمایا۔ اے اعرابی تو نے انصاف سے کام لیا ہے جب تم مدینہ آؤ تو علی بن ابی طالب کا نام پوچھ لینا۔ جب اعرابی مدینہ پہنچا تو اتفاق سے اس کی ملاقات امام حسنؑ سے ہوگئی اعرابی نے عرض کی کہ میں علی بن ابی طالب سے ملنا چاہتا ہوں۔ آپ اسے اپنے گھر لے گئے۔ حضرت علی سے ملاقات کی آپ نے اس اعرابی کی خدمت کی پھر سلمان سے فرمایا کہ تاجروں کو طلب کیا جائے تاکہ ان کے ہاتھ باغ فروخت کر دیا جائے۔ تاجر حاضر ہوئے آپ نے ان سے باغ کے فروخت کے لئے کہا جو حضرت مصطفٰےؐ نے میرے لئے لگایا تھا۔ تاجروں نے بارہ ہزار دینار کے عوض آپ سے یہ باغ خرید کیا۔ آپ نے چار ہزار درہم اعرابی کو دئے اور فرمایا تمہارے آنے جانے کا کتنا خرچ آیا ہے۔ عرض کی چھبیس درہم آپ نے اسے مزید چھبیس درہم عطا کئے۔ بقایا تمام رقم فقراء، مساکین میں تقسیم کر کے آپ خالی ہاتھ گھر تشریف لے گئے۔ جناب سیدہؑ سے باغ کے فروخت کا ذکر کیا تو آپ نے پوچھا۔ اس کی رقم کہاں ہے۔ کیوں کہ گھر میں فاقہ ہے کچھ کھانا منگوائیں۔ آپ نے فرمایا وہ تمام رقم ان لوگوں میں تقسیم کر دی جس کے بارے میں مجھے شرم محسوس ہوتی تھی کہ وہ مجھ سے سوال کرنے کی ذلت برداشت کریں میں نے سوال کرنے سے پہلے ہی انھیں رقم دیدی۔ آپ دونوں حضرات نے خدا کا شکر ادا کیا اور اس فاقہ میں بھی اتنی رقم آنے کے باوجود حاجت مندوں کی حاجت پوری کی اور خود فاقہ کے عالم میں شکرانے کے سجدے ادا کئے۔

حالت رکوع میں ۱۴۹

ہر جماعت نے اس کی روایت کی ہے عام و خاص کتب میں موجود ہے۔ ابوذر غفاریؓ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسؓ بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ آنحضرتؐ کے ساتھ ظہر کی نماز ادا کر رہا تھا۔ ایک سائل نے مسجد میں سوال کیا۔ سب حالت نماز میں تھے کسی نے کچھ نہ دیا۔ سائل نے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا اے پروردگار گواہ رہو میں نے تیرے نبی کی مسجد میں سوال کیا ہے اور مجھے کسی نے کچھ نہ دیا۔ جناب امیر علیہ السلام نماز میں حالت رکوع میں تھے آپ نے اپنے داہنے ہاتھ کی چھنگلی سے اشارہ کیا اور انگوٹھی اس کو عطا فرمائی۔ پس خدا نے یہ آیت آپ کے لئے نازل فرمائی۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔

ایک کافر کا سوال ۱۵۰

بہت ہی مشہور و اہم واقعہ ہے۔ ہر عام و خاص کتب میں موجود ہے۔ میدان جنگ میں آپ عرب کے مشہور پہلوان سے مقابلہ کر رہے تھے گو کہ کافروں کی تعداد مسلمانوں سے بہت زیادہ تھی۔ مگر حضرت علی کا میدان جنگ میں ہونا ہی فتح و نصرت کی علامت ہے۔ آپ اپنے مقابلے کے کافر کو زیر کر چکے تھے چاہتے تھے اس کے ذوالفقار سے ٹکڑے کر دیں۔ اتنے میں نہایت عاجزی سے اس کافر نے سوال کیا کہ یا علی اپنی تلوار تو مجھے ذرا دکھائیں۔ آپ نے اپنی تلوار اس کافر کو دے دی۔ کافر نے تلوار ہاتھ میں لیکر کہا کہ آپ اب مجھے تلوار تو دے چکے ہیں آپ خالی ہاتھ ہیں اب آپ میرے سے کیوں کر بچ سکیں گے۔ امیر المومنین نے فرمایا مجھے میرا خدا بچائے گا۔ کافر نے دوسرا سوال کیا آپؑ تو جانتے ہیں کہ آپ کا پکا دشمن ہوں اور اس حالت میں بھی آپ نے مجھے تلوار دے دی آخر کیوں۔ امیر المومنین نے فرمایا تو نے بھیک مانگنے والوں کی طرح میرے سامنے ہاتھ پھیلایا۔ مروت نے

تقاضا کیا تھا کہ ہاتھ پھیلانے والے کا سوال رد نہ کیا جائے اگرچہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔ علی کسی کا سوال رد نہیں کرتا۔ کافر نے جب اس حالت میں بھی آپ کے اطمینان اور کلام کی یہ حالت دیکھی تو فوراً مسلمان ہوگیا۔

جنازے کی نماز ۱۵۱

ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسولؐ کریم جب کسی شخص کے جنازے پر تشریف لے جاتے تو اس کے اعمال کی نسبت کبھی سوال نہ فرماتے بلکہ اس کے قرض کی نسبت پوچھتے اگر عرض کی جاتی کہ اس پر قرض ہے تو آپ خود نماز نہ پڑھاتے اور اگر یہ کہا جاتا کہ اس پر قرض نہیں ہے تو آپ خود اس کی نماز پڑھاتے ایک دفعہ حضورؐ پاک ایک جنازے پر تشریف لے گئے جب آپ تکبیر کے ارادے سے اٹھے تو لوگوں سے پوچھا تمہارے اس دوست پر قرض تو نہیں لوگوں نے عرض کی اس پر دو دینار قرض ہے تمام افراد موجود تھے آپ نے فرمایا کہ تم اپنے دوست کی نماز پڑھاؤ اور خود بیٹھ گئے۔ اتنے میں جناب امیرؑ نے عرض کی ان دونوں دیناروں کا ادا کرنا میرے ذمہ ہے اور یہ بری الذمہ ہے۔ حضور پاکؐ اٹھے آپ نے نماز جنازہ پڑھائی اور حضرت علی سے مخاطب ہو کر فرمایا خدا تجھے نیک جزا دے۔

مہر کا طلب کرنا ۱۵۲

حضرت علی امیر المومنین کا دستور تھا کہ آپ دو تین روز بعد کوفہ سے باہر تشریف لے جاتے اور وہاں بیٹھ کر دریا کا انتظار فرماتے۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ آپ دریا کے نظارے میں مشغول تھے کہ آپ نے دور سے ایک کشتی کو آتے دیکھا جس میں ایک جوان بیٹھا تھا۔ نوجوان کشتی سے اتر کر حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اسے اپنے گھر لے گئے۔ مہمان نوازی کا حق ادا کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بن ابی طالب سے مقابلہ کرا اور اس کا سر اُتار لا ۔ اگر تو نے یہ بات پوری کر دی تو تجھے بادشاہ دامادی کے شرف سے ممتاز کریں گے اور تجھے اس کی حکمرانی بھی عطا کریں گے ۔

اے میرے مہربان میزبان میں اس غرض سے اس ملک میں آیا ہوں تاکہ علیؑ سے مقابلہ کروں اور اس کا سر بادشاہ کے حضور میں پیش کروں ۔ مگر میں یہاں اجنبی ہوں ۔ میں علی کو جانتا نہیں تو میری رہنمائی کر اور مجھے علی کے پاس چھوڑ آ ۔ تمہاری بڑی مہربانی ہوگی ۔ امیر المومنین نے فرمایا یہ کام بہت آسان ہے میں تیری رہنمائی کروں گا اور تجھے اس قرب سے نجات دلاؤں گا ۔ اگر تو مجھے دریا کے کنارے پر ہی کہہ دیتا تو میری تیری حاجت وہیں پوری کر دیتا ۔ آپ اس اجنبی کو لیکر دریا کی طرف روانہ ہوئے ۔ کنارے پر پہنچ کر آپ نے اپنی ذوالفقار اس اجنبی کے ہاتھ میں دی اور فرمایا میرا سر کاٹ لے میں ہی علی بن ابی طالب ہوں ۔ اجنبی یہ دیکھ کر حیران رہ گیا فوراً تلوار ہاتھ سے چھوڑی اور آپ کے قدموں میں گر کر عرض کرنے لگا ۔ آپ جیسے بلند و اعلیٰ اخلاق کے مالک پر ایک تو کیا ہزار شہزادیاں قربان کرنے کو تیار ہوں میں نے آج سے اس شہزادی کا خیال دل سے نکال دیا ہے ۔ میں دل و جان سے آپ کا غلام ہوں میں آپ کا آستانہ چھوڑ کر کبھی نہ جاؤں گا ۔

ایک روٹی کا طلب کرنا ۱۵۲

ایک دن ایک سائل حضرت امیر المومنین کی خدمت میں حاضر ہوا اور روٹی طلب کی آپ نے قنبر سے فرمایا سائل کو روٹی دے ۔ قنبر نے عرض کی یا امیر المومنین روٹی اونٹ پر ہے ۔ امیر المومنین نے فرمایا روٹی اونٹ سمیت دے دو قنبر نے عرض کی اونٹ قطار میں ہیں پتہ نہیں کس اونٹ پر روٹی ہے آپ نے فرمایا پوری قطار سائل کو دیدی جائے ۔ قنبر فوراً اونٹ کی مہار

بعد ازاں اس سے دریافت کیا کہ تم کہاں کے باشندے ہو اور اس شہر میں کس طرح آنا ہوا جوان نے جواب دیا میں یمن سے آیا ہوں ۔ یمن میں دو بادشاہ ہیں ایک مسلمان اور دوسرا کافر ۔ میں سبزی فروش ہوں میری دوکان کافر بادشاہ کے محل کے دروازے پر ہے اس کی ایک لڑکی ہے جو بے حد حسین و جمیل اور خوبصورت ہے ۔ ایک روز بناؤ سنگھار کر کے حمام میں آئی ۔ جب مجھے دکان پر بیٹھا دیکھا تو اپنا برقعہ الٹ دیا اس کا چہرہ دیکھ کر میں اس قدر دیوانہ ہو گیا کہ اس کی صورت دیکھے بغیر مجھے چین نہ آتا ۔ الغرض کہ میں ہر روز سبزی پہنچانے اس کے محل میں جاتا ۔ آہستہ آہستہ محل کے دربان میرے اس حال کو تاڑ گئے اور مجھ پر محل میں آنے کی پابندی لگا دی گئی اس ممانعت پر میں پکار اٹھا ۔ گریبان چاک کر ڈالا ۔ کسی بے درد نے محل کے بادشاہ کو خبر دی کہ محلے کا سبزی فروش آپ کی دختر نیک اختر پر عاشق ہو گیا اور رسوائی تک نوبت پہنچ گئی ہے جب میری نوبت اس کے عشق میں لاعلاج ہوئی تو ایک دن میں نے بادشاہ کے حضور میں اس کی لڑکی کی خواستگاری کی ۔ بادشاہ نے جب یہ بات سنی تو نہایت غصہ میں آگیا اور مجھے سولی پر چڑھانے کا حکم دیا ۔ میرے لبوں پہ بے اختیار دعا آئی یہ دعا کارگر ثابت ہوئی ۔ اور بادشاہ کا پیادہ آیا ۔

اور کہا کہ سبزی فروش کو بادشاہ نے طلب کیا ہے ۔ اس طرح میں بادشاہ کے حضور میں پیش ہوا ۔ اس کا وزیر بڑا عاقل تھا ۔ اس نے بادشاہ سے کہا کہ اسے معاف کر دے میں اس کے ذمہ ایسا کام لگاتا ہوں جس کا پورا ہونا ناممکن ہے ۔ وزیر مجھ سے مخاطب ہوا اور کہا کیا تو اس شہزادی سے شادی کا خواہش مند ہے ۔ میں نے عرض کی دل و جان سے خواہ اس کے لئے مجھے جان کی بازی کیوں نہ لگانی پڑے ۔ اس نے یہ شرط رکھی کہ تو علی

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھوڑ کر الگ کھڑا ہو گیا۔ امیر المومنین نے دریافت کیا اے قنبر تو نے اونٹوں کی مہار کیوں چھوڑ دی۔ عرض کی یا امیر المومنین بجز سخا اپنے دل میں خیال کیا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ مجھے بھی بخشدیں اور میں آپ کی خدمت سے محروم ہوں۔

حضرت ابو ہریرہ رض کی مشکل ۱۵۴

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ مدینہ میں قحط پڑا اور مجھے ایک دن اور ایک رات کھانے کو کچھ نہ ملا۔ میں ایک صحابی کے گھر گیا اور ان سے ایک آیت کے متعلق دریافت کیا حالانکہ میں ان سے اس آیت کے بارے میں زیادہ جانتا تھا۔ میں آپ کے ساتھ آپ کے دروازے تک گیا۔ آپ نے مجھے رخصت کیا۔ پھر میں ایک صحابی کے گھر گیا اُن سے بھی ایک آیت کے لئے پوچھا حالانکہ میں ان سے زیادہ جانتا تھا مگر انہوں نے بھی مجھے رخصت کر دیا۔ اس کے بعد میں حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے مجھے بہت اچھی طرح اس آیت کے لئے بتایا جب میں رخصت ہونے لگا تو آپ مجھے ہاتھ پکڑ کر گھر لے گئے۔ میرے لئے دستر خوان بچھایا مجھے دو روٹیاں اور روغن دیا میں نے سیر ہو کر کھانا کھایا۔ اس کے بعد میں رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ مجھے دیکھ کر مسکرا دیئے اور فرمایا تم بتاؤ گے یا میں سب کچھ بتاؤں۔ آپ نے مجھے تمام حالات بتائے جو کچھ مجھ پر گذر رہے تھے اور فرمایا کہ مجھے جبرئیل نے آگاہ کیا ہے۔ اس طرح حضرت ابو ہریرہ رض کی حاجت در علی سے پوری ہوئی۔

افطار کے وقت ۱۵۵

ابن عباس رض سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام حسنؑ و حسینؑ بیمار

ہوتے تو آنحضرتؐ اور جناب کے ساتھ دیگر صحابہ بھی حضرت علی کے گھر تشریف لے گئے۔ کسی نے آپ کو مشورہ دیا کہ یا ابوالحسن آپ اپنے شہزادوں کے لئے نذر مانیں۔ آپ نے نذر مانی کہ دونوں شہزادے ٹھیک ہو جائیں۔ تو ہم تین روزے رکھیں گے۔ خداوند کریم نے آپ کے شہزادوں کو شفا عطا فرمائی آپ نے اور بی بی سیدہ نے روزہ رکھا گو کہ کھانے کو کچھ نہ تھا جب افطار کا وقت آیا تو کسی سے ادھار لیکر کھانے کا انتظام کیا۔

ابھی افطار میں چند لمحے باقی تھے کہ دروازے پر سائل نے آواز دی کہ میں اسیر ہوں فلاں وقت سے بھوکا ہوں حالات اور وقت کا تقاضا کچھ اور تھا۔ جناب نے اپنے نفس کو زحمت دینا گوارہ فرمایا اور تمام کھانا اس سائل کے حوالے کر کے پانی و نمک سے روزہ افطار کیا اور شکرانہ کی نماز ادا فرمائی دوسرا دن آیا روزہ رکھا گیا۔ عین افطار کے وقت ایک سائل کی آواز نے بے چین کیا۔ میں یتیم ہوں۔ بھوکا ہوں۔ آپ نے تمام کھانا اس یتیم کے سپرد فرمایا اور خود صبر و شکر سے کام لیا۔ نذر کے مطابق تیسرا روزہ رکھا گیا عین افطار کے وقت ایک سائل کی صدا آپ کے کاشانہ سے ٹکرائی۔ پردیسی ہوں، بھوکا ہوں یہ ممکن ہی نہ تھا کہ کوئی اپنی حاجت لیکر آئے اور در علی سے خالی ہاتھ چلا جائے۔ گو کہ آپ خود فاقہ سے ہیں مگر تیسرے دن بھی آپ نے سائل کو کھانا عطا کیا آپ مسلسل تین دن تک نمک اور پانی سے افطار کرتے رہے کسی لمحہ بھی مشکل آئی تو مشکل کشانے مشکل آسان فرمائی۔ در علی وہ در ہے جہاں سے مانگنے والا کبھی خالی ہاتھ نہیں جاتا۔ رحمت الٰہی جوش میں آئی فوراً حضرت جبرئیل اس آیت کی خوشخبری دینے آئے رب العزت نے اس اطاعت کو دیکھتے ہوئے ارشاد فرمایا، وہ لوگ جو کھلاتے ہیں اپنے حسب سے مسکین، یتیم اور اسیر کو۔ یہ آیت آپ کی شان میں نازل ہوئی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک بڑھیا کی صدا ۱۵۶

مصور غم ۔ علامہ راشد الخیری ۔ اپنی کتاب سیدہ کا لال ، میں آپ کی دریا دلی کا ایک واقعہ درج کرتے ہیں ۔ جو کہ ہر عام و خاص کتب میں موجود ہے ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں حضرت علی مشکل کشا جناب سیدہؑ اور بچوں پر ایک رات فاقہ سے گذری ۔ نماز فجر سے فراغت پا کر ۔ خدا کا شیر تلاش معاش میں گھر سے روانہ ہوا ۔ چاروں طرف نظر دوڑائی مگر کوئی ذریعہ یا جگہ میسر نہ آئی دن کا بڑا حصّہ ڈھلنے کو آگیا ۔ اپنا خیال نہ تھا فکر تھی سیدہ اور بچوں کے فاقے کی بازار کے متواتر پھیرے کئے مگر کوئی کام نہ ملا ۔ آفتاب کی روشنی جھلملانی شروع ہوئی شیر خدا ۔ سیدہ عالم خاتون جنت ، سردار جنت فاقے سے ہیں نماز مغرب کے بعد شام کی تاریکی پردہ دنیا پر چھا رہی تھی ۔ ایک تاجر اپنا سامان لیکر پہنچا جن مبارک ہاتھوں نے خیبر کا دروازہ چشم زدن میں اکھاڑ کر پھینکدیا تھا جن کو بوسہ دینا کائنات فلکی کا فخر تھا وہ ہاتھ اسباب ڈھونے میں مصروف ہو گئے ۔ دنیا کی آنکھیں اس سے زیادہ اور کیا دیکھ سکیں گی کہ علی بن ابی طالب رسولؐ اللہ کے داماد خاتون جنت کے سر کے تاج حسنین کا باپ خدا کا شیر بیوی بچوں کا پیٹ بھرنے کے واسطے ان کندھوں پر جو حسن و حسین کا جھولا ہیں بھاری اسباب ڈھو رہا ہے ۔ چہرہ خاک آلود ہے ۔ لباس گرد میں اٹ رہا ہے اور انسانیت کی اس مجسم و مکمل تصویر نے بچوں کا پیٹ بھرنے کی فکر میں جلدی جلدی قدم بڑھائے ۔ مدینہ کی گلیاں ان مبارک قدموں کو ذوق و شوق میں بوسے دے رہی تھیں ۔ مدینہ کی گلیاں اپنے سینہ پر علی کے قدم پا کر فخر سے سینہ تان رہی تھیں ایسے میں ایک بڑھیا لکڑی ٹیکتی ہوئی سامنے آئی اور آپ کا چہرہ مبارک دیکھ کر فرمانے لگی ۔ علیؑ میں اور میرا بوڑھا شوہر تین وقت سے بھوکے ہیں خدا کے واسطے ہمارا پیٹ بھر دے ۔ بڑھیا کے الفاظ زنجیر بن کر جناب

امیرؑ کے پاؤں میں پڑے ۔ مقابلہ برابر کا تھا ۔ تین ہی وقت کا فاقہ جناب سیدہؑ اور ان کے بچوں پر تھا ۔ فطرت انسانی کا تقاضا کچھ اور تھا مگر شیر خدا جس کا دل دل نہیں نور الٰہی کا ٹکڑا ہے ۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ شیر خدا کے سامنے ہاتھ پھیلایا جائے اور سائل نامراد پلٹے ۔ دو درہم اس بڑھیا کے حوالے کیا اور فرمایا ۔ خدا تجھ پر رحم فرمائے ۔ صبر و شکر کے ساتھ خالی ہاتھ گھر کی طرف پلٹے ۔ باب خیبر کو اکھاڑنے والے ہاتھوں کو جب شہزادی کونین خاتون جنت نے دیکھا تو چھالے پڑے ہوتے تھے ہاتھوں کو بوسے دئے اور فرمایا یا علی مجھے فخر ہے کہ میں تیری بیوی ہوں ۔

بھوک کی شکایت ۱۵۷

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسولؐ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بھوک کی شکایت کی ۔ رسولؐ اللہ نے اپنی ازواجؓ کے پاس اس شخص کو روانہ کیا ۔ مگر ہر جگہ سے جواب ملا کہ ہمارے پاس پانی کے سوا کچھ نہیں ۔ وہ شخص پلٹا ۔ آپؐ نے فرمایا آج کا کھانا اس شخص کو کون دے گا ۔ حضرت علی بھی تشریف فرما تھے ۔ آپ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ اس خدمت کے لئے میں حاضر ہوں ۔ آپ اس شخص کو لیکر اپنے گھر تشریف لائے ۔ آپ نے جناب سیّدہ سے فرمایا کہ کھانے کے لئے کوئی چیز ہے جناب سیّدہ نے جواب دیا کہ ہمارے پاس ایک بچے کا کھانا رکھا ہوا ہے مگر ہم ایثار سے کام لیں گے اور ہم اپنے مہمان کو کھانا کھلائیں گے ۔ حضرت علی نے فرمایا اے دختر رسولؐ بچوں کو سلا دیں اور چراغ گل کر دیں ۔ آپ نے اس شخص کے ساتھ کھانا شروع کیا ۔ کھانے سے فارغ ہوتے جناب سیّدہ نے چراغ روشن کیا تو دیکھا کہ پیالہ کھانے سے بھرا ہوا ہے ۔ حضرت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی نے صبح کے وقت رسولؐ خدا کے ساتھ نماز ادا کی۔ جب رسولؐ خدا نے نماز کا سلام پھیرا تو حضرت علی کی طرف دیکھ کر سخت روئے اور فرمایا اے علی تمہارے رات والے کام سے اللہ تعالیٰ تعجب میں ہے اور یہ آیت نازل فرمائی ترجمہ (یعنی خود بھوکے رہ کر دوسروں کو کھانا کھلاتے ہیں۔

ایک بیوہ کی مشکل ۱۵۸

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا گذر ایک بازار سے ہوا آپ نے دیکھا کہ ایک عورت اپنے کندھوں پر پانی سے بھری ہوئی مشک اٹھائے جا رہی ہے آپ فوراً اس عورت کے پاس گئے اور اس سے مشک لیکر خود اپنے کندھوں پر اٹھا کر اسے اس کے گھر تک چھوڑ آئے۔ آپ نے اس عورت کے حالات دریافت کئے۔ عورت نے کہا میرا شوہر شہید ہو چکا ہے اب اس کے یتیم بچے ہیں جن کی پرورش کے لئے مجھے یہ محنت و مشقت کرنا پڑتی ہے میرا کوئی سہارا نہیں اس وجہ سے مجبوراً مجھے لوگوں کی خدمت کرنا پڑتی ہے آپ نے فرمایا میرا انتظار کرو میں ابھی آتا ہوں۔ کچھ دیر بعد آپ ایک تھیلا لئے ہوئے اس عورت کے گھر پہنچ گئے۔ آپ نے اس عورت سے فرمایا تجھے اختیار ہے کہ تو آٹا خود گوندھے اور روٹی پکائے جب تک میں ان بچوں کو بہلاتا ہوں یا ان بچوں کو بہلاؤ میں کھانا تیار کرتا ہوں۔ عورت نے عرض کی میں کھانا تیار کرتی ہوں عورت کھانا پکانے میں مشغول ہو گئی۔ آپ جب تک بچوں کو بہلاتے رہے کھانا تیار ہونے کے بعد آپ ان بچوں کو اپنے ہاتھ سے چھوٹے چھوٹے لقمے بنا کر دیتے اور ان کے منہ میں ڈالتے ہوئے فرماتے۔ بچوں مجھے معاف کرنا مجھ سے اتنی کوتاہی ہوئی آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اتنے میں ہمسایہ کی

ایک عورت آئی۔ اس عورت نے آپ کو پہچان لیا اور کہنے لگی تجھے شرم نہیں آتی۔ تو امیر المومنین حضرت علیؑ سے خدمت لے رہی ہے اس بات سے عورت شرمندہ ہو کر کہنے لگی یا امیر المومنین مجھے معاف فرمائیں مجھے پتہ نہ تھا اس کے جواب میں آپ نے فرمایا اے خاتون میں تم سے بہت شرمندہ ہوں مجھے تم معاف کر دینا میں نے تمہارے بارے میں اس قدر کوتاہی کی۔

ایک انار کا بدلہ ۱۵۹

مشہور محقق اہل سنت صائم چشتی اپنی کتاب البتول میں معتبر روایت کے ساتھ درج فرماتے ہیں ایک مرتبہ حیدر کرار حضرت علی باہر سے تشریف لائے تو گھر میں جناب سیدہ کو سخت بخار میں مبتلا پایا۔ جناب سیدہ کی یہ حالت دیکھ کر حیدر کرار حضرت علی بیقرار ہوئے۔ آپ نے جناب سیدہ سے فرمایا اے بنت رسولؐ اگر آپ کا میٹھی چیز کھانے کو دل چاہتا ہے تو میں انار بازار سے لیکر آؤں۔ آپ اٹھے اور بازار کی طرف جناب سیدہ کے لئے انار لینے کے لئے روانہ ہو گئے مگر دل میں خیال آیا کہ آپ کے پاس پیسے تو نہیں ہیں۔ آخر اس کا حل یہ کیا کہ آپ نے ایک دینار قرض لیا بازار سے ایک اچھا سا انار خرید فرمایا اور جلدی جلدی اپنے گھر کے جانب پلٹے آپ کی مسرت و خوشی کا ٹھکانہ نہ تھا کہ آج آپ جناب سیدہ کے لئے انار لئے جا رہے تھے ابھی راستے میں ہی تھے آپ نے ایک بوڑھے بیمار کو کراہتے ہوئے دیکھا یہ تو ممکن نہیں تھا کہ آپ کسی شخص کو اس حالت میں دیکھیں اور منہ موڑ کر چلیں جائیں آپ اس بوڑھے بیمار کے قریب گئے اور فرمایا بابا تمہیں کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔ بیمار نے عرض کی۔ یا علی پانچ روز ہو گئے ہیں اس طرح بیماری کے عالم میں پڑا ہوں لوگ مجھے دیکھتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کسی نے میرا حال نہیں پوچھا۔ اس بیماری میں میرا انار کھانے کو بڑا دل چاہتا ہے اس بیمار کی خواہش سنی تو دل میں خیال آیا مگر یہ ممکن بھی نہ تھا کہ آپ کے سامنے کوئی اپنی حاجت بیان کرے اور آپ اسے پورا نہ کریں فوراً انار اس بیمار کے حوالے کیا اسے اپنے ہاتھوں سے کھلایا۔ جب یہ شخص انار کھا چکا تو اس کا بخار بھی اتر گیا۔ اس حاجت مند کی حاجت پوری کرنے کا یہ اثر ہوا کہ آپ کے گھر میں جناب سیدہ بھی تندرست ہو گئیں۔ حضرت علی ٹہلتے ہوئے اور یہ سوچتے ہوئے گھر میں تشریف لے گئے کہ میں بنت رسول ؐ کو کیا جواب دوں گا۔ آپ نے گھر میں قدم ہی رکھا تھا کہ جناب سیدہ نے اٹھ کر اس طرح آپ کا استقبال کیا کہ جیسے آپ کو بخار ہی نہیں تھا اور جناب سیدہ نے فرمایا یا علی آپ کیوں مغموم ہیں مجھے اللہ کی عزت و جلال کی قسم جب آپ اس مریض کو انار کھلا رہے تھے میرا دل انار سے پھر گیا تھا۔ حضرت علی آپ کو تندرست پا کر بہت خوش ہوئے۔ ابھی چند لمحے ہی گذرے تھے کہ آپ کے دروازے پر کسی نے دستک دی حضرت علی نے دریافت کیا کون ہے۔ جواب آیا میں سلمان ؓ فارسی ہوں۔ آپ نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا۔ سلمان فارسی ؓ کے ہاتھ میں ایک طباق تھا جو رومال سے ڈھکا ہوا تھا یہ طباق آپ نے حضرت علی کی خدمت میں پیش کیا۔ آپ نے دریافت کیا کہاں سے لائے ہو۔ سلمان فارسی ؓ نے جواب دیا خدا تعالے نے رسول اللہ کی طرف اور رسول اللہ نے آپ کی طرف روانہ کیا ہے۔ جناب حیدر کرار نے اس طباق سے رومال اٹھایا تو اس میں نو انار تھے آپ نے فرمایا کہ یہ انار اگر میرے لئے آئے ہیں تو دس ہونے چاہئے تھے کیونکہ خدا کا فرمان ہے جو ایک نیکی کرتا ہے اس کو دس نیکیاں عطا کی جاتی ہیں جناب سلمان نے ایک انار جو انہوں نے آپ کا امتحان لینے کے لئے آستین میں چھپا رکھا تھا وہ دیتے ہوئے کہا بیشک آپ نے درست فرمایا ہے کہ انار دس ہیں

میدان جنگ اور مشکل کشا

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوتِ پروردگار
لافتیٰ اِلّا علی لاسیف اِلّا ذوالفقار

شجاعانِ عالم کی اگر فہرست مرتب کی جائے تو چند نمایاں نام دنیا کے سامنے آتے ہیں ان میں بغیر کسی عقیدت کے بغیر کسی تعصب کے جو نام سرِفہرست ہوگا وہ ذات گرامی علی بن ابی طالب کی ہوگی جس کا مدمقابل کوئی نہیں جس کو زیر کرنے والا کوئی نہیں جس کے مقابلے پر آتے ہوئے عربستان کے بڑے بڑے قوی ہیکل لرزہ جاتے۔ خوف سے دل بیٹھ جاتا۔ جس کا نام سنتے ہی دشمن میدان جنگ سے بھاگ اٹھتے۔ میرا چیلنج ہے کہ تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں حق و باطل کا کوئی ایسا معرکہ نہیں جس میں ذوالفقار حیدری برق بن کر دشمنوں پر نہ گری ہو۔ تاریخ خاموش ہے کہ جب بھی کفرستان کے نامور بہادروں نے لشکر اسلام کو چیلنج دیا تو کسی میں اتنی ہمت و جرات نہیں ہوئی جو عمرو بن عبدود۔ مرحب عنتر۔ طلحہ بن طلحہ کا غرور خاک میں ملا دے۔ ایک ہی تلوار میدان جنگ میں چمکتی ہوئی دشمنوں کا غرور خاک میں ملاتی ہوئی نظر آتی ہے وہ تلوار ذوالفقار حیدری ہے۔

سنو مسلمانوں! تاریخ پکار پکار کر کہہ رہی ہے علی کی تلوار تخت و تاج کے لئے نہ تھی۔ علی کی تلوار نے شہروں کو ویران نہیں کیا۔ علی کی تلوار نے دیہاتوں کو برباد نہیں کیا۔ علی کی تلوار کا مقصد اپنی قوت اور اپنی شجاعت کا لوہا منوانا نہ تھا۔ اگر علی کی تلوار کا مقصد حکومت ہوتا تو علی لمحوں میں دنیا بھر کو فتح کر کے فاتح اعظم بن کر دنیا پر حکمرانی کر سکتے تھے۔ لیکن علیؑ کا مقصد حکمرانی نہ تھا۔ تخت و تاج نہ تھا۔ علی کی تلوار فقط اللہ کے نام کے لئے تھی۔ علی کی تلوار نصرت اسلام اور رفاقتِ خیر الانام کے لئے اٹھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھی جو حق کو بلند کرنا چاہتی تھی باطل کو سرنگوں دیکھنا چاہتی ہے جو ظالم کے
لئے تازیانہ تھی مظلوم کے لئے ڈھارس تھی ۔ کیا کوئی تاریخ عالم میں ایسا
بھی ہے جس کی جنگ کا مقصد صرف رضا الٰہی ہو۔

تمام غزوات کی تفصیلات ہر تاریخ میں موجود ہے ۔ اور میرا چیلنج ہے
سنی، شیعہ بھائی متفق ہیں ۔ کوئی فرد اس کو رد نہیں کر سکتا تھا کہ تمام
غزوات میں اسلام لشکر کا پرچم نہ صرف علی کے پاس رہا بلکہ تمام غزوات
میں مشرکین کے لشکر سے مارے جانے والوں میں سے علی مرتضیٰ نے تن تنہا
نصف سے زائد تعداد کا خاتمہ کیا ۔ جب بھی کسی غزوہ میں مشکل و کٹھن وقت
آیا ۔ دشمن کی للکار چیلنج بنی ۔ مسلمانوں کو ناکامی اور مایوسی کا سامنا کرنا پڑا ۔
تو اس وقت علی ہی آگے بڑھے اور ذوالفقار حیدری کے کمال و جمال نے اسلامی لشکر
کی شکست کو فتح میں تبدیل کر کے رکھدیا ۔ تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ
متعدد مرتبہ ایسے مناظر بھی دیکھنے میں آئے کہ اسلامی لشکر تتر بتر
ہو گیا ۔ تمام مسلمان پیغمبر اعظمؐ کو دشمنوں کے نرغہ میں چھوڑ کر بھاگ گئے مگر
ایک علی ہیں جو سایہ کی طرح نصرت اسلام اور رفاقت خیر الانام
کا ساتھ نبھائے جاتے ہیں ۔

آج کے دور میں مسلمان جب علی کی قوت شجاعت، بہادری،
پر نظر ڈالتا ہے تو اس کی عقل بے بس ہو جاتی ہے کہ کیا کسی ایک فرد سے
ایسا ممکن ہے تو اس مقام پر میں یہ کہوں گا کہ علی کے لئے جو کچھ تم نے پڑھا ہے
وہ ان کے کمال حرب و ضرب سمندر کے قطرے کے مانند ہے ۔ علی مرتضیٰ
کی قوت کا اندازہ لگانا بشری عقل و فطرت سے بالاتر ہے ۔ علی مرتضیٰ
کیا ہیں ۔

ذات حیدر کو کوئی کیا جانے
یا نبی جانے یا خدا جانے

حضرت ابی حمراء سے روایت ہے جب رسول خداؐ معراج کی شب
آسمانوں کی طرف تشریف لے گئے تو عرش کے پائے پر یہ لکھا ہوا پایا ۔
محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور انہیں علی کے ذریعہ سے امداد و نصرت فرمائی
گئی (بحوالہ مشکل کشا)

جابرؓ روایت کرتے ہیں جب آنحضرتؐ علیؑ کو فوج کے ساتھ بھیجتے تھے
تو جبرئیل اس کے داہنے طرف اور میکائیل اس کے بائیں طرف ہوا کرتے تھے
اور وہ بغیر فتح کے واپس نہیں آتے ۔ (بحوالہ ارجح المطالب)

کوکب دری نے حکایات ناصری کے حوالے سے بیان کیا ہے ۔ امیرالمومنین
علی شیر کی طرح نعرہ مارتے اور شیر کی طرح جھپٹ کر حملے کرتے ۔ آپ کی قوت
شیر سے بدرجہ بڑھی ہوئی تھی جس نے در خیبر کی بنیاد کو اکھاڑ ڈالا ۔
(صفحہ ۵۰۰ کوکب دری)

عمدۃ المطالب جلد اول میں تحریر ہے کہ جب حضرت علیؑ مشرکین پر
حملے کرتے تو وہ پہاڑوں کی طرف دوڑ کر بھاگ جاتے ۔ قریش آپ کو
جنگ میں دیکھتے تھے تو خوف کی وجہ سے کانپ اٹھتے تھے ۔
حدیث خیبر میں رسول اللہؐ نے آپ کا نام بار بار حملہ کرنے والا اور
نہ بھاگنے والا رکھا رسول اللہ ۔ علی کا نام گرامی لیکر کفار کو ڈرایا کرتے تھے
ایک جنگ میں ایک شخص نے علی مرتضیٰ کو دیکھا تو بھاگ کھڑا ہوا ۔ اور کہتا
جاتا موت کا فرشتہ ادھر ہوتا ہے جہاں علی ہوتے ہیں ۔ دشمنان علی بھی ۔
آپ کی شجاعت کے لئے بے ساختہ کہہ اٹھے ۔

مروان کہتا ہے خدا کی قسم علی کو قتل کرنا ایسا ہے جیسے وادی کے
اژدہ یا جنگل کے شیر کو قتل کرنا ۔

عمرو بن عاص کہتا ہے میں نے علی سے زیادہ جنگ سے فرار کو عار
سمجھنے والا کسی شخص کو نہیں دیکھا ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب حضرت علی شہید ہوتے تو عمرو بن عاص معاویہ کے پاس آیا اور
کہا تمہیں بشارت ہو کہ شیر مارا گیا۔

غرض کے مجھے صرف اتنا کہنا ہے کہ خداوند کریم نے دین اسلام کی
نصرت اور رسولؐ خدا کی مدد علی کے ذریعہ فرمائی۔ مولا علی مشکل کشا نے اپنی
ہمت، استقلال، بہادری ثابت قدمی سے ہر لمحہ یہ ثابت کر دکھایا کہ دیکھا
لو کہ نصرت اسلام اور رفاقت خیر الانام میں مجھ سے بڑھ کر اور کوئی نہیں۔

ذوالفقار حیدری اگر نصرت اسلام کے لئے نہ اٹھتی تو دین اسلام
کا خاتمہ پہلے ہی معرکہ میں ہو جاتا۔ عربستان کی سرزمین میں اللہ کا نام لینے
والا کوئی نہ ہوتا ہر جگہ بت ہی پوجے جاتے۔

دیکھا یہی گیا ہے کہ ہر دور میں جب بھی مشکل وقت کٹھن لمحات آئے
بے ساختہ ہر زبان پر علی کا نام آیا۔ سنہ ۱۹۴۷ء سنہ ۱۹۶۵ء سنہ ۱۹۷۱ء کے
معرکے میں ہر رن سے ایک ہی نعرے کی صدا بلند ہوتی ہوئی نظر آئی۔
یا علی یا علی نہ صرف پاکستانی فوج بلکہ ہند کی فوج جب بھی
پسپا ہوتی تو وہ اپنی قوت بڑھانے کی خاطر علی کا نام لیتے۔ آج بھی
جب کوئی پہلوان، میدان کے لئے مقابلہ میں جاتا ہے تو یا علی
کا نعرہ ہی بلند کر کے جاتا ہے نعرہ یا علی صرف مسلمانوں میں ہی نہیں
بلکہ غیر مسلم عقیدت مند بھی اپنی قوت اپنی شجاعت میں اضافہ کے لئے
نعرہ حیدری لگاتے ہیں۔ روم کے سردار اپنی تلوار پر آپ کا نام
مبارک کندہ کرتے کیوں کہ آپ کے نام کو فتح و نصرت کی علامت سمجھا جاتا ہے

تیری خاک میں ہے شرر اگر تو خیال فقر و غنا نہ کر
کہ جہاں میں نانِ شعیر پر ہے مدارِ قوتِ حیدری

عقیل وہ ہے جو دو پڑی بلا سے بچے
علیؑ کی تیغ سے زہرا کی بد دعا سے بچے

جنگ بدر ۱۶۰ حق و باطل کا پہلا معرکہ جسے تاریخ اسلام جنگ بدر کے
نام سے یاد کرتی ہے۔ پیغمبر اعظمؐ اپنے ۳۱۳ جانثاروں
کے ساتھ کفار مکہ کے ایک ہزار اسلحہ پوش جری بہادروں کے مقابلہ پر خیمہ
زن ہوئے کفار اپنی پوری آب و تاب اپنے جوانوں کی قوت کے نشہ میں چور آلات جنگ
و کثرت تعداد پہ نازاں، ہر جوان شجاعت میں اپنی مثل آپ حرب و ضرب کے
ماہر مکاری و عیاری کے استاد کا عمل سردار لشکر ابوجہل اس ناپاک ارادے
سے اپنے تین آزمودہ جری جوانوں کو میدان بدر میں روانہ کرتا ہے کہ ان کی للکار کا
لشکر اسلام میں جواب دینے والا کوئی نہیں۔ پیغمبر اعظم نے۔ معاذ، معوذ اور
عوت انصاری کو مقابلہ کے لئے روانہ کیا مگر ان سرکشوں اور اپنی شجاعت پر
نازاں کافروں نے یہ کہہ کر لڑنے سے انکار کر دیا یہ ہماری جوڑ نہیں ایسے میں پیغمبر اعظمؐ
کو بنی ہاشم کے جوان یاد آئے اور فرمایا۔ عبیدہ، حمزہ، علی اٹھو اور ان سے
مقابلہ کرو۔ یہ سننا تھا کہ تینوں اپنے شکاروں پر جھپٹ پڑے پل ہی پل میں ان
کا غرور خاک میں ملا دیا اب تو جو بھی کافر آتا علی آگے بڑھتے۔ شیر کی طرح
اس پر جھپٹ کر اس کا کام تمام کرتے دیکھتے ہی دیکھتے میدان بدر کو پامال
کر ڈالا۔ وہ غرور وہ طاقت وہ شجاعت علی کی تلوار نے تمام کر ڈالی۔ ذوالفقار
حیدری نے یہ ثابت کر دکھایا کہ اگر میدان بدر میں ذوالفقار حیدری دشمنوں کے سروں پر
نہ برستی تو دین اسلام کا بدر کے میدان میں اسلامی لشکر کی شکست
کے ساتھ ساتھ خاتمہ ہو جاتا۔ یہ علیؑ ہیں جن کی بدولت نہ صرف لشکر اسلام
کو شاندار فتح حاصل ہوتی بلکہ کفار مکہ کے غرور خاک میں ملا دئے اور ذوالفقار
حیدری نے اسلامی پرچم کو سرنگوں ہونے سے بچا لیا۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرا چیلنج ہے کہ دنیا کی تاریخ لکھنے والا خواہ کوئی بھی ہو کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ہو کس دین سے تعلق رکھتا ہو مگر یہ لکھنے پر مجبور ہے کہ کفار مکہ کے ستر جہنمیوں میں سے ۳۹ جہنمی آپ کے ہاتھوں مارے گئے اس حقیقت کے سامنے سب کو اعتراف کرنا ہوگا کہ اگر بدر میں اہل اسلام کو کامیابی نہ ہوتی تو مشرکین آج ہی کے دن اسلام کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم کر ڈالتے۔ ہر تاریخ گواہ ہے کہ علی مرتضیٰ نے بخصوص ان لوگوں کو چن چن کر قتل کیا۔ جو عداوت اسلام اور آنحضرتؐ کے بدترین دشمن تھے اور بالخصوص ایسے لوگوں کو اپنی تلوار سے ٹکڑے کیا جن کی شجاعت۔ طاقت حرب و ضرب پر اہل مکہ کو ناز تھا میرا مقصد جنگ کی تفصیلات بیان کرنا نہیں غرض صرف اتنی ہے کہ علی نہ ہوتے تو بدر کا میدان پامال نہ ہوتا، سنی، شیعہ، مسلم و غیر مسلم تمام مورخین متفق ہیں کہ علی مرتضیٰ کے ہاتھوں کم از کم ۰۷ میں سے ۳۶ بعضوں نے تعداد چالیس تک بیان کی ہے ہم یہاں پر ان جہنمیوں کے نام درج کرتے ہیں۔

(۱) ولید بن عتبہ (۲) عاص بن سعید (۳) طعیمہ بن عدی (۴) نوفل بن خویلد (۵) عامر بن عبداللہ (۶) نضر بن حارث (۷) عبداللہ بن منذر (۸) حاجب ابن سائب (۹) عاصی ابن منبہ (۱۰) ابوالعاص بن قیس (۱۱) اوس بن مغیرہ (۱۲) معاویہ بن مغیرہ (۱۳) حرملہ بن عمر (۱۴) حرملہ بن اسد (۱۵) مسعود ابن المغیرہ (۱۶) ابوالعیس بن الفاکہ (۱۷) عقبہ بن ابی معیط (۱۸) عمر ابن عثمان (۱۹) عمر ابن قیس (۲۰) قیس ابن الولید (۲۱) ابن المغیرہ (۲۲) حنظلہ بن ابوسفیان (۲۳) عتبہ بن ابی ربیعہ (۲۴) زمعہ بن اسود (۲۵) عقیل بن اسود (۲۶) علقمہ ابن کلدہ (۲۷) ابوالعاص بن قیس (۲۸) غانم ابن ابی عوف (۲۹) نوذان بن ربیعہ (۳۰) اوس بن المغیرہ۔

(۳۱) زید بن ملیص (۳۲) غانم ابن ابی عوف (۳۳) سعید بن وہب (۳۴) عبداللہ بن جمیل (۳۵) ابوالحکم بن الاخنس (۳۶) ہشام بن ابی امیہ

(بحوالہ عمدۃ المطالب، کوکب دری، نفس رسول جلد چہارم، مشکل کشا و دیگر کتب)
(۱)

پے تعظیم جھک کر ادر ہادی کی رضا لیکر
چلا میدان میں شیرِ خدا نامِ خدا لے کر

جنگ احد ۱۶۱

تاریخ اسلام کا دوسرا بڑا اہم معرکہ جسے تاریخ عالم جنگ احد کے نام سے یاد کرتی ہے۔ کفار مکہ بدر کی شکست کا بدلہ لینے کے لئے اپنے تجربہ کار سالار ابوسفیان کی قیادت میں ایک مرتبہ پھر ۰۰۷ جاں نثاروں اور دین اسلام کو مٹانے کے لئے ۵۰۰۰ نامی گرامی، آزمودہ تجربہ کار، حرب و ضرب کے ماہروں کو لیکر مقابلہ کے لئے اس مرتبہ ذلیل ترین مخالفِ اسلام ہندہ بھی اپنی تمام تر مکاریوں، عیاریوں و لفریبوں کے ساتھ اپنے جوانوں کی ہمت بڑھانے کی غرض سے میدان جنگ میں پیش پیش رہی۔

مسلمانوں نے اس جنگ میں پیغمبر اعظمؐ کی نافرمانی کی اور آپ کی زبردست تاکید کے باوجود بھی دنیاوی طمع و لالچ کی وجہ سے اس گھاٹی کو چھوڑ دیا جس کے لئے پیغمبر اعظمؐ نے فرمایا تھا کہ خواہ لشکر اسلام کسی حالت میں بھی ہو شکست ہو یا فتح۔ خواہ کچھ بھی ہو مگر تمہیں یہ گھاٹی نہیں چھوڑنی اس تاکید کے باوجود بھی انہوں نے گھاٹی چھوڑ دی اور مسلمانوں کو اس جنگ میں فتح حاصل ہوئی جو عظیم تھی اس سے نہ صرف محروم رہ گئے بلکہ حضرت امیر حمزہؓ و دیگر نامور صحابی ان نافرمان مسلمانوں کی وجہ سے جدا ہو گئے۔ آخر کار مولا علی مشکل کشا کی سخت جنگ کے بعد آخری فتح مسلمانوں کو حاصل ہوئی۔

مشکل کشا علی شیر خدا نے احد کے دن جس جوانمردی۔ حوصلہ مندی ثابت قدمی، شجاعت استقلال کا مظاہرہ فرمایا۔ وہ تاریخ اسلام کے لئے باعث فخر ہے مجھے ... یہ کہنے میں ذرا بھر بھی عار نہیں محسوس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوتا کہ علی اگر اُحد کے دن نہ ہوتے تو مسلمانوں کی تاریخ عالم کے سامنے تمسخر بن کر رہ جاتی۔ صرف علی ہی کی ذات ایسی نظر آتی ہے جو احد کے دن آخری وقت تک میدان جنگ میں ثابت قدم رہی۔ ایک طرف مشکل کشا نے کفار مکہ کے جبڑے ۔ حرب وضرب کے ماہر اور بڑے بڑے نامور سرداروں نے جن کی جوانمردی ضرب المثل تھی انھیں موت کی نیند سلادیا۔ احد کے دن آپ کا پہلا شکار عرب کا مشہور بہادر طلحہ بن طلحہ ہے جو مشرکین کا پرچم بلند کئے ہوتے لشکر اسلام کو بار بار للکار رہا تھا مگر آپ نے پل بھر میں اس کا غرور خاک میں ملادیا۔ اس طرح مشرکین کا پرچم جس نے بھی تھاما وہ علی کے ہاتھوں مارا گیا۔ باری باری کر کے علمبردار علی کے ہاتھوں مارے گئے۔ پھر کسی میں اتنی ہمت بھی نہ رہی کہ وہ اپنے لشکر کا پرچم بلند کرتا۔ کیونکہ یہ پرچم ایسا منحوس ثابت ہوا جس نے بھی تھاما وہ علی کے ہاتھوں مارا گیا۔ مشرکین کی فوج علی مرتضیٰ کے متواتر حملوں سے بالکل مجبور اور بے بس ہو چکی تھی۔ ایسے میں وہ تیر انداز جنھیں پیغمبر اعظمؐ نے اس گھاٹی کی حفاظت کے لئے مامور کیا تھا وہ مال غنیمت کی لالچ میں فرمان نبیؐ کو بھلا بیٹھے جس کی وجہ سے اچانک کفار نے حملہ کر دیا۔ ایک حبشی کے ہاتھوں حمزہؓ شہید ہوتے ایسے میں صرف علی ہی تھے جو مشرکین کے مقابلے پر ڈٹے رہے۔ دوسری طرف کفار نے یہ افواہ گرم کر دی کہ آنحضرتؐ مارے گئے۔ علی مشکل کشا نے آپ کو تلاش کیا آپ کو جب زخمی حالت میں پایا تو علی بے چین ہو گئے۔ ایک طرف علی پیغمبر اعظمؐ کے زخموں کی اصلاح فرماتے اور دوسری طرف مشرکین کے بڑھتے ہوئے حملوں کو روکتے ایسی حالت میں پیغمبر اعظمؐ نے علی سے پوچھا اور لوگ کہاں ہیں آپ نے فرمایا سب نے نقض عہد کیا ہے آپ نے فرمایا تم نے ان کا ساتھ کیوں نہ دیا۔ علی نے فرمایا ایمان

کے بعد کفر نہیں ہو سکتا۔

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ علی مرتضیٰ کی عظیم استقلال پائیداری، مستقل مزاجی نہ ہوتی تو دین اسلام کی خیر نہ ہوتی کیوں کہ مجاہدین میں سے کسی کی بھی ثابت قدمی نہیں ملتی ہے۔ علی مرتضیٰ نے ایک وقت میں دو اہم فرض ادا کئے ایک طرف نصرت اسلام اور دوسری طرف رفاقت خیر الانام اس موقعہ پر پیغمبر اعظمؐ نے اپنے جاں نثار وفادار بھائی کی ہمت اور استقلال دیکھ کر عجیب محبت سے ارشاد فرمایا۔ "علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں"۔ اس آواز کے بعد ایک اور صدا گونجی میں تم دونوں کے ساتھ ہوں یہ آواز حضرت جبرئیل کی تھی۔

علی مرتضیٰ کی شجاعت۔ بہادری۔ دلیری۔ ثابت قدمی کی بدولت رسولؐ خدا تمام غزوات میں کامیاب و کامران ہوئے اگر علی مرتضیٰ نہ ہوتے تو ہر معرکہ دین اسلام کے لئے آخری معرکہ ثابت ہوتا یا علی بھی دیگر مسلمانوں کی طرح میدان جنگ سے گھر کی راہ لیتے تو یقیناً لشکر اسلام میں کوئی بھی ایسا جری بہادر نہ تھا جو تن تنہا مشرکین کے نصف لشکر کا کام تمام کرتا۔ خصوصی طور پر اُحد کے دن علی مرتضیٰ کی ثابت قدمی، دلیری۔ شجاعت کا چرچہ صرف زمین تک ہی نہ تھا بلکہ آپ کی شجاعت کی داد کے لئے ہاتف غیبی نے صدا بلند کی اور تمام تاریخیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ آج ہی کے دن علی مرتضیٰ لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار کے لقب سے یاد کئے گئے اور آج ہی کے دن جناب رسولؐ خدا نے جناب علی مرتضیٰ کی مدح میں غیب سے نادِ علیؑ کی بشارت پائی جو صدیاں گذر جاتے کے بعد بھی ہر مسلمان کی زبان پر دردِ مصیبت کی حالت میں بے ساختہ جاری ہو جاتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دین اسلام احد کے دن علی مرتضیٰ کی حمایت اور نصرت کا بیحد ممنون ہے۔ پیغمبر اعظمؐ آپ سے اس قدر مسرور ہوئے اور خاتمہ جنگ پر تمام اہل اسلام کے سامنے فرمایا۔

اے ابوالحسن اگر تمام خلقت کے ایمان میزان کے ایک پلہ میں رکھے جائیں اور تمہارے روز اُحد کے اعمال دوسرے پلہ میں تو تمہارے اعمال والا پلہ بھاری ہوگا۔ تمام خلائق کے اعمال سے خدائے تعالیٰ اور تمام ملائکہ مقربین نے اس دن تمہارے اعمال پر فخر و مباہات کیا اور بہشت اور اس کی تمام حوریں تمہیں اس دن شوق کی نگاہ سے دیکھتی تھیں خداوند عالم تمہارے فعل سے خوش اور رضامند ہوا۔ اور اس دن کا صلہ وہ تم کو ایسا دے گا کہ تمام نبی، رسول، صدیق، شہید تک غبطہ کریں گے۔ (بحوالہ سراج المبین)

احد کا میدان جنگ صرف میدان جنگ ہی نہ تھا بلکہ ہمت، استقلال، ثابت قدمی کا ایک امتحان تھا۔ اور اس امر پر دنیا کی تمام تاریخیں متفق ہیں کہ علی نے نہ صرف ذوالفقار حیدری سے دشمنان اسلام کے پرخچے اڑا دئے بلکہ جب تمام مسلمان اُحد میں پیغمبر اعظمؐ کو تنہا چھوڑ گئے اس زخمی و تنہائی کی حالت میں علی مرتضیٰ آپ کے مددگار بنے رہے۔ اس سے بڑھ کر تاریخ عالم اور کیا مثال پیش کر سکتی ہے کہ علی مرتضیٰ نے اُحد کے معرکہ میں مارے جانے والے کل مشرکین میں سے نصف سے زائد کو تنہا قتل کیا ان بیس۲۰ میں عرب کے نامور بہادر بھی شامل ہیں جن کے نام سے ملک کے در و دیوار لرز جاتے تھے اُن کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے کتاب شان علی دیکھئے۔

(۱) سردار لشکر طلحہ ابن طلحہ (۲) طلحہ کا بیٹا ابوسعید (۳) اس کا بھائی خالد (۴) مخلد (۵) دکارہ (۶) ومحالس (۷) عبدالرحمٰن ابن حمید۔

(۸) حکیم ابن انس (۹) ولید بن ارطاۃ (۱۰) امیہ ابن ابی حذیفہ (۱۱) ارطاۃ ابن شرحبیل (۱۲) ہشام بن امیہ (۱۳) مسافح (۱۴) عمرو ابن عبداللہ (۱۵) بشر ابن مالک (۱۶) صواب مولی عبدالدار (۱۷) ابوحذیفہ ابن مغیرہ۔ (۱۸) قاسط ابن شریح (۱۹) مغیرہ ابن مغیرہ (۲۰) ان کے علاوہ ان مشرکین کو بھی قتل کیا جو شکست کھا کر بھاگ گئے تھے۔

پڑی شمشیر جس پر کر دتے ٹکڑے برابر کے
ہزبر و شمشیر زن شاہ خیبر شکن ؟

جنگ خندق ۱۶۲

بدر و اُحد کی شرمناک شکست کے بعد مشرکین کے سینوں میں انتقام کی آگ بھڑک اٹھی۔

ابوسفیان ایک فیصلہ کن معرکہ کے لئے اس مرتبہ عرب کے دیگر قبیلوں کے جری جوانوں کی مدد سے ایک ہزار جاں نثاروں اور دین اسلام کو ہمیشہ کے لئے تہس نہس کرنے کے لئے اپنی مکمل تیاری کے ساتھ مقابلہ پر آیا۔ اور اپنے ساتھ عربستان کے مشہور جری بہادر طاقت ور۔ حرب و ضرب کے ماہر عمرو بن عبدود کو ساتھ لایا جس کی شجاعت و بہادری سے نہ صرف اس کی قوم والے خائف تھے بلکہ تمام عربستان میں اس کے لئے مشہور تھا کہ اس جوان جیسا بہادر کوئی پیدا ہی نہیں ہوا۔ مسلمانوں کی تمام تاریخیں متفق ہیں کہ عمرو بن عبدود کی طاقت ایک ہزار سواروں کے برابر تھی۔ عرب کا کوئی جوان ایسا نہ تھا جو عمرو کے مقابلے پر آتا ہے عمرو کا نام ہی دہشت اور وحشت کی علامت بن چکا تھا۔ کسی میں اتنی جرأت نہ تھی جو اس سے آنکھ بھی ملا سکے ایسے بہادر کا ساتھ لانا اس بات کی علامت ہے کہ ابوسفیان اس مرتبہ نہ صرف اور احد و بدر کی شکست کا بدلا لینا چاہتا ہے بلکہ وہ دین اسلام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو ہمیشہ کے ختم کرنا چاہتا ہے غرض کے ابوسفیان جن مشہور و معروف سنگجو، لڑاکے، شہسواروں کو لیکر آیا تھا اس کے رعب و دبدبہ سے مسلمانوں کے دل دہل گئے۔

سلمان فارسیؓ کے مشورے سے خندقیں تیار کی گئیں ان میں آگ روشن کی گئی۔ اپنی طاقت کے نشے میں چور۔ عرب کا مشہور شہسوار، لشکر کفار کا بہادر، دیو پیکر عمرو بن عبدود اپنے چار بہادر ساتھیوں کے ساتھ ایڑ لگا کر خندق کو پار کر کے آپہنچا۔ بڑے تکبر و غرور، جوش و ناز سے پکار پکار کر کہنے لگا ہے کوئی مسلمان جو میرے مقابلے پر آئے۔ اس آواز کا سننا تھا کہ لشکر اسلام پر مکمل خاموشی طاری ہو گئی۔ تین ہزار جانثاروں میں جو نبیؐ کی محبت کا دم بھرتے تھے جو قدم قدم پر دین اسلام پر جان قربان کرنے کا وعدہ کرتے تھے کسی میں بھی ہمت نہ ہوئی کہ وہ آج دین اسلام کی لاج رکھے۔ کوئی ایسا جوان نہ تھا جو آج باطل کے چیلنج کا مقابلہ کرے "تاریخ عالم پکار پکار کر کہہ رہی ہے بروز خندق عمرو بن عبدود کی للکار کا جواب دینے والا لشکر اسلام میں کوئی فرد نہ تھا ایسے میں ایک جوان کی آواز فضا میں گونجی اور عرض کی یا رسولؐ اللہ میں مقابلے کے لئے جاتا ہوں "تاریخ عالم گواہ ہے وہ آواز شیر خدا۔ حیدر کرار علی مرتضیٰ کی تھی۔ رسول خدا نے فرمایا ابھی ٹھہر جاؤ۔ لشکر اسلام پر مکمل خاموشی دیکھ کر عمرو کی ہمت و استقلال میں اور اضافہ ہوا۔ ایک مرتبہ پھر باآواز بلند اپنے مقابلہ کے لئے پکارا مگر اس مرتبہ بھی لشکر اسلام پر سکوت کا عالم تھا پھر وہی جوان اٹھا مگر اجازت نہ ملنے پر بیٹھ گیا۔ دو مرتبہ مقابلے پر پکارنے کے بعد عمرو بن عبدود نے جب میدان خالی پایا تو لشکر کفار خوشی و مسرت کے طبل بجانے لگا۔

ایک مرتبہ پھر عمرو نے بڑے فخریہ انداز میں اپنے مقابلے کے لئے پکارا۔ کی للکار سن کر علی مرتضیٰ حیدر کرار آبدیدہ ہو گئے اور رسولؐ خدا کی خدمت

http://fb.com/ranajabirabbas

میں عرض کی اب مجھے جانے دیں تاکہ میں اس کا غرور خاک میں ملا دوں۔ تاریخ لکھنے والا سنی ہو یا شیعہ ہو۔ مسلم ہو یا غیر مسلم مگر روز خندق کے لئے یہ لکھنے پر مجبور ہے کہ عمرو بن عبدود نے جب بھی مقابلے کے لئے پکارا تو لشکر اسلام میں صرف علی مرتضیٰ کی آواز گونجی۔ رسول خدا نے اپنے ہاتھوں سے اپنا عمامہ باندھا۔ پوشاک زیب فرمائی اپنی تلوار عطا فرمائی۔ علی روانہ ہوئے مورخین نے اس موقعہ پر پیغمبر اعظمؐ کے اس ارشاد کو اپنی کتابوں میں درج کیا ہے۔

آج کُل ایمان کُل کفر کے مقابلے کے لئے جا رہا ہے۔ (متفق علیہ)

میدان خندق میں دو تلواریں ٹکرائیں ایک اسلام کو مٹانے کے لئے اور دوسری اسلام کو بچانے کے لئے۔ اس مقام پر ذرا سوچیں جو تلوار حق کو بچانے کے لئے ٹکرائی۔ اگر تلوار ٹوٹ جاتی تو دین اسلام روز خندق ہی دم توڑ چکا ہوتا۔ یہ ذوالفقار حیدری ہے جس نے ایک طرف عرب کے بہادر عمرو بن عبدود کا غرور خاک میں ملایا اور دوسری طرف دین اسلام کو تباہ ہونے سے بچا لیا۔

مورخین متفق ہیں کہ علی مرتضیٰ نے ہر جنگ میں اپنی شجاعت و بہادری سے دشمنوں کے لشکر کا صفایا کیا مگر خصوصی طور پر بروز خندق علی کی جنگ تاریخ عالم میں ضرب المثل بن چکی ہے۔ اگر علی بروز خندق عمرو بن عبدود کے مقابلے پر نہ جاتے تو تاریخ اسلام کے چہرے پر بزدلی کا بدنما داغ لگ جاتا۔ جو روز حشر تک نہیں دھل سکتا تھا۔ ذرا غور کریں تین ہزار کے لشکر اسلام میں عمرو بن عبدود کے چیلنج کے جواب دینے والا کوئی نہ تھا۔ اگر اس مقام پر علی نہ ہوتے ابوسفیان نہ صرف ان تین ہزار جانثاروں کو مار بھگاتا بلکہ عرلبتہ ان میں اللہ کا نام لینے والا کوئی بھی نہ ہوتا اور ہر طرف بتوں کی پوجا ہوتی۔ یہ علی ہیں جس نے قدم قدم پر دین اسلام کو مٹنے سے بچا لیا۔ بعض نا فہم نا سمجھ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خارجی ٹولہ مسلمانوں کو گمراہ کرتا رہتا ہے کہ حضرت علی کی شجاعت و بہادری کی داستانوں کو بیان کر کے صحابہ اکرام پر طنز کی جاتی ہے ایسا ہرگز نہیں ہے شان علی بیان کرنا کسی پر طنز نہیں اور پھر کیا تاریخ کو جھٹلایا جا سکتا ہے میں اس خارجی ٹولہ سے سوال کرتا ہوں کہ تم ہی بتاؤ کہ اُحد۔ بدر، خندق۔ خیبر۔ حنین، و دیگر معرکوں میں علی نہ ہوتے تو دین اسلام کو جس شکست کا سامنا کرنا پڑتا؟ ۔ اس کی وجہ سے اللہ کا نام لینے والے اس خطہ ارض پر کوئی نہ ہوتا یہ علی کا دین اسلام پر بہت بڑا احسان ہے کہ علی مرتضیٰ نے ہر معرکہ میں شکست کو فتح میں بدل دیا۔ خدا کا شکر ہے کہ علی نے دین اسلام کی لاج رکھ لی دین اسلام کا بھرم رکھ لیا ورنہ عربستان میں طلحہ عکرمہ۔ نوفل۔ عمرو بن عبدود، حارث، مرحب وعنتر کی بہادری و شجاعت کے سامنے کوئی پر نہ مار سکتا تھا۔

بروز خندق علی مرتضیٰ نے عربستان کے قومی ہیکل مشہور جری و بہادر عمرو بن عبدود کا سر آنحضرتؐ کی خدمت میں پیش کیا تو فرط مسرت سے آپ نے علی کو اپنے سینہ سے لگا لیا اور بآواز بلند فرمایا جس پر ملت اسلامیہ کے تمام فرقے متفق ہیں۔

بروز خندق علی کی ایک ضربت تمام جہاں کے اعمالوں سے افضل ہے جو وہ قیامت تک بجا لائیں گے۔

حدیث شریف کا ایک ایک لفظ غور طلب ہے عمرو بن عبدود کے مقابلے پر علی کا جانا اور علی مرتضیٰ کی صرف ایک ضربت ہی تمام جہاں کے اعمالوں جس میں جن۔ بشر۔ انبیاء۔ سب ہی آتے ہیں ان سب سے افضل ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ علی کی یہ ضربت نہ ہوتی تو اسلام بروز خندق فنا ہو جاتا کیونکہ عمرو کی فتح تمام شرکستان کی فتح ہے اور حیدر کرار کی فتح ایمان اور اسلام کی فتح ہے۔

افسوس صد افسوس خارجی ٹولہ ہمیشہ حب دار اہل بیت سنی، شیعہ دونوں کے لئے یہی کہتا چلا آ رہا ہے کہ یہ دونوں فرقہ علی کو خواہ مخواہ بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں اس کے جواب میں صرف اتنا کہوں گا کہ کسی بشر میں اتنی ہمت و طاقت نہیں کہ وہ شان علی کا احاطہ کر سکے ۔ چونکہ جب ہم میدان جنگ میں علی مرتضیٰ کی شجاعت و بہادری کو دیکھتے ہیں تو انسانی فکر و سوچ حیران و پریشان ہو جاتی ہے لیکن یاد رکھا جائے حیران و پریشان ہونے کی ضرورت نہیں خداوند کریم نے رسولؐ خدا کی مدد و نصرت علی سے کی ہے۔

(بحوالہ مشکل کشا)

بروز خندق عمرو بن عبدود کو قتل کرنے کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ لشکر کفار جس کی تعداد دس ہزار سے زائد تھی۔ عمرو کے قتل ہونے کے بعد کسی کو بھی ہمت نہ ہوئی کہ وہ خندق عبور کر کے مسلمانوں کے لشکر پر حملہ کرتا بلکہ عمرو کا قتل ہوتے ہی لشکر کفار پر اس قدر خوف طاری ہوا کہ تمام لشکر ادھر ادھر بھاگ گیا۔ پل ہی پل میں خندق کے میدان میں مسلمانوں کے مقابلہ پر آنے والا کوئی بھی نہ تھا۔ ایک ایک کر کے تمام قریش میدان جنگ کو چھوڑ کر بھاگ گئے اور ایسے بھاگے کہ پھر کبھی مدینہ کی طرف پلٹ کر نہ دیکھا اور خود ابو سفیان پر عمرو کے قتل ہونے کے بعد ایسی دہشت سوار ہوئی کہ مدینہ سے بھاگ کر منزل حقیق پر جا کر دم لیا۔

بروز خندق عمرو بن عبدود کی لاش پر جب اس کی بہن آئی تو وہ اپنے بھائی کی لاش پر تمام آلات دیکھ کر کہنے لگی میرے بھائی کا قاتل یقیناً کوئی شریف اور بزرگ شخص ہے جب اپنے بھائی کے قاتل کا نام معلوم ہوا تو بے اختیار عمرو کی بہن نے کہا جسے تمام مورخین نے بیان کیا ہے۔

اگر عمرو کا قاتل علی کے سوا کوئی اور ہوتا تو میں اپنے بھائی پر زندگی بھر روتی رہتی مگر عمرو کا قاتل تو وہ معزز و محترم ہے جس میں کوئی عیب نکال ہی نہیں سکتا اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کو بیضتہ البلد سردار عرب، کہتے ہیں۔

بروز خندق علی کی ایک ہی ضربت نے کفار کی تمام امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ اور پھر قریش کو اتنی ہمت نہ ہوئی کہ وہ اسلام پر ہاتھ اٹھانے کی جرأت کر سکیں کفار کے لئے عمرو کا مارا جانا اس قدر شرمناک شکست تھی کہ ان کے ارادے ہمیشہ کیلئے کمزور ہو گئے اور انتہائی ناکامی و مایوسی کے عالم میں جو شجاعان اپنی قوم کے لئے سرمایۂ ناز تھے وہ مدینہ آکر اسلام کے مطیع ہو گئے۔ ابوسفیان ہی کو دیکھ لو کہ خندق کی شکست کے بعد کس ذلت سے مدینہ آیا آنحضرتؐ کی خدمت میں بڑی منت سماجت سے التجا کی مگر کسی نے اس کی استدعا پر اعتنا نہ کی۔

غرض کہ مولا علی مشکل کشا نے اہل اسلام کے سامنے اپنے اس معاہدہ کو سچا کر دکھایا جو آپ نے دعوت قریش والے دن آنحضرتؐ کی حمایت اور اسلام کی نصرت کے لئے کیا تھا۔ اہل اسلام اور مشرکین دونوں کو یقین کامل ہو گیا کہ اسلام کا سچا جانثار۔ خدا کا سچا سرفروش اور رسولؐ خدا کا سچا جانباز اگر کوئی ہے تو وہ علی بن ابی طالب ہے۔

بروز خندق ذوالفقار حیدری کے ہاتھوں واصل جہنم کئے جانے والے کفار (۱) عمرو بن عبدود (۲) نوفل بن عبداللہ (۳) عمرو کا بیٹا (۴) منبہ ابن عثمان (۵) جیرہ بن ابی جیرہ (۶) عبداللہ بن مغیرہ۔ صرف یہی لوگ میدان میں آئے اور ان سب کو علی مرتضیٰ نے قتل کیا ان کے قتل ہونے کے بعد لشکر کفار میں ہلچل مچ گئی اور تمام لشکر بھاگ کھڑا ہوا۔

جنگ خیبر ۱۶۳

کبھی دیوار ہلتی ہے کبھی در کانپ جاتا ہے
علی کا نام سن کر اب بھی خیبر کانپ جاتا ہے

میری منزل اسلامی غزوات کی تفصیلات بیان کرنا نہیں۔ یہ تفصیلات مجھ حقیر کی کتاب شانِ علی میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

میری منزل یہ ہے کہ اگر ان کٹھن و سنگلاخ و مشکل امر میں علی مرتضیٰ نہ ہوتے یا علی مرتضیٰ بھی دشمنان اسلام کے چیلنج کا جواب نہ دیتے تو کیا تاریخ اسلام کی شان و عظمت جو ہے کیا وہ ہوتی۔ ہرگز نہیں بلکہ قدم قدم پر ناکامی و مایوسی کے سوا تاریخ میں کچھ نہ ملتا۔ یہ خارجی ٹولہ ایک طرف سنی، شیعہ بھائیوں کو لڑانا چاہتا ہے اور دوسری طرف مولا علی مشکل کشا کی شان سے انحراف کرتا۔ میرا دعویٰ ہے وہ اپنے ہاتھ کی تاریخ لکھ کر لے آئیں اور علی مشکل کشا کو نکال دیں تو وہ تاریخ نہ صرف نامکمل ہے بلکہ وہ تاریخ۔ تاریخ اسلام کبھی نہ کہلا سکے گی۔ آخر یہ خارجی ٹولہ کس کس حقیقت کو جھٹلائے گا۔ کس کس واقعہ کو مسخ کرے گا اس کے باوجود بھی مولا علی مشکل کشا کی شان و عظمت اتنی باقی رہ جاتی ہے کہ اس کے سامنے ہر ایک کو سر خم کرنا پڑتا ہے یہی وجہ ہے کہ سنی ہو شیعہ جب بھی باطل سے مقابلہ کرتا ہے تو اس وقت بے اختیار علی علی کا نعرہ زبان پر آتا ہے کیوں کہ اہل اسلام جانتے ہیں کہ میدان جنگ میں اس نعرے کے بغیر فتح حاصل کرنا ناممکن ہے کسی نے خوب کہا ہے۔

کچھ شیعوں ہی کے نہیں مشکل کشا
ہر رن میں نعرہ سنیوں کا بھی ہے "یا علی"

حق اور باطل کا ایک اور اہم معرکہ جسے تاریخ اسلام جنگ خیبر کے نام سے یاد کرتی ہے۔ باطل اُحد بدر اور خندق کی شرمناک کاٹ کر بھگتے رہے۔ اگر علی اس مہم پر نہ روانہ ہوتے تو یہودیوں کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شکست کے بعد ایک مرتبہ پھر اپنی پوری آب و تاب ۔ اپنے حرب و ضرب کے آلات اور اپنی طاقت و قوت کے نشہ میں مغرور ہو کر خیبر کے مضبوط و آہنی حصار کی مدد سے ایک مرتبہ پھر اسلام کے متوالوں کو للکارنے کی جرأت کر بیٹھا ۔ پیغمبر اعظم اپنے چودہ سو جانثاروں کے ساتھ اس غرور کو پاش پاش کرنے کے لیے خیبر کی طرف روانہ ہوئے ۔ تاریخ اسلام مسلسل روایت کے ساتھ بیان کرتی ہے کہ سب سے پہلے اسلامی پرچم حضرت ابوبکرؓ لے کر قلعہ خیبر کی طرف روانہ ہوئے آپ کو اس پر خطر مہم میں ناکامی ہوئی ۔ دوسرے دن حضرت عمرؓ پرچم بلند کئے قلعہ کو فتح کرنے کی غرض سے روانہ ہوئے مگر افسوس اس مرتبہ بھی ناکامی ہوئی ۔ مسلسل دو مرتبہ کی ناکامی سے لشکر اسلام میں مایوسی کے آثار نمایاں ہونے لگے تاریخ عالم چیخ چیخ کر پکار رہی ہے کہ لشکر اسلام خیبر کا قلعہ فتح کرنے سے معذور رہے ۔ مسلمانوں پر بڑا مشکل وقت ہے ہر مسلمان پریشان ہے ۔ خیبر کا قلعہ فتح نہ ہونے سے ہمتیں پست ہوتی جا رہی ہیں ۔ مایوسی کی گرفت بڑھتی جا رہی ہے ۔ اس مقام پر مجھے لکھنے دیجئے ۔ کہ آخر خیبر کیوں فتح نہیں ہو رہا آخر لشکر اسلام میں کس کی کمی ہے ۔ کیا چیز نہیں ہے جس کی وجہ سے خیبر فتح نہیں ہو رہا ہے ۔ ہاں ابھی ایک فرد کی کمی ہے وہ علی ہیں جو لشکر اسلام میں موجود نہیں ایک علی کے نہ ہونے سے قلعہ خیبر فتح نہیں ہو رہا ۔ ایک علی نہیں ہیں تو مسلمانوں کو میدان جنگ میں پے در پے شکست و ندامت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور صرف ایک علی کے آنے سے میدان جنگ تہس نہس ہو جاتا ہے خیبر کے در و دیوار ٹکرا ٹکرا کر ریت کی دیوار کی طرح فضا میں بکھر جاتے ہیں تو پھر اے خارجیو ، مانو ۔ مانو ۔ علی کے بغیر میدان جنگ میں فتح حاصل کرنا ناممکن ہے تاریخ اٹھا کر دیکھ لو ۔ جب تک ذوالفقار مقام خیبر پر فضا میں نہ لہرائی اس وقت تک ۔ مرحب ۔ عنتر ۔ حارث مسلمانوں کو گاجر مولی کی طرح

ٹڈی دل فوج لشکر اسلام کا پل بھر میں صفایا کر کے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اسلامی پرچم کا نام نشان مٹا دیتی ۔ لیکن نہیں تاریخ یہ بتاتی ہے کہ خداوند کریم نے اپنے پیارے حبیب پیغمبر اعظمؐ کی مدد و نصرت کا وعدہ علی کے ذریعہ کیا ہے جب تک علی ہیں اس وقت تک کسی کو جرأت نہیں جو لشکر اسلام اور حبیب خدا کی طرف میلی نظر اٹھا کر دیکھ سکے ۔

پیغمبر اعظمؐ کو مسلمانوں کے لشکر کی ناکامی کی اطلاع مسلسل مل رہی تھی ، ایسے موقعہ پر حکم خدا سے پیغمبر اعظمؐ کی زبان مبارک سے ارشاد ہوا ۔

" میں کل یہ علم اس شخص کو دوں گا جو بڑھ بڑھ کر حملے کرنیوالا ہے اور بھاگنے والا نہیں ۔ جو اللہ کے اور اس کے رسولؐ کو دوست رکھتا ہے اور اللہ کے اور اس کے رسول بھی اس کو دوست رکھتے ہیں خدا اس کے ہاتھ فتح دے گا ۔ (متفق علیہ)

اعلان ختم ہوا تمام رات بڑی بے چینی میں گذری ۔ تمام صحابہ اس پرچم کی آس لگائے بیٹھے ہر ایک کی تمنا تھی کہ پرچم مجھے ملے صبح ہوئی پیغمبر اعظمؐ اپنے تمام اصحاب کے درمیان ایک بلند مقام پر تشریف فرما ہیں ۔ ایسے میں آپ کی زبان مبارک پر اپنے بھائی اپنے دوست اپنے مددگار اپنے جاں نثار ۔ اپنے رفیق علی بن ابی طالب کا نام آیا ۔ صحابہ نے عرض کی علی کی آنکھوں میں بڑی تکلیف ہے وہ جنگ تو کیا ایک دو قدم بھی چل نہیں سکتے ۔ آپ نے فرمایا علی کو حاضر کیا جائے ۔ علی حاضر ہوئے آپ نے اپنا لعاب علی کی آنکھوں میں لگایا لعاب لگتے ہی آنکھیں ایسی ٹھیک ہوئیں کہ زندگی بھر کبھی خراب نہ ہوئیں ۔ اپنے ہاتھوں سے عمامہ باندھا ۔ خصوصی پوشاک پہنائی ۔ ذوالفقار عطا کی اپنے ہاتھوں سے ہر معرکہ کے ہیرو علی بن ابی طالب کو گھوڑے پر سوار کیا ۔ برق رفتاری سے گھوڑا جب قلعہ خیبر کے نیچے پہنچا ۔ آپ نے ایک چٹان پر اپنے نیزہ کو گاڑ دیا یہ

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیکھ کر یہودیوں کا ایک مخبر جو قلعہ کے اوپر بیٹھا تھا وہ حیران ہو گیا اُس نے دریافت کیا۔ اے جوان تمہارا کیا نام ہے۔ مولا مشکل کشا نے فرمایا۔ مجھے علی بن ابی طالب کہتے ہیں یہ نام سنتے ہی یہودی پکارا۔ اے یہودیو تم برباد ہو گئے یہ وہ ہے آ گئے ہم مغلوب ہوتے یہ جوان غالب ہوا۔

غرض کے ذوالفقار حیدری مقام خیبر پر ایک مرتبہ پھر چمکی اور یہودیوں کے نامور بہادر۔ جن کی قوت و طاقت ضرب المثل ہے جو اپنے وقت کے مشہور جری بہادر کہلاتے تھے تاریخ اسلام پکار پکار کر کہہ رہی ہے مرحب۔ عنتر۔ حارث، مرہ بن مروان، یاسر و دیگر دس مشہور و معروف پہلوان آپ کے مقابلہ پر آپ نے تن تنہا ان سب کا فرد فرد خاک میں ملا دیا جب اہل یہود نے اپنے ان قوی ہیکل پہلوانوں کو اس طرح خون میں لت پت دیکھا تو یہودی بھاگ کھڑے ہوئے اور قلعہ میں پناہ لینے لگے۔ ایسے موقع پر ذوالفقار حیدری نے یہودیوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔

بر در خیبر آپ کی شجاعت۔ بہادری۔ طاقت کا مظاہرہ دیکھ کر فرشتے متحیر ہو گئے۔ اور آج بھی جب بھی شجاعت و طاقت کا مظاہرہ کیا جاتا ہے تو خیبر کو یاد کر کے ہمت بڑھائی جاتی ہے تاریخ عالم کے صفحات گواہ ہیں کہ آپ نے خیبر کے مضبوط و آہنی قلعہ کو ہاتھ کے ایک جھٹکے سے اکھاڑ کر دور پھینکا جس کے لئے مشہور ہے کہ اسی پہلوان مل کر بھی اس دروازہ کو ہلا نہیں سکتے تھے۔ مشکل کشا کے مصنف الحاج صائم چشتی بیان کرتے ہیں کہ جس دروازہ کو مشکل کشا نے ایک جھٹکے میں اٹھا پھینکا اس کا وزن آٹھ سو من تھا مشہور ہے اور تمام کتب میں آیا ہے کہ جب علی مرتضیٰ نے اس در کو جھٹکا دیا تو تمام عرش و فرش لرزہ اٹھے۔ سردار حی بن اخطب کی بیٹی صفیہ[1] تخت سے گر کر زخمی ہو گئی۔

[1] جناب صفیہ جب اسیر ہو کر دربار رسالت میں آئیں تو سرکار دو جہاںؐ نے انھیں اپنی زوجیت کے شرف سے نواز کر ام المومنین بنا دیا۔

تاریخ اسلام تو کیا تاریخ عالم میں کیا کوئی ایسا بہادر ایسا قوت والا ہے جو اپنے ایک ایک حملہ میں نامی گرامی پہلوانوں کے اس طرح ٹکڑے کرتا ہے جیسے گاجر کے کیا کوئی ایسا بھی قوت والا ہے جو آٹھ سو من وزنی دروازہ اپنے ہاتھ کے ایک جھٹکے سے اٹھا کر اسی بالشت دور پھینکے۔ اس کا جواب خارجی تو کیا اور کوئی بھی نہیں دے سکتا یہ جسمانی قوت نہیں روحانی قوت ہے غرض کہ علی بر در خیبر اسلامی پرچم لیکر نہ جاتے تو خیبر کبھی بھی فتح نہ ہوتا اور اہل یہود تمام مسلمانوں کا خاتمہ کر کے ہمیشہ کے لئے اسلامی پرچم کو ختم کر ڈالتے مگر علی مرتضیٰ نے دین اسلام کی لاج رکھ لی مسلمانوں کی عزت رکھ لی اور دین اسلام کو وہ بلندی و عظمت عطا کی۔ جس کے لئے تاریخ اسلام ہمیشہ آپ کے سامنے سرنگوں رہے گی۔

جنگ حنین ۱۶۴

یہ ادنیٰ معجزہ تھا آپ کی تیغ بیکر کا۔
پر تو دست قدرت پہ لاکھوں سلام

فتح مکہ کے بعد حق و باطل کا ایک اور معرکہ پیش آیا جسے تاریخ اسلام غزوہ حنین کے نام سے یاد کرتی ہے۔ گذشتہ معرکوں اور جنگ حنین میں ایک بڑا نمایاں فرق یہ تھا کہ اس معرکہ میں مسلمانوں کی تعداد بہت زیادہ تھی جس کی وجہ سے بعض صحابہ اپنی شرکت تعداد پر نازاں تھے یہ بات آنحضرتؐ کو کافی ناگوار گذری مسلمانوں کا عام خیال تھا کہ ہم اس معرکہ کو بڑی آسانی کے ساتھ فتح کر لیں گے مگر افسوس صد افسوس کے مشرکین کے پہلے ہی حملہ میں مسلمانوں کے بارہ ہزار لشکر کا شیرازہ بکھر گیا۔ پل ہی پل میں میدان جنگ سے تمام مسلمان فرار ہو گئے مستند روایت کے ساتھ متفق علیہ ہے کہ جنگ حنین کے روز صرف چار بعضوں نے اس کی تعداد دس تک بیان کی ہے بڑے شرم کی بات ہے کہ بارہ ہزار کے لشکر میں صرف چار یا دس پروانے رہ گئے تمام تواریخ متفق ہیں کہ اس تعداد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں سرفہرست علی بن ابی طالب ہیں جن کی جرأت، مستقل المزاجی۔ ثابت قدمی نے معرکہ حنین میں شکست کو فتح میں بدل دیا۔ یہ معرکہ بھی اُحد سے ملتا جلتا ہے ایک طرف ذوالفقار حیدری نے رسالت مآب کو دشمنوں سے بچالیا دوسری طرف ذوالفقار نے لشکر مشرکین کو تہس نہس کر دیا کچھ ہی دیر بعد میدان حنین مشرکین سے خالی ہوگیا۔ اس معرکہ میں ۷۰ مشرکین مارے گئے ۷۰ میں سے ۴۰ سے زائد مشرکین علی کے ہاتھوں مارے گئے اس سے زیادہ کیا کوئی بہادر ہوگا کہ ایک طرف بارہ ہزار لشکر اسلام صرف ۳۰ کو قتل کرے اور دوسری طرف تنہا علی ۴۰ کو قتل کریں۔ مشرکین کا مشہور جری بہادر سردار ابوجرول علی کے ہاتھوں مارا گیا۔

جنگ حنین۔ علی مرتضیٰ کی جرأت۔ ثابت قدمی۔ استقلال۔ شجاعت فتحیابی کا ایک ایسی روشنی مثال ہے اگر علی بھی دیگر مسلمانوں کی طرح میدان جنگ سے فرار ہوتے تو اسلام نے جو کچھ اس وقت تک شرف و عزت۔ کامیابی و فتحیابی حاصل کیں تھیں وہ سب خاک میں مل جاتیں۔ اور پھر معرکہ حنین کے بعد اسلام کا نام لیوا کوئی نہ ہوتا۔

تاریخ لکھنے والا خواہ سنی ہو یا شیعہ، مسلم ہو یا غیر مسلم اس امر پر متفق ہیں کہ معرکہ حنین میں جب دین اسلام اور پیغمبر اعظمؐ پر مشکل وقت آیا اور جب بارہ ہزار جانثار آپ کو دشمنوں کے نرغے میں تنہا چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ اس وقت ذوالفقار حیدری کی بدولت لشکر اسلام ذلت آمیز شکست سے بچ گیا اور صرف ایک تلوار نے ہاری ہوئی جنگ کو جیت میں بدل دیا حنین کی فتح میں دین اسلام مشکل کشا کا احسان مند ہے۔

جنگ جمل ۱۶۵

تاریخ یہ بتاتی ہے کہ پیغمبر اعظمؐ کے وصال کے ۲۵ سال بعد ذوالفقار حیدری ایک مرتبہ پھر جنگ

جمل کے میدان میں چمکی گو کہ اس وقت جوانی کا عالم تھا مگر اب آپ کی عمر مبارک ۵۵ سال سے تجاوز کر چکی تھی۔ تاریخ لکھنے والے یہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ جمل میں ایک تلوار کبھی دائیں کبھی بائیں کبھی آگے کبھی پیچھے۔ یہ تلوار کبھی مشرق میں لہرائی، کبھی مغرب میں لہرائی، کبھی فضا میں لہرائی۔ میمنہ میں یہی تلوار نظر آتی ہے۔ میسرہ میں یہی تلوار نظر آتی ہے۔ ہر بھاگتا ہوا یہ کہتا ہے مجھے علی نے بھگایا ہے۔ ہر مجروح یہ کہتا ہے مجھے علی نے زخمی کیا۔ ہر مقتول یہی کہتا ہے مجھے علی نے قتل کیا۔ ایک علی کی تلوار سے لشکر مخالف تہس نہس ہوگیا تاریخ دان مقتولین کی تعداد بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ علی کی طرف کے ایک ہزار جاں نثار کام میں آئے فوج مخالف کی طرف کے سترہ ہزار قتل ہوئے۔

جنگ میں صرف آپ کی شجاعت، ہمت، بہادری، دلیری، قوت ہی فقید المثال نہ تھی بلکہ اس جنگ میں آپ کی عنایت، شفاعت، محبت اخلاق، رحمدلی، دشمنوں کے ساتھ حسن سلوک۔ اور اصول جنگ کے ایسے نادر اور عدیم المثال اصول پیش کئے جس کی نظیر نہیں ملتی۔ آپ کے وہ سنہری الفاظ جو آج بھی ہر لشکر کے لئے رہنمائی کے اصول مرتب کرنے کے لئے بیش وبہا خزانہ ہیں۔

بزدار حملہ کی پہل نہ کرنا۔ کسی زخمی کو قتل نہ کرنا۔ کسی عورت بوڑھے اور بچے پر ہاتھ نہ اٹھانا! جو فرار ہو جائے اس کا تعاقب نہ کیا جائے جو امان مانگے اس کو امان دی جائے۔ کسی کی لاش کو برہنہ نہ کیا جائے۔ کسی کا مال و اسباب نہ لوٹا جائے۔ کسی کے گھر کو غارت نہ کیا جائے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنگ صفین اور نہروان ۱۶۶ | پیغمبر اعظمؐ اپنی حیات طیبہ میں مشکل کشا کے تین مقابلوں کے لئے

فرما چکے تھے ایک جو بھی گذرا۔ اور دوسرا صفین اور تیسرا نہروان ہے جنگ صفین کی تمام تر تفصیلات ہر عام و خاص کتب میں موجود ہیں۔ مولا علی مشکل کشا دربار رسالتؐ کی آغوش میں پل کر جوان ہوئے جو حق ہیں اور حق وہاں ہوتا ہے جہاں علی ہوتے ہیں آج پھر حق میدان صفین میں ایک مرتبہ پھر ایک لاکھ بیس ہزار کے زائد کے لشکر سے مقابلے کے لیۓ آیا بڑے سخت معرکہ ہوئے ذوالفقار حیدری نے ایک ایک دن میں کئی کئی سو افراد کو موت کی نیند سلادیا۔ تاریخ نے جنگ صفین میں امیر معاویہ کی طرف سے ۴۵ ہزار بعضوں نے ۶۰ ہزار مقتولین کی تعداد بیان کی ہے علی مرتضیٰ کی طرف سے ۱۰ ہزار سے کم جانثار شہید ہوئے۔ آپ کی شجاعت، بہادری قوت ایمانی اس جنگ میں بھی احد، بدر، خندق خیبر حنین سے کسی طرح کم نہ تھی آپ کی شجاعت سے امیر معاویہ اس قدر خوف زدہ تھا کہ ایک دن مولا علی نے امیر معاویہ کو مشورہ دیا ناحق تو کیوں لوگوں کا خون کراتا ہے اگر تجھے مجھ سے دشمنی ہے تو اور میں مقابلہ کرلیں۔ معاویہ کے ایک مشیر نے کہا اے معاویہ۔ علی کا مشورہ تو بہت اچھا ہے جس پر معاویہ نے جواب دیا تو چاہتا ہے کہ میں شیر کے منہ میں چلا جاؤں اور مارا جاؤں۔

اسی جنگ میں جب امیر معاویہ کے ایک بہادر سردار نے علی کو آتے دیکھا تو لشکر سے بھاگ کھڑا ہوا اور کہا موت کا فرشتہ اس طرف ہوتا ہے جدھر علی ہوتے ہیں۔ جنگ صفین میں آپ کے ہاتھوں مارے جانے والوں کی تعداد ہزاروں ہے چونکہ آپ نے ایک ایک شب اور ایک ایک دن میں سینکڑوں آدمیوں کو ہلاک کیا۔

ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز ناشر نفیس اکیڈمی۔ کراچی صفحہ ۳۷۵

پر تحریر ہے کہ حضرت علی امیر المومنین جنگ صفین میں آنکھ بند کر کے تیغ چلاتے تھے اور مشہور ہے کہ اس روز ان کے ہاتھ سے کئی ہزار آدمی تہہ تیغ ہوئے۔ تاریخ اعثم کوفی میں تحریر ہے کہ امیر معاویہ کے غلام حارث نے علی مرتضیٰ کی ذوالفقار کو میدان میں چلتے ہوئے دیکھ کر کہا۔ اے امیر المومنین۔ اگر تیرا سارا لشکر بھی اس پر حملہ کریگا تو وہ بلا تامل سب کو ہلاک کر ڈالے گا۔

امیر معاویہ کا لشکر ذوالفقار حیدری کے سامنے بے بس اور عاجز ہو گیا امیر معاویہ نے دیکھا کہ اب تو اس کے نصف لشکر کا صفایا ہو چکا ہے تو ایسے میں اُسے اپنی پرانی خاندانی روایت یاد آئی اور ایک حکمت عملی جو عمرو عاص نے پہلے ہی سے سوچ رکھی تھی اس نے کام دکھایا ورنہ تو امیر معاویہ کا تمام تر لشکر اور امیر معاویہ جنگ صفین کے روز تمام ہو جاتے۔ غرض کہ مولا علی مشکل کشا کی شجاعت، بہادری کا اندازہ اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے ذوالفقار حیدری سے ایک ایک وقت میں سینکڑوں مخالفین کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ کسی میں یہ ہمت نہ تھی کہ وہ آپ کے مقابلے پر آتا جب بھی لشکر معاویہ کے سپاہ آپ کے مقابلہ پر آئے تو سو سو سے زائد بہادر آپ پر حملہ آور ہوئے مگر آپ نے پل بھر میں ان کا صفایا کر دکھایا۔ اس جنگ کے اختتام پر اتنا اور لکھنا ہے جسے جوامع الکلم ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز، ناشر نفیس اکیڈمی کراچی کے حوالہ سے تحریر کیا جا رہا ہے۔ امیر معاویہ کے خاص معاون نذیر رفیق عمرو عاص کی آخر کس ذلت سے ہوئی کہ جب اس کا آخر وقت پہنچا تو اس نے اپنے سر کے نیچے سے ایک صندوق نکال کر اپنے لڑکے عبداللہ کو دینا چاہا۔ تو اس نے نہایت حقارت سے ٹھکرا دیا اور کہا یہ میرے کس کام کا ہے۔ عمرو عاص نے کہا یہ مال سے بھرا ہوا ہے۔ عبداللہ نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جواب دیا کافر یہ فقرے سے بھرا ہوا ہوتا۔ زرہ نہ لیا۔ لیکن علی سے جنگ کیا اور مرنے کے بعد جو حالات ہوتے اس وقت عمرو عاص سخت تکلیف عذاب میں مبتلا تھا۔ اور دیکھا جائے تو امیر معاویہ نے بھی اپنے بیٹے یزید کے لئے جس تخت کی راہ ہموار کی تھی وہ تخت اس کے لئے ایک سیاہ بدنما داغ ایک بدترین گالی بن چکا ہے۔ یہ داغ روز حشر تک بھی نہ دھل سکے گا۔

جنگ نہروان کے لئے آپ کی شجاعت و ہمت کے لئے اتنا ہی لکھنا کافی ہے کہ آپ نے اس کے لئے پیش گوئی فرمائی تھی کہ لشکر اسلام میں سے ۱۰ سے کم آدمی شہید ہوں گے اور مشرکین میں سے ۱۰ سے کم ہی بچیں گے آپ کی یہ پیش گوئی درست ثابت ہوئی ذوالفقار حیدری نے پل بھر میں ہی لشکر مشرکین کا ایسا صفایا فرمایا کہ بمشکل ۹ آدمی زندہ بچ رہے وہ بھی اسلامی پرچم کے زیر سایہ آنے کی وجہ سے۔ میں نے انتہائی اختصار کے ساتھ مولا علی مشکل کشا کی شجاعت بہادری اور دین اسلام اور پیغمبر اعظم پر جب بھی مشکل و کٹھن وقت آیا اس وقت صرف مشکل کشا ہی کام آئے کی تفصیلات کے لئے ان مشہور جنگوں کا ذکر کیا ہے جن کے چرچے عام ہیں۔ گو کہ غزوہ بنی نضیر۔ غزوہ بنی قریظہ غزوہ حدیبیہ، جنگ رمل، غزوہ طائف، غزوہ ملق مصطلق۔ غزوہ وادی القریٰ۔ فتح مکہ، غزوہ طائف و دیگر صرف آپ کی شجاعت و ہمت کی وجہ سے لشکر اسلام کو فتح نصیب ہوئی۔ تاریخ گواہ ہے کہ ان تمام غزوات میں جتنے بھی نامور، مشہور بہادر مقابلے کیلئے آئے اُن سب کو مولا علی مشکل کشا نے قتل کیا۔ آپ کی شجاعت و بہادری اور مشکل کشائی کا اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ جتنے بھی غزوات ہوتے ان سب میں مارے جانے والے کل مشرکین میں سے ۷۰ فیصد صرف اور صرف حضرت علی نے مارے بقایا لشکر اسلام نے مارے۔

مُشکل کشائی

شہادت سے دور حاضر تک

بیٹھا ہے مشکلات کے رستے میں ہار کے
او بد نصیب! دیکھ علی کو پکار کے

قبر مبارک سے ۱۶۷

مردہ بن قیس نامی ایک کافر بہت مالدار اور دبدبہ والا تھا بہت سے کافر بہادر اس کے غلام بھی تھے۔ ایک روز اس نے اپنے آباؤ اجداد کا حال دریافت کیا بعض تاریخ والوں نے اس سے بیان کیا کہ علی بن ابی طالب نے ہمارے ہزار ہا بزرگوں کو قتل کیا ہے۔ مالدار کافر طیش میں آیا اور کہنے لگا کہ وہ اب کہاں مدفن ہیں لوگوں نے جواب دیا کہ ان کا مزار مبارک نجف اشرف میں ہے یہ کافر آپ کے قبر مبارک کی بے حرمتی کی غرض سے دو ہزار سواروں اور پانچ ہزار پیادوں کو ساتھ لیکر نجف کی طرف روانہ ہوا تاکہ اپنے آباؤ واجداد کا انتقام لے سکے جب یہ لشکر اس منزل کے قریب پہنچا تو مجاوُر وسادات جو اس مقبرے پر محو رہتے تھے اس کے بد ارادے سے آگاہ ہوتے اس کے مقابلہ کے لئے سینہ سپر ہوتے اپنی طرف سے پوری پوری کوشش کی مگر لشکر کی تعداد بہت زیادہ تھی آخر کار یہ سب روضہ مبارک میں جاکر پناہ گزین ہوتے انہوں نے اندر سے روضہ کی فصیل کا دروازہ اینٹ اور گارے سے بند کر لیا بدبخت کا لشکر آپ کے روضہ مبارک پر حملہ آور ہوا۔ مسلمانوں نے روضہ کے اندر سے پتھروں، تیروں کی مدد سے چھ دن تک اس لشکر کا مقابلہ کیا آخر بدبختوں کا لشکر روضہ مبارک کی دیوار توڑ کر اندر گھس آیا اور مسلمان جام شہادت نوش کرتے رہے کچھ ادھر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُدھر نکل گئے۔ کافر مالدار روضہ مبارک کے قریب پہنچا اور اپنی نجس زبان سے یہ کلمات ادا کئے اے علی تو نے ہمارے آباؤ اجداد کو قتل کیا ہے میں فلاں بن فلاں کا بیٹا ہوں آج میں تجھ سے انتقام لوں گا تاکہ دنیا دیکھ لے کہ ہم نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا ہے یہ بدبخت چاہتا ہی تھا کہ قبر مبارک کو اکھاڑ ڈالے اس اثنا میں روضہ مبارک سے حیدر کرار کی دو انگلیاں ذوالفقار کی طرح قبر سے نکلیں کہ اس طرح اس ملعون کی کمر میں آلگیں کہ وہ ملعون دو ٹکڑے ہو کر فوراً دو سیاہ پتھر کا بن گیا اب تک وہ بت سیاہ اس طرح فصیل کے دروازے پر پڑا ہے جو کوئی بھی جاتا ہے اس کو ٹھوکر مارتا ہوا روضہ میں داخل ہوتا ہے۔

خلفائے بنی عباس ١٦٨

فوحات القدس میں مرقوم ہے کہ خلفائے بنی عباس کے زمانے میں ایک شخص جو کہ مصری تھا وہ برابر اہل بیت رسولؐ کی مدح کہتا رہتا تھا۔ صبح و شام حمد و ثنا میں مشغول رہتا۔ ایک روز مسجد میں جہاں عام و خاص کا مجمع تھا سب عبادت الٰہی میں مشغول تھے یہ شخص بھی عبادت الٰہی میں مشغول تھا بعد ازاں اس شخص نے شاہ ولایت نور ہدایت علی بن ابو طالب کی مدح پڑھنی شروع کی جس سے دوستان علی کے دل میں ٹھنڈک اور دشمنان علی کے سینہ کباب کی طرح جل اٹھے۔ اس شخص نے اس جماعت سے ایک من حلوہ طلب کیا۔ اس آواز کو سنتے ہی مجمع سے ایک خارجی اٹھا کر اور کہنے لگا کہ میں تیری حاجت پوری کرتا ہوں خارجی اس شخص کو اپنے گھر لے گیا۔ گھر پہنچنے کے بعد اس خارجی نے اپنے غلام سے کہا کہ اندر سے دروازہ بند کر لے اور جو کچھ میں کہوں اس کو مان لے اور یہ بات کسی کو نہ بتانا اس کے عوض میں تجھے آزاد کر دوں گا اور ساتھ میں انعام بھی

کی تھیلی بھی دوں گا غلام نے اپنے آقا کے حکم کے مطابق عمل کیا۔ اس خارجی نے اپنے غلام سے کہا کہ اس رافضی کے ہاتھ پاؤں اور زبان کاٹ کر مجھے خوش کر غلام نے اس مرد مومن کے ہاتھ پاؤں اور زبان آقا کے کہنے پر کاٹ دی پھر کہا کہ اب اسے اسی حالت میں قبرستان ڈال آتا کہ یہ رافضی ذلت و خواری کے ساتھ اپنی جان دے غلام نے ایسا ہی کیا۔ اتفاقاً حضرت خضر علیہ السلام حضرت علی کے روضہ مقدس کی زیارت کو آئے ہوئے تھے اور آپ کی قبر کے گرد طواف کر رہے تھے کہ یکایک قبر سے آواز آئی اے میرے بھائی مصر کی طرف جاؤ اور فلاں قبرستان میں اس میرے مداح کی خبر لو جو بے حال پڑا ہے۔ بعد ازاں حضرت خضرؑ کو تلقین فرمائی۔ اسم اعظم کی تعلیم فرمائی اور فرمایا کہ اسم اعظم کو کٹے ہوئے اعضا پر پڑھو بحکم خدا اس اسماء کی برکت سے اعضاء صحیح و سالم ہو جائیں گے اور اس شخص سے کہو کہ علی فرماتے ہیں اسی مسجد میں جا کر اس طرح ہماری مدح و ثنا کرو پہلے کی طرح حلوا و نان کی حاجت کرو۔ ایک شخص تمہیں اپنے گھر لے جائیگا۔ تمہارے لئے دستر خوان بچھائے گا اور تمہارے لئے حلوا و نان لائے گا جب تو ان کے گھر جا کر بیٹھے گا تو ایک عجیب بات دیکھے گا۔ حضرت خضرؑ تمام ہدایت کے بعد ایک پل میں مصر کے قبرستان پہنچے اس مظلوم کے لئے جو کچھ حضرت علی نے فرمایا تھا ویسا ہی پایا اور آپ اس مظلوم کی خبر گیری میں مصروف ہوتے اور اس کے کٹے ہوئے ہاتھ پاؤں۔ زبان۔ اسم اعظم کی برکت اور حکم خدا سے فوراً ٹھیک ہو گئے آنکھیں روشن ہو گئیں۔ زبان بولنے کے قابل ہو گئی۔ جب یہ شخص بالکل ٹھیک ہو گیا تو اسے آپ نے حضرت علی کا پیام سنایا۔ حسب پیغام یہ شخص آپ کی مدح کی غرض سے اسی مسجد کی طرف روانہ ہوا۔ اور حضرت علی کی مدح پڑھنے لگا۔ پہلے کی طرح نان و حلوا طلب کرنے لگا۔ یہ آواز سن کر ایک جوان اٹھا اور کہا کہ میں تیری حاجت پوری کروں گا۔ میں تجھے حلوا و نان دوں گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ شخص اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر لے گیا جب گھر پہنچا تو اس شخص نے دیکھا کہ یہ تو وہی گھر ہے جہاں ایک خارجی نے اس کے ہاتھ پاؤں جدا کئے تھے اس سے وہ کچھ خوفزدہ ہوا۔ مگر دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ یہ حکم تو حضرت علی کا ہے اس کی خلاف ورزی مناسب نہیں وہی بہتر کرے گا۔ غرض کے اس جوان نے دستر خوان بچھایا اور اس شخص کی خدمت میں نان وحلوا پیش کیا۔ اس شخص نے جب یہ حال دیکھا تو اس نے جوان سے دریافت کیا کہ کل اسی گھر میں ایک ظالم نے میرے ہاتھ پاؤں کاٹ کر مجھے قبرستان پہنچا دیا تھا جہاں میں مرنے کے قریب تھا اور آج تو مجھ سے اسی گھر میں اس قدر مہربانی ولطف سے پیش آرہا ہے آخر ماجرا کیا ہے۔ اس راز کو مجھ پر عیاں کر تاکہ مجھے اطمینان ہو اور میرا تجسس ختم ہو۔ جوان نے اس شخص سے مخاطب ہوکر کہا کہ کل جس شخص نے تجھ پر ظلم کیا تھا وہ میرا باپ تھا۔ جس طرح میرے باپ نے تجھ پر ظلم وجفا روا ر وہ مجھے بہت ناگوار گذری اور مجھے بہت برا معلوم ہوا۔ اپنے باپ کے کئے گئے ظلم پر روتا رہا۔ اس طرح رات ہوگئی۔ رات کو میں نے خواب میں دیکھا حضرت علی امیر المومنین غضبناک ہوکر میرے باپ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے خرس سیاہ (کالے ریچھ) جو کچھ تو نے میرے مداح پر ظلم کیا اس کی سزا دیکھی کہ تو اس دنیا میں مسخ ہوا اور آخرت میں دوزخ جانے کا حق دار ہوا۔ اس خواب کی دہشت سے میری آنکھ کھل گئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ میرا باپ سیاہ ریچھ کی صورت میں تبدیل ہوگیا۔ میں نے اس وقت اس کے گلے میں زنجیر ڈالدی۔ اس وقت وہ ریچھ گھر میں موجود ہے۔ اٹھ کر دیکھ لو شاہ ولایت کی محبت کے نتیجہ سے اپنے دل کو خوش کرو۔ مداح نے گھر میں اس کالے ریچھ کو دیکھا تو شکر خدا میں نہایت عاجزی سے سجدہ کیا اور اہل بیت کی مدح وثنا کرنے لگے اس وقت غضب

http://fb.com/ranajabirabbas

الٰہی سے بجلی چمکی اور کالے ریچھ کو جلا کر خاکستر کر دیا۔ جب جوان نے اپنے باپ کا یہ حال دیکھا تو خوارج کے عقیدہ سے بیزار ہوکر اہل بیت کی طرف متوجہ ہوا۔ اور تمام زندگی آل رسولؐ کی مدح وثنا میں گذاردی اور دشمنان آل رسولؐ پر تبرا کرتا رہا۔

شہر اجمیر میں ۱۶۹

نام علی کی کرامت جو کہ ہندوستان کے تاریخی شہر اجمیر شریف میں جس کا ظہور ہوا۔ جس کو ہم یہاں۔ کوکب دری صفحہ ۳۵۸ کے حوالے سے درج کرتے ہیں۔ سنہ ۱۰۲۴ھ میں حضرت علی امیر المومنین کے نام سے شہر اجمیر میں ایک کرامت ظاہر ہوئی۔ واقعہ یہ ہے کہ سعید نامی شقی کا ایک دوست تھا۔ جس کے خادم کا نام عثمان تھا۔ جب اس سے بوجہ بشریت کوئی قصور ہو جاتا تو اس کا مالک اسے سزا دینا چاہتا تو کہتا کہ تیرا نام حضرت عثمانؓ پر ہے اس وجہ سے میں تجھے سزا دینے سے قاصر ہوں۔ ایک روز اس شقی نابکار نے از روئے جہل ونادانی بکواس کرتے ہوئے اپنے دوست سے کہا۔ میں تمہاری مشکل آسان کر دینا چاہتا ہوں۔ تم اس کا نام علی رکھدو۔ پھر اس کی روز گردن توڑا کرو۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ اتفاقاً وہ بے ایمان شقی تین روز بعد اپنے دوستوں کے ساتھ شہر سے باہر شکار کے لئے گیا۔ میدان میں جب گھوڑا دوڑایا۔ اتفاقاً ایک سید نجفی کے گھوڑے کے مقابل آکر ایسی ضرب کھائی کہ سر کے بل زمین پر گر پڑا۔ جس سے اس کی گردن ٹوٹ گئی اور سینہ پھٹ گیا۔ ناک اور آنکھوں سے خون بہنے لگا۔ اسی وقت روح بدن سے صفا رفت کر گئی۔ چونکہ یہ مردود شاہی خاندان سے تعلق رکھتا تھا اس لئے اس کے رشتہ داروں نے اسے خواجہ معین الدینؒ کے روضہ مبارک میں دفن کیا۔ اس کے دفن ہونے کے بعد تاجدار ہند نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ وقت دربار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حاضری کے لئے آئے تو انہوں نے ایک تازہ قبر کو دیکھ کر اس کے لئے دریافت کیا تو لوگوں نے وہ تمام حالات بیان کئے تمام حالات سننے کے بعد شہنشاہ ہند غضب میں آئے اور فرمایا جب اس شقی کا یہ عقیدہ ہے تو اسے اس پاک دربار میں کس طرح دفن کیا جا سکتا ہے فوراً اس کی میت یہاں سے کسی اور جگہ منتقل کی جائے۔ شہنشاہ ہند کے حکم کے مطابق اس کا جسد قبر سے نکال کر ایک گندی جگہ ڈال دیا گیا اور کتوں نے اس نجس جسد کو کاٹ کاٹ کر کھایا۔ اس طرح یہ بدبخت اپنے انجام کو پہنچا۔ جس کی سزا روز محشر نہ جانے کس قدر سخت ترین ہوگی۔

اجمیر کے مکینوں نے آپ کے نام کی کرامت کو دیکھا۔

بے حرمتی کا انجام ١٧٠

(١٣٣ ھ) جب داؤد عباسی جو اس وقت کوفہ کا حاکم تھا۔ لوگوں کا ہجوم قبر مبارک پر دیکھا تو اس نے اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ معمار لائیں۔ پھر ان معماروں کو اپنے ایک حبشی غلام کے ہمراہ جس کا نام جمل تھا جو قوت و تیاری میں بہت نامور تھا نجف روانہ کیا اور حکم دیا کہ وہاں قبر ہے اس کو کھود دو۔ اس کی تہہ سے جو کچھ برآمد ہو میرے پاس لے آؤ کیوں کہ یہ لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ یہ علی بن ابی طالب علیہ السلام کی قبر ہے۔ اسمٰعیل بن عیسیٰ عباسی کا بیان ہے کہ میں بھی ان لوگوں کے ہمراہ ہوگیا۔ یہاں تک کہ یہ لوگ مقام مذکور پر پہنچے۔ تو میں نے ان لوگوں سے کہا کہ اپنا کام شروع کرو۔ چنانچہ لوگ کھدائی میں مصروف ہوئے اور وہ لوگ لاحول پڑھتے جاتے تھے یہاں تک کہ جب پانچ ہاتھ کی گہرائی تک پہنچے تو انھوں نے کہا کہ اب ہم ایک ایسی سخت چٹان تک پہنچے کہ جس کو ہم کھودنے پر قادر نہیں۔ پھر ان لوگوں نے اس گڑھے میں اس طاقتور حبشی کو اتارا۔ حبشی نے کدال ہاتھ

میں لیکر پوری قوت سے کدال چٹان پر ماری جس کی آواز پورے جنگل میں گونج اٹھی۔ اس کے بعد اس نے دوسری چوٹ لگائی۔ اب کے پہلی مرتبہ سے زیادہ آواز آئی۔ پھر تیسری مرتبہ کدال ماری اس مرتبہ پوری شدت سے آواز آئی۔ ساتھ ہی غلام نے ایک زوردار چیخ ماری۔ اس کی چیخ سن کر ہم سب لوگ گڑھے میں جھانکنے لگے۔ میں نے اس کے ساتھیوں سے کہا پوچھو تو اس پر کیا گذری۔ اس کے ساتھیوں نے حبشی سے پوچھا مگر اس کی حالت جواب دینے جیسی نہ تھی وہ برابر چیخ رہا تھا۔ فریاد کر رہا تھا ہم نے اس کو نکال کر خچر پر لادا۔ اور کوفہ کی طرف واپس چلے کہ اتنے میں غلام کا گوشت اس کے بازو سے اور داہنی جانب سے پھٹ پھٹ کر گرنے لگا کچھ دیر بعد اس کے جسم کی ساری حالت یہی ہوگئی اور تمام گوشت گرنے لگا۔ یہاں تک کہ ہم لوگ داؤد کے پاس پہنچے اس نے پوچھا کیا ہوا۔ ہم نے غلام کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ وہ خود دیکھ لے پھر ہم نے سارا ماجرا بیان کیا۔ (بحوالہ قومی ڈائجسٹ لاہور مارچ ١٩٨٢ء)

ہارون رشید ١٧١

ہارون رشید جب تخت پر بیٹھا تو آپ کی قبر مبارک سے یہ معجزہ رونما ہوا جس کی وجہ سے ہارون رشید نے آپ کے روضہ مبارک کو اعلیٰ طریقہ سے تعمیر کرایا یہ واقعہ ہر عام و خاص میں موجود ہے۔ ہم یہاں پر قومی ڈائجسٹ، لاہور شمارہ مارچ ١٩٨٢ء کے حوالے سے تحریر کر رہے ہیں۔ جب ہارون رشید تخت پر بیٹھا تو ایک روز پشت کوفہ پر شکار کی غرض سے نکلا تو اسے چند ہرن نظر آئے۔ اس نے ان کے پیچھے اپنے شکاری کتے ڈال دیئے۔ اور خود بھی ان کا پیچھا کرنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ ان ہرنوں نے بھاگنا شروع کر دیا۔ بالآخر ایک مقام پر آ کر رک گئے۔ ہارون نے خیال کیا کہ شاید ہرنوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور کتوں کے درمیان کوئی چیز ہے جسے دیکھ کر شکاری کتے آگے نہیں بڑھ رہے ہیں۔ ہارون نے اس مقام سے کتے ہٹا لئے تو ہرن پھر باہر نکلے ہارون نے پھر کتے ان کے پیچھے دوڑائے مگر ہرن پھر اس مخصوص مقام پر رک گئے اور کتے آگے نہ بڑھے۔ اس طرح بار بار ہوا جس کی وجہ سے ہارون سخت پریشان ہوا اور اسے بڑا تعجب ہوا۔ اس نے وہاں کے پیرد مرد و زن کو بلایا۔ اور تمام واقعہ بیان کیا۔ اور ان سے اس مخصوص مقام کی وجہ دریافت کی تو ان میں سے ایک بوڑھے نے عرض کی اگر جان کی امان پاؤں تو عرض کروں۔ ہارون نے کہا کہ تو مامون ہے۔ بیان کر اس بزرگ نے کہا ان ٹیلوں کے وسط میں حضرت علی مرتضیٰ کی قبر مبارک ہے۔ رشید کو بھی اس بات کا یقین آگیا اس پیر مرد کو انعام دیا گیا اور رشید نے قبر مبارک پر روضہ تعمیر کرایا۔

خواب میں دیکھا ۱۷۲

ابوالحسن بن علی بن ہارون منجم سے روایت ہے خلفائے بنی عباس میں سے ایک خلیفہ تھا نہایت پر زور اور مباحثے کے ساتھ کہا کرتا تھا کہ علی بن ابی طالب نے معاویہ کے ساتھ جنگ کرنے میں خطا کی۔ راوی بیان کرتا ہے کہ میں ہر چند دلائل کے ساتھ امیر المومنین کا حق پر ہونا ثابت کرتا تھا مگر وہ اسے قبول نہ کرتا تھا۔ بلکہ اس بادشاہ کا عناد اور بڑھتا جاتا تھا۔ جب میں نے یہ دیکھا کہ یہ اپنے عقیدے پر اصرار کرتا ہے تو اس سے ملنا جلنا چھوڑ دیا۔ چند روز گذرے تھے مجھے بلا کر کہا کہ مجھ پر ظاہر ہو گیا ہے امیر معاویہ حق پر نہ تھا۔ اس لئے کہ آج کی رات میں نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا جس کا سر کتے جیسا ہے میں نے اس سے اس کی شکل کی تبدیلی کی وجہ پوچھی تو اس نے جواب دیا کہ علی ابن طالب کو خطا پر کہتا تھا اور امیر معاویہ کو ان سے زیادہ حقدار مانتا تھا تو اس سبب سے میری صورت بدل گئی چونکہ

یہ خدا کے غضب کا نشان ہے۔ اس لئے میں اس خواب کو دیکھ کر متنبہ ہو گیا ہوں اب میں علی بن ابی طالب امیر المومنین کے حق میں کبھی بے ادبی نہ کروں گا۔

ابن ملجم عذاب میں ۱۷۳

ابوالقاسم حسن بن محمد المعروف بہ ابن الوفا سے منقول ہے کہ ایک روز میں مسجد کوفہ میں بیٹھا تھا کہ ... ابراہیم کے پاس ایک عجیب و غریب مجمع پر نظر پڑی وہاں قریب جا کر دیکھا ایک راہب جو صوف کا جبہ پہنے ہے اور نہایت خوش لحادرہ اور قوی ہیکل ہے۔ مقام مذکور کے برابر میں بیٹھا ہوا ذکر کر رہا ہے کہ ایک دن میں اپنے عبادت خانے میں بیٹھا تھا کہ کوئی شخص میرے پاس آ جا نہ سکتا تھا یکایک میں نے دیکھا کہ عقاب کی طرح کا ایک بڑا پرندہ اوپر سے نیچے اترا۔ اور دریا کے کنارے پر ایک پتھر کے اوپر بیٹھا اور بدن انسانی کا چوتھا حصہ قے کر کے چلا گیا پھر آیا پہلے کی طرح چوتھا حصہ قے کر کے چلا گیا اس طرح چار مرتبہ آیا اور ہر مرتبہ بدن انسانی ٹکڑے کر کے چلا جاتا۔ یکایک کیا دیکھتا ہوں کہ چاروں ٹکڑے آپس میں مل کر ایک بدن انسان کی صورت اختیار کر گئے ہیں۔ وہ بدصورت مرد اٹھ کر اپنی طرف دیکھ رہا تھا کہ وہ پرندہ پھر آن پہنچا۔ اور اپنی چونچ سے اس کا چوتھائی حصہ کاٹ کر اڑ گیا۔ اس طرح چار دفعہ یہ پرندہ آیا اور ہر مرتبہ ایک حصہ لیکر اڑ جاتا۔ باقی اس طرح یہ پرندہ تمام جسم لیکر اڑ گیا۔ اس واقعہ عجیب کو دیکھ کر میں نہایت تحیر اور متعجب ہوا اپنے دل میں نہایت افسوس کرتا رہا کہ کاش جب وہ شخص مکمل انسانی صورت اختیار کر چکا تھا تو اس وقت میں اس سے پوچھتا کہ کون ہے اور تو اس عذاب میں کیونکر گرفتار ہوا ہے اور یہ عذاب عظیم کیا ہے جو تجھے چار حصوں میں قے کرتا ہے اور پھر تجھے لے کر اڑتا ہے ناگاہ میں نے دیکھا کہ وہ پرندہ پھر آیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آیا اور پہلے کی طرح بدن انسانی کا ایک حصے قے کر کے چلا گیا اس طرح چار مرتبہ میں چار حصّے قے کر کے چلا گیا اور پھر یہ حصّے قریب آ گئے اور اس طرح مکمل بدن انسانی کی صورت اختیار کر گئے اور اس کی صورت اس قدر بد صورت تھی جو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھی تھی ۔ میں جلد ہی اس کے قریب پہنچا میں نے اس سے پوچھا تو کون ہے اور یہ عقاب کیا ہے اور تو کیونکر اس تکلیف و عذاب میں گرفتار ہوا اس شخص نے جواب دیا میں بدترین اولاد آدم عبدالرحمٰن بن ملجم ہوں جس نے علی بن ابی طالب امیر المومنین وصی برحق کو قتل کیا۔ اس روز سے اللہ تعالےٰ نے اس پرندے کو مجھ پر تعینات کیا ہے اور مجھ کو اس عذاب میں جو تو نے دیکھا ہے مبتلا کر رکھا ہے ۔ یہ عقاب ہر روز کئی مرتبہ مجھ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے قے کرتا ہے اور جب میں زندہ ہو جاتا ہوں تو پھر مجھ کو یہ ذلت و خواری سے مار ڈالتا ہے جب اس راہب نے یہ دیکھا تو وہ مسلمان ہو گیا۔

(کوکب دری ۔ ارجح المطالب)

تازہ خون نظر آنا ۱۷۴

حضرت علی امیر المومنین کی شہادت کے بعد جو قدرتی آثار زندہ معجزات نظر آئے ان میں ایک بھی شامل ہے جو ہر عام و خاص کتب میں متعدد طریقوں سے روایت کیا گیا ہے یہاں ہم ارجح المطالب صفحہ ۸۱۱ کے حوالے سے بیان کر رہے ہیں ابن شہاب زہری سے منقول ہے کہ میں دمشق میں گیا اور میرا عراق کی طرف جانے کا ارادہ تھا پس میں عبد الملک بن مروان کے پاس سلام کرنے کو گیا وہ ایک خیمہ میں تھا میں نے سلام کیا اور بیٹھ گیا عبد الملک مجھ سے کہنے لگا اے ابن شہاب تجھے معلوم ہے کہ جس روز جناب امیر علیہ السلام شہید ہوئے تھے اس روز بیت المقدس میں کیا ہوا تھا میں نے کہا مجھے معلوم ہے عبد الملک کہنے لگا میرے پاس چلا آ ۔

میں لوگوں کے پس پشت ہو کر خیمہ کی پشت کی طرف اس کے پاس گیا اور اس نے میری طرف منہ پھیر لیا اور کہنے لگا کیا بات ہے میں نے کہا اس روز بیت المقدس کا کوئی پتھر اٹھایا گیا تھا اس کے نیچے سے تازہ خون نظر آتا تھا۔ عبد الملک کہنے لگا میرے اور تیرے سوا کوئی اس راز سے خبردار نہیں ہوتا چاہیے اور تجھ سے وہی اس بات کو نہ سنے ابن شہاب کہتا ہے کہ عبد الملک کے مرنے تک میں نے اس کا تذکرہ کسی سے نہیں کیا۔

نجف پر حملہ ۱۷۵

ہر عام و خاص کتب میں موجود ہے جسے جماعتِ کثیر نے روایت کیا ہے اہل نجف کی زبان اس معجزہ کی گواہی ہے ایک مرتبہ مخالفین نے نجف اشرف پر حملہ کیا جب علی کے پرستاران کے مقابلے پر آئے اور آتشی اسلحہ سے لیس تھے ان کی تعداد بھی بہت زیادہ تھی آخر کار نجف اشرف کا بچاؤ کرتے ہوئے سب روضہ مبارک میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے ۔ باغیوں نے وہاں بھی حملہ کیا ناگاہ دیکھا کہ ایک شہسوار نورانی چہرہ چہرے پر نقاب ڈالے برق رفتاری کے ساتھ باغیوں کے لشکر پر حملہ آور ہوا دیکھتے ہی دیکھتے تمام لشکر کا صفایا کر دیا ۔ صرف ایک شخص کو چھوڑ دیا گیا تاکہ وہ جا کر شہر میں اطلاع دے کہ اس فوج کثیر کو علی بن ابی طالب نے ذوالفقار سے مولی گاجر کی طرح کاٹ کر رکھ دیا ہے وہ شخص شہر میں گیا سب لوگوں کو آگاہ کیا بعضوں نے شک کیا ان میں سے ایک عالم اٹھا اور کہنے لگا تم سب لوگ جاؤ اور جا کر دیکھو کہ ہر لاش پر تلوار کا ایک ہی طرح کا نشان ہے اور دیکھو کہ لاشوں کے ٹکڑے برابر برابر ہیں ۔ اگر یہ دونوں باتیں صحیح ثابت ہوں تو سمجھ لینا کہ سب کو علی بن ابی طالب نے قتل کیا ہے اگر ایسا نہ ہو تو یہ سب مبالغہ ہے لوگ وہاں گئے سب نے لاشوں کو دیکھا تو سب پر تلوار کا ایک ہی نشان نظر آیا اور جب ان کے ٹکڑے دیکھے تو وہ بھی سب کے برابر برابر نظر آئے سب لوگ اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معجزے کو دیکھ کر حیران رہ گئے اس حقیقت کی سب نے گواہی دی اور سب کو پورا پورا الیقین ہو گیا۔

ہارون رشید کا خواب ۱۷۶

واقدی سے منقول ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ ایک روز میں ہارون رشید کے پاس گیا۔ محمد یوسف۔ شافعی اور محمد اسحاق بھی وہاں موجود تھے۔ ہارون رشید نے شافعی سے کہا تم کو فضائل علی کی کتنی حدیثیں یاد ہیں اس نے جواب دیا پانچ سو تک پھر یوسف سے دریافت کیا تجھے کتنی حدیثیں یاد ہیں اس نے جواب دیا کہ ایک ہزار تک پھر اسحاق سے کہا کہ تم کتنی حدیثیں روایت کرتے ہو۔ اس نے جواب دیا اس جناب کے بے شمار فضائل متواتر احادیث کے ذریعہ ہم کو پہنچے ہیں۔ ہارون نے سننے کے بعد کہا کہ میں خود حضرت علی کی تم کو وہ فضیلت بتاؤں جو میں نے آنکھ سے دیکھی ہے اور تم کو بھی دکھاتا ہوں جو کچھ تم کو یاد ہے اس سے بہتر ہے۔ ان سب نے عرض کی فرمایئے ہارون نے بیان کیا کہ مجھ کو دمشق کے عامل نے لکھا کہ یہاں پر ایک خطیب ہے جو امیرالمومنین کو گالیاں بکتا ہے اور ناسزا کہتا ہے میں نے اس ملعون کو دمشق سے طلب کیا کہا کہ تو کس لئے گالیاں دیتا ہے اس نے کہا کہ اس لئے کہ اس نے میرے باپ دادا کو قتل کیا ہے۔ ہارون نے کہا کہ اس جناب نے جس کو قتل کیا ہے وہ حکم خدا اور رسولؐ کے حکم سے قتل کیا ہے اس ملعون نے کہا اگرچہ ایسا ہی ہے لیکن میں اس کا دشمن ہوں۔ پس میں نے جلاد کو کہا کہ اس کو سو کوڑے لگا کر ایک مکان میں بند کر دو۔ جب رات ہوئی تو میں نے سوچا کہ اس کو کس طریقہ سے قتل کروں آگ میں جلاؤں یا پانی میں غرق کر دوں یا تلوار سے اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالوں اسی خیال میں میری آنکھ لگ گئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ آسمان کے دروازے کھل گئے اور رسولؐ خدا نیچے تشریف لائے اور پانچ حلے آپ کے زیب تن ہیں اور امیرالمومنین

http://fb.com/ranajabirabbas

بھی پانچ حلے پہنے نیچے آئے ہیں امام حسن امام حسینؑ بھی آپ کے پیچھے آئے ہیں ایک پیالہ پانی سے بھرا صاف ہے وہ پیالہ رسولؐ خدا نے حضرت جبرئیل سے لیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اس دمشقی کو یہاں لاؤ جب اس کو مکان سے باہر لایا گیا۔ امیرالمومنین حضرت علی کی نظر اس پر پڑی فرمایا اے ملعون تو مجھ کو گالیاں دیتا تھا اور دعا کی اے خدا تو اس کو مسخ کر دے وہ ملعون فوراً کتے کی شکل میں ہو گیا آپ کے حکم سے اس کتے کو پھر اس مکان میں بند کر دیا گیا۔ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی میں نے کہا اس کا دروازہ کھول کر اس دمشقی کو میرے پاس لاؤ۔ جب اس کو میرے پاس لاتے تو ایک کتا تھا اور اب بھی وہ اس مکان میں موجود ہے پھر ہارون کے حکم سے اس کتے کو باہر لائے۔ لیکن اس کے کان آدمی کے کانوں سے کچھ مشابہت رکھتے تھے۔ انھوں نے اس کتے سے کہا تو نے خدا کے عذاب کو کیسا پایا اس نے سر جھکا دیا اور آنسو اس کی آنکھوں سے جاری تھے۔ شافعی نے کہا کہ اس کو اس جگہ سے بہت دور لے جا کیونکہ یہ مسخ ہے عذاب خدا سے امن میں نہیں رہ سکتا جب اس کو اس گھر میں لے گئے بجلی اس گھر میں داخل ہوئی اور اس میں دمشقی کتے سمیت جو کچھ موجود تھا سب جلا دیا۔

امیر داؤد کا خواب ۱۷۷

عثمان سنجری سے منقول ہے کہ اہل خراسان کی ایک جماعت نے بیان کیا ہے کہ سلطان الپ ارسلان کے باپ امیر داؤد نے سید ابو علی بن عبیداللہ بن علی بن عبیداللہ علوی پر ایک تہمت لگا کر اس کو قید کر دیا اور ہزار دینار اس سے وصول کئے اور اسے تکلیف دیتا تھا۔ ایک رات داؤد نے امیرالمومنین حضرت علی کو خواب میں دیکھا کہ کافور سے بھرا ہوا ایک شیشہ اس کو دے کر فرمایا۔ ابو علی کو چھوڑ دے وہ میرا فرزند ہے اور جو کچھ اس سے لیا ہے وہ بھی دیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کردے۔ جب وہ بیدار ہوا تو اس کو خواب یاد نہ رہا۔ دوسری رات خواب میں دیکھا کہ جناب امیر ایک گھوڑے پر بیٹھے تلوار کھینچے فرما رہے ہیں۔ میں نے تجھے نہ کہا تھا کہ سید ابو علی میرا فرزند ہے اس کو رہا کر دے اور چار آدمی جو سید ابو علی کے موکل تھے ان کے سر تلوار سے جدا کئے اور داؤد کے منہ پر ایک ایسا طمانچہ مارا کہ اس کے داڑھی کے سب بال گر گئے اور بخار چڑھ گیا۔ جب وہ بیدار ہوا تو سید ابو علی کو رہا کیا۔ اس کا مال اس کے حوالے کیا اور موکلوں کے بیٹوں کو بلا کر ان کے باپوں کا احوال دریافت کیا انھوں نے بیان کیا کہ جس مکان میں سید ابو علی قید تھے اس میں آج رات کو کسی نے ان کے سر بدن سے جدا کر دئے ہیں داؤد نے کہا میں نے یہ خواب دیکھا ہے اور وہ بالکل سچا ہوا اور سارا خواب ان سے بیان کیا (کوکب دری صفحہ ۳۷۶)

شیر کا زخمی ہاتھ ۱۷۸

موسیٰ بن محمد العابد سے منقول ہے کہ ایک روز بچپن کے زمانے میں میرا باپ مجھ کو اپنے کندھے پر اٹھائے امیر المومنین حضرت علی کے مرقد منور کے طواف کے لئے جا رہا تھا۔ راستے میں میں نے ایک شیر کو دیکھا جس کا ہاتھ زخمی تھا وہ بھی اسی مقام شریف کی طرف جا رہا تھا۔ ظاہر معلوم ہوا کہ اللہ کا الہام ہوا ہے کہ اپنا ہاتھ امیر کی تربت منور سے مس کرے۔ پس شیر نے اپنے زخمی ہاتھ کو مرقد منور سے ملا اور شفایاب ہو کر واپس چلا گیا۔

علوی کا قرض ۱۷۹

ابراہیم بن مہران سے روایت ہے کہ کوفہ میں ہمارے پڑوس میں ایک شخص قاضی رہتا تھا جس کی کنیت ابوجعفر تھی۔ جب آپ کے پاس کوئی علوی آدمی آتا تھا اور آپ سے کوئی چیز طلب کرتا تھا تو آپ اس کو دیدیا کرتے تھے

اور اپنے نوکر سے کہہ دیا تھا جو چیز اس نے لی ہے اس کو علی بن ابی طالب کے کھاتے میں لکھ دو۔ ایک عرصہ تک اس طرح زندگی بسر کرتا رہا۔ پھر وہ شخص غربت میں مبتلا ہو گیا۔ ایک دن وہ اپنے گھر کے دروازے پر بیٹھا ہوا تھا وہ اپنے حساب کتاب کو دیکھ رہا تھا اس کے پاس سے ایک شخص گذرا اس نے مذاق کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے بڑے قرضدار علی بن ابی طالب ہیں قاضی کو اس بات نے غم میں ڈال دیا۔ رات ہوئی اس نے خواب میں نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وحسن وحسین کو اپنے سامنے دیکھا۔ رسول اللہ نے اپنے دونوں شہزادوں کو کہا تمہارے باپ نے اس شخص کے بارے میں کیا کہا ہے۔ حضرت علی نے جواب دیا اس شخص کا حق ہے۔ میں اس کو اس کے پاس لایا ہوں۔ رسول اللہ نے فرمایا اس کو دے دو۔ اس شخص کا بیان ہے کہ حضرت علی نے مجھے اون کی بنی ہوئی تھیلی دے دی فرمایا یہ تیرا حق ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اولاد علی میں سے جو شخص بھی تمہارے پاس آئے جو کچھ تمہارے پاس ہو اس کو دینے میں دریغ نہ کرنا۔ چلے جاؤ اس دن کے بعد کبھی تم پر فقر طاری نہ ہوگا۔ اس شخص کا بیان ہے کہ میں نیند سے بیدار ہو گیا تھا۔ تھیلی میرے ہاتھ میں موجود تھی۔ میں نے اپنی عورت کو آواز دی اور کہا کہ چراغ لاؤ میری عورت نے دیا جلایا۔ تھیلی کو کھول کر دیکھا تو اس میں ایک ہزار دینار تھے۔ میری بیوی نے یہ مال دیکھ کر کہا خدا سے ڈرو تم نے یہ مال کسی تاجر کا چوری کیا ہے۔ میں نے کہا نہیں خدا کی قسم درحقیقت واقعہ ایسا ایسا ہے میری بیوی نے کہا اگر تم سچے ہو تو تم اپنے کھاتے کی کتاب میں دیکھو۔ اگر اس میں جو رقم تحریر ہے وہ ہزار دینار بنتی ہے تو تم سچے ہو۔ میں نے کھاتہ نکالا تو اس میں پورے ایک ہزار دینار تحریر تھے۔ (بحوالہ ینابیع المودۃ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھارتی ٹیم کی عقیدت ۲۰۴

روزنامہ مشرق مورخہ ۲۶ مارچ ۱۹۷۸ء
یونس ۲۵ مارچ (اے ایس ایم

نقی نمائندہ خصوصی) بھارتی ہاکی ٹیم نے عقیدے کی قوت سے آسٹریلیا کے خلاف ورلڈ کپ کے پول میچ میں کامیابی حاصل کی ہے۔ بھارتی ہاکی ٹیم جو اپنے سے کمزور کینیڈا کی ٹیم سے ہارنے کے بعد کافی دل شکستہ ہو چکے تھے۔ آسٹریلیا کے خلاف میچ کے دوران نئے عزم اور حوصلے کے ساتھ اترے۔ بھارتیوں کو نیا عزم اور حوصلہ اس کپڑے سے حاصل ہوا جس پر یا اللہ۔ یا محمدؐ۔ یا محمدؐ یا علیؑ کے الفاظ کندہ تھے۔ یہ کپڑا بھارتی ٹیم کے ایک عہدیدار نے گذشتہ ماہ اپنے پاکستان دورے کے دوران لاہور میں داتا دربار سے خریدا تھا۔ جب بھارتی ٹیم آسٹریلیا کے خلاف میچ کے لئے اُترنے لگی تو اس کے منیجر کرتار سنگھ نے اس مقدس کپڑے کے نیچے سے ساری ٹیم کو گذارا۔ ہر کھلاڑی نے اسے بوسہ دیا۔ اس کپڑے کی برکت سے بھارت نے یہ میچ جیت لیا۔ اس معجزہ کے بعد اب بھارتی ٹیم کے زیادہ تر اراکان منیجر یہ کپڑے پہنتے ہیں۔ یہ تھی ان پاک و معصوم ناموں کی کرامت کے غیر مسلم بھی اس قدر عقیدت و احترام سے اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں اور کوئی مسلمان ہو کر مشکل کشا کی مشکل کشائی سے انکار کرے تو اس پر افسوس ہے۔

دو بڑے عرس ۲۰۵

سندھ کی سرزمین کو یہ شرف حاصل رہا اس سرزمین کو نامور اولیا کرام۔ درویش۔ صوفی فقیر ملنگ اور اللہ والوں نے اپنا مسکن بنایا یہ اس سرزمین کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں نامور حضرات کے مرقد ہیں گو کہ ان کی فہرست طویل ہے۔ ان ہی بزرگوں و اعلیٰ ہستیوں میں دو بڑے نام حضرت شہباز قلندرؒ اور حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے

آتے ہیں ایک کا مدفن مقام سیہون شریف اور دوسرے کا بھٹ شاہ ہے ان دونوں بزرگوں کا سالانہ عرس بڑے عقیدت و جوش و خروش سے صفر اور شعبان کے ماہ میں منایا جاتا ہے اس عرسوں کا شمار دنیا کے دو بڑے عرسوں میں ہوتا ہے اس میں صرف مقامی حضرات ہی نہیں بلکہ مکران۔ کراچی۔ بلوچستان، بہاولپور، ملتان، پنجاب، سرحد اور ہندوستان کے دور دراز کے علاقوں سے لوگ بڑی تعداد میں شرکت کر کے ان بزرگوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ سندھ کے ان دونوں بڑے عرسوں میں مجھے ذاتی طور پر بھی جانے کا اتفاق ہوا۔ جس میں بچے۔ جوان۔ بوڑھے۔ عورتیں سب ہی شامل ہوتے ہیں جم غفیر کیا۔ عقیدت مندوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہوتا ہے تو ہر ایک کی زبان پر صرف نعرہ حیدری یا علی یا علی کی صدا بلند ہوتی ہے اور یہ نعرے اس قدر شوق۔ جوش و جذبہ اور عقیدت سے لگائے جاتے ہیں کہ چاروں طرف علی علی کی صدائیں گونجتی ہیں۔ سنی شیعہ دونوں بھائی ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے علی علی کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں اور یہ بھی بات دیکھنے میں آئی ہے کہ جو کہ معجزہ سے کم نہیں جو لوگ نعروں کے منکر ہوتے ہیں ان کی زبان پر بھی بے اختیار علی علی کا نام آجاتا ہے یہی میرے مولا کا معجزہ ہے کہ ہر زبان پر نعرہ حیدری ہوتا ہے دور دراز سے آئے ہوئے لوگ منتوں کی حاضریاں دیتے نیاز مشکل کشا کے نام تقسیم کرتے ہیں اور دونوں بزرگوں پر سایہ مشکل کشا کا ہے جس کے طفیل ہر ہر سال ہر وقت یہاں کے گوشہ گوشہ سے علی علی کی صدا بلند ہوتی ہے۔

ایک ہندو خاتون ۲۰۶

کیا یہ مشکل کشا، شیر خدا، امیر المومنین کا معجزہ نہیں کہ غیر مسلم بھی آپ کی شان و عظمت اپنے پیشوا سے بڑھ کر بیان کرتے ہیں۔ ان کی عقیدت کو دیکھتے ہی ان مسلمانوں کے لئے لمحہ فکر و شرم ہے کہ جو شانِ علیؑ۔ اور مشکل کشائی کو محض من گھڑت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصوں سے تعبیر کرتے ہیں ۔ یہی مشکل کشا کا بہت بڑا اعزاز ہے کہ نہ ماننے والے بھی آپ کے سامنے سر خم کرتے ہیں ۔ ان لاکھوں پرستاروں میں سے ایک عقیدت مند محترمہ سرلا دیوی، سکریٹری بھگوت گیتا سوسائٹی کی ذات ہے آپ کہتی ہیں ۔ شری کرشن جی اور ان کے ایڈیشن کے ماننے والے مہابلی حضرت علی کی بڑی عزت کرتے ہیں کیونکہ وہ بیک وقت آیڈیلشٹک بھی تھے اور میدان جنگ میں زبردست بہادر بھی ۔ حضرت علی کا نام بحر ظلمات سے لیکر بحر الکاہل تک اور سائبیریا کی سرحد سے لیکر بحر ہند کے جزیروں تک عزت کے ساتھ لیا جاتا ہے ۔ پہلوان یا علی کہہ کر اکھاڑے میں اترتے ہیں ۔ بہادر فوجی علی حیدر ۔ علی حیدر کا نعرہ لگا کر میدان جنگ میں آگے بڑھتے ہیں ۔ اہل علم اور ودیان ان کے علم و فضل سے اپنے دل و دماغ کو روشن کرتے ہیں ۔ مہابلی حضرت علی کی نہج البلاغہ کے خطبہ سوتوں کو جگا دیتے ہیں اور گمراہوں کو سیدھے راستے پر لگا دیتے ہیں ۔ اور حاکموں کو عدل و انصاف کا سبق پڑھا دیتے ہیں ۔ اور شہریوں کو ان کے شہری فرائض یاد دلاتے ہیں ۔ ہمارے مسلمان بھائیوں کی خوش قسمتی ہے کہ قدرت نے ان کو مہابلی علی جیسا مہاپرش دے دیا ۔ جس کی بتائی ہوئی راہ پر چل کر وہ دو جہاں میں مالا مال ہو سکتے ہیں ۔

یہ مشکل کشا کا ایک بہت بڑا معجزہ ہے ۔ ایک اعزاز ہے کہ غیر مسلم بھی آپ کی مشکل کشائی کا دم بھرتے ہیں اور ہر مشکل وقت پر بے اختیار آپ ہی کے وسیلے سے اپنی حاجت طلب کرتے ہیں ۔

مشکل حل فرمائیں ۲۰۷

ملا محمد نقی خادم نے یہ روایت نقل کی ہے کہ بغداد اور حلہ کے درمیان ایک بستی ہے جس کا نام مجادیل ہے وہاں ایک شخص رومی جو اپنے ابتدائی

ایام میں مولا علی کی مخالفت کیا کرتا تھا ۔ وہ کہتا ہے کہ جامع مسجد کا خطیب جو کہ بہت ہی مشہور و معروف تھا ۔ میرے گھر کے قریب رہتا تھا ۔ ایک دن اس نے مجھ سے کہا اگر تو آخرت میں نجات چاہتا ہے اور تجھے بہشت مل جائے ۔ تو فلاں فلاں حب دار علی تجھے مل جائیں تو انہیں تو قتل کر دے رومی کہتا ہے کہ میں ایک دن اتفاقاً مجادیل سے آ رہا تھا ۔ رقم کی تھیلی میرے پاس تھی میں گھوڑے پر سوار تھا ۔ اچانک میری نگاہ ایک ایرانی پر پڑی جو اپنے گھوڑے سے اترے جو کہ بہت زیادہ بوڑھا تھا ۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنے قافلہ سے بچھڑ گیا ہے میں نے ارادہ کیا ہے کہ اسے قتل کر دوں تو میں نے سوچا کہ کیوں نہ اس سے پہلے دریافت کر لوں ۔ میں نے اس سے دریافت کیا ۔ کیا تم ایرانی قافلہ کے آدمی ہو ۔ اس نے کہا ہاں پھر میں نے پوچھا تم یقیناً حب دار علی ہوں گے اس نے کہا ہاں ہم حب دار علی ہیں ۔ ہم علی کی محبت کا دم بھرتے رہیں گے ۔ مجھے یقین ہو گیا کہ پکا حب دار علی ہے ۔ میں نے اسے گریبان سے پکڑا تا کہ اسے میں قتل کر ڈالوں ۔ بوڑھا تو بہت تھا ۔ اتنی بے بسی پر دعا کرنے لگے ۔ مشکل کشا میری مشکل حل فرمائیں ۔ میری مدد فرمائیں مجھے تمہارے حب میں یہ ظالم مارنا چاہتا ہے امیر المومنین میری فریاد کو پہنچیں ۔ یہ دعا ابھی ختم بھی نہ ہونے پائی تھی اچانک ایک آدمی نے زوردار طمانچہ میرے منہ پر مارا ۔ میں بے ہوش ہو گیا ۔ جب ہوش میں آیا تو میری صورت بدل چکی تھی میرا منہ ٹیڑھا ہو چکا تھا اور میرے بدن کا عضو عضو درد کر رہا تھا ۔ میں اس طرح بیتاب ہوا کہ نہ وہ ایرانی آدمی نظر آیا اور نہ ہی میرا گھوڑا تھا میری رقم کی تھیلی تھی ۔ اتنے میں ایک آدمی آیا اس نے مجھے اٹھا کر میری بستی میں پہنچا دیا میں جتنا اس مرض کا علاج کرتا اتنا ہی بڑھتا جاتا بہت علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا ۔ اس حالت میں سخت پریشان ہوا آخر کار ایک آدمی جو امیر المومنین کا حب دار تھا ۔ اس نے مشورہ دیا تو نے بڑا گناہ کیا ہے اب تیرے مرض کا علاج بس یہ ہے کہ تو نجف جا اور توبہ کر ۔ چنانچہ میں نے نذر مانی کہ میں ہمیشہ امیر المومنین کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چناری سے آگے بڑھنے کی کوشش کی مجاہدین نے اس کوشش کو ناکام بنا دیا بتایا جاتا ہے مجاہدین یا علی مدد کا نعرہ لگا کر آگے بڑھے تو ایک بھارتی سپاہی رام چرن دہشت سے وہیں گر کر ہلاک ہو گیا۔

نوائے وقت ۲۱/۹/۶۵ کی اشاعت میں تحریر کرتے ہیں۔

کھیم کرن میں پاکستانی فوجی افسر نقشہ زمین پر رکھ کر تمام صورت حال سمجھا رہے تھے۔ اتنے میں فضا میں دھوئیں کی ایک بھاری لکیر نمودار ہوئی جوانوں کے چہرے فتح و کامران سے جگمگا اٹھے اور دور فضا میں نعرۂ تکبیر اور پنج نعرے پنجتن اور ایک نعرہ حیدری یا علی سے فضا میں ارتعاش پیدا ہو گیا ہم نے ایسے روح افزا مناظر چار بار دیکھے۔

پاکستان کے تمام بڑے روزناموں میں نہ صرف یہ خبر شائع ہوئی بلکہ لاکھوں مسلمانوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کہ پاکستان کے مختلف شہروں میں پچھلے چند روز سے علی الصبح چار اور پانچ کے درمیان آسمان پر جنوب مشرق میں ایک تلوار نظر آتی ہے۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ یہ غیبی امداد کی بشارت اور سامراج کے مقابلے میں پاکستانی مسلمانوں کی فتح و نصرت کا پیغام ہے۔

بھارت پر پاکستان کی فتح کا نشان قدرتی طور پر تلوار کی صورت میں آسمان پر طلوع ہو رہا ہے۔ عقیدت مندوں کا خیال ہے کہ یہ ذوالفقار ہے اور ذوالفقار۔ فتح و کامرانی کی نشانی ہے اور مسلمان جانتے ہیں یہ تلوار مولا علی مشکل کشا کی ذوالفقار ہے جو اس مشکل و کٹھن حالات میں ہماری فتح کی ضامن بن کر نمودار ہوئی ہے۔ صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ غیر مسلم بھی جانتے ہیں کہ نعرہ حیدری ہی واحد نعرہ ہے جو فتح و کامیابی کی ضمانت ہے یہی وجہ ہے کہ ہندوستانی فوج بھی یا علی کے نعرے لگاتی رہی کیا یہ علی کا معجزہ نہیں؟۔

http://fb.com/ranajabirabbas

۱۸۳ علی علی کی صدا

کائنات کا ذرّہ ذرّہ خالق کی گواہی دے رہا ہے۔ کائنات کی ہر شے میں ہر ذرے میں خدا کا حسن، خدا کا نور جلوہ فرما ہے۔ ہر شے پر نظر ڈال لیں۔ انسانی ذہن۔ فکر۔ سوچ بے بس ہے اور اس مقام پر اس حقیقت کے سامنے سرخم کرنا پڑتا ہے کہ کائنات کو زوال دوال رکھنے والی کوئی ہستی موجود ہے۔ وہ ہستی خدائے بزرگ و برتر کی ہے۔ یہ سب کچھ سمجھنے کے بعد بھی آج بھی اس دنیا کی آبادی کا صرف چوتھا حصہ خدا کی وحدانیت اور خالق کا گواہ ہے۔ تین حصہ اب تک گمراہی و اندھیروں میں بھٹک رہے ہیں۔ لکھنے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ مشکل کشا۔ حیدر کرار کے کشف و کرامات، معجزات اور مشکل کشائی کا سلسلہ نہ صرف حیات کارواں کے ساتھ ساتھ جاری ہے بلکہ روز محشر بھی ان ہی کے طفیل مشکلات و مصائب میں گھرے ہوئے مسلمان نجات پائیں گے۔ خدا کا شکر ہے کہ مسلمانوں کی اکثریت سنی، شیعہ دونوں بھائی مشکل وقت میں آپ ہی کا دامن تھامتے ہیں۔ آپ کے در پر جھکے ہوئے نظر آتے ہیں۔ سیاہ دلوں کے قفل کھولنے کے لئے مشکل کشائی ہیں ہر در میں ملتی ہے پھر بھی حقیقت کے سامنے کوئی سرخم نہ کرے تو اس کی مرضی ہے کیونکہ دنیا کی آبادی کے تین حصہ خدا کی وحدانیت سے انکار کرتے ہیں تو اس کا کیا علاج ہو سکتا ہے اس طرح مسلمان ہو کر مشکل کشا کا دامن نہ پکڑے تو پھر اس کا کیا علاج ہے۔ ان ہی روشن کرامات میں سے آپ کے نام لینے سے سندھ کی سرزمین سہون شریف سے تقریباً ۳۲ میل کے فاصلے پر ایک کنوئیں سے یہ کرامت عیاں ہوتی ہے۔

مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کے واعظ مولانا سید محمد عارف صاحب قبلہ نے مارچ سنہ ۱۹۳۲ء میں اپنے تبلیغی دورہ کے دوران بچشم خود اس قصبہ کے حالات حسب ذیل الفاظ میں تحریر کئے ہیں جس کو علامہ آغا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مہدی صاحب نے بھی اپنی کتاب لال شہباز میں تحریر کیا ہے قصبہ تنگ کے بارے میں مشہور ہے کہ کسی زمانہ میں امیر المومنین حضرت علی یہاں خود تشریف لائے تھے۔ ایک کافر نہک نامی ظالم و جابر حکمران تھا۔ اس کی زمین میں ایک کنواں تھا۔ جس سے وہ اپنی زمینوں کی کاشت کرتا تھا اس کنوئیں سے جو پانی نکالنے کا ڈول تھا اس کو سو آدمی مل کر کھینچتے تھے۔ کوئی آدمی ذرا سی بھی اپنے کام میں غفلت کرتا تو اس کو یہ بڑی بے رحمی سے مارتا۔ مظلوموں کی فریاد سنکر خود امیر المومنین تشریف لائے اور آپ نے اس ڈول کو جو سو آدمی مل کر کھینچتے تھے خود تنہا کھینچا۔ اس ظالم کو تنبیہہ کی مگر وہ نہ مانا آخر وہ کافر مکان کی چھت میں دب کر مر گیا۔ اور کنوئیں کا پانی کنارے تک پہنچ گیا۔ اب تک یہ کنواں باقی ہے اس کنوئیں کی خاص بات یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کنارے پر کھڑا ہو کر علی علی کی صدا بلند کرتا ہے تو پانی جوش مارنے لگتا ہے۔ مولانا سید عارف صاحب لکھتے ہیں کہ میں چند مقامی لوگوں کے ساتھ مل کر اس مقام کے قریب پہنچا تو کنارے کھڑے ہو کر علی علی کا نعرہ بلند کیا تو پانی میں تموج پیدا ہو گیا۔ جب ہم خاموش ہوئے تو پانی اپنی جگہ تھم گیا۔ یہ پانی جاڑے میں اتنا گرم ہوتا ہے جتنا غسل کے لئے درکار ہوتا ہے اور گرمیوں میں پانی نہایت ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اس کنوئیں کا پانی ہمیشہ ایک حال میں رہتا ہے نہ کم ہوتا ہے نہ زیادہ ہوتا ہے۔ یہ جگہ علی باغ کے نام سے مشہور ہے (بحوالہ علی علی)

کلکتہ کی خبر ۱۸۴

کلکتہ۔ ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء راجپوتانہ سے یہ حیرت ناک خبر موصول ہوئی ہے کہ دہلی کے ایک جنگل میں دو اشخاص کو ایک شیر نے گھیر لیا۔ قریب تھا کہ شیر ان دونوں کو جھپٹ کر پھاڑ ڈالے جب ان دونوں نے موت کو اتنے

قریب دیکھا اس مشکل وقت میں بے اختیار زبان پر علی علی کا نام آیا۔ قبل اس کے کہ شیر ان دونوں پر حملہ کرتا یہ دونوں معمولی لکڑیوں کے ساتھ شیر پر علی علی کرتے ہوئے حملہ آور ہو گئے۔ ان ڈنڈوں سے مارتے ہوئے شیر کو دور تک لے گئے اس وقت تک نہ چھوڑا جب تک شیر ہلاک نہ ہو گیا۔ تمام راجپوتانہ میں اس خبر کا بڑا چرچہ ہوا۔ سب لوگوں کا یہی خیال تھا کہ ان دونوں نے صرف نام علی کی بدولت شیر کو ہلاک کیا ہے اور علی نے ہی ان کو نجات دلائی ہے اس نام کی بدولت وہ موت کی چنگل سے بچ نکلے۔ لوگ بڑی دور دور سے ان دونوں کی خیریت دریافت کرنے آئے تھے۔

ڈاکو سے نجات ۱۸۵

علامہ مجلسی بحار الانوار میں تحریر کرتے ہیں جس کے راوی زید نساج ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میرے پڑوس میں ایک شخص رہتا تھا۔ یہ شخص کپڑے اتار کر غسل کرنا چاہتا تھا مجھے اس کی پشت پر ایک لمبا زخم نظر آیا جس سے پیپ بہہ رہی تھی اس شخص نے مجھ سے کہا کہ زخم کی وجہ سے غسل کرنے سے قاصر ہوں۔ تم میری مدد کرو تاکہ میں غسل کر کے نماز جمعہ ادا کر سکوں میں نے کہا کہ میں تجھے غسل میں مدد دینے کو تیار ہوں مگر میری یہ شرط ہے کہ تو غسل سے فارغ ہونے کے بعد مجھے اس زخم کے بارے میں ضرور بتائے گا یہ کیسے لگا اور کب کا زخم ہے کیونکہ زخم سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ زخم ابھی ابھی لگا ہے۔ اس نے مجھ سے وعدہ کیا میں نے غسل میں مدد کی جب یہ شخص غسل سے فارغ ہو گیا تو میں اس کے قریب بیٹھ گیا اور اس زخم کا احوال بتاتے ہوتے کہنے لگا۔

ہم دس دوستوں کا ٹولہ تھا ہمارا مسکن کوفہ تھا۔ لوٹ مار۔ چوری

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسافروں کو لوٹنا ہمارا پیشہ تھا اسی پر ہماری گذر تھی ہر رات ایک دوست کے ذمہ ہوتی کہ وہ تمام کھانے کا انتظام کرے میں گھر جا کر سویا تو میری بیوی نے کہا کہ کل طعام پیش کرنے کی تمہاری باری ہے جب کہ گھر میں کھانے کو کچھ نہیں آج جمعہ کی رات ہے لوگ نجف کی زیارت کے لئے جا رہے ہیں۔ یہ موقعہ بھی اچھا ہے اور مال بھی بہت مل جائے گا کیونکہ زیارت پر لوگ منتوں کا روپیہ اور سونا چڑھانے جاتے ہیں۔ میں اٹھا اپنے ہتھیار سجا کر راستے میں ایک خندق میں اپنے شکار کے لئے چھپ گیا۔ کافی اندھیری رات تھی لوٹ مار کرنے کی کے لئے اس سے بہتر رات اور کیا ہو سکتی تھی اتنے میں مجھے دور سے دو قدموں کے چلنے کی آواز سنائی دی میں ہوشیار ہوا وہ دونوں بہت قریب آ گئے۔ میں خندق سے باہر نکلا اور ان کے سامنے کھڑا ہو گیا دیکھا تو یہ دونوں عورتیں تھیں۔ ایک کافی عمر رسیدہ تھی دوسری جوان تھی میں نے انھیں خنجر دکھایا اور زیور اور نقدی نکالنے پر مجبور کر دیا۔ یہ دونوں عورتیں بے بس ہو گئیں انہوں نے چپ چاپ تمام نقدی اور اپنے جسم کا زیور اتار کر ہمارے حوالے کر دیا۔ مگر میرے دل میں شیطان نے وسوسہ ڈالا میں اس جوان لڑکی کی عزت کو پارہ پارہ کرنا چاہتا تھا اس پر بوڑھی عورت نے کہا تو نے تمام نقدی اور زیور تو ہم سے لے لیا ہے اب میری بچی کو داغدار نہ کر۔ چند دنوں میں اس کی شادی ہونے والی ہے ہمارا سارا خاندان رسوا ہو جائے گا۔ خدا کے لئے کچھ خوف کر اور ہمیں اب چھوڑ دے ہم مولا علی کی زیارت کو جاتے ہیں۔ تجھے اسی کا واسطہ ہمیں چھوڑ دے مگر میرے دل میں اس قدر خلل آ چکا تھا کہ میں نے اس بڑھیا کی ایک بات نہ سنی اور ان دونوں کو دھکیلتا ہوا خندق میں لے گیا۔ اس بڑھیا کو دھکا دیکر گرایا اور میں نے خوف دلانے کے لئے کہا اگر تو آئی تو میں تجھے اور تیری لڑکی کو جان سے ختم کر ڈالوں گا نہ عزت رہے گی نہ

جان رہے گی میں اپنی قوت سے اس لڑکی پر حملہ آور ہوا لڑکی بے بس پرندے کی طرح زمین پر پڑی تھی۔ میں اس کی دوشیزگی کو چاک چاک کرنا چاہتا تھا کہ لڑکی نے بے اختیار چلانا شروع کر دیا۔ مولا علی ہم تیری زیارت کو آئے ہیں اور ہمارا یہ حال یا الٰہی مدد۔ مولا علی مدد۔ مشکل کشا مدد، یہ کلمات اس کی زبان پر جاری تھے کہ اس اثنا میں ایک سوار ظاہر ہوا۔ جس کا لباس سفید جس نے عمامہ سے اپنا چہرے پر پردہ کیا ہوا تھا۔ اس سوار نے کہا اس لڑکی کو چھوڑ دے میں نے سوار سے کہا جا اپنا راستہ لے ایسا نہ ہو کہ ان کے ساتھ تو بھی مارا جائے۔ میرا اتنا کہنا تھا کہ وہ شخص جلال میں آیا اور تلوار کی نوک میری کمر پر اس زور سے ماری کہ میں غش کھا کر زمین پر گر پڑا۔ نامعلوم میں کب تک اس بیہوشی میں پڑا رہا البتہ اس غشی کے عالم میں میں نے سوار سے عورتوں کو یہ کہتے ہوئے سنا اپنے کپڑے پہنو۔ رقم اور زیور اٹھاؤ اور واپس چلی جاؤ۔ عورتوں نے عرض کی ہم مولا علی کی زیارت کئے بغیر نہیں جائیں گے۔ سوار نے کہا تم واپس چلی جاؤ تمہاری زیارت قبول ہوئی۔

بھارتی اداکارہ ہیلن ۱۸۶

مشہور و معروف بھارتی اداکارہ ہیلن کا ایک انٹرویو اخبار جہاں مورخہ ۱۳ فروری ۱۹۷۴ء کی اشاعت میں شائع ہوا۔ گو کہ ہیلن غیر مسلم ہے مگر اس کے باوجود مشکل حالات میں مشکل کشا سے اپنی حاجت طلب کرتی ہے یہ زندہ جاوید معجزوں میں ایک معجزہ ہے کہ غیر مسلم بھی مولا علی کے منت دھاگے گلے میں ڈال کر خوش حال نظر آتا ہے اخباری رپورٹر کے سوال کا جواب ہم علی علی سے نقل کرتے ہیں۔

اخباری رپورٹر کا سوال۔ ایک خبر اور بھی آپ کے لئے بہت مشہور ہے کہ آپ مسلمان ہو گئی ہیں کیا یہ سچ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہلین کا جواب ہے۔ یہ جھوٹ ہے کہ میں مسلمان ہو گئی ہوں۔ یہ ضرور ہے کہ میرے گلے میں حضرت علی کا دھاگہ پڑا ہوا ہے۔ ایک بار میں نے ایک منت حضرت علی سے مانی تھی وہ پوری ہو گئی۔ کسی دوسرے مذہب کا احترام کرنا بری بات تو نہیں۔ ملمں ایک خاص بات یہ ہے کہ جب سے میں نے یہ دھاگا پہنا ہے تب سے میری آنکھیں کھلی ہیں اور مجھے بے انتہا فائدے حاصل ہوتے ہیں میں یہاں پر ایک مثال دیتی ہوں کہ ڈی۔ الیف۔ کراکا کی زندگی پر حضرت علی کی شخصیت کا کتنا اثر پڑا ہے تو کیا وہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ ہلین نے مزید کہا۔ علی ہمارے ہی مولا نہیں ہر انسان کے مولا ہیں۔ جو ان کو دل سے یاد کرتا ہے آپ اس کی مشکل کشائی کرتے ہیں۔

یہ تھے ایک غیر مسلم فلمسٹار ہلین کے خیالات۔ اس پر اگر کوئی مسلمان ہوتے ہوئے بغض علی میں آپ کے کشف، کرامات اور معجزات سے انکار کرے اور یہ سمجھے کہ مشکل کشائی کا سلسلہ بند ہو چکا ہے تو اس قدر افسوس کا مقام ہوگا۔ مگر خدا کا لاکھ احسان ہے کہ مسلمانوں کے دو بڑے منظیم فرقے سنی، شیعہ بھائی بھائی نہ صرف آپ سے بے پناہ عقیدت رکھتے ہیں بلکہ ہر مشکل وقت پر آپ کا نام زبان پر لاتے ہیں۔

یا علی کے نعرے ۱۸۷

جنگ کراچی مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۷۱ء کی اشاعت میں لکھتے ہیں۔ لاہور، ۸ دسمبر شہر لاہور میں ایک مرتبہ پھر جوش و خروش کی وہی لہر آگئی ہے جس کا مظاہرہ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران ہوا تھا۔ جنگ کے پہلے روز صوبائی دار الحکومت سے تقریباً دس میل دور توپوں کی گھن گرج اور توپوں کے شعلوں کو دیکھ کر یہ اندازہ ہوتا تھا کہ ہمارے صف شکن دشمنوں کی پٹائی میں مصروف ہیں۔ نصف شب گذر جانے کے باوجود۔ لاہور، جی ٹی روڈ پر انجینئرنگ یونیورسٹی سے شالامار

باغ تک بےحد چہل پہل تھی۔ انجینئرنگ یونیورسٹی کے طلباء ہوسٹل کے باہر کھڑے ہوئے اپنی بہادر فوج کو نعرہ حیدری یا علی یا علی کی گونج میں رخصت کر رہے تھے۔ ہر طرف علی علی کی صدا تھی جس سے ایک عجیب جوش تھا۔

امام ابو حنیفہؒ امام شافعیؒ ۱۸۸

خطیب اہل سنت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی صاحب اپنی کتاب سفینہ نوح میں تحریر کرتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ کے والد حضرت ثابت اپنے باپ کے ساتھ بچپن میں حضرت علی کی زیارت کو گئے تھے تو حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے ان کے حق میں دعا برکت اولاد فرمائی تھی بموجب اس دعا کے حضرت امام ابو حنیفہ پیدا ہوئے۔ مولانا صاحب بعنوان سیرت الشافی میں امام شافعیؒ کا قصیدہ نقل کرتے ہیں جس کا اردو ترجمہ یہ ہے: ۔ اے رسول اللہ کے اہل بیتؑ آپ حضرات کی محبت کو اللہ پاک نے اپنے کلام قرآن کریم کے اندر عام مسلمانوں پر فرض کیا ہے آپ حضرات کی بزرگی کے لئے یہی کافی ہے کہ نماز کے اندر آپ حضرات پر جو درود نہ پڑھے اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔ اگر مولیٰ علی سے محبت کرنے والے کو رافضی کہا جائے تو بندگان خدا میں سب سے بڑا رافضی میں ہوں۔

مولانا اشرف علی تھانوی ۱۸۹

مولانا اشرف علی تھانوی اپنی کتاب بہشتی زیور میں اپنی پیدائش کا واقعہ تحریر کرتے ہیں جو خاندان بھر میں اس وقت سے مشہور ہے۔ آپ کے والد عبد الحق ایک ایسے موذی مرض میں مبتلا ہو گئے کہ کسی دوا سے کوئی فائدہ نہ ہوتا۔ آخر ایک ڈاکٹر نے اس کی دوا تجویز کی مگر اس کے لئے انھیں قاطع النسل کی قربانی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دینی پڑے گی ۔ عبدالحق صاحب اپنی بیماری سے بہت تنگ آچکے تھے ۔ اس لیے انہوں نے دوا یہ کہہ کر استعمال کر لی کہ بلا سے اولاد نہ ہو مگر کم از کم خود میں تو بچ جاؤں گا ۔ جب عبدالحق صاحب کی بیوی کو یہ معلوم ہوا تو بڑی پریشان ہوئی کیونکہ ان کی نرینہ اولاد زندہ نہ رہتی تھی ۔ یہ خبر عبدالحق صاحب کی ساس صاحبہ کو پہنچی تو انہوں نے اس زمانے کے مشہور بزرگ حافظ غلام مرتضیٰ پانی پتی سے عرض کی میری بیٹی کی نرینہ اولاد زندہ نہیں رہتی ۔ آپ نے فرمایا کہ ان کی اولاد حضرت عمرؓ اور حضرت علیؑ کی کشمکش میں مرجاتی ہے ۔ اب کے بار علیؑ کے سپرد کر دینا زندہ رہے گا ۔ اس معمہ کو کوئی نہ سمجھ سکا مگر عبدالحق صاحب کی بیوی نے اپنی خداداد صلاحیتوں سے اس معمہ کو حل کیا کہ حافظ کا مطلب ہے کہ ان کا باپ فاروقی ہے اور ماں علوی ہے اب تک جو نام رکھے گئے وہ باپ کے نام پر رکھے گئے اب کے جو لڑکا ہوگا اس کا نام ننھیال پر رکھا جائے گا ۔ جس کے آخر میں علی ہو حافظ صاحب یہ سنکر مسکرائے اور فرمایا میرا مطلب بھی یہی تھا ۔ یہ لڑکی کافی عقل مند معلوم ہوتی ہے انشاءاللہ اس کے دو لڑکے ہوں گے اور زندہ رہیں گے ایک کا نام اشرف علی رکھنا دوسرے کا نام اکبر علی رکھنا ۔ دونوں صاحب نصیب ہوں گے ۔ ایک میرا ہوگا وہ مولوی اور حافظ قرآن ہوگا ۔ اور دوسرا دنیادار ہوگا ۔ آپ کی پیشگوئی صحیح ثابت ہوئی اور ایسا ہی ہوا ۔

صرف نام علی کے طفیل مولانا اشرف علی تھانوی نہ صرف زندہ رہے بلکہ شہرت بھی پائی دنیا اگر چاند اور سورج کو جھٹلانے کا قصد کرے تو یہ اور بات ہے ورنہ تو ہمیں ہر دور میں ہر مقام پر ہر مرحلہ پر مشکل کشا کی مشکل کشائی نظر آتی ہے ۔ صاحب بصیرت، عاقل ۔ حقیقت شناس دل سب ہی اس کا اعتراف کرتے ہیں ۔ روحانیت صرف اور صرف محمدؐ پاک و آل محمدؐ کے گھرانے کے طفیل ہے جس نے اس چوکھٹ پر سر خم کیا اسے دین و دنیا سب ہی مل گیا ۔

کوئٹہ کی اہم خبر ۱۹۰

روزنامہ حریت ۔ پیر ۱۶ ربیع الاول مطابق ۴ فروری ۱۹۸۰ء

کوئٹہ ۳ فروری ۔ اے ۔ پی پی کے حوالے سے ایک خبر شائع ہوئی ہے جو اس صدی کی اہم خبر ہے اور معجزہ محمدؐ و آل محمدؐ کا زندہ ثبوت ہے جسے ہم علی علی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں ۔ یہ ایسی زندہ خبر ہے جس سے بہت سے دلوں کو روشنی عطا ہوئی اور آل محمدؐ کے فضائل ۔ کشف، کرامات اور معجزات کے قائل ہوئے ۔

کراچی سے ۸۰ میل دور لسبیلہ میں کوہ لاہوت لامکاں کے مقام سے ایک سنگ سیاہ دریافت ہوا جس پر عربی رسم الخط میں سفید حرفوں میں اللہ ۔ محمدؐ ۔ علیؑ ۔ فاطمہؑ ۔ حسنؑ ۔ اور حسینؑ کے نام کندہ ہیں ۔ یہ پتھر کوئٹہ کے سماجی کارکن کے پاس ہے اس کا کہنا ہے کہ ایک بزرگ نے خضدار میں اسے یہ پتھر دیا تھا ۔ بتایا جاتا ہے کہ بڑی تعداد میں لوگ اس جگہ کی زیارت کر رہے ہیں جہاں سے یہ پتھر نکلا ہے ۔

چین کا ایک درخت ۱۹۱

مستند روایت کے ساتھ مختلف طریقوں سے کتابوں میں درج ہے

اس معجزے کی روایت محمد بن سنا کرتے ہیں کہ میں حضرت امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوا ابھی میں بیٹھا ہی تھا کہ چین کا ایک آدمی دروازہ پر آیا اور اندر آنے کی اجازت مانگی ۔۔۔۔ حضرت نے فرمایا کہ تجھے اجازت ہے ۔ وہ شخص اندر داخل ہوا آپ نے اس سے دریافت کیا تو کہاں سے آیا ہے اس نے جواب دیا کہ میں ملک چین کا رہنے والا ہوں آپ نے فرمایا تیرے شہر کے لوگ کیا ہمیں جانتے ہیں ۔ اس نے جواب دیا کیوں نہیں ۔ پھر آپ نے فرمایا تو نے ہمیں کیونکر پہچانا اور کہاں سے ہمارے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حالات کی خبر لگی۔ اس شخص نے جواب دیا۔ اے فرزند رسولؐ۔ ہمارے شہر میں ایک درخت ہے جو سال میں دو بار پھول لاتا ہے۔ اوّل روز جو اس پر پھول کھلتا ہے اس پر لا الٰہ الا اللہ محمدؐ رسول اللہ لکھا ہوتا ہے۔ آخر روز جو پھول کھلتا ہے اس پر علی ولی اللہ لکھا ہوتا ہے ہمیں اسی درخت سے رسولؐ خدا اور اس کے وصی اور اس کے فرزندوں کا علم ہوا۔ وہاں بھی آپ کے دوست بے شمار ہیں۔ میں بھی آپ کی زیارت کے لئے یہاں آیا ہوں۔

بیمار شفایاب ہوئے ۱۹۲

مشکل کشائی کا سلسلہ ہر دور میں جاری وساری رہے گا قبر مبارک سے روزانہ ایسے معجزات عیاں ہوتے ہیں جسے دیکھ کر بڑے بڑے کٹر دل اشخاص بھی مشکل کشا کی مشکل کشائی کے سامنے سرخم کرتے ہیں اس کے باوجود بھی کوئی نہ سمجھے تو پھر ان کا علاج تو کیا کر سکتا ہے روضہ مبارک اب بھی بیماروں۔ بے سہاروں۔ لولے۔ لنگڑوں کے لئے شفا کا مرکز ہے دن رات بے شمار افراد جو دنیا بھر کے حکیموں ڈاکٹروں سے علاج کرانے کے بعد مایوس ہو جاتے ہیں آخر در نجف سے شفایاب ہو کر ہنسی خوشی گھروں کو لوٹتے ہیں ایسی بہت سی روایت مختلف کتابوں میں درج ہیں۔ ایک روایت۔

یہاں پر مشہور عالم اہلسنت ابو عبداللہ محمد بن بطوطہ جو ایک بڑے تاریخ داں بھی تھے اپنے سفر نامے میں تحریر کرتے ہیں کہ جب میں مکہ معظمہ سے نجف اشرف گیا اور وہاں جناب امیرؑ کے روضہ مبارک کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

جناب امیرؑ کی قبر اس شہر نجف میں واقع ہے اور یہاں شیعہ حضرات رہتے ہیں۔ حضرت علیؑ کی قبر مبارک سے کافی کرامات ظاہر ہوتی ہیں ان کرامات میں سے ایک کرامت یہ ہے کہ ستائیسویں رجب کی رات جسے وہاں کے رہنے والے بیداری کی رات کہتے ہیں اطراف عراق۔ خراساں، روم، اور دیگر علاقوں کے لوگ یہاں جمع ہو جاتے ہیں۔ اس میں وہ لوگ بھی شامل ہوتے ہیں۔ جو لولے، لنگڑے اور دیگر بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ عشاء کی نماز کے بعد حضرت امیرالمومنین علی بن ابی طالب کی ضریح مقدس کے پاس ان مبتلاؤں کو جمع کر دیا جاتا ہے اور دوسرے لوگ بھی ان کے اردگرد جمع ہو جاتے ہیں اور پھر انتظار کرتے رہتے ہیں۔ کب یہ لوگ ٹھیک ہوتے ہیں۔ دوسرے لوگ جو ان کے گرد جمع ہوتے ہیں یا تو وہ نماز پڑھتے ہیں یا قرآن پاک کی تلاوت یا پھر ذکر الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ لوگ ان مفلوج آدمیوں کو دیکھا کرتے ہیں کہ کب ٹھیک ہوتے ہیں۔ جب آدھی رات یا دو تہائی رات گذر جاتی ہے تو اس وقت وہ تمام مریض جو چلنے پھرنے سے مجبور ہوتے ہیں یا ایسی موذی مرض میں مبتلا ہوتے ہیں وہ بالکل تندرست ہو جاتے ہیں اور وہاں سے کلمہ پڑھتے ہوئے علیؑ علیؑ کی صدا بلند کرتے ہوئے۔ ہنسی خوشی اپنے گھروں کو واپس چلے جاتے ہیں۔ یہ تھا مولا علیؑ کے مزار مقدس کا معجزہ جہاں صدیوں کی طرح اب بھی قیامت تک پریشان حال لوگوں کو مصائب سے نجات ملتی رہیگی میں ہر بہن بھائی سے درخواست کرتا ہوں جو بھی ایسے مرض میں مبتلا ہو وہ در نجف پر حاضری دے۔ انشاءاللہ وہ اپنی مراد پوری کر کے ہی واپس پلٹے گا۔ اس کے لئے خلوص اور حب علیؑ کا ہونا لازمی ہے ورنہ دل میں بغض ہو تو کچھ نہ ملے گا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک بیمار لڑکی ۱۹۳

موجودہ دور کے مشہور عالم سید ذکی للا جہتار الرشتی۔ کراچی۔ کتاب علی علی

حصۂ سوئم کے تعارف میں لکھتے ہیں کہ نجف اشرف میں دوران تعلیم مجھ کو جو معجزات دربار علی میں دیکھنا نصیب ہوئے ان میں دو معجزات یہ ہیں۔

مولانا لکھتے ہیں حسب عادت تعلیم سے فراغت کے بعد میں حرم مولائے کائنات میں نماز مغرب کے لئے حاضر ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ کچھ لوگ ایک لڑکی کو صحن میں لیکر آرہے ہیں۔ یہ لڑکی بالکل ہڈیوں کا ڈھانچہ معلوم ہو رہی تھی۔ پیٹ بالکل اندر دھنسا ہوا تھا صرف سانس چلتی ہوئی معلوم دے رہی تھی۔ اس کے وارث اس کو صحن میں چھوڑ کر جانے لگے تو اس پر خدام نے کہا اب اس لڑکی میں کیا رکھا ہے چند گھنٹوں کی مہمان ہے یہاں سے لے جاؤ۔ لیکن یہ لوگ اس کو چھوڑ کر چلے گئے۔ یہ لڑکی دو دن تک اسی حالت میں صحن حرم میں پڑی رہی۔ تیسرے دن اس لڑکی نے ایک زائر سے پانی مانگا اور پھر کھانا۔ زائر نے اس لڑکی کو پانی دیا۔ کھانا دیا اس لڑکی نے بڑے آرام سے کھانا کھایا اور اٹھ کر بیٹھ گئی۔ اور اس طرح ہوگئی کہ جیسے یہ کبھی بیمار ہی نہیں تھی لوگ اس کے وارثوں کو بلا کر لائے۔ معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ یہ ایک بہت بڑے تاجر کی لڑکی ہے۔ جس کے والدین نے دنیا بھر میں اس کا علاج کرایا اور پھر مایوس ہو کر اس بارگاہ کا رخ کیا جہاں ہر فریادرس کی شنوائی ہوتی ہے۔

چور کی جھوٹی قسم ۱۹۴

مولانا صاحب اپنی تعلیم کے دوران نجف اشرف دربار علی کا دوسرا معجزہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ ایک دن مغرب کے وقت سپاہی ایک شخص کو ہتھکڑیاں پہناتے ہوئے دروازے سے صحن میں لائے ان لوگوں کے پیچھے

کافی مجمع تھا یہ سب کے سب صحن حرم میں اس مقام پر کھڑے ہوگئے۔ جہاں آقائے حکیم طباطبائی اعلی اللہ مقامہ نماز پڑھاتے تھے۔ پھر سپاہیوں نے ہتھکڑی پہنے ہوئے شخص سے کہا کہ تم حضرت علی کی قسم کھاؤ کہ تم نے چوری نہیں کی ہے۔ اس شخص نے قسم کھائی کہ میں نے چوری نہیں کی ہے بس قسم کھانا تھی کہ ایک زوردار طمانچہ کی آواز آئی فوراً سارے حرم کی بجلی بند ہوگئی۔ اور یہ شخص فرش زمین پر گر گیا۔ تھوڑی دیر بعد بجلی آگئی ہم سب نے دیکھا کہ یہ شخص زمین پر تڑپ رہا ہے اور اس کے منہ سے خون جاری ہے اور اس طرح کے سینکڑوں معجزات دن رات دربار علیؑ میں ہوتے رہتے ہیں۔

حر لاش پر ۱۹۵

مولا علی مشکل کشا کے زندہ جاوید معجزات میں سے ایک معجزہ یہ بھی ہے جس کے گواہ نجف میں تمام افراد ہیں۔ نجف کا بچہ بچہ جانتا ہے علماء کی ایک جماعت نے مستند طریقوں جس کی روایت کی ہے اکثر کتابوں میں میں نے خود پڑھا ہے اس معجزہ کی مختصر تفصیلات یہ ہیں کہ ایک مرتبہ سعودیوں نے نجف اشرف پر حملہ کر دیا۔ دربار علی کے مجاور روضہ مقدس کی حفاظت میں شہید ہوتے رہے آخر کار سعودی یلغار کرتے ہوئے روضہ اقدس کے قریب پہنچ گئے۔ تیسرے دن ایک شہسوار ظاہر ہوا جو ایک سفید اعلیٰ نسل کے گھوڑے پر سوار تھا۔ تلوار ہاتھ میں تھی اپنے نورانی چہرے پر پردہ کئے ہوئے تھے۔ تن تنہا اس سوار نے سعودیوں کے لشکر پر حملہ کر دیا دیکھتے ہی دیکھتے تمام سعودی لشکر کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔ صرف ایک شخص کو چھوڑ دیا۔ اور اس سے فرمایا کہ جا تم شہر والوں کو بتاؤ کہ علی بن ابی طالب نے تمام لشکر کا صفایا کر دیا ہے اور صرف تمہیں اس لئے زندہ چھوڑا ہے تاکہ تم یہ خبر دوسروں تک پہنچا سکو۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ شخص شہر روانہ ہوا۔ اور لوگوں کو جمع کیا اور کہا کہ تمام لشکر کا علی بن ابی طالب نے صفایا کر دیا ہے اس پر لوگوں نے کہا کہ تمہیں کس نے بتایا اور تم کیوں کر زندہ بچ گئے اس شخص نے کہا کہ مجھے خود حضرت علیؑ نے کہا ہے اور مجھے اس لئے زندہ چھوڑا کہ میں تم تک یہ خبر پہنچا سکوں۔ بعض ضعیف العقیدہ لوگوں نے نہ مانا مگر چند دانا بزرگوں اور عالموں نے لوگوں سے کہا کہ جاؤ ان لاشوں کو دیکھوں اگر لاشوں پر تلوار کا ایک ہی نشان ہے تو سمجھ لینا کہ یہ شخص درست کہتا ہے اور ان سب کو علیؑ نے قتل کیا ہے۔ جب لوگوں نے وہاں جا کر دیکھا تو واقعی ہر لاش پر تلوار کا ایک ہی نشان تھا۔ پھر ان ہی بزرگوں نے کہا کہ دیکھو کہ لاشوں کے کتنے کتنے ٹکڑے ہیں لوگوں نے دیکھا ہر لاش کے دو ٹکڑے ہیں اور برابر کے ہیں یہ دیکھنے کے بعد ان علما اور بزرگوں نے خود دیکھا پھر سب کو یقین آ گیا کہ ان سب کو حضرت علی مشکل کشا نے قتل کیا ہے جناب سید محمود جواد ہمدانی صاحب کہتے ہیں کہ ان کے والد نے اپنی آنکھوں سے یہ واقعہ خود دیکھا ہے (بحوالہ جواہر الاسرار)

تبت کا چرواہا ۱۹۶

حکیم سید محمود گیلانی کتاب علی مرتضیٰ حیدر شیر خدا۔ میں تبت کے علاقہ کا زندہ جاوید معجزہ بیان کرتے ہیں جو آج بھی ان لوگوں کے لئے ہدایت ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ معجزات، کرامات و کشف، سب فرضی داستان ہیں جبکہ دلوں پر لگے ہوئے قفل کھولنے کے لئے مشکل کشا کی مشکل کشائی ہر دور میں جاری و ساری ہے ایسا ہی ایک واقعہ تبت کے ایک گاؤں کے چرواہے جس کا نام چونگ۔ شی۔ سی تھا۔ اس کے ساتھ پیش آیا۔ گو کہ وہ غیر مسلم تھا مگر مشکل کشا کا عقیدت مند تھا اس کی عقیدت کا یہ عالم تھا کہ ہر مشکل و سنگین لمحات میں اس کی زبان پر ہمیشہ علی علی کا نام ورد کر رہا تھا واقعہ کی تفصیلات یہ ہیں۔

http://fb.com/ranajabirabbas

چونگ شی سی۔ تبت کے گھنے جنگل میں اپنے بھیڑ بکریوں کا ریوڑ چرا رہا تھا اس نے درختوں سے تازہ پتے توڑ کر ان کے سامنے رکھے تاکہ یہ سیر ہو کر کھالیں اور اپنی بھیڑ بکریوں کو مخاطب ہو کر کہنے لگا تم آرام سے کھاؤ میں پانی پی کر ابھی آتا ہوں۔ چشمہ سے اس نے پانی پیا۔ پانی سے سیراب ہونے کے بعد اپنے جانوروں کی طرف پلٹا ہی تھا کہ راستہ میں اسے گاؤں کے تین آدمی ملے اور کہا کہ ابھی تک تو یہیں ہے اپنے جانوروں کو گاؤں لے جا۔ تجھے معلوم نہیں آج کل اس جنگل میں خطرناک شیر پھر رہے ہیں جو سورج غروب ہوتے ہی چیر پھاڑ کر ڈالتے ہیں۔ گاؤں ابھی دور تھا اور سورج غروب ہونے کو آیا تھا اس نے کہا تم فکر نہ کرو میں ان خطرناک شیروں کو بھگانا خوب جانتا ہوں۔ اس پر ان تینوں نے کہا لڑکے کیا تیرے پاس کوئی منتر ہے۔ اس نے جواب دیا نہیں میرے ساتھ تو خدا کا شیر ہے۔ انھوں نے کہا وہ کون ہے۔ اس نے کہا میرے دادا جان سے اشونگ کی کتاب چونگ کی باتیں سنی ہیں انہوں نے کہا۔ ہاں کچھ سنی تو ہیں۔ لڑکے نے جواب دیا کہ اس کتاب کا ایک گیت مجھے خوب یاد ہے۔ مونگ چن کی بہادری والا نہیں۔ خدا کے شیر والا تم بھی سنو۔ اردو ترجمہ۔ (اگرچہ ان پہاڑوں میں شیر بستے ہیں جو بہت ظالم ہیں لیکن ہمیں کوئی خطرہ نہیں۔ کیونکہ ہمارے ساتھ خدا کا شیر ہے جس کا نام علی ہے۔ اس کی گرج سے تمام موذی جانور بھاگ جاتے ہیں) تینوں نے اس گیت کو سنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنے لگے آخر اپنے راستے کی طرف بڑھے۔

نوجوان چونگ اپنے جانوروں کے پاس آیا اور اپنی مخصوص زبان میں ان سے کہا کہ اب تم اپنا پیٹ بھر چکے ہو۔ شام بھی ہو چکی ہے اب چلو گھر کی طرف چلیں۔ جانور آہستہ آہستہ چونگ کے پیچھے چل پڑے ابھی چند قدم ہی چلے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے کہ ایک مقام سے ہلکی ہلکی گونج کی آواز آئی ۔ جانور خوف زدہ ہوئے تو چونگ نے اپنی زبان میں کہا کہ اس گرج سے ڈرو نہیں ۔

ہمارے ساتھ وہ ہے جس کا نام سنتے ہی درندوں کا لہو سوکھ جاتا ہے ۔ ابھی دو چار قدم آگے ہی بڑھا تھا یہ گونج کی آواز ہیبت ناک طریقہ سے گونجی ایسا معلوم ہوا کہ شیر بہت قریب آچکا ہے آسمان پر ہلکی ہلکی سیاہی پھیل چکی تھی ۔ چونگ کے جانور اس آواز سنتے ہی ادھر ادھر ہو گئے، چونگ نے اپنے آپ سے مخاطب ہو کر اور اپنی ہمت کو بڑھانے کے لئے کہا کہ دنیا بدل سکتی ہے مگر ادشونگ کی پیش گوئی غلط نہیں ہو سکتی ۔ ابھی یہ کلام جاری تھا کہ ایک وادی سے ایک خونخوار شیر برآمد ہوا ۔ اس لڑکے نے دیکھا کہ شیر آہستہ آہستہ اس کی جانب بڑھ رہا ہے ایسے میں وہ کچھ گھبرا گیا آسمان پر نظر ڈالی درد بھری زبان سے یہ دعا زبان پر جاری ہوئی ہے ۔ خدا کے شیر ۔ ہماری مذہبی کتابوں میں لکھا ہے تو خدائی قوت رکھتا ہے تو قدرت الہیہ کا مظہر ہے تو بے کسوں کی مدد کرتا ہے مشکل وقت میں تیرا نام لیا جائے تو مشکل آسان ہو جاتی ہے ۔ مجھ پر اس سے بڑھ کر اور کیا مصیبت ہو سکتی ہے کہ میں ایک درندے شیر کے منہ میں ہوں اور تو اللہ کا شیر ہے ۔ مجھے بچالے میری مدد کر ۔

خدا کے شیر میری مدد کر ۔

تبت کا مذہبی نامہ نگار کان چوڑ جو بڑی مستند حیثیت رکھتا ہے وہ اپنی تاریخی کتاب ۔ میں لکھتا ہے جونگ ستی ۔ سی چودا ہے کہ یہ دعائیہ فقرے ابھی ختم بھی نہ ہونے پائے تھے کہ شیر جھکا کر پہاڑ سے گر کر ایک سخت چٹان سے ٹکرایا اور اس شیر کی ہڈیاں چکنا چور ہو گئیں ۔ شیر کا چکرا کر گرنے کا معجزہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خدا کے شیر نے اپنی غیبی طاقت کی مدد سے اس کو پکڑ کر بری طرح گرا دیا جس سے یہ شیر

وہیں ہلاک ہو گیا ۔ اور چودا صحیح سلامت اپنی منزل کی طرف روانہ ہوا اس واقعہ کی شہرت تمام علاقہ میں پھیل گئی ۔ اور لوگ مشکل کشا کی مشکل کشائی کا دم بھرنے لگے ۔

سنہ ۱۹۴۷ء کی ایک صبح

پروفیسر ڈاکٹر حسنین زیدی صاحب اپنی کتاب تذکرہ رسول پور تقسیم ہند و پاک سنہ ۱۹۴۷ء کا ان کے ساتھ جو واقعہ پیش آیا اسے انہوں نے قلمبند کیا ہے جو کہ ناد علی کا ایک بہت بڑا معجزہ ہے کہ اس پُرخطر سنگین حالات میں صرف ناد علی کے ورد کی وجہ سے وہ زندہ بچ گئے ۔ جس کی تفصیلات ان ہی کی زبانی یہ ہیں ۔

یہ واقعہ رسول پور بر شڈا المعروف برست نواح پانی پت ضلع کرنال مشرقی پنجاب ہندوستان کا ہے کہ پولیس والے اور فوج والے ہندو دیہاتیوں کو اشارہ کر کے خود آگے بڑھ گئے ۔ چند ہی لمحات کے بعد دیہات والوں نے ہمیں اپنے تیز ہتھیاروں کے ساتھ گھیر لیا ۔ ایک طرف کنارے پر میں کھڑا تھا ۔ دوسری طرف فرید پور سادات کے ایک سید صاحب جو ابھی ہی سے اپنے وطن آگئے تھے ان کے جسم پر کالی عبا تھی ۔ لوگوں نے ان کی سفید پوشی اور کالی عبا کو دیکھ کر انکو لیڈر سمجھا اور اب چند ہی لمحوں کی دیر تھی ۔ سورج بھی اچھی طرح نکل چکا تھا ۔ ان کے ہتھیار چمک رہے تھے ۔ یہ ہندو دیہاتی ہم کو گھیرے رہے ۔ مشکل کٹھن لمحات میں یکایک میرے ذہن میں آیا کہ ایسے مشکل حالات میں ناد علی کا ورد کیا جائے تو بلا سر سے ٹل جاتی ہے ۔ خدا کا نام زبان پر تھا اس پریشانی اور گھبراہٹ کے عالم میں غالباً ۱۲ یا ۱۳ مرتبہ ناد علی پڑھ چکا تھا ۔ قبل اس کے کہ ہندو حملہ آور میرے سر پر تیز دھار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

آلے سے وار کر کے ختم کرتا۔ اس کے دوسرے ساتھی نے کہا یہ نہیں۔ ہم دوسرا کنارے پر کھڑا ہے اس کو پکڑا جائے حملہ آور نے دوسرے کنارے پر کھڑے ہوئے شخص کو دیکھنے کے لئے گردن موڑی تو میں نے ایک دم محسوس کیا کہ کسی غیبی طاقت نے مجھے زوردار دھکا دیا۔ میں اس غیبی طاقت کے دھکا دیتے پر بھاگ کھڑا ہوا۔ میرا حملہ آور میرے پیچھے دوڑا۔ میرے ہاتھ میں ایک زیورات کی پوٹلی تھی۔ یہ سوچتے ہوئے کہ مال جان کا صدقہ ہوتا ہے اسے وہیں زمین پر پھینک دیا۔ حملہ آور اُسے اٹھانے کے لئے جھکا میں نگاہ بچا کر ایک جھاڑی کے پیچھے چھپ گیا۔ میں نے جو کوٹ پہن رکھا تھا اُسے اسی جھاڑی پر رکھا اور قریبی دوسری جھاڑی میں چھپ گیا۔ حملہ آور کافی دیر تک ڈھونڈتے رہے مگر انھیں کس طرح بھی میں نظر نہ آیا جب کہ میں ان کے بہت قریب تھا اس طرح وہ تلاش کرنے کے بعد واپس چلے گئے۔ اس طرح ہماری ناد علی کے طفیل جان بچ گئی جو کہ ناد علی کے ورد کا ایک بہت بڑا معجزہ ہے۔

مسٹر ڈی ایف، کرا کا ۱۹۹ کا بیان

اس سے قبل کے ڈی ایف کرا کا تعارف تحریر کیا جائے یہ بتلانا ضروری سمجھتا ہوں کہ مولا علی مشکل کشا نے ہر دور میں کس کس طرح مشکل کشائی فرمائی اور صرف مسلمانوں ہی کی نہیں بلکہ غیر مسلموں نے بھی جب بھی پکارا آپ سے فیض یاب ہوئے۔ مسٹر کرا کا کی آپ بیتی ان مسلمانوں کے لئے چیلنج ہے جو آنکھیں بند کئے ہوئے یہی کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ کشف کرامات اور معجزات یہ سب من گھڑت افسانے اور قصے ہیں یہ سب نا ممکن ہیں ان لوگوں کے لئے

اس مقام پر مجھے صرف اتنا کہنا ہے کہ مسٹر کرا کا نہ مسلمان ہیں اور نہ ہی ان کی کوئی حضرت علی سے عزیزداری ہے جو انہوں نے آپ کی عظمت کا اعتراف کیا ہے۔ اور پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ غیر مسلم صرف مشکل کشا ہی سے کیوں متاثر نظر آتے ہیں۔ آخر مشکل کشا سے ہی کیوں طلب کرتے ہیں یہ کیوں نجف اشرف جا کر اپنی حاجت طلب کرتے ہیں آخر کچھ تو ہوگا جو غیر مسلم بھی اپنے پیشواؤں کو چھوڑ کر اپنی مذہبی عقیدت کو ترک کر کے نہ صرف حضرت علی کی عظمت کا اعتراف کرتے ہیں۔ بلکہ ہر مشکل وقت میں آپ ہی کا نام زبان پر لاتے ہیں ایسے بہت سے واقعات ہر روز ہی پیش آتے ہیں۔ ان کو یکجا کرنا انسانی قوت سے بالاتر ہے زندگی کا اتنا عرصہ ہی نہیں کہ وہ مولا علی کے معجزات یکجا کر سکے۔ یہاں بھی وہ معجزات بیان کئے جا رہے ہیں۔ جو آئے دن اخبارات رسائل وغیرہ میں شائع ہوتے رہتے ہیں یہاں پر ہم ہندو، سکھ، عیسائی پارسی۔ حضرات کی عقیدت کے دو چار اہم واقعات بیان کرتے ہیں جو ان کو پیش آئے یہی مولا علی مشکل کشا کی روشن کرامات و معجزات میں سے ادنیٰ سی مثال ہے جسے پڑھ کر دل میں حب علی رکھنے والوں کا ایمان تازہ ہوگا اور جو منکر علی ہیں جن کے دل میں آپ کا بغض بس چکا ہے وہ جل جل کر راکھ ہوتے جائیں گے۔

مسٹر ڈی ایف کرا کا تعارف اور ان کی روئیداد میں جناب محمد وصی خان کی کتاب علی علی حصہ سوئم سے نقل کر کے تحریر کر رہا ہوں۔ مسٹر کرا کا بمبئی کے مشہور روزنامہ کرنٹ کے مدیر بھی رہ چکے ہیں۔ آپ کا تعلق پارسی فرقہ کے ممتاز لوگوں میں سے ہوتا ہے۔ آپ کئی کتابوں کے مصنف ہیں جو عالمی شہرت کی حامل ہیں۔ ان کتابوں میں ان کی سوانح عمری بھی ہے جس میں انہوں نے اپنے آپ کو خدا کے وجود کا منکر بتایا ہے اور

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ کسی مذہب کے پابند ہیں ۔ ساتھ اپنے آپ کو ایک خطاکار انسان بھی
بتایا ہے ۔ اس سوانح عمری کا ایک باب "حضرت علی آئے" کے عنوان سے
ہے جس میں انہوں نے بیان کیا ہے کہ حضرت علی سنہ ۱۹۵۴ء میں خواب
میں آئے ۔ اس وقت سے لیکر آج تک ہر مشکل میں مدد فرمائی اور میں
تین مرتبہ آپ کے روضہ مبارک پر عقیدت کے ساتھ حاضری دے
چکا ہوں ۔ زیر نظر معجزہ ۔ کراکا کی روئیداد مورخہ ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۷۲ء
کو شہرہ آفاق انگریزی اخبار کرنٹ بمبئی میں شائع ہو چکی ہے ۔
یہ معجزہ ان ہی کی زبان بیان کیا جا رہا ہے ۔

کراکا تحریر کرتے ہیں کہ سنہ ۱۹۶۸ء میں میرے گردہ اور مثانہ کا پیچیدہ
آپریشن ہوا ۔ اس آپریشن کے بعد جس کے زخم کا نشان ۱۲ انچ لمبا تھا
میرے دل میں حضرت علی مشکل کشا کے روضہ مبارک پر حاضری کی شدید
تمنا پیدا ہوئی ۔ کیونکہ چودہ سو سال قبل ۔ اسلام کے یہ عظیم رہنما میرے خواب
میں آئے ۔ آپ میرے خواب میں کیوں آئے یہ مجھ سے نہ پوچھئے ۔ میں
آپ کی زیارت کو جانے کے لئے عراقی قونصل بمبئی کے گھر گیا ۔ میں نے
اپنے آنے کی وجہ بیان کی کہ میں ایک عام آدمی کی حیثیت سے مولا علی کی
زیارت کو جانا چاہتا ہوں ۔ اس پر وہ صاحب متعجب ہوئے کہ آپ
تو مسلمان نہیں ۔ میں نے کہا میں مسلمان تو نہیں ہوں مگر سنہ ۱۹۵۴ء میں
حضرت علی خود میرے خواب میں آئے ۔ انہوں نے اپنا مبارک چہرہ
دکھایا ۔ میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا ۔ میری باتیں سنکر عراقی قونصل بے
اختیار بول پڑا ۔ آپ مسلمان تو نہیں ہیں پھر وہ آپ کے خواب میں
کیسے آئے ۔ میں نے کہا یہ چیز آپ مجھ سے نہ پوچھیے بلکہ حضرت علی سے
دریافت کریں کہ آخر وہ بڑے بڑے عقیدت مندوں کو چھوڑ کر میرے
خواب میں کیونکر آئے ۔

کراکا لکھتے ہیں کہ میری پہلی کہانی میں پہلی بار کیسے نجف پہنچا اور
میرے پروگرام میں کیسے کیسے تبدیلیاں رونما ہوئیں تھیں جس کے نتیجہ
میں میں حضرت علی بن ابی طالب کے یوم ولادت کے دن نجف
اشرف پہنچا تھا ۔ یہ پوری داستان سنہ ۱۹۶۸ء کے شمارے کرنٹ
اخبار بمبئی انڈیا میں تحریر کر چکا ہوں ۔ اس واقعہ کو میں اپنی کتاب

THEN COME HAZRAT ALI

میں بھی تحریر کر چکا ہوں ۔
جو سنہ ۱۹۷۲ء میں
شائع ہوئی ۔ کراکا لکھتے ہیں کہ جس دن میں نے حضرت علی کے روضہ
پر قدم رکھا ۔ ویسے ہی ساری روشنی کا جھاڑ اچانک روشن ہو گیا ۔
ان کی روشنی سے پورا روضہ منور ہو گیا تھا ۔ گو کہ بغداد میں میری آمد
کی تاریخ میں متعدد تبدیلیاں ہوئی تھیں لیکن تعجب خیز بات یہ ہے
کہ جس وقت روضہ اقدس میں داخل ہوا اسی وقت سے تبدیلیاں
حضرت علی کی ولادت کا جشن شروع تھا ۔

فروری سنہ ۱۹۷۰ء میں دوبارہ نجف گیا ۔ اس وقت مجھ کو احساس
ہوا کہ میری حاضری سے حضرت علی زیادہ خوش نہیں تھے ان کے روضہ
کے طلائی گنبد کی مرمت ہو رہی تھی ۔ یہ وہی زمانہ تھا جب ایک آسٹریلین
غنڈے نے یروشلم کے قدیمی حصہ میں مسجد اقصیٰ کو آگ لگانے کی کوشش
کی تھی ۔ اس وقت کہ جب میں نجف کے روضہ اقدس کے ایک کونے
میں بیٹھا دعاؤں میں مصروف تھا ۔ ایک مسلح حفاظتی دستہ میری نگرانی
کر رہا تھا ۔ جب میں ایک سید کے ساتھ روضہ سے باہر صحن میں
آیا تو اس وسیع و عریض صحن میں ہم محض دو آدمی تھے باقی سارا
روضہ خالی تھا ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسٹر کراکا لکھتے ہیں کہ میں حکومت عراق کا ممنون ہوں کہ انہوں نے مجھے ویزا عطا کیا تاکہ میں نجف جا کر حضرت علی کی خدمت میں نذرانہ عقیدت پیش کر سکوں۔ اب میں نجف کے تیسرے سفر سے واپس آیا ہوں یہ میری تیسری زیارت ہے جو اپنے حسن و دلکشی میں سابقہ زیارت کو ماند کر دیتی ہے۔ اس حضوری کا یہ نتیجہ ہے کہ میں جسمانی ذہنی اور روحانی طور پر زیادہ تازہ نظر آتا ہوں۔

کراکا لکھتے ہیں اس سفر کا آغاز۔ اتوار کی صبح ساڑھے سات بجے بی او سی کے طیارے کے ذریعہ بمبئی سے ہوا دبئی۔ کویت سے ہوتا ہوا۔ بغداد کے ہوائی اڈے پر اترا۔ ایک دن یہاں قیام کے بعد دوسرے دن کار کے رستے نجف اشرف روانہ ہو میرے ڈرائیور کا خیال تھا کہ میں کربلا کی زیارت کروں گا۔ میں نے ڈرائیور سے کہا کہ ہم سیدھا نجف چلیں گے جس پر ڈرائیور نے کچھ احتجاج کیا اور کہا کہ سارے سیاح پہلے کربلا جاتے ہیں پھر نجف جاتے ہیں۔ میں نے جواب دیا کہ میں سیاح نہیں ہوں اور نہ ہی مسلمان ہوں میں حضرت علی کے حضور میں عقیدت کا سر جھکانے جا رہا ہوں اس لئے کہ برسوں پہلے علی میرے خواب میں آئے تھے۔ گذشتہ سال جب میں بیمار تھا تو انہوں نے پورے سال مجھے باقی رکھا ہم کربلا سے گذرتے ہوئے نجف چلے گئے۔ میں نے کربلا کے دونوں مزاروں کو بڑے احترام سے ہاتھ جوڑ کر سلام کیا ابھی نجف ۵ کلومیٹر دور تھا۔ کہ نجف اشرف کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ حضرت علی کے روضہ کا طلائی گنبد دور سے خوب چمک رہا تھا میں نے دور سے ہی پہچان لیا۔ میرے دل میں ایک اضطرابی کیفیت پیدا ہوئی۔ میں حضرت علی کو بابا کہہ کر پکارتا تھا۔ میں نے حضرت علی کو مخاطب کیا اور عرض کی میں بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے

پھر آنے کی اجازت عطا فرمائی۔ میں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور حسب دستور جیسا کہ میرا ورد ہے میں نے ایک سو دس مرتبہ حضرت علی کے نام کا ورد کیا اس سال فروری سے لیکر اب تک میں نے یہ نام (علی علی) پانچ لاکھ مرتبہ سے زیادہ لیا ہوگا۔ نجف پہنچ کر اسفالٹ کی پختہ سڑک ختم ہو گئی۔ زمین خاک آلود تھی اور ناہموار۔ ڈرائیور نے پوچھا کیا ہم سیدھا روضے پر چلیں یہاں پہنچ کر مجھ سے ایک غلطی ہو گئی۔ بمبئی میں عراقی قونصل جنرل نے مجھے نجف کے گورنر کے نام ایک تعارفی خط دیا تھا اس لئے میں نے سوچا کہ پہلے گورنر سے مل لوں اس کے بعد روضہ پر چلوں۔ میں نے بھی یہ مناسب سمجھا۔ لیکن بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ میرے لئے ایسا کرنا غلط تھا۔ میں کربلا نہیں ٹھیرا تو خیر۔ لیکن حضرت علی کے حضور میں نیاز مندی کا سر خم کرنے سے قبل عراقی حکومت کے کسی رکن کے پاس خواہ وہ کتنا ہی بلند ہو جانا۔ میری سب سے بڑی غلطی تھی۔ خیر گورنر سے میری ملاقات ہوئی اس نے ایک حفاظتی دستہ میرے ساتھ کیا۔ لیکن جیسے ہی میں روضہ پر پہنچا تو مجھے معلوم ہوا کہ کلید بردار نے میرے داخلہ کی ممانعت کر دی ہے۔ مجھ سے کہا گیا کہ میں صحن میں تو گھوم سکتا ہوں مگر روضے کے اندر داخل نہیں ہو سکتا۔ مجھے حضوری سے محروم کر دیا گیا۔ یہ تو میری غلطی تھی۔ اور میں خود اپنے سوائے کسی پر الزام نہیں دے سکتا۔ جیسے میں عالم احساس میں یہ الفاظ سن رہا ہوں" کہ تم میرے پاس آنے کے لئے حکومت کا واسطہ تلاش کرتے ہو جب کہ میں خود خواب میں تمہارے پاس آیا تھا۔ میں نے کوئی آواز تو نہیں سنی لیکن یہ محسوس کر رہا تھا کہ وہ حضرت علی مجھ سے یہ جملہ فرما رہے تھے۔ میں نے اپنی غلطی کا احساس کر لیا تھا لیکن اب اس کی تلافی بھی کیا ہو سکتی ہے۔

میں روضہ کے صدر دروازے پر کھڑا تھا۔ جو ملامت کی گئی تھی اسے میں نے قبول کر لیا۔ میں نے اپنی جیب سے وہ کارڈ نکالا جس پر میں نے ان لوگوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے نام لکھ لئے تھے جن کے لئے مجھے اس دربار میں دعا کرنی تھی ۔ میں صحن میں کھڑا دعا مانگ رہا تھا ۔ سینکڑوں عورتیں ۔ بچے ۔ جوان مجھے دیکھ رہے تھے مجھے خود اپنے اوپر ترس آرہا تھا اور اپنی بدنصیبی پر رونا بھی آرہا تھا ۔ ایک مرتبہ مجھے اپنے ملک میں جیل جانا پڑا تھا ۔ لیکن اس سے مجھے کوئی تکلیف نہیں ہوئی تھی لیکن حضرت علی کے روضہ کے اندر جانے کی اجازت نہ ملنا میرے لئے ازحد تکلیف دہ تھا ۔ میں نے دعائیں کیں اور نہایت رنج اور مایوسی کے عالم میں بغداد واپس چلا آیا ۔

کراکا لکھتے ہیں حضرت علی ہی نے مجھے شکست قبول کرنا سکھایا تھا اور یہ درس بھی دیا تھا کہ ایک دن اس در کی بدولت مجھے اچھے دن دیکھنا نصیب ہوں گے ۔ برسوں کی محنت کے نتیجہ میں مجھے یہ اندھی عقیدت حاصل ہوئی تھی لیکن اب میں پریشان تھا اس لئے کہ خود انہوں نے مجھے زیارت کے وقت ٹھکرا دیا تھا ۔ آخر مجھ سے کیا غلطی ہوئی جو مجھے ٹھکرا دیا گیا ہے ۔ میں بستر پر لیٹا یہی سوچ رہا تھا کہ میری آنکھ لگ گئی ۔ فون کی گھنٹی بجی معلوم ہوا کہ حکومت عراق کا ایک نمائندہ نیچے ہوٹل میں میرا انتظار کر رہا ہے ۔ اس کا یہ کہنا تھا کہ وہ مجھے جانتا ہے مگر میں اسے نہیں پہچان سکا ۔ وہ اوپر کمرے میں آیا تو میں بھی پہچان گیا کہ وہ عراقی اطلاعات کا وہی افسر ہے جو سنہ ۱۹۶۸ء میں پہلی مرتبہ نجف لے گیا تھا ۔ وہ افسر کہنے لگا کہ میں حکومت کی جانب سے آیا ہوں تاکہ مجھے نجف پہنچا دیں مجھے اس پر تعجب ہوا کہ اس شدید گرمی میں چھ گھنٹے کے سفر کے لئے میں تیار نہ تھا اور پھر مجھے آج روضہ میں داخلے کی اجازت نہ ملنے کا بھی افسوس تھا ۔ زندگی بھر ایسی دل شکستگی اور مایوسی کا سامنا نہیں ہوا تھا ۔

میں نے اس سرکاری افسر کے سامنے اس بات پر آمادگی ظاہر کی کہ میں اب بغیر زیارت کے ہی ہندوستان جانے پر

تیار ہوں ۔ گو کہ بات میرے لئے حد درجہ تکلیف دہ تھی ۔ دوسرا دن منگل کا آیا اور میں نے طے کر لیا کہ میں اب کچھ نہیں کروں گا اور اپنے ہوٹل سے باہر تک نہیں گیا ۔ وزارت خارجہ کا ایک بڑا افسر جس کے نام میرے پاس تعارفی خط تھا ۔ مجھ سے ملنے کے لئے آیا میں نے اس سے اپنی مایوسی کا ذکر کیا ۔ وہ مجھ سے بہت متاثر ہوا اور مجھے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ اگر حضرت علیؑ آپ کو طلب کرتے ہیں تو اب بھی آپ جائیں گے ۔ اس کے الفاظ درست ثابت ہوئے کیونکہ ایک عجیب واقعہ کے تحت میں دوسرے دن نجف جا رہا تھا ۔ رات بھی صاف تھی سڑک بھی صاف تھی اس لئے جلد ہی ہم نجف پہنچ گئے ۔ وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ ساری سڑکیں موٹروں اور بسوں سے بھری ہوئی ہیں اور پانچ لاکھ آدمی اس رات میں نجف پہنچ چکے تھے ۔

پولیس نے ہماری کار کو اس راستہ سے ہٹا دیا جو نجف اشرف کو جاتا تھا ۔ چونکہ ہم نے اپنی کار کو ایک گلی کے موڑ پر چھوڑا تھا ۔ روضہ کا دروازہ ایک چوتھائی میل پر صاف نظر آرہا تھا ۔ میں جیسے ہی اس سڑک پر روانہ ہوا جو روضہ مبارک کو جاتی ہے تو مجھ پر احترام تقدس ۔ ایک اندرونی جذبہ اور خوف کی ملی جلی کیفیت طاری ہو گئی ۔ سڑک پر صرف ذرا سی جگہ تھی جا بجا لوگ لیٹے ہوئے تھے ۔ میں سنبھلتا ہوا آگے چلتا رہا کہ کہیں میرا قدم کسی سوتے ہوئے فرد پر نہ پڑ جائے ۔ اچانک میں نے دیکھا کہ میں صحن اقدس کے دروازے پر پہنچ گیا ہوں میں دروازہ پر ٹھہرنا چاہتا تھا مگر پیچھے سے آنے والے ریلے کے نتیجہ میں میرے پاؤں نہیں ٹک سکے اور میں صحن میں داخل ہو گیا ۔ صحن میں غضب کا مجمع تھا ۔ ہزاروں عورتیں کالی عبائیں اوڑھے اس سمت میں بڑھ رہی تھیں جدھر سے روشنی کا سیلاب آرہا تھا ۔ میں نہ پیچھے ہٹ سکتا تھا نہ مڑ سکتا تھا یہی چاہتا ایک طرف کنارے ہو جاؤں کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ اس مرتبہ مجھے روضہ کے اندر آنے کی اجازت نہیں ہے ۔ اس لئے مجھے باہر ہی کھڑا رہنا چاہئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لیکن اچانک ایک ریلا آیا جس میں زیادہ تر عورتیں تھیں اس ریلے کے نتیجہ میں میں پھر کنارے سے ہٹ کر اصل مجمع میں پہنچ گیا۔ عین اس وقت میرے سینے میں درد شروع ہوا۔ میں جان گیا کہ دل کے پٹھے کا درد ہے جسے پونا میں میرے ماہر امراض قلب نے کہا تھا کہ وہ مر چکا ہے اب پٹھا زندہ نہ ہو سکے گا۔ میں اس مجمع میں پسا جا رہا تھا اور مجھے ٹھنڈے پسینے آنے شروع ہو گئے۔ قلب کے دورے کی نشانیوں کو میں خوب جانتا تھا۔ میری حالت تیزی سے بگڑتی جا رہی تھی۔ مجھے کچھ ہوش نہیں تھا میں ریلے کے زور میں بڑھتا جا رہا تھا۔ اچانک میرا پاؤں کسی چیز سے ٹکرایا۔ میں نے دیکھا کہ میں روضہ کی سیڑھیوں تک پہنچ چکا ہوں میرے پاؤں لڑکھڑانے لگے میں زمین پر سر کے بل گرنے لگا۔ میں نے اپنے آپ کو سنبھالا۔ چاروں طرف نظر دوڑائی۔ قبل اس کے میں سوچتا کہ [illegible] جاؤں۔ میں نے اچانک اپنے آپ کو روضہ اقدس میں پایا۔ میں نور کے اس آستانہ میں حضرت علی مقدس ترین بارگاہ کے اندر کھڑا تھا۔ یہاں بے پناہ مجمع تھا۔ لوگ نمازوں میں مصروف تھے میرے لئے کسی طرف جانا ممکن نہ تھا میں صرف ضریح کی طرف بڑھ سکتا تھا ایک جانب کھڑے ہوئے سیدوں نے میرا استقبال کیا۔ ضریح مبارک کا طواف کرتے وقت میں نے اپنے آپ کو دل کی گہرائیوں میں یہ محسوس کیا کہ دنیا میں اس شخص سے زیادہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا جس کی بارگاہ میں نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لئے یہ لاکھوں آدمی اس مجمع میں جمع ہوتے ہیں۔

میں تمام مذاہب کے بزرگوں کا احترام کرتا ہوں لیکن جب حضرت علی کا نام لیا جاتا ہے تو میں نے محسوس کیا ہے کہ ایک خاص تاثیر ایک جداگانہ کیفیت طاری ہوتی ہے یہ منا ظر دیکھ کر مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ میں جیسے ایک خواب کی دنیا میں گھوم رہا تھا۔ میرے آگے ایک عبا پوش بچی تھی۔ جو ضریح تک ہاتھ بڑھانے کی کوشش کر رہی تھی۔ دو مرتبہ اس نے کوشش کی مگر دونوں

مرتبہ عورتوں کے ریلے کی وجہ سے ناکام رہی۔ آخر کار اس بچی نے اس ضریح مبارک کو چھو ہی لیا۔ میں نے پہلی بار آپ کی ضریح مبارک کو چھوا۔ میری زبان سے کوئی لفظ نہ نکلا اس لئے کہ اس جذبات آفریں موقع پر قوت گویائی سلب ہو جاتی ہے لیکن مجھے کچھ کہنے کی حاجت بھی نہ تھی کیونکہ میں جانتا تھا کہ میرے دل میں جو کچھ ہے اسے علی خوب جانتے ہیں۔ میں روضہ سے باہر جانے والا تھا۔

اچانک میں نے دیکھا کہ میرے لئے راستہ صاف کر دیا گیا ہے۔ ضریح اقدس تک میرے لئے راستہ کھلا ہوا تھا نہ جانے میں کیا کہتا ہوا آگے بڑھا اور ضریح کو پکڑے ہوئے تھا مجھے محسوس ہو رہا تھا جیسے میرے شانوں سے ایک بڑا بوجھ اتر گیا ہے۔ مسٹر کرما کا لکھتے ہیں کہ میں روضہ سے باہر نکلا تو دل میں پر جو دباؤ اور شدید درد محسوس کر رہا تھا وہ ختم ہو چکا تھا۔ جب میں روضہ کے اندر سے باہر آ رہا تھا تو میں نے یا علی یا علی کی وہ صدائیں سنیں جن سے میں پہلے آشنا تھا میں یہ دیکھنے کے لئے مڑا کہ یہ کس کی آواز ہے۔ یہ آواز ایک خوبصورت بتیس سالہ نوجوان کی تھی وہ اس وقت علی کو پکار رہی تھی وہ بدستور علی علی کہتی رہی جب میں کفش خانہ سے نکل رہا تھا تو ایک نوجوان عرب لڑکی داخل ہوئی یہ لڑکی دونوں آنکھوں سے اندھی تھی اس لئے اس کی ماں یا اس کی بڑی بہن اس کو پکڑ کر لا رہی تھی۔ میں اپنی موٹر تک پہنچا تو میرے دل میں کوئی درد باقی نہ تھا۔ میرے دماغ پر پریشانی کا بوجھ ختم ہو چکا تھا۔ جسم و روح میں ہلکا پن آ چکا تھا۔ ڈرائیور نے مجھے بتایا کہ آج شب معراج تھی مجھے مسرت ہوئی کہ آپ نے پہلی مرتبہ مجھے اپنی سالگرہ کے دن طلب فرمایا اور اس مرتبہ شب معراج میں مجھے حاضری کا شرف عطا فرمایا یہ تھی میری روئیداد اس کائنات کے سب سے بڑے انسان کا میرے اوپر کرم۔

آفریں ہو اس پارسی کی عقیدت پر اس پر کوئی مسلمان آپ کے معجزات کرامات کا منکر ہو تو پھر یہ کس قدر نادانی کی بات ہو گی خدا کا شکر ہے کہ مسلمان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی اکثریت سنی شیعہ دونوں ہی آپ ہی کی مشکل کشائی کا دم بھرتے ہیں۔

سردار سندر سنگھ ۱۹۹

بڑا افسوس سا ہوتا ہے۔ بڑا عجیب سا لگتا ہے کہ محمدؐ کا کلمہ پڑھے محمدؐ عربی کا نام لیکر اور آل محمدؐ سے دور رہے رسولؐ خدا کے پیاروں سے بغض رکھے گو کہ پاکستان میں ایسے مسلمانوں کی تعداد بہت کم ہے لیکن پھر بھی وہ مسلمان کہلائیں بھی آل مصطفےٰ سے وصی رسولؐ سے دور رہیں تو بڑے دکھ کی بات ہوگی۔ پھر کیا یہ معجزہ نہ ہوگا کہ ایک غیر مسلم۔ خدا کا نہ ماننے والا اسلام کے بارے میں نہ جاننے والا بھی حب علی میں اس قدر سرشار ہو کہ جب بھی مشکل پڑے اپنے پیشواؤں کے بجائے علی بن ابی طالب کو مدد کے لئے پکارے۔ مشکل کشا ہی سے مشکل کشا کا مدد امانگے۔ مصائب و مشکلات کا حل صرف اور صرف مشکل کشا کو سمجھے یہ بات سب مسلمانوں کے لیے باعث فخر ہے کہ غیر مسلم ہوتے ہوئے بھی اس کی نس نس میں علی علی بس چکے ہیں۔ اور اس قدر مضبوطی سے مشکل کشا کا دامن تھاما کہ اس کے خاطر اپنا گھر بار لٹادیا اپنی جان تک پیش کردی مگر مشکل کشا کا دامن نہ چھوڑا۔ یہی مشکل کشا کا معجزہ ہے جس کے دل میں آپ کی محبت گھر کر جائے پھر چاہے اس سے سب کچھ لے لو مگر آپ کی محبت وہ کبھی نہیں چھوڑ سکتا ان ہی جانبازوں میں ایک قیمتی نام سردار سندر سنگھ کا ہے جس پر ہمارا اسلام ہو۔ جس نے ہمارے پیشوا کے خاطر اپنی جان پیش کردی جو اس دور کا سب سے بڑا معجزہ ہے۔

سردار سندر سنگھ ایک دن اپنے گھر میں بیٹھے ہوئے بلند آواز سے ایک نرالا بھجن پڑھ رہے تھے۔ جس کے چند اشعار پیش خدمت ہیں۔

بپتی ہے منجدھار علی جی
نیّا کردو پار علی جی!
میں ہوں پاپی، اور گنہگار
تم ہو بخشنہار علی جی!
میں پاپی کے گورو تمہیں ہو
میری سنو پکار علی جی!
تم بن کسی نے اجگر مارا
تم حیدر کرار علی جی!
نرگ سرگ ہیں ہاتھ تمہارے
دو جگ کے سردار علی جی!
بھیا ہو تم پاک نبی کے
اس کے راجکمار علی جی!
نبی نے تم کو بیٹی بخشی
ایشور نے تلوار علی جی
ہاتھ پکڑ لو میں پاپی کا ــ کردو بیڑا پار علی جی

سردار جی جس وقت یہ بھجن گا رہے تھے اس وقت ان کے مکان کے قریب سے دو اکالی گزرے انہوں نے دیوار سے کان لگا کر اس بھجن کو سنا جس میں بار بار علی کا نام آرہا تھا تو انہیں پریشانی ہوئی جب سردار جی کی آواز بلند ہوئی تو یہ دونوں بغیر اجازت سردار کے مکان میں گھس آئے کیا دیکھتے ہیں کہ سردار سندر سنگھ آسن جما کر بیٹھے ہیں اپنے سامنے ایک چھوٹا سا علم زمین پر گاڑا ہوا ہے۔ ان دونوں اکالیوں نے جب اپنے سکھ مذہب کے خلاف یہ سب کچھ دیکھا تو سردار جی پر برس پڑے اور گالیاں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بکنے لگے اور کہا کہ تم یہ کس کا بھجن پڑھ رہے ہو سردار جی نے بڑی نرمی سے جواب دیا کہ میں اپنے مولا کا بھجن پڑھ رہا ہوں ۔ ان دونوں ملنگوں نے پوچھا کہ تیرا مولا کون ہے سردار جی نے جواب دیا میرا مولا علی ہے دونوں اکالیوں نے کہا اے پاپی کیا تو اپنے گوروں کو نہیں جانتا کیا تو اپنے دھرم پر نہیں ہے ۔ سندر سنگھ نے جواب دیا میرے بھائی میرے گوروؤں نے ہی علی کی شان بتائی ہے ۔ سارے جہاں کے اولیا اس کے ماتحت ہیں اس لئے میں علی کا نام جپتا اور اس جیون میں سکھ اور شانتی پاتا ہوں ۔ یہ تمام باتیں سنکر دونوں اکالیوں کو طیش آگیا اور غصّہ میں کہنے لگے ۔ اے پاپی تو علی کا نام لینا چھوڑ دے ۔ آئندہ تیری زبان پر گردوں کے سوائے کسی کا نام نہ آئے ۔ سردار جی نے نعرہ حیدری بلند کیا اور کہا بھائیو میں کیسے علی کا نام لینا چھوڑ دوں ۔ جو مشکل کشا ہے جس کا نام لینے سے ہر مصیبت دور بھاگتی ہے چاہے تم مجھے جان سے مار دو ۔ میں علی کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا ۔ یہ سنتے ہی دونوں اکالی سردار جی پر اسلحہ سے برس پڑے پہلے انہوں نے سردار جی کو بری طرح زخمی کیا پھر ان کا سر تن سے جدا کر کے تمام اسباب لوٹ لیا ۔

(ماخوذ از رسالہ امرتسر ۔ اسلام ۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء)

بحوالہ علی علی ۔

ابن بطوطہ کے سفر نامہ سے ۲۰۰

ابن بطوطہ اپنے سفر نامہ میں تحریر کرتے ہیں جس کا ترجمہ رئیس احمد جعفری نے کیا اور اس کتاب کو نفیس اکیڈمی کراچی نے شائع کیا ۔ جب میں امروہہ اور بجنور کے شہر پہنچا تو اس شہر میں میرے پاس حیدری فقیروں کی ایک جماعت آئی ۔ انہوں نے پہلے تو سماع سنائی اور پھر آگ جلوائی اور سب علی علی کرتے ہوئے آگ میں کود پڑے

ذرا بھر بھی انھیں نقصان نہیں پہنچا ۔

ابن بطوطہ اپنے سفر نامہ میں کوفہ کا حال لکھتے ہوئے کہتے ہیں جس مقام پر قاتل امیر علیہ السلام کی قبر ہے یہ کوفہ کے قبرستان کے مغربی جانب ایک مقام دیکھا جو سفید زمین پر نہایت سیاہ دھبہ کی طرح ہے ۔ مجھے بتایا گیا کہ مردود ملعون ابن ملجم کی قبر ہے ۔ باشندگان کوفہ ہر سال بہت سی لکڑیاں لیکر آتے ہیں اور اس کی قبر کے مقام پر سات دن تک جلاتے ہیں ۔

گو کہ ابن بطوطہ اس معاملے میں بے حد متعصب گذرا ہے مگر یہ مشکل کشا کا معجزہ ہے کہ اس کے قلم نے خود بخود یہ روایت تحریر کر دی ۔

کھیل کا میدان ۲۰۱

یوں تو پاکستان بھر میں بہت سے کھیل کھیلے جاتے ہیں لیکن عوامی اعتبار سے کرکٹ ہاکی ۔ باکسنگ اور کشتی کو حاصل ہے وہ کسی بھی کھیل کو نہ ہو سکی گذشتہ چند برسوں میں باکسنگ اور کشتی میں کچھ دلچسپی عوامی اعتبار سے کم ہو چکی ہے کھیل سے دلچسپی رکھنے والے تمام حضرات جانتے ہیں کہ ملک کے اندر یا دوسرے ملک کی سرزمین پر کوئی بھی اہم معرکہ یا لیں کہہ لیں کانٹے کا مقابلہ پیش آیا جب بھی اہم مشکل سنسنی خیز مقابلہ ہوا خصوصی طور پر حریف ہندوستانی ٹیم سے کسی بھی میدان میں مقابلہ ہوا ہزاروں کی تعداد میں حاضرین جو میدان میں اہم مقابلہ کو دیکھنے کے لئے جمع ہوتے سب کی زبان پر بس ایک ہی نعرہ ہوتا ۔ اللہ اکبر ۔ نعرہ حیدری ۔ یا علی یا علی ۔ اور پھر اس نعرے کی بدولت شکست جیت میں بدل جاتی ہے اس طرح ہم جب باکسنگ کے رن کو دیکھتے ہو گو کہ محمد علی کلے پاکستانی نہیں لیکن ہمارا دینی بھائی ہے ۔ خدا کی رحمت کے طفیل اس عظیم باکسر نے اسلام قبول کر کے اپنا نام بھی کس قدر بابرکت رکھا کہ ہر مقابلہ میں فتح کامرانی نے اس کے قدم چومے ۔ یہ ایک بہت ہی بڑا معجزہ ہے کہ محمد علی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کلے کا جس جس مقام پر بھی مقابلہ ہوا اُس ملک میں مسلمانوں کی آبادی نہ ہونے کے برابر ہوتی۔ اور جو مقابلہ دیکھنے کے لئے حاضرین ان میں بھی شاذ و نادر اکا دکا اور لاکھوں کے مجمع میں مسلمان ہو مگر جب یہ عظیم باکسر باکسنگ کے میدان میں اُترتا تو چاروں طرف سے علی علی کی صدا بلند ہوتی۔ غیر مسلموں کی زبان پر علی علی کا نام اس جوش و خروش سے آنا ہی مشکل کشا کی مشکل کشائی ہے۔ اس سلسلہ کے کتاب علی علی سے ایک دو واقع پیش کئے جا رہے ہیں۔

عظیم باکسر محمد علی جب کوالالمپور جو بگنر (Joe Bugner) سے مقابلہ کے لئے روانہ ہوئے تو انہوں نے مشہور کالم نویس ٹونی فرانسس کو ۲۴ر جون ۱۹۷۵ء کو ایک اخبار کے لئے جو انٹرویو دیا اس کا اردو ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔ محمد علی (کلے) کہتے ہیں اس تمام رات جس کی صبح کو میں دنیا کے مشہور باکسر Joe Bugner سے مقابلہ کے لئے جا رہا تھا تمام رات کتاب نہج البلاغہ کلام علی کو پڑھتا رہا۔ اس کتاب میں حضرت علی کی تقریریں۔ خطوط، محاورے موجود ہیں جن کو پڑھ کر میرے زندگی میں عقل و دانش کی روشنی پیدا ہو گئی۔ اور مجھ کو زندگی کا ایک نیا سبق ملا۔ مجھ کو اس دنیا میں باکسنگ کے علاوہ اور بھی بہت سے کام کرنے ہیں اس کتاب کو پڑھنے سے اتنا مزا آیا کہ دوسری صبح کو میں اپنی ورزش تک کو نہیں جا سکا۔

۲۰۲ یہ ضرب حیدری ہے

کوہستان ۲۴ر نومبر ۱۹۶۵ء لاس ویگاس ۲۳ر نومبر۔ مقابلہ ختم ہونے کے بعد اخبار نویسوں نے دنیا کے عظیم باکسر محمد علی کلے کو گھیر لیا۔ محمد علی نے ان سے مخاطب ہو کر کہا تم جس شخص کو چاہو لے آؤ میں اس سے مقابلہ کرنے کو تیار ہوں تم اپنے تمام آدمیوں کو ایک قطار میں کھڑا کر دو میں ایک ایک کے ساتھ نمٹوں گا۔ محمد علی کلے نے اعلان کیا میں اپنا اعزاز برقرار رکھنے کے لئے

ہر تین ماہ بعد میدان میں آنے کو تیار ہوں۔ محمد علی کلے نے اخبار نویسوں سے کہا مجھے تائید غیبی حاصل ہے۔ میرا نبیؐ مجھ پر سایہ فگن ہوتا ہے۔ میری ضرب ضرب حیدری ہے اس لئے کہ میرے نام کا ایک لفظ محمدؐ اور دوسرا علی ہے۔

۲۰۳ بھولو پہلوان نے

ضرب حیدری کا کمال باکسنگ کے میدان کے بعد اب کشتی کے میدان میں یہ عجیب منظر نظر آتا ہے جس کو فہیم الدین فہمی نے اپنی کتاب بھولو اور عالمی اعزاز۔ ناشر شیخ شوکت علی اینڈ سنز نے شائع کیا ہے۔ مؤلف کتاب لکھتے ہیں کہ جب بھولو پہلوان عالمی اعزاز کے لئے کشتی لڑنے کے لئے لندن تشریف لے گئے۔ وہاں ان کا مقابلہ دنیا کے مشہور برطانوی پہلوان ہنری پیری سے ہوا۔ مقابلہ لندن میں ٹھیک نو بج کر دس منٹ پر شروع ہوا۔ بھولو پہلوان حسب روایت یا علیؑ کا نعرہ بلند کرتے ہوئے آگے بڑھے۔ پے در پے بھولو پہلوان نے بلند آواز سے یا علی۔ یا علی۔ یا علی کا نعرہ بلند کیا۔ یہ نعرہ سنتے ہی پاکستانی شائقین پر اس قدر اثر ہوا کہ تمام میدان اسلام زندہ باد۔ نعرہ حیدری یا علی بھولو پہلوان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ بھولو کے یا علی کے نعروں سے یہ اثر ہوا کہ ہنری پیری جو اپنے کارنر سے دو قدم آگے بڑھ چکا تھا بوکھلا کر چند سیکنڈ کے لئے پیچھے ہٹ گیا۔ اس کے پیچھے ہٹتے ہی کا شور بلند ہوا۔ جس سے حریف پہلوان کے حواس خراب ہو گئے۔ یہ تھا نعرۂ تکبیر اور نعرہ حیدری کا معجزہ کہ غیروں کے ملک میں بھی جب بھی نعرہ لگا تو یہی نعرہ بلند ہوا جو بذات خود ایک معجزہ ہے۔ بھولو پہلوان نے نعرہ یا علی سے دشمن کو حواس باختہ کر دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھارتی ٹیم کی عقیدت ۲۰۴

روزنامہ مشرق مورخہ ۲۶ مارچ ۱۹۷۸ء

یونس ۲۵ مارچ (ا لیس ایم

نقی نمائندہ خصوصی) بھارتی ہاکی ٹیم نے عقیدے کی قوت سے آسٹریلیا کے خلاف ورلڈ کپ کے پول میچ میں کامیابی حاصل کی ہے ۔ بھارتی ہاکی ٹیم جو اپنے سے کمزور کینیڈا کی ٹیم سے ہارنے کے بعد کافی دل شکستہ ہو چکے تھے ۔ آسٹریلیا کے خلاف میچ کے دوران نئے عزم اور حوصلے کے ساتھ اترے ہے ۔ بھارتیوں کو نیا عزم اور حوصلہ اس کڑے سے حاصل ہوا جس پر یا اللہ ۔ یا محمد ۔ یا محمدؐ یا علیؑ کے الفاظ کندہ تھے ۔ یہ کڑا بھارتی ٹیم کے ایک عہدیدار نے گذشتہ ماہ پاکستان دورے کے دوران لاہور میں داتا دربار سے خریدا تھا ۔ جب بھارتی ٹیم آسٹریلیا کے خلاف میچ کے لئے اُترنے لگی تو اس کے منیجر کرتار سنگھ نے اس مقدس کڑے کے نیچے سے ساری ٹیم کو گذارا ۔ ہر کھلاڑی نے اسے بوسہ دیا ۔ اس کڑے کی برکت سے بھارت نے یہ میچ جیت لیا ۔ اس معجزہ کے بعد اب بھارتی ٹیم کے زیادہ تر ارکان منیجر یہ کڑے پہنتے ہیں ۔ یہ تھی ان پاک و معصوم ناموں کی کرامت کے غیر مسلم بھی اس قدر عقیدت و احترام سے اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں اور کوئی مسلمان ہو کر مشکل کشا کی مشکل کشائی سے انکار کرے تو اس پر افسوس ہے ۔

دو بڑے عرس ۲۰۵

سندھ کی سرزمین کو یہ شرف حاصل رہا اس سرزمین کو نامور اولیا کرام ۔ درویش ۔ صوفی فقیر ملنگ اور اللہ والوں نے اپنا مسکن بنایا یہ اس سرزمین کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں نامور حضرات کے مرقد ہیں گو کہ ان کی فہرست طویل ہے ۔ ان ہی بزرگوں و اعلیٰ ہستیوں میں دو بڑے نام حضرت شہباز قلندرؒ اور حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائی کے

آتے ہیں ایک کا مدفن مقام سہون شریف اور دوسرے کا بھٹ شاہ ہے ان دونوں بزرگوں کا سالانہ عرس بڑے عقیدت و جوش و خروش سے صفر اور شعبان کے ماہ میں منایا جاتا ہے اس عرسوں کا شمار دنیا کے دو بڑے عرسوں میں ہوتا ہے اس میں صرف مقامی حضرات ہی نہیں بلکہ مکران ۔ کراچی ۔ بلوچستان ، بہاولپور ، ملتان ، پنجاب ، سرحد اور ہندوستان کے دور دراز کے علاقوں سے لوگ بڑی تعداد میں شرکت کر کے ان بزرگوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ۔ سندھ کے ان دونوں بڑے عرسوں میں مجھے ذاتی طور پر بھی جانے کا اتفاق ہوا ۔ جس میں بچے ۔ جوان ۔ بوڑھے ۔ عورتیں سب ہی شامل ہوتے ہیں جم غفیر کیا ۔ عقیدت مندوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہوتا ہے تو ہر ایک کی زبان پر صرف نعرہ حیدری یا علی یا علی کی صدا بلند ہوتی ہے اور یہ نعرے اس قدر شوق ۔ جوش و جذبہ اور عقیدت سے لگاتے جاتے ہیں کہ چاروں طرف علی علی کی صدائیں گونجتی ہیں ۔ سنی ، شیعہ دونوں بھائی ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے علی علی کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں اور یہ بھی بات دیکھنے میں آئی ہے کہ جو کہ معجزہ سے کم نہیں جو لوگ نعروں کے منکر ہوتے ہیں ان کی زبان پر بھی بے اختیار علی علی کا نام آجاتا ہے یہی میرے مولا کا معجزہ ہے کہ ہر زبان پر نعرہ حیدری ہوتا ہے دور دراز سے آئے ہوئے لوگ منتوں کی حاضریاں دنیاز مشکل کشا کے نام تقسیم کرتے ہیں اور دونوں بزرگوں پر سایہ مشکل کشا کا ہے جس کے طفیل ہر ہر سال ہر وقت یہاں کے گوشہ گوشہ سے علی علی کی صدا بلند ہوتی ہے ۔

ایک ہندو خاتون ۲۰۶

کیا یہ مشکل کشا ، شیر خدا ، امیر المومنین کا معجزہ نہیں کہ غیر مسلم بھی آپ کی شان و عظمت اپنے پیشوا سے بڑھ کر بیان کرتے ہیں ۔ ان کی عقیدت کو دیکھتے ہی ان مسلمانوں کے لئے لمحہ فکر و شرم ہے کہ جو شان علی ۔ اور مشکل کشائی کو محض من گھڑت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصوں سے تعبیر کرتے ہیں ۔ یہی مشکل کشا کا بہت بڑا اعزاز ہے کہ نہ ماننے والے بھی آپ کے سامنے سر خم کرتے ہیں ۔ ان لاکھوں پرستاروں میں سے ایک عقیدت مند محترمہ سرلا دیوی، سکریٹری بھگوت گیتا سوسائٹی کی ذات ہے آپ کہتی ہیں ۔ شری کرشن جی اور ان کے ایڈیشن کے ماننے والے مہابلی حضرت علی کی بڑی عزت کرتے ہیں کیونکہ وہ بیک وقت آیدلسٹک بھی تھے اور میدان جنگ میں زبردست بہادر بھی ۔ حضرت علی کا نام بحر ظلمات سے لیکر بحر الکاہل تک اور سائبیریا کی سرحد سے لیکر بحر ہند کے جزیروں تک عزت کے ساتھ لیا جاتا ہے ۔ پہلوان یا علی کہہ کر اکھاڑے میں اترتے ہیں ۔ بہادر فوجی علی حیدر ۔ علی حیدر کا نعرہ لگا کر میدان جنگ میں آگے بڑھتے ہیں ۔ اہل علم اور ودیان ان کے علم و فضل سے اپنے دل و دماغ کو روشن کرتے ہیں ۔ مہابلی حضرت علی کی نہج البلاغہ کے خطبے سوتوں کو جگا دیتے ہیں اور گمراہوں کو سیدھے راستے پر لگا دیتے ہیں ۔ اور حاکموں کو عدل و انصاف کا سبق پڑھا دیتے ہیں ۔ اور شہریوں کو ان کے شہری فرائض یاد دلاتے ہیں ۔ ہمارے مسلمان بھائیوں کی خوش قسمتی ہے کہ قدرت نے ان کو مہابلی علی جیسا مہاپرش دیا ۔ جس کی بتائی ہوئی راہ پر چل کر وہ دو جہاں میں مالا مال ہو سکتے ہیں ۔

یہ مشکل کشا کا ایک بہت بڑا معجزہ ہے ۔ ایک اعزاز ہے کہ غیر مسلم بھی آپ کی مشکل کشائی کا دم بھرتے ہیں اور ہر مشکل وقت پر بے اختیار آپ ہی کے وصیلے سے اپنی حاجت طلب کرتے ہیں ۔

مشکل حل فرمائیں ۲۰۷

ملا محمد نقی خادم نے یہ روایت نقل کی ہے کہ بغداد اور حلّہ کے درمیان ایک بستی ہے جس کا نام محاویل ہے وہاں ایک شخص رومی جو اپنے ابتدائی

ایام میں مولا علی کی مخالفت کیا کرتا تھا ۔ وہ کہتا ہے کہ جامع مسجد کا خطیب جو کہ بہت ہی مشہور و معروف تھا ۔ میرے گھر کے قریب رہتا تھا ۔ ایک دن اس نے مجھ سے کہا کہ اگر تو آخرت میں نجات چاہتا ہے اور تجھے بہشت مل جائے ۔ تو فلاں فلاں حب دار علی تجھے مل جائیں تو انہیں قتل کر دے رومی کہتا ہے کہ میں ایک دن اتفاقاً محاویل سے آرہا تھا ۔ رقم کی تھیلی میرے پاس تھی میں گھوڑے پر سوار تھا ۔ اچانک میری نگاہ ایک ایرانی پر پڑی جو اپنے گھوڑے سے اترے جو کہ بہت زیادہ بوڑھا تھا ۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنے قافلہ سے بچھڑ گیا ہے میں نے ارادہ کیا ہے کہ اُسے قتل کر دوں تو میں نے سوچا کہ کیوں نہ اس سے پہلے دریافت کر لوں ۔ میں نے اس سے دریافت کیا ۔ کیا تم ایرانی قافلہ کے آدمی ہو ۔ اُس نے کہا ہاں پھر میں نے پوچھا تم یقیناً حب دار علی ہوں گے اس نے کہا ہاں ہم حب دار علی ہیں ۔ ہم علی کی محبت کا دم بھرتے رہیں گے ۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ پکا حب دار علی ہے ۔ میں نے اسے گریبان سے پکڑا تاکہ اسے میں قتل کر ڈالوں ۔ بوڑھا تو بہت تھا ۔ اتنی بے بسی پر دعا کرنے لگے ۔ مشکل کشا میری مشکل حل فرمائیں ۔ میری مدد فرمائیں مجھے تمہارے حب میں یہ ظالم مارنا چاہتا ہے امیر المومنین میری فریاد کو پہنچیں ۔ یہ دعا ابھی ختم بھی نہ ہونے پائی تھی اچانک ایک آدمی نے زوردار طمانچہ میرے منہ پر مارا ۔ میں بے ہوش ہو گیا ۔ جب ہوش میں آیا تو میری صورت بدل چکی تھی میرا منہ ٹیڑھا ہو چکا تھا اور میرے بدن کا عضو عضو درد کر رہا تھا ۔ میں اس طرح بیتاب ہوا کہ نہ وہ ایرانی آدمی نظر آیا اور نہ ہی میرا گھوڑا تھا میری رقم کی تھیلی تھی ۔ اتنے میں ایک آدمی آیا اس نے مجھے اٹھا کر میری بستی میں پہنچا دیا میں جتنا اپنے مرض کا علاج کرتا اتنا ہی بڑھتا جاتا بہت علاج کئے مگر کوئی فائدہ نہ ہوا ۔ اس حالت میں سخت پریشان ہوا آخر کار ایک آدمی جو امیر المومنین کا حب دار تھا ۔ اس نے مشورہ دیا تو نے بڑا گناہ کیا ہے اب تیرے مرض کا علاج بس یہ ہے کہ تو نجف جا اور توبہ کر ۔ چنانچہ میں نے نذر مانی کہ میں ہمیشہ امیر المومنین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا غلام ہو چکا ہوں۔ اس کے بعد میں نجف اشرف روانہ ہوا۔ جب میں نجف کی حدود میں داخل ہوا تو روضہ اقدس پر نظر پڑی تو میرے درد میں کچھ افاقہ ہوا میں روضۂ مبارک میں داخل ہوا۔ اور انتہائی گریہ و زاری کے عالم میں دعا کی مولا مجھے اس مصیبت سے نجات دلائیں۔ اس دعا کے بعد کچھ نیند سی آگئی کچھ دیر بعد میں اٹھا تو درد کا کچھ اثر باقی نہ رہا۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو میرا گھوڑا وہاں موجود تھا اور میری رقم کی تھیلی بھی۔

اس رقم سے میں روضہ کی زیارت کی وہاں سے کربلا معلّٰی پھر کاظمین میں پہنچ کر زیارت سے مشرف ہوا اور رقم کو ہر زیارت کے موقعہ پر تصدق کرتا رہا۔ بالآخر واپس گھر پہنچا۔ لوگوں کو میری آمد کی اطلاع ملی۔ وہ خطیب بھی آیا جس نے مجھے ایرانی حب دار کو قتل کا مشورہ دیا تھا۔ اُسے میں نے اپنے پاس ٹھہرایا۔ جب رات زیادہ گذر چکی تو میں نے اندر سے دروازہ بند کیا۔ اور اپنے نوکروں سے کہا کہ اس کی خوب پٹائی کی جائے۔ پٹائی کے بعد جب وہ بیہوش ہوگیا تو میں نے اُسے اپنے مکان سے اٹھوا کر گلی میں پھنکوا دیا اس طرح اسے دشمنی اہلبیتؑ کی سزا ملی۔

(ماخوذ از کشتی نجات علی علی)

ایک افسر کا خواب ۲۰۸

مشاہدات بلاد اسلامیہ از محترمہ محمودہ عثمان حیدر کراچی)

محترمہ محمودہ عثمانی صاحبہ نے مولا علی مشکل کشا کی مشکل کشائی کا ایک واقعہ جوان کے شوہر کو نجف اشرف میں ملازمت کے دوران پیش آیا انہوں نے اپنی کتاب میں درج کیا ہے جسے ہم حضرت عباسؑ کے معجزات سے نقل کر رہے ہیں۔ محترمہ محمودہ عثمان صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

نجف اشرف کے سلسلے میں اس خواب کا ذکر غالباً دلچسپی سے خالی نہ ہوگا جو میرے شوہر سید عثمان حیدر صاحب نے ایک شب بغداد میں دیکھا تھا

واقعہ یہ تھا کہ سید عثمان حیدر صاحب برطانوی سفارتخانہ بغداد میں ملازم تھے ان کے فرائض میں ہفتے میں ایک بار عراق میں تمام قابل ذکر زیارت گاہوں کی حاضری شامل تھی تاکہ وہاں آئے ہوئے ہندوستانی زائرین کی جانچ پڑتال کر کے انھیں بتایا جائے کہ ان کی میعاد قیام ختم ہو چکی ہے اب انھیں اس سرزمین عراق سے رخصت ہو جانا چاہئے۔ نیز اگر کسی زائر کے پاس زاد راہ ختم ہو گیا تو اس کے لئے روپیہ پیسے کا انتظام کرنا یا کسی اور پریشانی یا مشکل میں ہو تو حتی الامکان بروقت مدد کی جائے۔

سید عثمان صاحب کا ہمیشہ سے دستور تھا کہ جب بھی وہ نجف اشرف یا کوفہ جاتے تو پہلے کربلائے معلّٰی میں حاضری دیتے پھر آگے سفر اختیار کرتے۔ ایک بار جب وہ اپنے ایک اسسٹنٹ کے ہمراہ کربلا تک ہی پہنچے تھے کہ انھیں سخت انفلوئنزا ہو گیا وہ وہاں سلام و فاتحہ کے بعد آگے جانے کا قصد کر ہی رہے تھے کہ ان کے اسسٹنٹ نے ان کی ناسازی طبع دیکھ کر مشورہ دیا کہ وہ واپس جا کر بغداد میں آرام کریں۔ اور وہ خود دوسری زیارت گاہوں پر ہو آئے گا۔

اسی شب پچھلے پہر عثمان صاحب نے خواب میں دیکھا کہ ایک لق و دق میدان ہے جس میں چھوٹی چھوٹی گھاس اُگی ہوئی ہے ایک پتھر پر خود بیٹھے ہوئے ہیں اتنے میں دیکھتے ہیں کہ ایک دوہرے جسم کے بزرگ جسم پر فاختئی رنگ کی عبا جس پر چھوٹی چھوٹی سفید بوٹیاں پڑی ہوئی ہیں۔ سر پر سفید عمامہ اور ہاتھ میں ایک موٹا سا عصا ہے۔ انتہائی متانت اور وقار کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ اُن بزرگ کو اوّل تو یہ اپنی جگہ دیکھتے رہے پھر معاً انھیں خیال آیا کہ یہ حضرت علی ہیں۔ چنانچہ کھڑے ہو کر مؤدبانہ آداب بجا لائے۔ لیکن کوئی جواب نہیں ملا بلکہ حضرت علی نے انھیں دیکھ کر آہستگی سے دوسری جانب منہ پھیر لیا۔ عثمان صاحب کو خیال ہوا کہ شاید امیر المومنین نے مجھے دیکھا نہیں۔ چنانچہ ان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے پیچھے پیچھے گئے اور قریب جاکر پھر سلام کیا۔ لیکن اس بار بھی جواب سے محروم رہے۔ اب تو انھیں بڑی فکر ہوئی ایک بار ہمت کر کے پھر تدم ان کے پیچھے پیچھے گئے اور عرض کیا۔

حضور مجھ سے کوئی کوتاہی ہوگئی ہے جو آپ ناراض ہیں۔ آپ میرے سلام کا جواب تک دینا گوارہ نہیں فرماتے حالانکہ میں تو آپ آپ کی اولاد میں سے ہوں۔

حضرت علی نے فرمایا۔ جو تم کہتے ہو وہ درست ہے۔ کیا تمہارے فرائض میں نجف اور کوفہ کی حاضری شامل نہ تھی۔ کل تک تم کربلا تک آئے اور وہیں سے واپس لوٹ گئے کیا یہ طرز عمل درست تھا۔

یہ سنا تھا کہ عثمان صاحب کی آنکھ کھل گئی۔ انھوں نے فوراً برطانوی سفارت خانہ کو ٹیلیفون کر کے ڈیوٹی افسر سے پانچ بجے اپنے بنگلے پر کار منگوائی۔ غرض ٹھیک پانچ بجے تنہا ہی کار میں روانہ ہو گئے۔ عراقی ڈرائیور سے انہوں نے فوراً نجف اشرف چلنے کو کہا۔ قصہ مختصر نجف اشرف میں روضہ اقدس جناب امیرالمومنین پر پہنچے چاہتے تھے کہ سلام کی غرض سے اندر جائیں۔ دور سے ایک واقف کار متولی نے دیکھ کر آواز دی۔ انھوں نے اشارے سے کہا کہ پہلے حاضری دے آؤ۔ لیکن اس نے بے حد اصرار سے بلایا ناچار اس کے پاس گئے تو وہ بولا کہ آپ نے غضب کیا کہ کل تشریف نہیں لائے۔ کل ایک ہندی زائر کو ویزا کی میعاد ختم ہو جانے کے بعد عراق میں قیام کرنے کے جرم میں پولیس پکڑ کر لے گئی اور وہ شریف آدمی کل سے حوالات میں بند ہے۔ اگر آپ کل آجاتے تو وہ اس ذلت اور رسوائی سے بچ جاتا۔

عثمان صاحب نے کہا کل میرا نائب آیا تھا تم نے اس سے کیوں نہ کہا وہ سب معاملہ ٹھیک کر جاتا۔ متولی نے کہا افسر تو آپ ہی تھے اگر آپ ایک ماہ تک نہ آتے تو پولیس اسے ایک ماہ تک نہیں چھوڑے گی۔ عثمان صاحب نے متولی کو اپنا خواب سنایا تو وہ کچھ دیر خاموش رہا۔ پھر بولا کہ آپ اندر جاتیے۔ سلام و فاتحہ کے بعد مولائے کائنات سے اپنی تقصیر کی معافی چاہیں ان کی بڑی سرکار ہے امید ہے کہ معافی مل جائے گی۔

چنانچہ یہ سلام و فاتحہ کی غرض سے اندر چلے گئے اور انہوں نے اپنی کوتاہی کی معافی چاہی۔ اس کے بعد تھانہ گئے۔ متعلقہ افسران سے ملے تمام کارروائی مکمل ہونے کے بعد ہندی زائر کو آپ اپنے گھر لے آئے۔ ان ہندی زائر سے میرا بھی تعارف کرایا گیا۔ اور روانگی سے قبل تک وہ ہمارے یہاں مہمان رہے۔ غالباً امروہہ کے سادات میں سے تھے نام یاد نہیں رہا۔ نیک اور شریف آدمی تھے۔ گفتگو کے دوران عثمان صاحب نے ان سے خواب کا ذکر کیا اور یہ بھی بتایا کہ اگر خواب میں اشارہ نہ ہوا ہوتا تو وہ اگلے ہفتہ نجف اشرف جاتے تب ہی زنداں سے ان کی رہائی عمل میں آتی۔

ہندی زائر مولا مشکل کشا کی مشکل کشائی پر بطور اظہار تشکر رو دیے اور دیر تک ہچکیاں لے لے کر روتے رہے۔ ہم لوگ بھی ان کی یہ حالت دیکھ کر متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔

۲۰۹ ایک گونگا لڑکا
۱۱ محرم سنہ ۱۹۸۲ء وزیر آباد
پنجاب پاکستان

مشکل کشائی معجزات کا سلسلہ محشر تک جاری و ساری رہے گا کیوں نہ ہو یہ ہستی آغوش رسالتؐ میں پروان چڑھی۔

سنی۔ شیعہ دونوں بھائی آپ کی مشکل کشائی کا دم بھرتے ہیں۔ جب بھی مشکل وقت آیا جب مصائب و پریشانیوں میں گھرے اُس وقت بے اختیار معصومینؑ کے طفیل حاجت پوری ہوئی ایسا ہی ایک واقعہ کچھ عرصہ قبل ۱۱ محرم سنہ ۱۹۸۲ء کو محلہ لکڑ منڈی۔ وزیر آباد۔ پنجاب پاکستان میں پیش آیا۔ صرف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیعہ ہی نہیں بلکہ سنّی بھی آلِ محمدؐ کے حب دار ہیں ایسے ہی ایک گھرانے میں ایک جوان لڑکا جس کا نام اعجاز عرف بھالی ہے۔ اس کی زبان تشدد کی وجہ سے گونگی ہو گئی تھی۔ جس کی وجہ سے وہ صرف اشاروں میں بات چیت کر سکتا تھا۔ اس لڑکے کو اس کے گھر والے امام بارگاہ قاضی غالب علی شاہ (وزیر آباد) لے گئے وہاں جا کر منت مانگی کہ اس نوجوان کی زبان ٹھیک ہو جائے گی تو ہم اس امام بارگاہ کی حاضری کریں گے میرا ایمان ہے اور یقین ہے کہ کوئی سچے دل سے حُب رکھتے ہوئے مولا مشکل کشا کو پکارے تو یہ ممکن ہی نہیں کہ آپ اس کی مشکل کشائی نہ فرمائیں ایسا ہی ہوا کہ مورخہ ۱۱ محرم الحرام سنہ ۱۹۸۲ء کو اعجاز عرف بھالی کی زبان اچانک نعرہ حیدری یا علی مارنے سے بالکل درست ہو گئی پھر کیا تھا کہ ان لوگوں نے اپنے پورے محلہ میں مٹھائیاں تقسیم کیں اور اعجاز عرف بھالی ذکرِ معصومینؑ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے۔

(بحوالہ پندرہ روزہ الحمران لاہور۔ ۵ دسمبر سنہ ۱۹۸۲ء حضرت عباسؑ کے معجزات)

سنہ ۱۹۳۶ء نجف میں ۲۱۰

آقا مہدی لکھنوی صاحب کی اہم دستاویز سنہ ۱۹۵۰ء میں شیعوں پر کیا گذری کے عنوان سے شائع ہوئی تھی کافی عرصہ تک اس کا نیا ایڈیشن شائع نہ ہو سکا۔ رحمت اللہ بک ایجنسی۔ کراچی نے اسے دوبارہ شائع کیا ہے۔ جس کے حوالے سے یہاں ایک معجزہ جو در نجف سے عیاں ہوا وہ تحریر کیا جا رہا ہے۔ اس معجزہ کی تفصیل سنہ ۱۹۳۶ء کے تمام عام و خاص جرائد میں شائع ہوئی۔ جو لوگ کرامات و معجزات کو من گھڑت افسانے سمجھتے ہیں ان لوگوں کو چاہیے کہ انگریزوں کے دورِ حکومت کے تمام جرائد دیکھ لیں انھیں اس معجزے کی صداقت پر یقین ہو جائے گا جس کی تفصیلات یہ ہیں۔

سنہ ۱۹۳۶ء عاشور کی رات ماتم قمع کی روک کو نجف اشرف میں کوتوال شہر نے آدھی رات سے حرم حضرت امیر المومنینؑ کا دروازہ بند کرایا۔ صحن کا دروازہ کھلتے ہی دو تہائی رات گذرنے پر صحن شریف کے دروازے پھر بند کر دئے گئے۔ ایک دروازہ کھلا رہا اور قمع کے ماتمی دستہ کو روکنا چاہا۔ پولیس کی ممانعت پر ماتمیوں نے اپنے جوش سے فائدہ اٹھا کر ایوان طلاء تک پہنچ کر اور زور سے ماتم شروع کیا۔ کوتوال مشتعل ہو کر جوتا پہنے ہوئے حرم طلاء تک پہنچا۔ اس بے ادبانہ داخلہ پر قائم کرنے والوں کا جوش اور بڑھا اور کوتوال کو زدو کوب کیا۔ ابھی کوتوال پٹ رہا تھا کہ حرم مطہر کا وہ دروازہ جو اندر سے بند تھا۔ اچانک کھلا اور بجلی خود بخود روشن ہو گئی۔ روکنے والوں نے راہ فرار اختیار کی۔ اس موقع پر حرم میں قمع زن تین دستے ماتم کر رہے تھے دروازہ کھل جانے کی خبر بجلی کی طرح شہر میں پہنچی اور ماتمی دستے اپنی اپنی جگہ سے چلے اور دل ہلا دینے والا ماتم ہوا۔ پولیس نے ماتمیوں پر یہ غلط الزام لگایا کہ عربوں نے حرم کے دروازے توڑ ڈالے۔ اعلیٰ حکام نے ماہرینِ فن عمارت۔ تحقیق و تفتیش کے لئے مقرر کئے اور دیکھنے والے کمیشن نے فیصلہ کیا کہ نہ دروازے توڑے ہیں نہ قفل توڑا گیا ہے سب اپنی اصلی حالت پر ہے۔ اس کے بعد شہر کا ایک دستہ کربلا روانہ ہوا اور معجزہ حضرت امیر المومنینؑ کو نظم کر کے تحت قبہ حسینیہ بطور نوحہ پڑھا۔ اور وہاں بھی قیامت خیز اثر ہوا۔ اس واقعہ کی تمام تر تفصیلات سنہ ۱۹۳۶ء کے جرائد میں شائع ہو چکی ہیں۔

ڈوبتا ہوا جہاز ۲۱۱

محمد صالح حنفی سنّی مسلمان اپنی مشہور و معروف کتاب کوکب دری میں صفحہ ۱۰۱ سنہ پر مولا مشکل کشا کی۔ مشکل کشائی کا ایک واقعہ درج کرتے ہوئے لکھتے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں۔ یہ قصہ میں نے ایک صادق القول اور راست گو بزرگ وار کی زبانی سنا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے معتبر کتاب میں دیکھا ہے کہ ایک مومن اور ایک نصرانی عالم جہاز میں دریائی سفر کر رہے تھے۔ اتفاقاً جہاز بھنور میں آگیا اور بہت مدت تک چکر کھاتا رہا اور کوئی صورت کامیابی کی نظر نہ آئی اس پریشانی و مصیبت کے عالم میں اس مومن نے چند بار نادعلیاً مظہر العجائب کا ورد کیا۔ نصرانی عالم نے جب اس مومن کی زبان سے یہ نام سنا تو کہا کہ جس بزرگ کا تم نام لیتے ہو اس کا نام انجیل میں دیکھا ہے۔ اگر واقعاً برگزیدہ ہیں تو خدا تعالیٰ ہم کو مصیبت اور پریشانی اور اس ہلاکت سے ضرور نجات دلائے گا۔ قدرت خدا سے اسی وقت ایک سبز پوش سوار سطح سمندر پر گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا۔ اور اس ڈوبتے ہوئے جہاز کو بھنور سے نکال کر ایک تیر کی مار کر فاصلہ پر رکھ دیا اور فوراً نظروں سے غائب ہوگیا۔ چنانچہ یہ بات قوم نصاریٰ میں نہایت مشہور و معروف ہے اس وقت سے قوم بھی آپ کے مخلصین اور حلقہ بگوش میں شامل ہے لیکن جب تک معبود موجود کی جلالت اور احمد محمودؐ کی رسالت کو قلب سے تصدیق کر کے کلمہ مکرمہ کا قائل نہ ہو۔ کسی شخص کو دوستی مفید نہیں ہو سکتی۔

۲۱۲ — ۱۱ مئی ۱۹۶۱ء

مولا علی مشکل کشا کی مشکل کشائی ہر دور میں جاری و ساری ہے۔ مشکل کشائی کا یہ واقعہ ۱۱ مئی ۱۹۶۱ء شہر لاہور کا ہے۔ یہ واقعہ پاکستان کے مشہور و معروف عالم دین۔ محقق۔ تاریخ داں۔ سید نجم الحسن کراروی کو پیش آیا جسے آپ نے اپنی معرکتہ الآرا کتاب ذکر العباسؑ کے تیسرے ایڈیشن میں تحریر کیا ہے۔ مولانا صاحب لکھتے ہیں۔

میں لاہور آیا تو میرے دوست عبدالجلیل مالک دری فیکٹری بھاٹی گیٹ نے خواہش کی کہ میں ان کے ہاں ایک شبانہ روز قیام کروں۔ چنانچہ میں قیام پذیر ہوگیا۔ ۱۱ مئی کی صبح کو میں سید ہاشم رضا۔ چیف سٹلمنٹ کمشنر سے اسمبلی ہال میں ملا تو انہوں نے قیام گاہ معلوم کر کے مجھے فرمایا کہ آپ تو بارود خانے میں مقیم ہیں۔ پھر سید اختر حسین زیدی صاحب ملنے کو آئے تھے انھوں نے بھی دری فیکٹری کو پوزیشن دیکھی تو کہا آپ تو بارود خانے میں قیام پذیر ہیں۔ میں نے ان حضرات سے کہا کہ مجھے تو صرف ایک شبانہ روز ہی قیام کرنا ہے۔ غرض کہ اس دن ساڑھے بارہ بجے جلیل نے کہا کہ کھانا تیار ہے کھا لیں۔ میں نے کہا کہ مجھے ابھی بھوک نہیں ہے میں نماز پڑھ کر سو جاؤں گا پھر دو بجے کھانا کھاؤں گا۔ یہ کہہ کر میں پھوس کے اس برآمدہ کے نیچے وضو کرنے کے لئے بیٹھ گیا۔ جس میں میرا البستر بچھا ہوا تھا۔ وضو کر ہی رہا تھا کہ دفعتاً میرے بائیں رخسار پر تیزی گرمی محسوس ہوئی۔ میں نے جو اس کی طرف نگاہ کی تو ایک پچاس گز کے مربع پھوس کے چھپر سے فلک بوس شعلہ دکھائی دیا۔ میں وضو کے مقام کو چھوڑ کر اس مقام سے باہر نکل آیا۔ میں نے لوگوں کو آواز دی کہ آگ لگی ہے۔ لوگ دوڑ پڑے۔ آواز دینے کے بعد میں نے یہ سوچ کر کہ جس کو کوٹھری میں میرا سامان رکھا ہے جس میں دریاں بنی ہوئی رکھی تھیں سوچا قرآن مجید اور اپنے روپے ایک منٹ میں نکال لوں گا۔ اس کوٹھری میں داخل ہوا ابھی قرآن مجید کو ہاتھ ہی لگایا تھا کہ تیز ہوا کی مدد سے آگ کوٹھری کے اندر داخل ہوئی اور کوٹھری بھی جلنے لگی۔ دروازہ جلنے لگا۔ چوکھٹ جلنے لگا۔ اندر جو دریاں رکھیں تھیں جلنے لگیں۔ اس وقت مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں آگ کے سمندر میں ہوں اب میں نے باہر نکلنے کی بڑی پھرتی سے کوشش کی جیسے ہی باہر نکلنا چاہا ویسے ہی دروازے کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اوپر جو چھپر تھا اس میں آگ لگی ہوئی تھی۔ دفعتاً گر پڑا۔ اور دروازہ بند ہو گیا۔ چھپر اور دروازہ کے درمیان جو تھوڑی سی جگہ کھلی ہوئی تھی میں نے اس سے آواز دی مجھے بچاؤ میں جلا جا رہا ہوں۔

میری آواز معلوم نہیں باہر پہنچتی تھی یا نہیں لیکن میں بچشم خود دیکھ رہا تھا کہ پچاس آدمی آگے بڑھ کر چھپر کو کھینچنے اور میرے نکلنے کا راستہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن شعلوں کی تپش سے عاجز آ کر بھاگ جاتے ہیں۔

ابھی تک میرے حواس درست تھے اور میں بے حس نہ تھا گھبراہٹ مطلق نہ تھی لیکن جب باہر نکلنے کی ہر صورت سے مایوسی کا نقشہ سامنے آیا اور موت نزدیک آ پہنچی۔ ہر جانب سے مایوسی نے گھیر لیا اور میں نے اپنے جل کر ہلاک ہو جانے کا یقین کر لیا تو میرے منہ سے پوری یاس کے ساتھ یہ جملہ نکلا۔

مولا۔ اب تم بھی نہ بچاؤ گے۔

ان الفاظ کا زبان پر جاری ہونا تھا کہ میرے بائیں کان میں نہایت تیز آواز آئی بیٹھ کر نکل۔ میں فوراً بیٹھ گیا تو میں نے دیکھا کہ جلتے ہوئے چھپر کے نیچے راستہ ہے میں اس راستے سے بیٹھے بیٹھے باہر نکل آیا۔ لوگوں نے دوڑ کر مجھے پکڑ لیا۔ میں نے کہا کہ میرے سارے جسم میں آگ لگی ہے اسے بجھاؤ۔ لیکن یہ مولا کا کرم تھا کہ میرا ایک بال بھی نہ جلا۔

یہ تھا پاکستان کے جید عالم کا ایک واقعہ مشکل وقت میں مشکل کشا کا نام زبان پر آیا اور مشکل کشا نے مشکل حل فرمائی۔ مشکل کشا ہر ایک کی مشکل حل فرماتے ہیں خواہ کوئی اسے مانے یا نہ مانے اپنا ہو یا غیر ہو مگر ہر مشکل میں کام کا آنا صرف مشکل کشا کا ہی کام ہے۔

٢١٣ — ۳۰ر مئی سنہ ۱۹۶۹ء

مولانا نجم الحسن کراروی مندرجہ بالا کتاب میں ایک اور معجزہ کا ذکر کرتے ہیں جو آپ کے فرزند شہزادہ سید ظفر الحسن کو ۲۹ر ۳۰ر مئی سنہ ۱۹۶۹ء کی درمیانی شب کو پیش آیا جس کی تفصیلات یہ ہیں کہ سید ظفر الحسن جو کے بی اے فائنل کے طالب ہیں ۲۹ر ۳۰ر مئی سنہ ۱۹۶۹ء کی درمیانی شب کو پشاور سے راولپنڈی گئے پھر وہاں سے چوبیس گھنٹے کے لئے لاہور پہنچے۔ وحدت کالونی سے راستہ کو ساڑھے گیارہ بجے شہر آ رہے تھے کہ راستہ میں ان کا رکشا جس پر سوار تھے۔ پوری رفتار سے چل رہا تھا ایک بیل گاڑی کے پیچھے گھس گیا۔ جب ٹکر لگی تو فرزند نے باآواز بلند کہا یا علی مدد۔ ڈرائیور اسی وقت مر گیا اور مولا نے اس کی جان بچالی۔

٢١٤ — کوکب دری کے مؤلف

سید محمد صالح کشفی۔ الترمذی۔ السنّی۔ الحنفی

کوکب دری کے مؤلف سنّی۔ حنفی عقیدہ کے مسلمان جناب محمد صالح اپنی کتاب میں حضرت علی امیر المومنین کی کرامت کا ایک واقعہ جو ان کے سامنے پیش آیا وہ تحریر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ایک روز میرے والد کے پاس آ کر ایک شخص نے کہا یا حضرت امیر معاویہؓ کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا ہم صوفی ہیں اور مقولہ مشہور ہے (صوفی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا) ہمارا مشرب صلح کا ہے پھر بھی اس شخص نے کہا میرے والد نے مختصر جواب دیا کہ کوئی مومن اپنے بیٹے کو معاویہؓ کے نام سے نامزد نہیں کرتا۔ حاضرین میں سے ایک شخص عبداللہ نامی نے اپنے باپ حاجی صالح سے جا کر کہا مجھ کو آج

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معلوم ہوا کہ میر عبداللہ تسکین قلم تشیع کا پہلو رکھتے ہیں اور مجلس کا واقعہ من وعن بیان کیا۔ اس کے باپ نے کہا اسی وقت میری طرف سے جاکر کہنا کہ حاجی صالح کہتا ہے۔ اگر میرے گھر لڑکا پیدا ہوگا تو میں اس کا نام معاویہ رکھوں گا۔ جو کچھ اس کے باپ نے کہا تھا اس نے میرے والد سے جبکہ وہ کتابت میں مشغول تھے۔ آکر بیان کیا۔ چونکہ میرے والد بہت ہی متحمل مزاج اور حوصلے والے شخص تھے۔ اس سے عذر خواہی کر کے فرمایا کہ اے عبداللہ یہ طریقہ لائق آدمیوں کا نہیں کہ ایک شخص کے حالات دوسرے شخص سے جاکر بیان کئے جائیں۔ آئندہ یہ طریقہ چھوڑ دے۔ الغرض اس کو نصیحت اور وعظ فرماتے ہوئے ان کے حال میں تغیر اور جذبے کے آثار ظاہر ہونے لگے اور یہ نوبت پہنچی کہ مستی کے عالم نے اہل مجلس میں اس قدر اثر کیا کہ حاضرین پر سخت رقت طاری ہوگئی۔ بعد ازاں قلم ہاتھ سے رکھ کر اہل مجلس سے دریافت کیا کہ بچہ کتنے مہینہ میں پیدا ہوتا ہے۔ جواب دیا کہ حمل کی زیادہ سے زیادہ مدت دس ماہ اور کم از کم چھ ماہ ہے۔ فرمایا اپنے باپ سے جاکر کہدے کہ اگر تو چھ مہینے دنیا میں زندہ رہا تو ہم فقر کی ٹوپی سر پر نہ رکھیں گے اور امیر برحق امام مطلق مولا علی مشکل کشا کی حقیقی محبت کا دم نہ بھریں گے خدا کی قسم چار مہینے میں وہ متعصب اس دنیائے فانی سے رخصت ہوکر عالم باقی میں اپنے مقام مقرر میں جا رہا۔ میرے والد اس کے مرنے کی خبر سن کر اس قدر متاسف ہوئے کہ آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اس وقت فرمایا یہ فقیری اور درویشی کا طریقہ نہ تھا جو مجھ سے ظاہر ہوا۔

ہند کی ریاست جاورہ ۲۱۵ | تیرہویں صدی ہجری کے آخری زمانے کا ایک معجزہ مولا مشکل

http://fb.com/ranajabirabbas

کشا کا کتاب سات معجزے سے مختصراً تحریر کر رہے ہیں۔ مزید تفصیلات اس کتاب میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

تیرہویں صدی کے آخر میں ہندوستان کی ریاست جاورہ میں علی رضا صاحب رہا کرتے تھے اس ریاست میں مسلمانوں کی کافی آبادی تھی اس ریاست کی اہم خوبی سنی، شیعہ دونوں بھائی مل کر ایام محرم میں تعزیے بنایا کرتے تھے جس میں ریاست کے نواب بھی برابر کے شریک ہوتے اتفاق سے ہندوؤں کا تہوار رام لیلا اور محرم کی تاریخ ایک ہی دن آگئی۔ ہندوؤں نے رام لیلا کا جلوس نکالنا تھا۔ اور دونوں کا راستہ ایک ہی تھا مسلمانوں نے نواب صاحب سے گذارش کی اگر رام لیلا کا جلوس تعزیئے کے قریب سے گذرا تو یہ نجس ہوگا۔ اس سے ہندوؤں کو منع کریں مگر نواب صاحب نے یہ کہہ کر اس بات کو رد کر دیا کہ اگر ایسا کیا تو ہندو ناراض ہو جائیں گے اور یہاں فرقہ وارانہ کشیدگی پھیل جائے گی۔ تعزیہ چوک میں رکھا جا چکا تھا رام لیلا کا جلوس بھی اب قریب پہنچ چکا تھا۔ پھر مسلمان بھاگے ہوئے نواب صاحب کے پاس گئے کہ ہندوؤں کا جلوس قریب آچکا ہے۔ اس طرح تعزیہ کی بے حرمتی ہوگی۔ نواب صاحب نے کہا یہ تعزیہ مولا مشکل کشا کے سپرد کر دو اور خود تعزیہ سے الگ ہو جاؤ۔ پھر اس وقت ایک عجیب و غریب واقعہ پیش آیا کہ جیسے ہی رام لیلا کا جلوس کا تعزیہ کے قریب پہنچا تعزیہ خود بخود جس کو اٹھانے کے لئے دو سو آدمی درکار ہوتے تھے اپنی جگہ سے ہوا میں معلق ہو کر بلند ہونے لگا اور اس قدر اونچا ہوا کہ ہوا میں معلق ہوگیا۔ رام لیلا کا پورا جلوس نیچے سے گذر گیا۔ جلوس گذر جانے کے بعد آہستہ آہستہ تعزیہ اپنی جگہ زمین پر واپس آگیا۔ یہ ایک ایسا معجزہ تھا کہ جس کو شہر کے ہزاروں آدمیوں نے دیکھا اور ہندو مسلمان سب حیرت میں رہ گئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲۱۶ روضہ علی پر

مولا علی مشکل کشا۔ کی مشکل کشائی ہر دور میں جاری و ساری ہے روز حساب بھی آپ ہی کی بدولت مشکلات کے بھنور میں گھرے ہوئے حب دار نجات پائیں گے بڑے ہی نافہم اور ناسمجھ ہیں وہ لوگ جو روشن حقیقت سے انکار کرتے ہیں اور مشکل کشا کے حب سے دور ہیں۔ ہر روز کا مشاہدہ ہے کہ مولا علی مشکل کشا کے روضہ مبارک پر کتنے ہی لاچار بیمار جو دنیا بھر کے علاج کرا کے مایوس ہو چکے ہوتے ہیں وہ اس در کی خاک سے شفایاب ہو کر گھر روانہ ہوتے ہیں۔ جسے یقین نہ آئے وہ جاکر خود اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرلے۔ آپ کی نظروں سے سیاح حضرات کے سفر نامہ گذرے ہوں گے یہ سفر نامہ میں ہر سیاح نے آپ کے مزار مقدس کا یہ معجزہ بیان کیا ہے ہر سنی شیعہ کتب میں ایسے بے شمار معجزات ملتے ہیں۔

جوامع الکلم۔ ملفوظات خواجہ بندہ نواز گیسوؒ دراز۔ جو کہ حنفی سنیؒ عقیدہ سے تعلق رکھتے تھے آپ نے اپنی ملفوظات میں فرمایا جسے نفیس اکیڈمی کراچی نے شائع کیا ہے۔ کتاب میں صفحہ ۴۶۷ پر درج ہے اہل بیت کے چند بہت اہم اور معتبر ہیں ایک ان میں سے مشہد علیؑ اور دوسرا مشہد حسینؑ۔ تیسرا مشہد زین العابدین اور چوتھا مشہد علی موسیٰ رضا سلطان خراسان ہے۔ مشہور ہے کہ کوئی اندھا۔ بہرا۔ گونگا اور لنگڑا آدمی جو ان کے مشہد پر معینہ طریقہ پر دعا مانگے اس کی آنکھ۔ کان۔ زبان۔ اور پیر اللہ کے حکم سے ضرور ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اسی کرامت کا مشاہدہ اور معائنہ کیا گیا ہے۔

۲۱۷ دیر سے یاد کیا

۔ در نجف آستانہ علی مرتضیٰ مشکل کشا پر جھکنے والا کبھی مایوس نہیں پلٹا جب

انسانی اپنی تمام تر کوششیں کرنے کے بعد مایوس و ناکام ہو جاتا ہے تو اس وقت اس در کی یاد آتی ہے اور جب عقیدت و دل سے مشکل کشا کے آستانے مبارک پر کوئی جھکتا ہے تو مشکل کشا کبھی بھی اُسے مایوس نہیں کرتے۔ علی مرتضیٰ کا کام ہی یہ ہے کہ وہ مشکل کشائی فرمائیں۔ در نجف سے ہر روز ایسے بے شمار معجزات عیاں ہوتے ہیں جب انسان تھک ہار کر اس آستانہ پر اپنی مشکل لیکر جاتا ہے تو مولا اس کی مدد فرماتے ہیں ایسا ہی ایک معجزہ کتاب سیاست معجزے ناشر افتخار بکڈپو لاہور میں بیان کیا ہے۔

بمبئی شہر میں ایک سوداگر رہتا تھا۔ اس کا لڑکا سخت بیمار ہوا۔ حکماء و ڈاکٹروں نے بہت علاج کئے لیکن کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ بلکہ مرض جوں کا توں رہا۔ آخر سوداگر چاروں طرف سے ناامید و مایوس ہو کر بیٹھ گیا ہر وقت رنج و غم میں ڈوبا رہتا تھا۔ کسی نے اُسے مشورہ دیا کہ تو۔۔۔۔ اپنے لڑکے کو کربلا لے جاؤ اور حضرت عباسؑ کے روضہ پر حاضری دے اور وہاں دعا مانگ تیرا فرزند تندرست ہو جائے گا۔ اس سوداگر کو یہ بات بھلی معلوم ہوئی اور اسی دن سے سفر عراق کی تیاری کرنے لگا۔ بالآخر وہ کربلا پہنچا اور حضرت عباسؑ کے روضہ پر حاضری دی اور اپنے بیمار لڑکے کو حضرت عباسؑ کے روضہ کی ضریح مبارک سے باندھ دیا اور خود خلوص دل سے دعا میں مشغول ہو گیا۔ روتے روتے اس پر غنودگی طاری ہو گئی کیا دیکھتا ہے کہ صحن مبارک میں دربار منعقد ہوا ہے۔ اور حضرت علی تشریف فرما ہیں۔ حضرت عباسؑ تمام حاجت مندوں کی درخواستیں آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ مولا علیؑ مشکل کشا ہر درخواست پر دستخط فرماتے جاتے ہیں۔ جب میری درخواست پیش ہوئی تو مولا علی نے فرمایا یہ درخواست نکال دو کیونکہ یہ بہت دیر سے حاضر ہوا ہے حضرت عباسؑ نے سفارش فرمائی۔ سوداگر بیان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتا ہے کہ مولائے علی مشکل کشا نے میری درخواست پر بھی دستخط
فرما دیئے ۔ میں فوراً چونکا کیا دیکھتا ہوں کہ میرا لڑکا بالکل تندرست
کھڑا ہے ۔ ہم دونوں نے ضریح مبارک کے طواف کئے بوسے لئے
اور خوشی خوشی اپنے وطن کو واپس آئے ۔

(بحوالہ سات معجزے صفحہ ۷۱ تا ۷۲)

ضلع دادو میں ۲۱۸

پاکستان کا زرخیز صوبہ سندھ اپنی منفرد
خصوصیات کی بناء پر دنیا بھر میں جانا
پہچانا جاتا ہے ۔ صوبہ سندھ کی آبادی تقریباً دو کروڑ کے لگ بھگ پہنچ
چکی ہے صوبہ سندھ میں بسنے والے افراد خود کو سندھی کہلانے میں فخر
محسوس کرتے ہیں ۔ سندھی قوم اپنی مہمان نوازی ۔ اخلاق ۔ محبت، کردار
انسان دوستی کی وجہ سے دنیا بھر میں بے حد مشہور ہیں ۔ یہی وجہ ہے
کہ تقسیم ہند کے وقت مسلمانان ہند کی اکثریت صوبہ سندھ میں آباد ہوئی
نئے اور پرانے آپس میں مل جل کر پاکستان اور صوبہ سندھ کی خوشحالی
کے لئے سرگرم عمل نظر آتے ہیں ۔ سندھی قوم کی تاریخ کا کوئی بھی ورق
اٹھا کر دیکھ لیں خواہ اس کا کسی دور سے بھی تعلق ہو ۔ سندھی قوم ہمیشہ
اولیاء اللہ ۔ درویش، قلندر، فقراء کا احترام بڑی عقیدت و احترام سے
کرتی چلی آ رہی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ شہباز قلندر، شاہ لطیف
کے مزارات پر دن رات میلہ کا سماں لگا رہتا ہے ۔ دور دراز سے آنے والے
عقیدت مند علی کا نعرہ بلند کرتے ہوئے ان مزارات پر حاضری دیتے ہیں اور وہ
جانتے ہیں کہ سب در نجف سے فیضیاب ہوتے ہیں ۔

ہم دیکھتے ہیں سندھی فرد خواہ کسی قوم سے ہو کسی قبیلہ سے ہو خواہ
کسی بھی عقیدہ کا پیروکار ہو مگر جب بھی مصائب و پریشانیوں کے بھنور

میں جکڑا گیا ان کے زبان پر بے اختیار مشکل کشا علی مرتضیٰ کا نام آیا اور
اسی نام کے وسیلے سے اپنی حاجت بیان کی اور ان عقیدت مندوں کی علی
مرتضیٰ نے لاج رکھی ۔ یہی وجہ ہے کہ حاجت روائی کا در صرف اور
صرف مشکل کشا سمجھتے ہیں ۔

سندھ کی سرزمین پر بے شمار معجزات و مشکل کشائی کے واقعات
رونما ہوتے ہیں ان میں سے ایک انتہائی اہم واقعہ ضلع دادو تحصیل
خیرپور ناتھن شاہ کے ایک چھوٹے سے قصبہ بگ نامی میں رونما ہوا جو
مولا علی مشکل کشا کا ایک ادنیٰ سا معجزہ ہے ۔

اس واقعہ کی روایت انتہائی معتبر قابل عزت، عادل ہستیوں نے کی ہے
جنہوں نے نہ صرف بہت سے افراد سے سنا بلکہ اپنی آنکھوں سے دیکھا بھی
ہے ان میں مولانا غلام اصغر نجفی ۔ خطیب شیعہ جامع مسجد درگاہ حضرت
شہباز قلندر، جناب سید علی بخش شاہ صاحب پرنسپل گورنمنٹ
مہران کالج مورو ضلع نواب شاہ ۔

سنہ ۱۹۵۸ء کا واقعہ ہے ضلع دادو کے ایک چھوٹے سے بگ نامی قصبہ
میں ایک فقیر ٹھنو ولد امید علی فقیر ذات گاڈھی بلوچ رہتا تھا جس کی عمر تقریباً
۵۷ ۔ ۵۸ برس کی تھی ۔ ایک موذی مرض میں مبتلا ہو گیا ۔ گاؤں میں علاج کا
مناسب انتظام نہ ہونے کی وجہ سے دادو کے سرکاری ہسپتال میں لایا گیا
جہاں ڈاکٹروں نے معائنہ کے بعد مثانے کی پتھری STONE کا مرض بیان کیا ۔
اور ساتھ ہی ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ اس بوڑھے شخص کو حیدرآباد ہسپتال
میں منتقل کر دیا جائے ۔ چونکہ ٹھنو فقیر ایک غریب شخص تھا ۔ ہسپتال کے
اخراجات برداشت کرنا اس کے گھر والوں کے بس سے باہر تھا اس لئے
اُسے اپنے بگ گاؤں واپس لایا گیا ۔ گھر آنے کے بعد علاج نہ ہو سکا ۔
علاج نہ ہونے کی وجہ سے ٹھنو فقیر کی حالت خراب ہوتی گئی ۔ کچھ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لوگوں کو ترس آیا اور کہا کہ تمہارا علاج ہم کرائیں گے مگر ٹھنو فقیر نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ اب تو میرا علاج حضرت علی مرتضیٰ فرمائیں گے۔ دن رات ٹھنو فقیر علی مرتضیٰ کو مدد کے لئے پکارتے لب پر ہر وقت یہی صدا رہتی۔ مشکل کشا میری مشکل حل فرمائیں جو بھی عیادت کے لئے آتا اس سے کہتے کہ میری طرف سے مولا علیؑ کی خدمت میں عرض کریں گے۔ میری مدد فرمائیں۔ اسی تکلیف میں اکیس ۲۱ دن گذر گئے جب ۲۲ ویں رات ہوئی تو تقریباً نصف شب کو ٹھنو فقیر کو پیاس لگی مگر اٹھنے بیٹھنے سے عاجز تھے اچانک انہوں نے اپنے قریب ایک شخص کو دیکھا اور اپنا بڑا بھائی غلام حسین سمجھ کر پانی طلب کیا جب غور سے دیکھا تو انھیں احساس ہوا کہ بڑا بھائی نہیں ہے بلکہ سامنے کوئی اور ہستی ہے۔ ٹھنو فقیر نے اس ہستی سے پوچھا آپ کون ہیں اور یہاں کیسے آئے۔ تو دوسری طرف سے جواب آیا کہ میں وہی ہوں جس کو تم روزانہ مدد کے لئے پکارتے ہو ہر وقت فریاد میں اس کا واسطہ دیتے ہو۔ میں آگیا ہوں اور تمہارے علاج کے لئے آیا ہوں۔ یہ سنکر ٹھنو فقیر نے استدعا کی مولا علی میری مشکل حل فرمائیں اس وقت اس ہستی نے اپنا دایاں پیر مبارک اٹھا کر مثانہ کے اوپر لاتے ٹھنو فقیر بے اختیار چیخ پڑا میرے مولا پیر نہ رکھیں بڑا درد ہوتا ہے۔ اس ہستی پاک نے اپنا پیر مبارک زمین پر رکھ دیا۔ اور واپس چلنے لگے ٹھنو فقیر نے پکارا کیا مولا مجھ عاجز سے ناراض ہو گئے۔ آپ بھی ناراض ہو گئے تو میرا علاج کون کرے گا جواب ملا۔ میں نے تیرا علاج کر دیا ہے یہ کہہ کر وہ ذات پاک آنکھوں سے اوجھل ہو گئی۔ ابھی چند لمحے ہی گذرے تھے کہ ٹھنو فقیر کو پیشاب کی حاجت ہوئی اور ٹھنو فقیر خود اٹھ کر پیشاب کرنے کی غرض سے چلنے لگا جبکہ مریض چلنے پھرنے سے عاجز تھے مگر اب اتنی طاقت آگئی کہ خود چلنے لگا۔ ٹھنو فقیر پیشاب کرنے

بیٹھے تو پیشاب اور پاخانہ کے درمیانی حصہ کی چمڑی پھٹی اور مرغی کے انڈے کے برابر ایک وزنی پتھر نکل کر زمین پر گر پڑا۔ جس سے پتھر کا کچھ حصہ ٹوٹ گیا۔ ٹھنو فقیر نے پتھری کا ٹکڑا اٹھا کر اپنے بستر پر رکھ لیا جب صبح ہوئی تو عزیز و احباب اور دوست عیادت کے لئے آئے تو سب نے ٹھنو فقیر کو بالکل تندرست پایا تو سب حیران رہ گئے سب نے دریافت کیا کہ رات ہی رات میں کس طرح تندرست ہو گئے ٹھنو فقیر نے رات جو معجزہ امیر المومنین کا پیش آیا وہ سب کو سنایا جب یہ خبر دیگر لوگوں کو پہنچی تو لوگ دور دور سے ٹھنو فقیر کے پاس آنے لگے۔ حتیٰ کہ ڈاکٹر ولی محمد اعوان جو کہ بھگو دیرو تحصیل خیرپور ناتھن شاہ میں رہتے تھے ان کو بلایا گیا۔ کیونکہ زخم تازہ تھا جس سے خون بہہ رہا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے پورا معجزہ سنکر کہنے لگے میں تمہارا علاج کیا کر سکتا ہوں کیوں کہ تمہارا علاج تو حضرت علی امیر المومنین کر چکے ہیں۔ ڈاکٹر علاج کئے بغیر واپس چلے گئے چند دن میں جو تھوڑا بہت زخم تھا وہ بھی ٹھیک ہو گیا جب یہ واقعہ مشہور ہوا تو خیرپور ناتھن شاہ کے ایس، ایچ او پولیس اور دیگر بہت سے لوگ اس پتھری کو بطور مولا علی کا دیکھتے۔ اس معجزہ کے کئی برس بعد تک ٹھنو فقیر زندہ رہے۔ چند برس قبل ان کا انتقال ہو گیا مگر وہ پتھری اب بھی ان کے خاندان والوں کے پاس موجود ہے۔

پہلی جنگ عظیم سنہ ۱۹۱۶ء

سنہ ۱۹۱۶ء کی بات ہے پہلی جنگ عظیم کی تباہ کاریاں دنیا والوں پر قیامت ڈھا رہی تھیں۔ المقدس سے چند میل دور فوجی دستے یلغار کرتے ہوئے جا رہے تھے کہ ادنترہ نامی ایک چھوٹی سے گاؤں کے ٹیلے سے اندھیری رات میں عجیب سی چمک نکلتی دکھائی دی۔ ایک فوجی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

دستہ جو اس کے قریب سے گذر رہا تھا۔ یہ نرالی قسم کی چمک دیکھ کر ٹھہر گیا چند سپاہی اس روشنی کی طرف بڑھے تو دیکھا کہ ایک خاک و سنگ کے تودے سے حیرتناک روشنی نکل رہی ہے۔ سپاہیوں نے اس مقام کو کھودنا شروع کیا۔ تقریباً چار گز کی گہرائی میں چاندی کی ایک مرصع لوح نظر آئی جو ڈیڑھ گز لمبی نصف گز چوڑی تھی۔ فوجی دستہ اس لوح کو لیکر اپنے افسر کے پاس پہنچے یہ فوجی افسر میجر اے۔ این گرنیڈل تھا اس نے ٹارچ کی روشنی میں لوح کو دیکھا تو حیران رہ گیا۔ اس کا حاشیہ گراں بہا جواہرات سے مرصع تھا۔ درمیان میں طلائی حروف تھے۔ جو کسی قدیم اجنبی زبان کے معلوم ہوتے تھے۔ میجر صاحب کو ان حروف کی شناخت تو نہ ہو سکی مگر اسے یہ علم ضرور ہو گیا کہ لوح کوئی معمولی چیز نہیں اپنے اندر کوئی بہت بڑی فضیلت واہمیت اور تقدیس و تحریم رکھتی ہے۔

میجر گرنیڈل سے ہوتی ہوئی یہ لوح افسر انچارج افواج برطانیہ لفٹیننٹ جنرل ڈی۔ او گلیڈ سٹون کے ہاتھ میں پہنچی۔ اس نے اس کو برطانوی ماہرین آثار قدیمہ کے سپرد کر دیا جنگ عظیم کے خاتمہ پر ۱۹۱۸ء میں اس لوح سے متعلق تحقیق و تدقیق کا آغاز ہوا۔ السنہ قدیمہ کے ماہرین خصوصی کی ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں برطانیہ، امریکہ، فرانس، اور بعض دوسرے یورپی ممالک کے EXPERTS OLD LANGUAGES نے شمولیت کی۔

کافی عرصہ کی تحقیق کے بعد جو آخر کار ۳۱ جنوری ۱۹۲۰ء کی صبح کی صدیوں کے سر مکنون اور راز مکتوم کو منکشف کرنے میں کامیاب ہو گئے

لوح مقدس کے الفاظ مع ترجمہ یہ ہیں۔ دائیں سے بائیں پڑھئے۔







یاہ ایلی الفطاہ (یا علی میری مدد کر)



یاہ احمد مقذا (یا احمدؐ پہنچو)



یاہ یا متول اکاشئ

(یا بتول نگاہ رکھو)



یاہ حاسن اضوسطع (یا حسن کرم فرماؤ)



یا حاسین یارفو

(یا حسین خوشی بخشو)



ایلی ایلی ایلی

(یا علی یا علی یا علی)



بذت ایلی اللہ ایلی

(اور اللہ کی قوت علی ہے)

ماہرین کی تحقیقات کا پایۂ تکمیل کو پہنچا تھا کہ احمد اور علی اور بتول اور حسن اور حسین کے اسمائے مبارک پڑھکر ارکان کمیٹی کی آنکھیں کھل گیئں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فیصلہ یہ ہوا کہ اس کو شاہی عجائب خانہ برطانیہ کی زینت بنایا جائے لیکن جوں ہی انگلستان کے اسقف اعظم لاٹ پادری کے پردہ گوش سے یہ خبر ٹکرائی اور اس کو تحقیقات کی تفصیل معلوم ہوئی تو اس کے پاؤں تلے کی زمین سرک گئی اور یکم مارچ سنہ ۱۹۲۳ء کو ایک خفیہ حکمنامہ تحریر کیا جس کا ملخص یہ ہے کہ اگر اس لوح کو کسی میوزیم یا کسی ایسے مقام پر رکھا گیا جہاں عوام کی آمد و رفت رہتی ہے تو مسیحیت کی بنیادیں متزلزل ہو جائیں گی۔ اور عیسائیت کا جنازہ خود ان کے کندھوں پر اٹھ جائے گا۔ لہذا بہتر یہ ہے کہ اس کو کلیسائے فرنگ کا خفیہ مخصوص کمرہ میں رکھا جائے جہاں اسقف اور اس کے رازداروں کے سوائے کسی کی نظر نہ پڑھے۔

چنانچہ جب سے آج تک یہ لوح اس کمرہ میں بند ہے۔

تفصیلات کے لئے دیکھئے (۱) وِنڈرز آف اسلام مصنف کرنل پی سی اپیلے ۔ لندن ص ۳۴۹

(۲) رسالہ تحقیقات غریبہ مولفہ ابو حسن شیرازی ص ۲۱ تا ۲۲۔

آخرکار یہ راز دو اشخاص مسٹر ٹامس اور مسٹر ولیم کے ذریعہ فاش ہوا۔ یہ دونوں خوش نصیب نیوکیسل گئے اور وہاں مولانا حسن مجتبیٰ تہرانی کی خدمت میں پہنچ کر دولت اسلام سے مالا مال ہوتے۔ ٹامس کا نام فضل حسین اور ولیم کا نام کرم حسین رکھا تھا۔ اس واقعہ کے دو سال بعد سنہ ۱۹۲۵ء یہی دونوں نیک بخت زیارت بیت اللہ اور زیارت کربلائے معلّٰی سے بھی مشرف ہوتے (ماخوذ از مسلم کرانیکل لندن ۱۳ دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء رسالہ الاسلام دہلی فروری سنہ ۱۹۲۷ء)

(بحوالہ ایلیا از حکیم سید محمود گیلانی ص ۱۷ تا ۲۴)

(ناشر ادارہ معارف اسلام لاہور)

روسی ماہرین کی رپورٹ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۵۱ء

سنہ ۱۹۵۱ء جولائی میں روسی ماہرین کی ایک ٹولی وادی قاف میں دیکھ بھال کر رہی تھی اور غالباً کسی نئی کان کی تلاش میں مصروف تھی کہ ایک مقام پر چند بوسیدہ لکڑی کے ٹکڑے نظر آئے۔ گروپ آفیسر نے اس جگہ کریدنا شروع کیا تو معلوم ہوا کہ بہت سی لکڑیاں سنگلاخ زمین میں دبی ہوئی ہیں ماہرین اس مقام کی کھدائی شروع کی جہاں سے لکڑیاں اور کچھ دیگر ساماں برآمد ہوا۔ مگر ماہرین یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ باقی لکڑیاں تو بوسیدگی و کہنگی اختیار کر چکی ہیں لیکن ۱۴ انچ طول اور ۱۰ انچ عرض رکھنے والی یہ تختی امتدادی تغیرات سے محفوظ ہے۔ سنہ ۱۹۵۲ء کے آخر میں ماہرین نے اپنی تحقیقات مکمل کیں۔ رپورٹ دی کہ یہ لکڑیاں حضرت نوحؑ کی اس مشہور عالم کشتی سے تعلق رکھتی ہیں جو کوہ قاف کی ایک چوٹی (جودی) پر آکر ٹھہری تھی اور یہ تختی بھی جس پر قدیم ترین زبان میں چند حروف کندہ ہیں اسی کشتی میں لگی ہوئی تھی۔

روس کی حکومت کے زیر اہتمام اس کی ریسرچنگ ڈپارٹمنٹ نے مذکورہ تختی کی تحقیق کے لئے ماہرین آثار قدیمہ کا ایک بورڈ قائم کیا جس نے ۲۷ فروری سنہ ۱۹۵۳ء میں اپنا کام شروع کیا اس بورڈ کے مندرجہ ذیل ارکان تھے۔

۱۔ سولے نوف پروفیسر ماسکو یونیورسٹی شعبہ لسانیات (۲) ایفا ہان حنیفو ماہر السنہ قدیمہ لولوہان کالج چائنا۔ (۳) میشا نن لو۔ فارنگ افسر اعلیٰ آثار قدیمہ ۴۔ تانمول گورف استاد لسانیات کیفزد کالج۔ ۵۔ ڈی راکن ماہر آثار قدیمہ۔ پروفیسر لائیننس انسٹی ٹیوٹ ۶۔ ایم احمد کولڈ ناظم زنکومن ریسرچ الیوشی ایشن ۷۔ میجر کولٹوف نگراں دفتر تحقیقات متعلقہ اسٹالن کالج

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چنانچہ ساتوں ماہرین نے اپنی تحقیقات پورے آٹھ مہینہ میں مکمل کی اور یہ انکشاف کیا کہ جس لکڑی سے حضرت نوحؑ کی کشتی تیار ہوئی تھی اس لکڑی سے یہ تختی بھی بنائی گئی تھی اور حضرت نوحؑ نے اس کو اپنی کشتی میں تبرک و تقدیس کے طور پر حصول امن دعا نیت اور برکت و رحمت کے لئے لگایا تھا۔

موصوف تختی کے درمیان ایک پنجہ نما تصویر ہے جس پر قدیم سامانی زبان میں ایک مختصر سی عبارت اور کچھ متبرک نام مرقوم ہیں جن کی شکل و صورت یہ ہے۔





روسی ماہرین ان حروف کو آٹھ ماہ کی مغز ماری اور دماغ ریزی کاوش سے بمشکل پڑھا اور ان کا تلفظ کو روسی زبان میں منتقل کیا۔

مسٹر این۔ ایف مارکس ماہر السنہ قدیمہ برطانیہ نے اس کا انگریزی ترجمہ کیا جس کا ہم اس وقت اردو ترجمہ دے رہے ہیں۔

ترجمہ: اے میرے خدا میرے مددگار۔ اپنے رحم کرم سے میرا ہاتھ پکڑ اور اپنے مقدس نفوس کے طفیل محمدؐ۔ ایلیا۔ شبر شبیر فاطمہ۔ یہ تمام عظیم ترین اور واجب احترام ہیں تمام دنیا انہی کے لئے قائم کی گئی ان کے نام کی بروقت میری امداد کر تو ہی سیدھے راستہ کی طرف راہنمائی کرنیوالا ہے۔

القصہ یہ عبارت منظر عام پر آئی تو سب کی آنکھیں کھل گئیں کہ تمام تختیاں بوسیدہ حالت میں برآمد ہوئیں مگر نفوس قدسیہ خمسہ کے اسمائے پاک والی تختی ہزار ہا سال گذر نے پر بھی بالکل محفوظ رہی یہ تختی روس کے مرکز آثار و تحقیقات (ماسکو) میں حفاظت سے رکھی ہے۔

(بحوالہ ایلیا۔ از حکیم سید محمود گیلانی)

نعرہ حیدری کی گونج ۲۲۱

۲ جولائی سنہ ۷۴ء دادو سندھ

سندھ کا مشہور و معروف شہر دادو علی علی کی صدا سے گونج اٹھا۔ ہو سکتا ہے کہ کہنے والے یہ کہیں کہ یہ کوئی

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معجزہ یا کرامت یا مشکل کشائی تو نہیں ہے لیکن میں ان کے جواب میں صرف اتنا عرض کروں گا جب بھی کسی پر مصائب و پریشانی کی صورت حال ہوئی اس وقت بے اختیار زبان پر صرف علی کا نام آیا۔ یہی آپ کے نام کا کس قدر بڑا معجزہ ہے کہ ہر زبان پر نام علی مصائب سے نجات کا پروانہ بن چکا ہے۔

واقعات کی تفصیلات روزنامہ جنگ کراچی سے تحریر کی جا رہی ہیں آج دادو شہر کی تاریخ میں پہلی بار ڈاکوؤں کو سرِ عام کوڑے لگائے گئے۔ اس کارروائی کو دیکھنے کے لئے ہزاروں افراد صبح ہی سے اسٹیڈیم کے باہر جمع ہو چکے تھے۔

سندھ کا مشہور و معروف ڈاکو سکندر سولنگی ہر کوڑے پر یا علی مدد یا علی مدد کا نعرہ لگا رہا تھا۔ جواب میں بھی یا علی مدد یا علی مدد کے نعرہ لگائے۔

(بحوالہ روزنامہ جنگ کراچی ۸ جولائی سنہ ۱۹۸۴ء)

کتابیات

۱	سفینۃ الاولیاء	۲۲	کوکب دری
۲	اسرار الاولیاء	۲۳	برق سوزاں
۳	مرآت العاشقین	۲۴	تاریخ الخلفا
۴	مکتوبات مجدد الف ثانی	۲۵	ینابیع المودۃ
۵	فصل الخطاب	۲۶	چودہ ستارے
۶	جوامع الکلم	۲۷	حضرت علی کے فیصلے
۷	راحت القلوب	۲۸	دربار علی کے فیصلے
۸	اولیائے اکرام	۲۹	جلاء العیون
۹	مکتوبات علی	۳۰	عیون المعجزات
۱۰	صرف ایک ہی راستہ	۳۱	شانِ علی
۱۱	علی علی حصہ اول	۳۲	شیر خدا کے فیصلے
۱۲	علی علی حصہ دوئم	۳۳	شیر خدا نے فرمایا
۱۳	حسین حسین حصہ اول	۳۴	حیات قلندر
۱۴	حسین حسین حصہ دوئم	۳۵	ایلیا
۱۵	معجزات حضرت عباس	۳۶	حضرت علی کے معجزات
۱۶	البتول	۳۷	شہید ابن شہید
۱۷	مشکل کشا	۳۸	شہادت نواسہ سید الابرار
۱۸	حضرت علی بن ابی طالب	۳۹	نفس رسولؐ حصہ سوئم
۱۹	سلیم بن قیس ہلالی	۴۰	نفس رسولؐ حصہ چہارم
۲۰	اقبال اور عشق اہلبیت	۴۱	عمدۃ المطالب جلد اول
۲۱	ارجح المطالب	۴۲	اولیائے کرام آستانہ علی پر

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۳	بحارالانوار	۶۶	ایمان ابوطالب صائم چشتی
۴۴	سراج المبین	۶۷	عالمی تاریخ ۔ علی بکڈپو
۴۵	اسلام کے دو دستون	۶۸	سیدالشہداء
۴۶	نہج البلاغہ	۶۹	حیات القلوب
۴۷	سات معجزے	۷۰	خورشید خاور
۴۸	حضرت علی کا معجزہ	۷۱	قضایائے امیرالمومنین
۴۹	کرشمہ قدرت	۷۲	مجمع الفضائل
۵۰	کفایت المومنین	۷۳	علی رسولؐ کی نگاہ میں
۵۱	ازالتہ الخلفا	۷۴	اصول کافی
۵۲	خاک کربلا	۷۵	حضرت علی میدان جنگ میں
۵۳	نہج البلاغہ	۷۶	تاریخ سندھ
۵۴	جواہر الاسرار	۷۷	بہشتی زیور
۵۵	تاریخ اتمم کوفی	۷۸	عدالت علویہ
۵۶	تاریخ اسلام	۷۹	اعجاز آئمہ
۵۷	وصی رسولؐ اللہ	۸۰	ریاض النضرہ
۵۸	انتخاب میرانیس	۸۱	خلافت وملوکیت
۵۹	اسوۂ علی	۸۲	سیدہ کالال
۶۰	مقامات صحابہ	۸۳	فلسفہ معجزہ
۶۱	سوانح غوث الاعظمؒ	۸۴	العلی سلطاناً نصیراً
۶۲	بھولو اور عالمی اعزاز	۸۵	علی ولی اللہ
۶۳	سفرنامہ ابن بطوطہ	۸۶	سیرۃ المومنین
۶۴	تاریخ اسلام شاہ معین الدین	۸۷	شیعوں پر کیا گذری
۶۵	سفینہ نوح، محمد شفیع اوکاڑوی	۸۸	تاریخ آئمہ

۸۹	سیرت فاطمہؑ	۹۷	ماہانہ المعرفت حیدرآباد
۹۰	بارہ معجزے	۹۸	ماہانہ خیرالعمل لاہور
۹۱	البلاغ المبین	۹۹	شیعہ ڈائجسٹ خصوصی نمبر
۹۲	تاریخ احمدی	۱۰۰	ہفتہ روزہ درنجف سیالکوٹ
۹۳	المفتی والقاضی	۱۰۱	" " شیعہ لاہور
۹۴	ماہانہ رضاکار لاہور	۱۰۲	" " ندائے شیعہ لاہور
۹۵	ماہانہ پیام عمل لاہور	۱۰۳	" " شہاب ثاقب لاہور
۹۶	قومی ڈائجسٹ لاہور		

(اس کے علاوہ بے شمار ماہانہ ۔ ہفت روزہ اور روزنامہ پرچے وخصوصی نمبر)

ملتِ اسلامیہ کے لئے پروفیسر الیس، اے عابد
کی ایک اور انقلابی منفرد کتاب

حسینؑ
سب کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پروفیسر ایس۔ اے۔ عابد کی اہم تصانیف

پیغمبر اعظم نے فرمایا

شانِ علیؑ

شیرِ خدا کے فیصلے

حسینؑ سب کا شیرِ خدا نے فرمایا

زیرِ طبع

شانِ حسینؑ شانِ سیّدہ

۱۰ محرم

ملّتِ اسلامیہ کے پروفیسر ایس اے عابد کی نئی منفرد انقلابی کتب

حسینؑ سب کا

تاریخ عالم کی منفرد کتاب جس میں پہلی مرتبہ سیکڑوں مسلم وغیر مسلم عہدداروں کا نذرانہ عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ اپنی نوعیت کی واحد کتاب

مصطفٰے پبلیکیشن

عقب حبیب بنک اسٹیشن روڈ حیدر آباد

اسٹاکسٹ: افتخار بکڈپو اسلام پورہ لاہور۔

ہاشمی برادرز چوک مشن روڈ کوئٹہ

ریلوے بک اسٹال سے طلب فرمائیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملتِ اسلامیہ کیلئے پروفیسر ایس اے عابد کی
نئی منفرد انقلابی کُتب

شانِ علیؑ

جس میں حضرت علی کی ولادت تا شہادت تک کے مفصل حالات آپ کی شانِ عظمت علم، عدل، شجاعت، سخاوت عبادت، تقویٰ، کردار، احادیث کی روشنی میں آپ کے عادلانہ فیصلے، اقوال، معجزات و دیگر عنوانات۔

شیرِ خدا کے فیصلے

جس میں ۱۵۰ سے زائد عادلانہ، حکیمانہ، عالمانہ بصیرت افروز تاریخ ساز فیصلوں کا گراں قدر مجموعہ ساتھ ساتھ مقام علم، مقام عدل۔ قاضی کے اوصاف۔ فیصلے دیتے وقت کن امور کو مدنظر رکھنا لازمی ہے۔ ان تمام پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

اسٹاکسٹ

محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی۔ ورائٹی بک اسٹال نبک روڈ راولپنڈی۔

اس صدی کی سب سے اہم کتاب

حسینؑ سب کا

شہیدِ اعظم، محسن انسانیت، نواسہ رسولؐ امام عالی مقام کے کردار اور شہادت کا اثر رنگ و نسل، قوم و مذہب کے بندھنوں سے آزاد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حق پرست، حریت پسند دل و دماغ پر آپ کی لازوال شہادت کے گہرے اثرات مرتب ہوئے ہیں

پروفیسر ایس۔ اے۔ عابد نے دنیا بھر کے نامور مسلم و غیر مسلم۔ مفکرین محققین، مذہبی پیشواء۔ قومی رہنما۔ سیاست داں۔ شعراکرام۔ نامور علمی۔ ادبی سماجی شخصیات اور پاکستان کی بین الاقوامی۔ قومی۔ صوبائی شہرت یافتہ شخصیات جن میں علمائے دین۔ مذہبی اسکالر۔ سیاست داں۔ ادبی۔ سیاسی۔ سماجی شخصیات وفاقی اور صوبائی وزراء۔ قومی و صوبائی اسمبلی۔ مجلس شوریٰ اور سینیٹ کے ارکان۔ اعلیٰ ترین سرکاری حکام۔ طالب علم رہنما غرض کے ہر طبقۂ خیال و فکر کی نمائندہ شخصیات کے پیغامات

✪ حسینؑ سب کا ✪

میں یکجا کیے گئے ہیں، یہی وجہ ہے کہ حسینؑ سب کا دنیا کی پہلی کتاب ہے۔ جس میں اتنی بڑی تعداد میں دنیا کی نامور شخصیات کا نذرانہ عقیدت بحضور امام عالی مقام پیش کیا جارہا ہے۔

قریبی بک اسٹال اور ریلوے بک اسٹال سے طلب فرمائیں۔

مصطفےٰ پبلیکیشنز۔ عقب حبیب بینک اسٹیشن روڈ حیدرآباد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas